تذکرہ

علامہ جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ

اور

ان کی سوانح حیات، علمی کمالات دینی خدمات کا تحقیقی جائزہ،

مشہور عربی تصنیفات کا تعارف اور ان پر
مختصر و جامع تبصرہ، نیز گوناگوں علوم میں ان کی
تالیفات کی مختلف اور مکمل فہرست

از

مولانا ڈاکٹر محمد عبدالحلیم چشتی
فاضل دارالعلوم دیوبند؛ پی ایچ ڈی

ناشر

ڈاکٹر محمد عبدالرحمٰن عصفر
مؤسس و مدیر

الرحیم اکیڈمی

۷/۷، عظم نگر پوسٹ آفس لیاقت آباد

سہیل سکینہ
محمد آباد ۱۸۵۷ء، یونٹ نمبر ۸۔۵۶

تذکرہ

علامہ جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ

از

مولانا ڈاکٹر محمد عبدالحلیم چشتی

فاضل دارالعلوم دیوبند؛ پی ایچ ڈی

ناشر

ڈاکٹر محمد عبدالرحمن غضنفر

مؤسس و مدیر

الرحیم اکیڈمی

اے ۷/۷، عظم نگر پوسٹ آفس، لیاقت آباد

کراچی ۷۵۹۰۰



علامہ جلال الدین سیوطیؒ

(۸۴۹ - ۹۱۱ھ ـــــ ۱۴۴۵ - ۱۵۰۵ء)

اور

ان کی سوانح حیات، علمی کمالات دینی خدمات کا تحقیقی جائزہ،

مشہور عربی تصنیفات کا تعارف اور ان پر مختصر و جامع تبصرہ، نیز گوناگوں علوم میں ان کی تالیفات کی مختلف اور مکمل فہرستیں

از

مولانا ڈاکٹر محمد عبدالحلیم چشتی

ناشر

ڈاکٹر محمد عبدالرحمن غضنفر

مؤسس و مدیر

الرحیم اکیڈمی

۷/۱، عظم گریٹ سوسائٹی، لیاقت آباد

کراچی ۷۵۹۰۰

جملہ حقوق طباعت واشاعت بتمام وکمال
بحق ناشر محفوظ ہیں

نام کتاب : تذکرہ علامہ جلال الدین سیوطیؒ
نام مصنف : مولانا ڈاکٹر محمد عبدالحلیم چشتی مدظلہ
ناشر : ڈاکٹر محمد عبدالرحمٰن غضنفر
مؤسس ومدیر الرحیم اکیڈیمی A 7/7
اعظم نگر لیاقت آباد کراچی 75900
تاریخ اشاعت : ۱۴ شوال المعظم ۱۴۲۱ھ
تعداد : ۱۰۰۰
قیمت : Rs:220/=
ٹیلیفون نمبر : 4913916

ملنے کے پتے

مکتبہ اسلامی، مکتبہ قاسمیہ، مکتبۃ الحبیب، درخواستی کتب خانہ علامہ بنوری ٹاؤن کراچی
عباسی کتب خانہ، مکتبہ اسحاقیہ، جوناماركيٹ کراچی
مکتبہ نعمانیہ، مکتبہ اسلامیہ، برمی کالونی لانڈھی کراچی
مکتبہ سید احمد شہید، مکتبہ قاسمیہ، اردو بازار لاہور۔
امداد اللہ اکیڈیمی، مکتبہ اصلاح و تبلیغ مارکیٹ حیدر آباد سندھ
مکتبہ رشیدیہ، سرکی روڈ، مکتبہ اسلامیہ، مکتبہ حقانیہ کوئٹہ بلوچستان

فہرست ابواب

عنوان	صفحہ نمبر
پیش لفظ	۵
باب اول - حسب ونسب، تعلیم وتربیت	۱۵
نام ونسب	۱۶
ولادت تعلیم وتربیت	۱۸
طبقات شیوخ	۲۳
حافظ ابن حجر عسقلانی سے تلمذ کی نوعیت	۲۶
اجازت عامہ کی حیثیت	۲۸
حافظ سخاوی سے استفادہ	۲۹
سیوطی اپنے اساتذہ کی نظر میں	۳۲
حج اور دعا	۳۹
قیام مکہ	۴۰
سلوک وتصوف کی تحصیل اور بیت اللہ میں اجازت وخلافت سے سرفرازی	۴۰
باب دوم - درس وتدریس اور خلوت گزینی	۴۳
ابن ظہیرہؒ کی مجلس ختم بخاری میں شرکت	۴۳
درس وتدریس	۴۳
املاءِ حدیث	۴۴
املاءِ لغت	۴۷
افتاء میں احتیاط	۴۷

عنوان	صفحہ نمبر
قاضی القضاۃ کے عہدہ پر انتخاب	۴۹
خانقاہ بَیْبَرسیہ میں مشیخۃ التصوف کے منصب پر تقرر	۵۱
شاہانِ وقت سے تعلقات	۵۹
سیر وسیاحت	۶۵
خلوت گزینی ویادالٰہی	۶۶
وفات	۶۸
باب سوم-اخلاق وعادات	۷۳
عبادت وریاضت	۷۳
استغناء وبے نیازی	۷۳
فضل وکمال	۷۴
حافظہ	۷۵
وسعت نظر	۷۷
ہفت علوم میں مہارت	۸۱
جامع شریعت وطریقت	۹۱
شعروشاعری	۹۳
معاصرانہ چشمک	۹۴
اجتہاد کا دعویٰ	۱۰۴
مجدد عصر ہونے کا دعویٰ	۱۱۱
باب چہارم-تصنیفات وتالیفات	۱۱۷
زود نویسی وزود تالیفی	۱۱۷

عنوان	صفحہ نمبر
تصنیفی زندگی میں سرقہ کا الزام	۱۱۹
انداز تصنیف و تالیف	۱۲۴
تصانیف کے متعلق اہل علم کی آراء	۱۲۴
سیوطی کی تصانیف میں رطب ویابس کا الزام اور اس کی حقیقت	۱۲۹
تالیفات سیوطی کا اقسام ثلاثہ	۱۳۴
کثرت تصانیف کے اسباب	۱۳۶
تصانیف کی تعداد	۱۳۹
شہرت و قبولیت	۱۴۱
تصانیف کی شہرت و قبولیت	۱۴۲
تصانیف سے اہل علم کا اعتناء	۱۴۵
باب پنجم - تفسیر، حدیث، فقہ، لغت و عربیت، سیر، تاریخ و تذکرہ کی مشہور و متداول کتابوں پر تبصرہ	۱۴۹
باب ششم - مؤلفات سیوطیؒ کے فہرست نگاروں پر ایک نظر	۲۲۷
تالیفات سیوطیؒ کے ہمقگانہ اقسام	۲۳۱
باب ہفتم - تالیفات سیوطیؒ	
موضوعی اور حروف تہجی پر مرتب فہرستیں	
فہرست مآخذ و مراجع	
مؤلف کا تعارف	



بسم اللہ الرحمن الرحیم

یہ ایک بین الاقوامی علمی شہرت کی مالک شخصیت کی دینی، فکری، علمی و تحقیقی خدمات کا تذکرہ ہے جس نے متداول و مشہور اسلامی علوم و فنون میں اپنی تالیفات کا نادر و بیش بہا ذخیرہ اہل علم کے لئے یادگار چھوڑا جو بایں ہمہ وسعت و ترقی علوم و فنون، آج بھی ہر عالم و محقق کی رہنمائی کرتا ہے۔

یہ مبالغہ نہ ہوگا کہ نویں صدی ہجری کے بعد سات علوم ۱- تفسیر ۲-حدیث ۳-فقہ ۴-نحو ۵-معانی ۶-بیان ۷-بدیع، جن میں سیوطیؒ کو اجتہاد کا دعویٰ تھا کسی زبان میں ایسی کوئی کتاب نہیں مل سکے گی جس میں علامہ موصوف کی کسی کتاب کا حوالہ موجود نہ ہو۔ علامہ موصوف کی شخصیت افادۂ علمی، وسعت نظر، کثرت معلومات، کثرت تالیفات اور اختصار علم میں مثالی شخصیت کی حیثیت اختیار کر گئی تھی، چنانچہ مذکورہ بالا صفات کی جامع شخصیت کو آخری دور میں "سیوطی دوراں" کے لقب سے یاد کیا جانے لگا تھا، علامہ مغرب حافظ محمد بن عبدالسلام ناصری التوفی ۱۲۲۹ھ نے اپنے استاد، صاحب تاج العروس حافظ سید مرتضیٰ بلگرامی تم الزبیدی التوفی ۱۲۰۵ھ کو "رحلۃ الحجازیہ" میں "ھو سیوطی زمانہ" (وہ اپنے زمانہ کا سیوطی تھا) کے الفاظ سے یاد کیا ہے (۱)

علامہ جلال الدین سیوطیؒ نے اپنی مفصل سوانح حیات "کتاب التحدث بنعمۃ اللہ" میں قلمبند کی تھی۔ جسے مستشرقہ مریم سارتن (E M, SARTAIN) نے "JALALUKKIN AL SYUTI-BIOGRAHY AND BACKGROUND" کے

---

(۱) عبدالحی الکتانی، فہرس الفہارس والاثبات و معجم المعاجم والمشیخات والمسلسلات تحقیق احسان عباس، ط ۲، بیروت، دار التراث الاسلامی، ۱۴۰۲=۱۹۸۱ء، ج ۱ ص ۵۳۰-

نام سے اپنی تحقیق کا موضوع بنایا اور اس پر ڈاکٹریٹ کی ڈگری لی۔ یہ کتاب ۱۹۷۵ء میں کیمبرج یونیورسٹی پریس سے دو جلدوں میں شائع کی گئی تھی۔ پہلی جلد "کتاب التحدث بنعمۃ اللہ" کے عربی متن پر اور دوسری جلد انگریزی میں موصوفہ کی تشریحی تحقیقات پر مشتمل ہے۔

موصوف کے دو نامور شاگرد شمس الدین محمد بن علی بن احمد الداودی المالکی المتوفی ۹۵۰ھ نے سیوطیؒ کے حالات میں ایک ضخیم کتاب لکھی تھی اس لئے الداودی نے سیوطیؒ کا تذکرہ طبقات المفسرین میں نہیں کیا۔ دوسرے شاگرد شیخ عبدالقادر بن احمد الشاذلی المالکی المتوفی ۹۴۵ھ نے "بهجة العابدين بترجمة جلال الدين" لکھا تھا۔ یہ دونوں تذکرے شائع نہیں ہوئے' ان کے علاوہ اس زمانے میں بھی موصوف کے حالات میں چھوٹی موٹی کتابیں جیسے عبدالوھاب حمودہ کی "صفحات من تاريخ مصر فی عصر السيوطی" مصر' ۱۳۱۲ھ عربی میں شائع کی گئی ہیں۔ لیکن وہ تحقیقی اور جامع نہیں۔

علامہ سیوطیؒ نے اپنے اور اپنے آباء واجداد کے مختصر حالات "حسن المحاضرہ" میں قلمبند کئے ہیں' یہی تذکرہ نگاروں کا بنیادی مآخذ ہیں' سیوطی کی تالیفات پڑھکر کسی نے تحقیقی کتاب مرتب کی ہو ایسی کتاب میرے علم میں نہیں' یہی وجہ ہے کہ علامہ موصوف کے حالات اختصار سے ملتے ہیں۔

علامہ جلال الدین سیوطیؒ کی سب سے بڑی خوبی جو انہیں اپنے ہمعصروں میں ممتاز کرتی ہے وہ یہ ہے کہ ان کی کتابوں سے عقید تمند وبد عقیدہ ومخالف' مصنف' مدرس' محقق اہل علم وارباب قلم کو ان کی چھوٹی بڑی ہر کتاب

سے کم وبیش اعتناء رہا ہے۔

علامہ سیوطی کی زندگی میں ان کے برملا علمی دعووں اور نامور معاصرین کی شدید مخالفت کے باوجود نہ ان کے علمی مرتبہ اور شہرت میں کمی آئی' نہ ان کی تالیفات کی قبولیت میں کوئی فرق پڑا' بلکہ علمی معرکہ آرائی سے ان کی علمی وسعت نظر کا چرچا ہوا' ان کی تالیفات جیسے پہلے نقل کی جاتی' کرائی جاتی' پڑھی جاتی' پڑھائی جاتی اور دوسرے اسلامی ملکوں میں پہنچائی جاتی تھیں اس کا سلسلہ برابر جاری رہا۔ ورق دوورق کی کتاب بھی (جیسے ریح النسرین فیمن عاش من الصحابة مائة وعشرین وغیرہ ہیں) اہل علم کے لئے حرز جاں بنتی رہی اور اب بھی وہ تحقیق کے ساتھ شائع کی جاتی ہیں' ان کا پانچ سو سالہ جشن منایا جاتا ہے اور یوں ان کے علمی کارناموں پر انہیں خراج عقیدت پیش کیا جاتا ہے' اسلامی جامعات میں ان کے مختلف علمی کارناموں پر ڈاکٹریٹ کرایا جاتا ہے' نامور محققین ان کی کتابوں پر تحقیق کرتے ہیں' یہ سب ان کی علم سے محبت وشغف' حسن نیت' خلوص وللہیت اور خلق خدا کو علوم نبوت سے بہرہ ور کرنے کی انتھک کوشش اور لگن کا صلہ ہے جو انہیں اس دنیا میں مل رہا ہے۔

یہ کہنا بجا ہے علامہ سیوطیؒ کو علمی استحضار' کثرت تالیفات وحسن قبول میں جیسی سرفرازی حاصل ہے ان کے ہمعصروں میں کسی کو نصیب نہیں۔ **ذٰلك فضل الله يؤتيه من يشاء والله ذوالفضل عظيم.**

اردو زبان میں ایسی جامع شخصیت پر تحقیقی انداز میں بہت کم لکھا گیا ہے' یہی وجہ ہے کہ جلال الدین سیوطیؒ پر اردو میں کوئی مختصر وجامع تذکرہ موجود نہیں

'میں نے موصوف کی علمی زندگی اور تحقیقی خدمات پر تحقیقی مقالات لکھے تھے جو آج سے چوالیس برس پہلے ہندوستان کے مشہور مؤقر علمی رسالہ "معارف" اعظم گڈھ' شمارہ ۲-۶ جلد ۹۵' فروری-جون ۱۹۶۵ء اور شاہ ولی اللہ اکیڈمی کے ماہنامہ "الرحیم" شمارہ نمبر ۹-۱۰ جلد ۲' رمضان' شوال ۱۳۸۴ھ' شمارہ ۱۰' جلد ۳- محرم ۱۳۸۵ھ میں شائع کئے گئے اور پسندیدگی کی نگاہ سے دیکھے گئے تھے' بعض علمی شخصیات نے میرے چھوٹے بھائی ڈاکٹر محمد عبدالرحمٰن غضنفر صاحب (اللہ تعالیٰ ان کی عمر دراز کرے اور انہیں ظاہری وباطنی کمالات سے سرفراز کرے) کو اس کی اشاعت پر توجہ دلائی وہ اسے شائع کرنے لگے' میں نے عرض کیا کہ اس حالت میں اسے شائع کرنا مناسب نہیں' مجھے اس پر نظر ثانی کرنے کی مہلت دیجئے' وہ آمادہ ہو گئے' چھٹیوں میں ان مقالات کو لیکر جامعہ بایرو کانو (BAYERO UNIVERSITY KANO) نائیجیریا آگیا' اپنی مصروفیات کی وجہ سے فوری طور پر نظر ثانی نہ کر سکا مگر انکا تقاضا ہوتا رہا آخر وقت نکال کر دیکھنا شروع کیا اور مراجع سے مراجعت کی تو یوں سمجھئے کہ علامہ موصوف کو پھر سے پڑھا اور لکھا' کہیں ترمیم کہیں اضافہ کیا' خاص طور پر ان کی مشہور تصانیف کا تعارف کرایا ان پر تبصرے لکھے' ان کی تالیفات کی موضوعی اور ابوابی فہرستیں بڑھائیں اور اس طرح کئی ابواب کا اضافہ ہوا' اس لئے کہ ان کی شہرت کی بنیادی وجہ ان کی تالیفات کی جامعیت' قبولیت وشہرت ہے' یہ علامہ جلال الدین سیوطیؒ کا روحانی فیض ہے کہ مختلف مصروفیات کے باوجود گاہ بگاہ یہ کام بھی ہوتا رہا اور کسی نہ کسی طرح بحمد اللہ اس میں گوناگون معلومات کا اضافہ ہوتا گیا۔

عصرِ حاضر کے محققین نے ان کی زندگی کے مختلف پہلوؤں پر لکھا' ضرورت اس امر کی تھی کہ ان کے مختصر حالات تحقیقی انداز میں قلمبند کئے جاتے' ان کے علمی کارناموں کا فی الجملہ تعارف کرایا جاتا 'ان کی تصانیف پر قدرے روشنی ڈالی جاتی' تاکہ اہل علم اور عام پڑھے لکھے لوگ اس سے فائدہ اٹھاتے' مجھے امید ہے کہ اردو ادب میں علامہ جلال الدین سیوطیؒ کی زندگی کے حالات اور ان کے دینی و علمی کارناموں کے سلسلہ میں یہ کوشش انشاء اللہ مفید ثابت ہوگی۔

اس کتاب میں جو خامیاں رہ گئی ہیں ان کا واحد سبب میری کوتاہیاں ہیں اور جو خوبیاں پائی جاتی ہیں وہ علامہ سیوطیؒ کی حسنات کا فیضان ہیں' اپنی کوتاہی اور مصروفیات کے باوجود یہ کتاب سات ابواب میں مکمل ہوئی 'اس کی تکمیل واشاعت میں اللہ تعالیٰ کا فضل وکرم شامل حال رہا ہے ورنہ میں کیا ہوں' مجھ سے کیا ہو سکتا ہے۔ اس دور کے ثقافتی اور سیاسی حالات اور علامہ موصوف کے اساتذہ اور تلامذہ کے تذکرہ کی کمی کو انشاء اللہ دوسرے ایڈیشن میں پورا کیا جائے گا۔

میں اس کتاب کو جے پور (راجستان ہندوستان) کے خادم قرآن وخوشنویس میرے تایا حافظ عبدالکریم صاحب سوداگر المتوفی ۱۱ شعبان ۱۳۶۵ھ' ۶ جولائی ۱۹۴۶ء کے نام معنون کرتا ہوں' جن کی زبان تلاوت قرآن سے تر رہتی تھی۔

رَبِّ اَوْزِعْنِیْ اَنْ اَشْکُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِیْ اَنْعَمْتَ عَلَیَّ وَعَلٰی وَالِدَیَّ وَاَنْ اَعْمَلَ صَالِحاً تَرْضَاهُ. وَاَصْلِحْ لِی فِیْ ذُرِّیَّتِیْ اِنِّیْ تُبْتُ اِلَیْكَ وَاِنِّیْ مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ (الاحقاف)

اے میرے پروردگار مجھے اس بات پر ہمیشہ قائم رکھ کہ تیری نعمتوں کا شکر ادا کرتا رہوں، جو تو نے مجھ کو اور میرے والدین کو عطا کی اور اس پر کہ میں نیک کام کرتا رہوں کہ تو خوش ہو، اور میری اولاد میں بھی، میرے لئے صالحیت پیدا کر، میں تیری جناب میں توبہ کرتا ہوں اور میں فرماں برداروں میں سے ہوں۔

فالحمد لله اولا و آخرا وبه تتم الصالحات

محمد عبدالحلیم چشتی
خادم قسم التخصص فی علم الحدیث النبوی الشریف
جامعۃ العلوم الاسلامیہ بنوری ٹاؤن کراچی
C-23 جامعہ نگر۔ جامعہ کراچی
۱۹ رجب ۱۴۲۰ھ۔ ۲۹ اکتوبر ۱۹۹۹ء

علامہ جلال الدین سیوطیؒ

باب اول

حسب و نسب، تعلیم و تربیت

متاخرین علمائے اسلام میں علامہ سیوطیؒ کو اپنی علمی خدمات کی بناء پر جو شہرت اور قبولیت حاصل رہی ہے وہ محتاج بیان نہیں۔ وہ نہایت باکمال ائمہ فن میں سے تھے فطرت کی طرف سے ان کی ذات میں بہت سی خصوصیات اور خوبیاں ودیعت کی گئی تھیں درس و تدریس، تصنیف و تالیف، افتاء و قضاء، رشد و ہدایت، تقوی و طہارت میں انہیں کمال حاصل تھا، علامہ موصوف نامور مصنف، بلند پایہ مفسر، محدث، فقیہ، ادیب، شاعر، مورخ اور لغوی ہی نہ تھے، بلکہ اس عصر کے مجدد بھی تھے، علامہ موصوف کے دو نامور شاگرد شیخ عبدالقادر بن محمد شاذلی مصری المتوفی ۹۳۵ھ اور شیخ محمد بن علی داودی مصری المتوفی ۹۴۵ھ نے ان کی مستقل سوانح عمریاں لکھی تھیں، جو زیور طبع سے آراستہ نہیں ہوئیں بعد کے تذکرہ نگاروں نے ان کے حالات سے پورا اعتناء نہیں کیا یہی وجہ ہے کہ تذکرہ کی کتابوں میں ان کے حالات نہایت اختصار سے ملتے ہیں۔ ہم نے اس مقالہ میں نہایت تفحص و تلاش کے بعد جو حالات و واقعات جمع کئے ہیں وہ ہدیہ ناظرین ہیں۔

نام و نسب

عبدالرحمٰن نام' ابوالفضل(۱) کنیت' جلال الدین لقب اور ابن الکتب(۲) عرف ہے۔ سلسلہ نسب یہ ہے: عبدالرحمٰن بن کمال الدین(۳) ابی بکر بن محمد بن

---

(۱) مورخ نجم الدین محمد غزی شافعی المتوفی ۱۰۶۱ھ نے الکواکب السائرہ فی اعیان المائۃ العاشرہ' طبع بیروت جلد ۱ ص ۲۲۶ میں تصریح کی ہے کہ موصوف ایک مرتبہ اپنے استاد قاضی القضاۃ شیخ عزالدین احمد بن ابراہیم کنانی حنبلی المتوفی ۸۷۶ھ کی خدمت میں حاضر ہوئے' انہوں نے ان سے پوچھا کہ کنیت کیا ہے موصوف نے عرض کی کچھ نہیں۔ شیخ کنانی نے فرمایا تمہاری کنیت ابوالفضل ہے' اور اپنے قلم سے یہ کنیت لکھی پھر یہی کنیت مشہور ہو گئی۔

(۲) اس عرف کی وجہ بھی نہایت عجیب ہے' مشہور تذکرہ نگار شیخ محی الدین عبدالقادر عیدروس المتوفی ۱۰۳۸ھ النور السافر عن اخبار القرن العاشر' طبع بغداد ۱۳۵۳ھ ص ۵۴ میں رقم طراز ہیں۔

علامہ سیوطی کے والد شیخ کمال الدین نے ایک موقعہ پر اپنی بیوی سے کسی کتاب کو اٹھا کر لانے کے لئے کہا' وہ کتاب لینے کے لئے گئیں' اتنے میں دردِزہ شروع ہوا اور ان کی ولادت ہو گئی' اس لئے ابن الکتب عرف ہو گیا' مصنفین اسلام میں غالباً علامہ سیوطی ہی اس عرف میں منفرد و مشہور ہیں۔

(۳) شیخ کمال الدین المتوفی ۸۵۵ھ شیخ الاسلام' فقیہ' شمس الدین محمد قایاتی المتوفی ۸۵۰ھ' حافظ ابن حجر عسقلانی المتوفی ۸۵۲ھ کے تلمیذ' بلند پایہ ادیب' سحر طراز خطیب' نامور مدرس' مصنف اور اسیوط کے مشہور قاضی تھے' ان کے اثر و رسوخ کا یہ حال تھا کہ جب ۸۴۵ھ میں مستکفی باللہ ابوالربیع سلیمان المتوفی ۸۵۴ھ سریر آرائے خلافت ہوا تو اس کی بیعت کا محضر نامہ موصوف نے مرتب کیا تھا' خلیفہ نے ان کو اپنا امام صلوٰۃ بھی مقرر کر دیا تھا۔ علامہ سیوطی کے خاندان میں علم کی خدمت ان ہی کے حصہ میں آئی تھی' موصوف کے حالات کے لئے دیکھو۔ (۱) الضوء اللامع ج ۱۱ ص ۲۵۲' ۲۵۳ (۲) التبر المسبوک فی ذیل السلوک (جاری ہے)

سابق الدین بن فخر الدین بن عثمان بن ناظر ابن محمد بن سیف الدین خضر بن فخر الدین ابی الصلاح ایوب بن ناصر الدین محمد بن ہمام(۱)' الخضیری(۲)' الاسیوطی الشافعی(۳)

(بقیہ گزشتہ صفحہ) طبع بولاق مصر ۱۸۹۶ھ ص ۳۵۶'۳۵۷ (۳) بغیۃ الوعاۃ فی طبقات اللغویین والنحاۃ ص ۲۰۶ (۴) حسن المحاضرہ فی اخبار مصر والقاہرہ طبع مصر ۱۲۹۹ھ ج ۱ ص ۲۵۱'۲۵۲ (۵) نظم العقیان فی اعیان الاعیان' طبع نیویارک ۱۹۲۷ء ص ۹۵'۹۶ (۶) شذرات الذہب ج ۷ ص ۲۸۴'۲۸۵

(حاشیہ صفحہ ہذا)(۱) شیخ ہمام الدین کا شمار وقت کے نامور صوفیہ میں تھا' علامہ سیوطی کا بیان ہے

اما جدی الاعلیٰ ہمام الدین فکان من اھل الحقیقۃ ومن مشایخ الطریق و سیاتی ذکرہ فی قسم الصوفیۃ

میرے جد اعلیٰ ہمام الدین کا شمار مشائخ طریقت اور اہل حقیقت میں تھا' ان کا تذکرہ صوفیہ کے باب میں آئے گا۔

لیکن حسن المحاضرہ کے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ "ذکر من کان بمصر من الصلحاء والزھاد والصوفیۃ" میں علامہ سیوطی سے ان کا تذکرہ رہ گیا ہے' ان کے علاوہ خاندان کے دوسرے افراد حکومت کے بڑے بڑے مناصب پر ممتاز ہوئے اور بعض نے تجارت بھی کی' گویا اس خاندان میں درویشی' امارت' تجارت اور علم سب جمع تھے۔

(۲) خضیر یہ بغداد میں ایک محلہ کا نام ہے خضیری اس طرف نسبت ہے' اس سے ثابت ہوتا ہے کہ یہ خاندان بغداد سے آکر مصر میں آباد ہوا تھا' علامہ سیوطیؒ نے حسن المحاضرہ میں بصراحت لکھا ہے کہ ان کے جد اعلیٰ عجمی تھے' مورخ سخاویؒ اور عبدروسیؒ نے علامہ سیوطیؒ کی والدہ کو بھی ترکی کنیز بتایا ہے جس سے ان کے عجمی ہونے کی طرف اشارہ ہے۔ (جاری ہے)

ولادت و تعلیم وتربیت

علامہ سیوطی یکم رجب مطابق ۳ اکتوبر ۸۴۹ھ بمطابق ۱۴۴۵ء میں قاہرہ میں پیدا ہوئے' نازونعمت میں پلے بڑھے' ان کے والد خلیفۂ وقت کے امام

(بقیہ حاشیہ گزشتہ صفحہ) (۳) سیوط اور اسیوط مصر میں نیل کے غربی جانب ایک نہایت قدیم بارونق اور زرخیز شہر ہے' سید مرتضیٰ بلگرامی کا بیان ہے۔

قلت · أما المشهور على الألسنة العامة من أهلها سيوط كصور – و على الألسنة الخاصة اسيوط بالفتح و على الاخير اقتصر ياقوت فى معجمه – قلت وقد دخلتها و شاهدت من عجائبها و هى فى سفح الجبل الغربى المشتمل على اسرار و غرائب الف فيها الكتب ولهذه المدينته تاريخ حافل فى مجلدين الفه الحافظ جلال الدين عبدالرحمن خاتمة المتاخرين فى سائر الفنون (تاج العروس ماده س'و'ط)

میں کہتا ہوں' عوام اہل سیوط کی زبان پر سیوط بروزن صبور مشہور ہے اور خواص کی زبان پر اسیوط بالفتح ہے' یاقوت نے معجم البلدان میں موخرالذکر بیان پر اکتفاء کیا ہے' میں یہاں دو مرتبہ گیا ہوں اور میں نے عجیب و غریب امور کا مشاہدہ کیا ہے یہ مغرب کی جانب دامن کوہ میں واقع ہے یہاں عجائب و غرائب دیکھنے میں آتے ہیں اس کے حالات میں کئی کتابیں لکھی گئی ہیں' خاتمۃ المتاخرین فی سائر الفنون حافظ جلال الدین عبدالرحمٰن بن ابی بکر اسیوطی نے اس شہر کی دو جلدوں میں نہایت جامع تاریخ لکھی ہے۔

سید مرتضیٰ بلگرامی ثم الزبیدی نے اس کتاب کا نام نہیں لکھا علامہ سیوطی نے خاص اسیوط کے حالات میں جو کتاب لکھی ہے اس کا نام مضبوط فی اخبار اسیوط ہے

(کتاب التحدث بنعمۃ اللہ ص ۱۲-۱۶)

صلوٰۃ تھے' اس لئے ان کا نشو و نما قصر شاہی میں ہوا تھا۔

علامہ سیوطی کا بیان ہے :

اما نحن فلم تنشاء الا فی بیته و فضله (۱)

ہم قصر شاہی میں شاہ وقت کے سایہ شفقت میں پلے بڑھے۔

ابھی وہ پانچ برس کے تھے اور قرآن مجید سورہ تحریم تک پڑھا تھا کہ پدر بزرگوار شیخ کمال الدین کا انتقال ہو گیا شیخ موصوف کو فرزند دلپسند کی تعلیم و تربیت کا خاص خیال تھا اس لئے انہوں نے انتقال سے پیشتر اپنے دیرینہ دوست شیخ شہاب الدین بن الطباخ اور محقق ابن ہمام کو ان کی تعلیم و تربیت اور نگرانی کی وصیت کی تھی' چنانچہ خورد و نوش کی کفالت اور نگرانی کا کام شیخ ابن الطباخ نے انجام دیا اور محقق ابن ہمام نے کم و بیش چھ برس تک ان کی تعلیم و تربیت کی جانب خاص توجہ کی' ان کو جامع شیخونیہ میں داخل کرایا(۲) جہاں کے اساتذہ نے ان کو محنت و محبت سے پڑھایا۔

---

(۱) ملاحظہ ہو تاریخ الخلفاء طبع قاہرہ ۱۹۵۲ء ص ۵۱۲

(۲) محقق ابن ہمامؒ کو شیخ ابو بکر کمال الدین نے قدیم تعلقات کی بناء پر ان کے فرزند علامہ سیوطی سے بڑی محبت تھی وہ ان کو پیار کرتے تھے اور شفقت سے ان کے سر پر ہاتھ پھیرتے تھے۔ حافظ سید انور شاہ کشمیری المتوفی ۱۳۵۲ھ فیض الباری ج ۴ ص ۱۳۴ میں فرماتے ہیں۔

کان الشیخ کمال الدین ابو السیوطی اوصی الشیخ ابن الهمام ان ینظر فی امر ابنه و یتعاهده بعده فکان السیوطی فی حجره و کان الشیخ یمسح رأسه

علامہ سیوطیؒ کے والد ماجد شیخ کمال الدین نے شیخ ابن ہمام کو اس کی وصیت کی تھی کہ وہ ان کے بعد سیوطی کی دیکھ بھال اور نگرانی کرتے رہیں گے' اس لئے علامہ سیوطی کی (جاری ہے)

علامہ سیوطیؒ کا حافظہ نہایت قوی تھا' انہوں نے آٹھ برس کی عمر میں قرآن مجید حفظ کیا' پھر العمدہ' المنہاج اور الفیہ ابن مالک وغیرہ کو یاد کیا' اور وقت کے نامور فرضی (ماہر علم میراث) شیخ شہاب الدین شارمساحی المتوفی ۸۶۵ھ سے علم فرائض کی تحصیل کی شیخ علم الدین بلقینی المتوفی ۸۶۸ھ سے فقہ پڑھی' علامہ موصوف فرماتے ہیں-

لازمته فی الفقه الی ان مات (۱)

موصوف کی وفات تک فقہ میں ان سے استفادہ کرتا رہا

شیخ شرف الدین یحییٰ مناوی المتوفی ۸۷۱ھ سے منہاج کا کچھ حصہ پڑھا اور شرح البہجۃ کے چند سبق کا سماع کیا' تفسیر بیضاوی بھی ان ہی سے پڑھی' شیخ تقی الدین ابو العباس احمد شمنی المتوفی ۸۷۲ھ سے حدیث اور عربیت کی تعلیم پائی' چنانچہ ان کا بیان ہے-

---

(بقیہ حاشیہ صفحہ گزشتہ) (علمی) تربیت ابن ہمام کی آغوش میں ہوئی وہ پیار سے ان کے سر پر ہاتھ بھی پھیرتے تھے-

علامہ سیوطی کو بھی شیخ موصوف سے خاص تعلق تھا بغیۃ الوعاۃ (طبع مصر ۱۳۲۶ھ ص ۷۱ میں ان کے وصی ہونے کا خاص طور پر تذکرہ کیا ہے' ان کے الفاظ ہیں)

کان احد الاوصیاء علیّ موصوف میرے نگرانوں میں سے تھے

(حاشیہ صفحہ ہذا) (۱) حسن المحاضرہ ج ۱ ص ۱۸۹

سمعت علیه قطعة کبیرة من المطول ومن التوضیح لابن هشام قرأة تحقیق و سمعت وقرأت علیه فی الحدیث عدة اجزاء(۱)

میں نے مطول کے بڑے حصہ کا ان سے سماع کیا اور ابن ہشام کی توضیح بڑی تحقیق سے پڑھی اور حدیث میں متعدد اجزاء کا ان سے سماع کیا اور پڑھا۔

شیخ محی الدین محمد بن سلیمان کافیجی المتوفی ۸۷۹ھ سے معانی وبیان' اصول و تفسیر کی تکمیل کی اور شیخ عبدالقادر بن ابی القاسم انصاری مالکی المتوفی ۸۸۰ھ سے حدیث پڑھی' علامہ موصوف لکھتے ہیں۔

قرأت علیه جزء الامالی لابن عفان(۲)

میں نے موصوف سے امالی حافظ ابن عفان (المتوفی ۲۲۰ھ) کے چند اجزاء پڑھے

محقق دیار مصر شیخ سیف الدین محمد بکتمری المتوفی ۸۸۱ھ سے کشاف' توضیح' تلخیص' المفتاح اور رسالہ عضدیہ وغیرہ پڑھا ہے' جن نامور محدثین سے موصوف کو روایت حدیث کی اجازت حاصل ہے ان کی تعداد ڈیڑھ سو سے کم نہیں' جن میں شیخ صلاح الدین محمد ابی عمر والمتوفی ۸۰۷ھ کے آخری شاگرد شیخ ابن مقبل حلبی المتوفی ۸۷۰ھ جیسے نامور مسند وقت بھی ہیں' چنانچہ علامہ سیوطی نے تدریب الراوی میں سند عالی پر بحث کرتے ہوئے لکھا ہے کہ اس دور میں ایسی عالی سندیں جن میں رسول اللہ ﷺ تک دس واسطے ہوں بہت ہی کم پائی جاتی ہیں' اور بطور مثال جو روایت نقل کی ہے وہ شیخ محمد بن مقبل کی سند سے کی ہے جس کے

---

(۱) ملاحظہ ہو بغیۃ الوعاۃ ص ۱۶۴

(۲) ایضاً کتاب مذکور ص ۳۱۰

الفاظ یہ ہیں۔

لم یقع لنا بذالك الا احادیث قلیلة جد ا فی معجم الطبرانی الصغیر اخبرنی مسند الدنیا ابو عبدالله محمد بن مقبل الحلبی اجازة مکاتبة منها فی رجب سنة ثما نمائة و تسعة و ستین عن محمد بن ابراهیم ابن ابی عمر المقدسی وهو آخر من حدث عنه با لاجازة الخ (۱)

(اس قسم کی چند) عالی اسناد حدیثیں ہمیں صرف معجم صغیر طبرانی میں ملی ہیں جن

---

(۱) تدریب الراوی فی شرح تقریب النواوی مطبع خیریہ مصر ۱۳۰۷ھ ص ۱۸۴۔ یہاں یہ بات یاد رکھنے کے قابل ہے کہ علامہ مقبلی ان خوش نصیب محدثین میں سے ہیں جن کو برہان الدین حلبی کی حسب خواہش شیخ صلاح الدین ابن ابی عمر نے ایسے وقت میں روایت حدیث کی اجازت دی تھی جب یہ کل سال بھر کے تھے کیونکہ ان کا سال ولادت ۷۶۹ھ اور محدث صلاح بن ابی عمرو کا سال وفات ۷۸۰ھ ہے' مورخ محمد بن عبدالرحمٰن سخاوی المتوفی ۹۰۲ھ 'الضوء اللامع ج ۱۰ ص ۵۳ میں رقم طراز ہیں۔

اجازله فی استدعأ البرهان الحلبی سة و ثما نون نفسامنهم صلاح بن ابی عمرو موصوف کو برہان الدین حلبی کی استدعا پر چھیاسی سندیں سے اجازت ملی تھی جن میں سے صلاح بن ابی عمر بھی تھے۔

علامہ سیوطیؒ نے شیخ محمد بن مقبلؒ حلبی کی سند سے ایک روایت بغیۃ الوعاۃ ص ۲۷۱ میں بھی نقل کی ہے ان کے حالات ملاحظہ ہوں الضوء اللامع ج ۱۲ ص ۵۳۔ فہرس الفہارس والاثبات 'طبع فاس ۱۳۴۶ھ ج ۲ ص ۱۳-۱۴۔ نیز فوائد جامعہ بر عجالہ نافعہ 'از راقم السطور طبع کراچی ۱۹۶۴ء ص ۴۷۶ و ۴۷۸

کو میں مسند دینا ابو عبداللہ محمد بن مقبل حلبی کی سند سے جو مجھ کو موصوف نے ۸۶۹ھ میں مکاتبۃً (تحریری) دی تھی روایت کرتا ہوں شیخ محمد حلبی شیخ محمد بن ابراہیم بن ابی عمر مقدسی سے اجازۃً آخری راوی ہیں۔

طبقات شیوخ

علامہ سیوطی کو جن شیوخ حدیث سے روایت حدیث کی اجازت حاصل تھی وہ ان کے تلمیذ شیخ عبدالوہاب شعرانیؒ کے بیان کے مطابق حسب ذیل چار طبقوں میں منقسم ہیں۔

پہلا طبقہ وہ ہے جو فخر الدین ابوالحسن بن علی مقدسی المعروف بابن البخاری المتوفی ۶۹۰ھ حافظ شرف الدین عبدالمومن بن خلق دمیاطی المتوفی ۷۰۵ھ امام محمد بنت الوزراء المعروف بوزیرہ المتوفی ۷۱۶ھ، شہاب الدین احمد بن ابی طالب المعروف نجار المتوفی ۷۳۰ھ، مسند شام شیخ سلیمان بن حمزہ مقدسی المتوفی ۷۱۵ھ اور زین الدین ابو نصر ابراہیم بن عبدالرحمٰن المعروف بابن الشیرازی المتوفی ۷۱۴ھ جیسے بلند پایہ محدثین کے شاگردوں پر مشتمل ہے جن سے موصوف کو روایت حدیث کی سعادت حاصل ہے۔

دوسرا طبقہ وہ ہے جو سراج الدین بلقینی المتوفی ۸۰۵ھ اور حافظ ابو الفضل عراقی جیسے حفاظ و محدثین سے روایت کرتا ہے اور ان سے علامہ سیوطی کو حدیث روایت کرنے کا فخر حاصل ہے، علو اسناد میں یہ طبقہ پہلے طبقہ سے فروتر ہے۔

تیسرا طبقہ شرف الدین ابو طاہر محمد بن عزالدین المعروف بابن الکویک المتوفی ۸۲۱ھ وغیرہ کے تلامذہ پر مشتمل ہے یہ طبقہ مرتبہ میں دوسرے طبقہ سے کمتر ہے۔

چوتھا طبقہ وہ ہے جو شیخ ابو زرعہ ابن زین الدین عراقی اور ابن الجزری جیسے حفاظ و محدثین سے روایت کرتا ہے، ان کی تعداد زیادہ ہے، لیکن ان کی سند سے

سیوطی نے صرف املاء یا تخریج و تالیف میں کوئی روایت نہیں کی ہے۔(۱)

علامہ سیوطی کے زمانہ تک مسلم خواتین میں علوم اسلامیہ کا چرچا تھا' اس دور کی جن باکمال محدثہ خواتین سے علامہ سیوطی کو روایت و سماع حدیث کا شرف حاصل ہے اُن کے نام یہ ہیں۔

(۱) خدیجہ بنت عبدالرحمٰن بن علی عقیلی (وفات ۸۷۶ھ) (۲)

(۲) آسیہ بنت جاء اللہ بن صالح طبری' (وفات ۸۷۳ھ) (۳)

(۳) صفیہ بنت یاقوت مکیہ (وفات ۸۷۲ھ) (۴)

(۴) رقیہ بنت عبدالقوی بن محمد جانی (وفات ۸۷۴ھ) (۵)

(۵) ام حبیبہ زینب بنت احمد بن محمد بن موسیٰ سویکی (وفات ۸۰۶ھ) (۶)

(۶) کمالیہ بنت احمد بن ناصر مکی (وفات بعد ۸۶۵ھ) علامہ سیوطی نے ان کی (۷) سند سے ایک روایت بغیۃ الوعاۃ کے باب المنتقی من احادیث النحاۃ میں نقل کی ہے۔

(۷) ام الفضل ہاجر بنت الشرف مقدسی (۸) (وفات ۸۷۴ھ) علامہ سیوطیؒ نے ۸۷۰ھ میں ان سے حدیث کا سماع کیا' ان کی سند سے تدریب الراوی طبع مصر

---

(۱) ملاحظہ ہو فہرس الفہارس والاثبات ج ۲ ص ۳۵۴

(۲) موصوفہ کے حالات کے لئے ملاحظہ ہو الضوء اللامع ج ۱۲ ص ۲۸ کتاب التحدث بنعمۃ اللہ ص ۴۳-۷۰

(۳) ایضاً کتاب مذکور ج ۱۲ ص ۲

(۴) ایضاً ج ۱۲ ص ۱۷۱ و ۷۲

(۵) ایضاً ج ۱۲ ص ۳۴

(۶) ایضاً ج ۱۲ ص ۴۰

(۷) ایضاً ج ۱۲ ص ۱۱۹

(۸) موصوفہ کے حالات کیلئے ملاحظہ ہو الضوء اللامع ج ۱۲ ص ۱۳۲

ص ۸۷ اور بغیۃ الوعاۃ باب المنتقیٰ من احادیث النحاۃ میں کئی حدیثیں نقل کی ہیں۔

(۸) خدیجہ بنت علی بن الملقن (وفات ۸۷۳ھ)(۱) بغیۃ الوعاۃ کے باب المنتقیٰ میں کئی روایتیں ان کی سند سے بھی منقول ہیں۔

(۹) صالحہ بنت علی بن الملقن (وفات ۸۷۶ھ)(۲)

(۱۰) سارہ بنت محمد بالسی (وفات ۸۶۹ھ)(۳)

(۱۱) ام ہانی بنت ابی الحسن ہوریتی (وفات ۸۷۱ھ)(۴) بغیۃ الوعاۃ کے باب المنتقیٰ میں ان کی سند سے متعدد روایتیں مذکور ہیں۔

(۱۲) کمالیہ بنت محمد بن مرجانی (وفات ۸۸۰ھ)(۵)

مذکورۂ بالا محدثات کے علاوہ چند اور محدثہ عصر سے بھی علامہ سیوطی نے باب المنتقیٰ من احادیث النحاۃ میں کئی روایتیں نقل کی ہیں جن کے نام یہ ہیں۔

(۱) نشوان بنت عبداللہ عسقلانی (وفات ۸۸۰ھ)(۶)

(۲) امۃ الخالق بنت عبداللطیف عقبی قاہری (۷)

(۳) امۃ العزیز بنت محمد انبابی (۸)

(۴) فاطمہ بنت علی البالسی (وفات ۸۶۹ھ)(۹)

---

(۱) ایضاً ص ۲۹
(۲) ایضاً ص ۷۰
(۳) ایضاً ص ۷۳
(۴) ایضاً ص ۱۸۷
(۵) ایضاً ص ۱۲۱
(۶) ایضاً ص ۱۳۰
(۷) ایضاً ص ۹
(۸) ایضاً ص ۱۰
(۹) ایضاً ص ۹۶

علامہ سیوطی کو جن بہت سے شیوخ سے روایت حدیث کی اجازت حاصل ہے' ان کو موصوف نے معجم الشیوخ میں نام بنام گنایا ہے۔ اور لکھا ہے

ولم اکثر من سماع الروایة لا شتغالی بما ھو اھمّ وھو قرأة الدرایة

میں نے حدیث کا زیادہ سماع اس لئے نہیں کیا کہ میں حدیث کو سمجھ کر پڑھنے میں مصروف تھا جو اس سے زیادہ اہم کام تھا۔

حافظ ابن حجر عسقلانیؒ سے تلمذ کی نوعیت

حافظ ابن حجر عسقلانیؒ سے علامہ سیوطیؒ کا تلمذ علماء کا خاص موضوع بحث رہا ہے کیونکہ شیخ ابن حجر عسقلانی کا انتقال ۸۵۲ھ میں ہوا تھا اور علامہ سیوطی کی ولادت ۸۴۹ھ میں ہوئی تھی (جیسا کہ اوپر گزر چکا ہے) اس حساب سے حافظ ابن حجر عسقلانی کی وفات کے وقت ان کی عمر تین سال کی قرار پاتی ہے' اس عمر میں کوئی کیا پڑھ سکتا ہے' اس بناء پر حافظ ابن حجر سے ان کے تلمذ میں علماء کا اختلاف ہے' اس اخیر دور میں نواب صدیق حسن قنوجی اور مولانا عبدالحئ فرنگی محلی میں اس موضوع پر بڑی بحث رہی ہے' اول الذکر تلمذ کے قائل اور موخر الذکر اس کے منکر تھے۔(۱)

علامہ ابن حجر عسقلانیؒ سے ان کے تلمذ کے بارے میں کلام کی گنجائش

---

(۱) ملاحظہ ہو تذکرۃ الراشد بر و تبصرۃ الناقد' مولانا عبدالحئ فرنگی محلی' مطبع انوار محمدی لکھنؤ ۱۳۰۱ھ ص ۳۰۴۔

ہے لیکن اس حقیقت سے انکار نہیں کیا جاسکتا کہ حافظ ابن حجر عسقلانیؒ کی مجلس درس میں ان کی حاضری متحقق وثابت ہے' مؤرخ نجم الدین غزیؒ فرماتے ہیں۔

"ایک مرتبہ شیخ کمال الدینؒ اپنے فرزند جلال الدینؒ کو شیخ ابن حجرؒ کی مجلس درس میں لے گئے' یہ بڑی بابرکت' پر کیف اور بارونق مجلس تھی اس لئے اس کا نقشہ علامہ سیوطیؒ کے ذہن میں مرتسم ہو گیا' اور جب کبھی علامہ موصوف کو وہ مجلس یاد آتی تو یہی خیال ہوتا کہ ہو نہ ہو یہ ابن حجر عسقلانی کی مجلس درس کا واقعہ ہوگا چنانچہ ایک مرتبہ انہوں نے اس واقعہ کا ذکر اپنے والد کے ایک شاگرد شیخ شمس الدین محمد مناویؒ المتوفی ۹۰۸ھ سے کیا' شیخ مناویؒ اس وقت علامہ سیوطیؒ کو سواری میں اپنے آگے بٹھائے ہوئے تھے' انہوں نے سن کر کہا یہ قصہ ابن حجر عسقلانیؒ کی مجلس درس کا ہے"(۱)

مذکورۂ بالا واقعہ ابن حجر عسقلانی کی مجلس درس میں شرکت کی نہایت واضح دلیل ہے مگر اس قسم کی شرکت محدثین کے یہاں چنداں قابل اعتبار نہیں' غالباً اس وجہ سے علامہ سیوطی نے اجازت عامہ کے اعتبار سے جو اہل عصر کے ساتھ خاص ہوتی ہے خود کو ابن حجر عسقلانی کے زمرۂ تلامذہ میں شمار کیا ہے(۲) نیز

---

(۱) ملاحظہ ہو الکواکب السائرہ طبع بیروت ج ۱ ص ۴۷

(۲) اس عمومی اجازت کے تحت علامہ سیوطی نے شیخ بدر الدین عینی المتوفی ۸۵۵ھ سے بھی بغیۃ الوعاۃ کے باب المنتقی من احادیث النحاۃ میں بلاواسطہ روایت نقل کی ہے۔ جس سے ثابت ہوتا ہے کہ سیوطیؒ ان کے بلاواسطہ شاگرد تھے چنانچہ فرماتے ہیں۔ انبانی العلامۃ بدر الدین محمود بن احمد العینی فی عمیم اجازتہ الخ۔

ان کے والد شیخ کمال الدین کی اپنے استاد حافظ ابن حجر کے یہاں آمد و رفت بھی تھی اس لئے خصوصی اجازت کا بھی احتمال ہے' موصوف ذیل طبقات الحفاظ میں رقم طراز ہیں۔

ولی منه اجازة عامة ولا استبعد ان یکون منه اجازة خاصة فان والدی کان یتردد الیه (۱)

اور مجھے بھی ان سے اجازت عامہ کے تحت روایت حدیث کی اجازت حاصل ہے۔اور میں بعید نہیں سمجھتا جو اجازت خاصہ بھی ہو کیونکہ میرے والد ماجد کی ان کے یہاں آمد و رفت تھی (انہوں نے خصوصی اجازت و روایت لی ہو)

اجازت عامہ کی حیثیت

حافظ ابن حجر عسقلانی اپنے وقت کے جلیل القدر مسند اور نامور حافظ حدیث تھے اس لئے ان سے اجازت عامہ بھی باعث فخر اور موجب برکت ہے ورنہ اجازت عامہ محدثین کے یہاں زیادہ اہمیت نہیں رکھتی علامہ سیوطی نظم العقیان فی اعیان الاعیان میں شیخ شارمساحی المتوفی ۸۶۵ھ کے تذکرہ میں لکھتے ہیں۔

والا جازة العامة لا یعمل بها الیوم (۲)

اس زمانہ میں اجازت عامہ قابل عمل نہیں

---

(۱) ملاحظہ ہو ذیل طبقات الحفاظ للذہبی از علامہ سیوطی طبع دمشق ۱۳۴۷ھ ص ۳۸۱

(۲) ملاحظہ ہو نظم العقیان ص ۴۴

علامہ موصوف نے اپنی تالیفات میں ابن حجر عسقلانی کی سند سے بلا واسطہ صرف دو روایتیں نقل کی ہیں ایک مسلسل بالحفاظ ہے اور دوسری ابن ہشام کی مشہور تالیف مغنی اللبیب کے سلسلہ میں ہے جیسا کہ زاد المسیر فی فہرس الصغیر میں مذکور ہے(۱)

علامہ سیوطی کا حسن المحاضرہ میں اپنے شیوخ کے تذکرہ میں حافظ ابن حجر کا ذکر نہ کرنا اور نظم العقیان میں ان کا مبسوط تذکرہ کرنے کے باوجود ان سے تلمذ کی طرف اشارہ نہ کرنا اس امر کی واضح دلیل ہے کہ اجازت عامہ ان کی نظر میں بھی اہم نہیں ہے۔

حافظ سخاوی سے استفادہ

حافظ سخاوی المتوفی ۹۰۲ھ حافظ ابن حجر عسقلانی المتوفی ۸۵۲ھ کے ارشد تلامذہ میں ہیں، وہ عمر میں علامہ سیوطی سے بڑے اور ہمہ صفت موصوف تھے علامہ موصوف ان کے یہاں اکثر آتے جاتے رہتے تھے، بقول حافظ سخاوی گاہ بگاہ حافظ زین الدین قاسم بن قطلوبغا حنفی المتوفی ۸۷۹ھ اور حافظ برہان الدین ابراہیم بن عمر بقاعی شافعی المتوفی ۸۸۵ھ کی مجلس میں بھی جاتے تھے اہل علم کی مجلس میں مسائل علمیہ پر گفتگو ہوتی ہے جس سے اہل علم کے جوہر کھلتے ہیں اور

---

(۱) ملاحظہ ہو زاد المسیر بحوالہ التنبیہ والایقاظ لما فی ذیول تذکرۃ الحفاظ از شیخ احمد رافع حسینی قاسمی طبع دمشق ۱۳۴۸ھ ص ۱۶۵

ایک کو دوسرے سے افادہ و استفادہ کا موقعہ ملتا ہے' بظاہر ایسا معلوم ہوتا ہے کہ انہی علمی مجلسوں میں علامہ موصوف نے ان سے کچھ استفادہ کیا ہوگا اور اسی قسم کی علمی مجلسوں میں گفتگو سے حافظ سخاوی ان کے علم و فضل کے قائل ہوئے اور علامہ سیوطی ان کے فضل و کمال کے معترف ہوئے اور ان کی تعریف میں قصیدے تک لکھے- ان کی اس حق پسندی کا حافظ سخاوی کو بھی اعتراف ہے چنانچہ علامہ سیوطی کے والد شیخ ابوبکر سیوطی کے تذکرہ میں رقم طراز ہیں-

وهو والد الفاضل جلال الدين عبدالرحمن احد من اكثر من التردد علي و مدحني نظما و نثراً نفع الله به(۱)

(یہ ابوبکر) فاضل جلال الدین عبدالرحمٰن کے والد ہیں' جلال الدین ان لوگوں میں سے ہیں جن کی میرے پاس بہت آمد و رفت رہی ہے انہوں نے نظم و نثر میں میری تعریف کی ہے اللہ تعالیٰ ان کے علوم سے نفع پہنچائے-

اسی استفادہ کو تلمذ سمجھا گیا' حالانکہ اس قسم کے علمی استفادہ کو تلمذ سے تعبیر نہیں کیا جاسکتا کیونکہ اس کی حقیقت اہل علم معاصرین کے باہمی افادہ و استفادہ سے زیادہ کچھ نہیں ہوتی' اس کی سب سے بڑی دلیل یہ ہے کہ نہ کسی تذکرہ نگار نے علامہ سیوطی کو حافظ سخاوی کے زمرۂ تلامذہ میں شمار کیا ہے اور نہ خود علامہ موصوف نے ان کا اپنے شیوخ میں کہیں ذکر کیا ہے' البتہ بغیۃ الوعاۃ میں ایک موقعہ پر حافظ سخاوی کے لئے صاحبنا کا لفظ استعمال کیا ہے جس سے بظاہر تلمذ کا گمان ہوتا ہے حافظ سید عبدالحیٔ کتانی' فہرس الفہارس والاثبات میں لکھتے ہیں-

---

(۱) ملاحظہ ہو التبر المسبوک' طبع بولاق مصر ۱۸۹۶ھ ص ۳۵ نیز الضوء اللامع ج ۴ ص ۶۶

ولم یاخذ عن السخاوی ولا عده من شیوخه هو ولا من وقفت علی کلامه من اصحابه بل رأیته نقل عنه مرة فی بغیة الوعاة فقال رأیت بخط صاحبنا المحدث شمس الدین السخاوی (نظر ص ۳۱۳ منها فعده من مشیخته) (۱)

نہ سیوطی نے سخاوی سے علوم کی تحصیل کی اور نہ علامہ سیوطی نے ان کو اپنے شیوخ میں شمار کیا اور نہ ان کے شاگردوں نے جن سے میں واقف ہوں ان کو سیوطی کے شیوخ میں ذکر کیا ہے' بغیتہ الوعاۃ میں ایک جگہ میں نے سیوطی کے قلم سے یہ لکھا ہوا دیکھا ہے کہ میں نے ہمارے صاحب (شیخ) محدث شمس الدین سخاوی کے قلم سے (ایسا) لکھا ہوا دیکھا ہے' ملاحظہ ہو کتاب مذکور ص ۳۱۳' اس موقعہ پر سیوطی نے ان کو اپنے شیوخ میں سے شمار کیا ہے۔

حافظ عبدالحیٔ کتانی کا صرف "صاحبنا" کے لفظ سے حافظ سخاویؒ کو علامہ سیوطی کا شیخ قرار دینا زیادہ قرین قیاس نہیں کیونکہ عربی محاورہ میں صاحبنا کا لفظ جس طرح استاد کے لئے بولا جاتا ہے اسی طرح اس کا اطلاق شاگرد' ہم درس' خواجہ تاش اور رفیق پر بھی ہوتا ہے ہمارے خیال میں یہاں اخیر معنی زیادہ موزوں اور قرین قیاس ہیں کیونکہ حافظ سخاوی کو نہ علامہ سیوطی نے اپنے شیوخ میں ذکر کیا ہے اور نہ ان کے تلامذہ نے کسی کتاب میں موصوف کو ان کا شاگرد بیان کیا ہے اس کے برعکس بغیتہ الوعاۃ میں مذکورۂ بالا اقتباس سے پیشتر علامہ سیوطی نے

---

(۱) ملاحظہ ہو فہرس الفہارس م والاثبات طبع فاس ج ۲ ص ۳۵۵

اپنے استاد شیخ احمد بن محمد شمنی حنفی المتوفی ۸۷۲ھ کے تذکرہ میں حافظ سخاوی کے لئے صاحبنا کا لفظ استعمال کیا ہے' اس پر سید عبدالحیٔ کتانی کی نظر نہیں ہے' اس میں بھی اخیر معنی زیادہ موزوں معلوم ہوتے ہیں' علامہ موصوف کے الفاظ ہیں۔

خرج له صاحبنا الشيخ شمس الدين السخاوى مشيخته حدث بها(۱)

ہمارے صاحب (رفیق) شیخ شمس الدین سخاویؒ نے موصوف کا ایک مشیخہ (فہرست شیوخ) مرتب کیا اور اس کو بروایت بیان کیا ہے۔

سیوطی اپنے اساتذہ کی نظر میں

علامہ سیوطی. اپنی محنت' ذکاوت اور کثرت مطالعہ کی وجہ سے اپنے اساتذہ و شیوخ کی نظروں میں قدر کی نگاہ سے دیکھے جاتے تھے' وہ ان کی صلاحیت و استعداد کو دیکھ کر ان کو درس و تدریس کی اجازت دیتے' ان کی تالیفات پر تقریظیں لکھ کر ان کا دل بڑھاتے' ان کی محنت کا اعتراف کرتے تھے' چنانچہ فقیہ شیخ علم الدین بلقینی المتوفی ۸۶۸ھ نے علامہ موصوف کی سب سے پہلی تالیف شرح الاستعاذہ والبسملہ پر تقریظ لکھی' جیسا کہ علامہ کا بیان ہے۔

قد الفت شرح الاستعاذة والبسلمة ووقفت عليه شيخنا علم الدين البلقينى فكتب عليه تقريظا(۲)

---

(۱) ملاحظہ ہو بغیۃ الوعاۃ ص ۱۶۳

(۲) ملاحظہ ہو حسن المحاضرہ ج ۱ ص ۱۸۹

میں نے اعوذ باللہ و بسم اللہ کی شرح لکھی، ہمارے شیخ علم الدین بلقینی نے اس کو دیکھا تو اس پر تقریظ لکھی۔

علامہ سیوطی شیخ تقی الدین شمنی کے تذکرہ میں لکھتے ہیں۔

شیخنا الامام العلامه تقی الدین الشمنی الحنفی – کتب لی تقریظا علی شرح الفیة ابن مالك و علی الجمع الجوامع في العربیة تالیفی و شهدلی غیر مرة بالتقدم فی العلوم بلسانه وبنانه (۱)

ہمارے شیخ امام علامہ تقی الدین شمنی حنفی نے میری تالیف شرح الفیہ ابن مالک اور جمع الجوامع پر جو علم نحو میں ہیں تقریظ لکھی اور بارہا علوم میں میری قابلیت اور برتری کی زبان و قلم سے تعریف کی ہے۔

شیخ محی الدین کافیجی کے تذکرہ میں رقم طراز ہیں۔

کتب لی اجازة عظیمة (۲)

انہوں نے میرے لئے نہایت شاندار اجازت نامہ لکھا تھا۔

اور شیخ عبد القادر انصاری مالکیؒ کے تذکرہ میں تحریر فرماتے ہیں۔

کتب علی شرحی الذی علی الالفیة تقریظاً بلیغًا (۳)

انہوں نے میری شرح الفیہ پر نہایت فصیح و بلیغ تقریظ لکھی تھی۔

ان اقتباسات سے ظاہر ہوتا ہے کہ علامہ سیوطی کو اپنے اساتذہ سے

---

(۱) ایضاح البغیۃ الوعاۃ ص ۱۶۴

(۲) ملاحظہ ہو حسن المحاضرہ ج ۱ ص ۱۸۹

(۳) ملاحظہ ہو بغیۃ الوعاۃ ص ۳۱۰

اور ان کو اپنے ہونہار اور لائق شاگرد سے خاص تعلق تھا' علامہ کافیجی' علامہ سیوطی کے والد شیخ ابوبکر کے دوستوں میں سے تھے اس تعلق سے علامہ موصوف سے بھی بڑی محبت کرتے تھے اور یہ بھی ان کو باپ کی جگہ سمجھتے تھے' علامہ کافیجی علوم و فنون کے بحر ناپیدا کنار تھے' علامہ سیوطی بااین ہمہ وسعت نظر اور کثرت مطالعہ ان کے علم و فضل کے بہت قائل تھے چنانچہ تحصیل علوم کے بعد بھی شیخ کافیجی کی خدمت میں حاضر ہوتے اور ان سے اکتساب فیض کرتے تھے استفادہ علمی کا یہ سلسلہ کم و بیش چودہ برس تک قائم رہا' علامہ کافیجی کی وسعت نظر اور علامہ سیوطی کے ذوق طلب اور علم سے شغف کا اندازہ حسب ذیل واقعہ سے ہو سکتا ہے' موصوف کا بیان ہے۔

لزمته اربع عشرة سنة فما جئته من مرة الا و سمعت منه من التحقيقات والعجائب مالم اسمعه قبل ذلك قال لي يوماً اعرب زيد قائم فقلت قد صرنا في مقام الصغار و نسأل عن هذا فقال لي في زيد قائم مائة و ثلاثة عشر بحثا فقلت لا اقوم من هذا المجلس حتى استفيدها فاخرج تذكرته فكتبتها منها وما كنت اعدّ الشيخ الا والدا بعد والدي لكثرة ماله علي من الشفقة والإ فادة وكان يذكر ان بينه و بين والدي صداقة تامة (۱)

---

(۱) ملاحظہ ہو بغیۃ الوعاۃ ص ۴۸ اور البدر الطالع بمحاسن من بعد القرن السابع از محمد علی شوکانی طبع قاہرہ ۱۳۴۸ھ ج ۲ ص ۱۷۲ و ۱۷۳ علامہ سیوطی نے یہ معرکۃ الآرا بحث کتاب الاشباہ والنظائر جلد چہارم کے آخر میں نقل کی ہے جو حیدرآباد دکن سے شائع ہو گئی ہے۔

میں چودہ برس ان کے ساتھ رہا جب کبھی ان کی خدمت میں حاضر ہوا عجیب و غریب تحقیقات سننے میں آتیں جو اس سے پہلے کبھی نہیں سنی تھیں ایک روز انہوں نے مجھ سے فرمایا زیدؒ قائم کے وجوہ اعراب بیان کرو میں نے عرض کی۔ ہم چھوٹے ہیں ہم سے اس کے متعلق پوچھا جاتا ہے انہوں نے فرمایا زید قائم میں ایک سو تیرہ بحثیں ہیں، میں نے عرض کیا میں جب تک ان کو معلوم نہ کرلوں گا اس جگہ سے نہیں اٹھوں گا تب انہوں نے اپنی یادداشت (نوٹ بک) نکالی اور میں نے ان بحثوں کو نقل کرلیا ان کی غیر معمولی شفقت و فیضان علمی کے باعث میں ان کو اپنے باپ کی جگہ سمجھتا تھا وہ فرماتے تھے ان میں اور میرے والد میں گہری دوستی تھی۔

لیکن اس احترام و عقیدت کے باوجود اگر علامہ سیوطی کو ان کی تالیفات میں کہیں کوئی غلطی نظر آجاتی تو بلا تکلف ان سے عرض کر دیتے تھے۔

چنانچہ معاذ بن مسلم الہراء المتوفی ۱۸۷ھ کے تذکرہ میں لکھتے ہیں۔

قلت من هنا لمحت ان اول من وضع التصريف معاذ هذا وقد وقع في شرح القواعد لشيخنا الكافيجي اول من وضعه معاذ بن جبل وهو خطاء بلا شك وقد سألته عنه فلم يجبني بشئي (۱)

یہاں سے یہ بات ظاہر ہوگئی کہ علم صرف کا مدون اول معاذ بن مسلم ہے ہمارے شیخ علامہ کافیجی نے شرح القواعد میں لکھا ہے کہ اس کے واضع اول حضرت معاذ بن جبلؓ ہیں جو یقیناً غلط ہے، میں نے اس کے متعلق ان سے سوال بھی کیا مگر انہوں نے کوئی جواب نہیں دیا۔

---

(۱) ملاحظہ ہو بغیۃ الوعاۃ ص ۲۹۳

علامہ شمنی کی محبت و شفقت بھی ان پر کچھ کم نہ تھی، فرماتے ہیں۔

لم یزل اطال الله عمره یودنی و یحبنی و یعظمنی ویثنی علی کثیرا(۱)

اللہ تعالیٰ شیخ کی عمر دراز کرے وہ مجھ پر مہربان ہیں مجھ سے محبت کرتے ہیں، میری عزت اور میری تعریف کرتے ہیں۔

علامہ سیوطی نے ان سے جس طرح افادہ کیا ہے اس کے متعلق ان کا بیان پڑھنے کے لائق ہے، فرماتے ہیں۔

لزمت فی الحدیث والعربیة شیخنا الامام العلامة تقی الدین . فواظبته اربع سنین . ولم انفك عن الشیخ الی ان مات(۲)

میں نے عربیت اور حدیث کی تحصیل اپنے شیخ امام و علامہ تقی الدین سے کی۔ میں چار برس تک ان کے ساتھ اس طرح رہا ہوں کہ ان کے انتقال کے وقت تک ان سے جدا نہیں ہوا۔

علامہ شمنی بھی علامہ سیوطی کی قدر کرتے اور ان کی رائے پر اعتماد کرتے تھے، اس کا اندازہ حسب ذیل واقعہ سے ہو سکتا ہے، موصوف کا بیان ہے۔

"ایک مرتبہ میں نے اپنے استاد علامہ تقی الدین شمنی حنفی کی کتاب شرح الشفا کا مطالعہ کیا تو اس میں حدیث ابن المعراء کو جو اسراء کے متعلق ہے ابن ماجہ کے حوالہ سے منقول پایا، مجھے اس کی سند درکار تھی

---

(۱) بغیۃ الوعاۃ ص ۱۶۵

(۲) حسن المحاضرہ ج ۱ ص ۱۸۹

میں نے اس کو ابن ماجہ میں تلاش کیا مگر نہ ملی پھر ابن ماجہ کو پورا پڑھا مگر حدیث نظر نہ آئی میں نے اس کو اپنی نظر کی غلطی سمجھا اور اس کو پھر پڑھا' مگر پھر نہ ملی آخر وہ معجم ابن قانع میں ملی' میں نے شیخ شمنی کی خدمت میں حاضر ہو کر یہ واقعہ عرض کیا' انہوں نے میرے بیان پر اعتماد کرتے ہوئے اپنے نسخہ سے اسی وقت ابن ماجہ کے الفاظ قلمزد کر دیئے اور حاشیہ میں ابن قانع کا حوالہ دے دیا۔"(۱)

علامہ سیوطی کا بیان ہے کہ اس واقعہ سے شیخ موصوف کی قدر و منزلت میری نظر میں اور بڑھ گئی اور میرا نفس میری نگاہ میں حقیر ہو گیا میں نے شیخ شمنی سے عرض کی کہ آپ اتنی عجلت نہ فرمائیں مراجعت کر لیں انہوں نے فرمایا میں نے ابن ماجہ کے حوالہ میں شیخ برہان الدین حلبی کی تقلید کی تھی(۲)

علامہ سیوطی نے ان کی مدح میں اپنا ایک نہایت عمدہ قصیدہ بغیتہ الوعاۃ میں نقل کیا ہے جو ان کے باہمی تعلقات کا آئینہ دار ہے۔

علامہ سیوطی کے ساتھ شیخ عبدالقادر مکی کی محبت و شفقت کا بھی یہی عالم تھا علامہ سیوطی جب حج کے لئے مکہ معظمہ گئے تو انہی کے یہاں اترے انہوں نے ان کی بڑی خاطر مدارت کی جتنے عرصہ تک مکہ معظمہ میں علامہ سیوطی کا قیام رہا موصوف کے پاس رہے اور کہیں کا رخ نہیں کیا' علامہ موصوف کا بیان ہے

---

(۱) ایضاً واضح رہے کہ یہاں ابن قانع میں تصحیف ہو کر ابن ماجہ بن گیا تھا۔

(۲) بغیتہ الوعاۃ ص ۳۱۰۔

ولم یضفنی فی مکة احد غیرہ ولم اتر ددفیها الیٰ غیرہ ولم اجالس بها سواہ .

مکہ معظمہ میں ان کے سوا کسی نے میری ضیافت نہیں کی اور نہ میں نے ان کے علاوہ کسی کے یہاں آمدورفت رکھی اور نہ ان کے سوا کسی کے پاس بیٹھا اٹھا۔

علامہ سیوطی کی یہ بڑی خوش قسمتی تھی کہ انہیں ابتدا ہی سے ایسے صاحب کمال اور مشفق اساتذہ ملے جن کی تعلیم وتربیت نے ان کے علمی ذوق کو ابھارا' نکھارا' اور علم کو ان کا مشغلہ زندگی بنایا' علامہ موصوف کو اپنی اس خوش بختی پر خود بھی فخر تھا اپنے حاسدوں پر تعریض کرتے ہوئے کتاب الاشباہ والنظائر میں لکھتے ہیں۔

کیف یقاس من نشاء فی حجر العلم مذکان فی مهده ودأب فیه غلاماً و شاباً وکهلا حتی وصل إلی قصده لدخیلِ أقام سنوات فی لهو ولعب' وقطع او قا تا یحترف فیها و یکتسب' ثم لاحت منه التفاته إلی العلم فنظر فیه وما احتکم و قنع منه بتحلة القسم 'ورضی ان یقال عالم و ما التسم.

لڑکپن ہی سے جو علم کی گود میں پلا ہو اور اس میں لڑکپن 'جوانی اور کہولت 'ادھیڑ عمر میں کوشاں رہ کر اپنی مراد کو پہنچا ہو اس کو ایسے نووارد علم پر کیسے قیاس کیا جاسکتا ہے جو برسوں کھیل کود میں لگا رہا اور اپنے اوقات عزیز کو پیشہ وحرفت اور روزی کمانے میں صرف کرنے کے بعد اس نے علم کی طرف توجہ کی اس لئے اس میں پختگی نہ آئی اور

قسم کھانے کے لئے اس پر قانع رہا اور محض اس بات پر خوش ہو گیا کہ اس کو عالم کہا جائے حالانکہ علم کا کوئی اثر اس میں ظاہر نہیں ہوا۔

انا ابن دارة (۱) معروفا بها نسبی ☆ وهل بدارة یا للناس من عار!

میں دارہ کا بیٹا ہوں اس سے میرا نسب مشہور و معروف ہے اور کیا چاند کے ہالہ میں اے لوگو! کوئی عار و عیب ہے۔

حج اور دعا

علامہ سیوطیؒ نے ۸۶۹ھ میں جب کاروان عمر انیسویں منزل طے کر رہا تھا فریضہ حج ادا کیا اور جس وقت آب زمزم پیا تو یہ دعا کی۔

بار الہا! فقہ میں مجھے سراج الدین بلقینی اور حدیث میں حافظ ابن حجر عسقلانی کا رتبہ عطا فرما!

بارگاہ الٰہی میں ان کی یہ دعا قبول ہوئی اور ان کا شمار اس دور کے حفاظ حدیث اور بلند پایہ فقہاء میں ہوا تاریخ شاہد ہے کہ ان کی ذات سے مسلمانوں کو ایسا ہی فیض پہنچا ہے جیسا علامہ بلقینی اور حافظ ابن حجر عسقلانی سے پہنچا تھا' حافظ محمد طولون کا بیان ہے۔

---

(۱) ابن دارہ۔ نام سالم ہے دارہ اس کی ماں کا لقب ہے یہ ہجو گو شاعر تھا اس نے دور جاہلی اور اسلامی دونوں پائے ہیں اس لئے اس کا شمار مخضرمین میں کیا جاتا ہے (دیکھو خزانۃ الادب ولب لباب' لسان العرب تالیف عبدالقادر بن عمر البغدادی۔ تحقیق عبدالسلام محمد ہارون' مصر' مکتبۃ الخانجی ۱۴۰۱ھ ص ۱۴۵ ج ۳۔

وھو من بورك فی علمه مع شدة الدین .

یہ بزرگ ہیں جن کے علم میں اللہ نے برکت عطا فرمائی' حالانکہ دینی امور میں یہ بڑے متشدد اور سخت تھے۔(۱)

قیام مکہ

جیسا کہ اوپر گزر چکا ہے کہ مکہ معظّمہ میں موصوف کا قیام شیخ عبدالقادر مکی کے یہاں رہا' حالانکہ ان کو گود میں کھلانے والے ان کے والد کے نامور شاگرد برہان الدین ابراہیم ابن ظہیرہ المتوفی ۸۹۱ھ مکہ معظّمہ کے قاضی تھے' اور ان کو بڑا جاہ و منصب حاصل تھا مگر مصاحبوں نے ان کو خوشامد پسند بنادیا تھا' وہ سیوطی سے بھی اس کے خواہش مند تھے خوشامد علامہ سیوطی کے مزاج کے خلاف تھی' اسی لئے انہوں نے ان کے یہاں قیام پسند نہیں کیا۔

سلوک و تصوف کی تحصیل اور بیت اللہ میں اجازت و خلافت سے سرفرازی۔

علامہ جلال الدین سیوطی نے تصوف و سلوک کی تعلیم نامور صوفی شیخ کمال الدین محمد بن محمد مصری شافعی المعروف بابن امام کاملیہ مکہ سے حاصل کی اور انہی کے دست حق پرست سے خرقہ پہنا' اور اس طریقہ سے بھی لوگوں کی اصلاح کی اور انہیں فائدہ پہنچایا اور انہیں اجازت و خرقہ سے سرفراز کیا۔

---

(۱) ملاحظہ ہو مفاکہۃ الخلان فی حوادث الزمان طبع قاہرہ ۱۹۶۲ء

موصوف نے اپنے سلوک کی داستان "لبس خرقۃ التصوف و تلقین الذکر والصحبۃ ص ۳۱-۳۶ میں ان الفاظ میں زیب قرطاس کی ہے۔

لبست الخرقة المباركة من يد الشيخ الإمام العالم الصالح الورع الزاهد كمال الدين محمد بن محمد بن عبدالرحمن المصرى الشافعي الصوفي المعروف بابن امام الكاملية بمكة المشرفه تجاه الكعبة المعظمة في شوال سنة تسع و تسعين و ثما نمائة باشارته بذلك – واما تلقين الذكر فتلقيت من الشيخ كمال الدين ابن امام الكاملية بالمسجد الحرام–

اخرها : قال الشيخ عبدالقادر المؤذن : نقلته من نسخة الشيخ الصالح الفاضل المفيد المبارك جرا مرد الناصرى الحنفي من الاشرفية التى هي بخط يده، وقرأها على سيدنا و مولانا صاحب السند العالي المشار اليه رحمه الله، و شرفه عليها بخطه الكريم بالاجازة وألبسه الخرقة المباركة و لقّنه الذكر الشريف واذن له أن تلبس و يلقن من شاء ، وكذا تفضّل شيخنا رضى الله عنه على كاتبها الفقير إلى الله تعالى عبد القادر بن محمد بن احمد الشاذلي المالكي المؤذن غفر الله له ولوالديه ولا خوته ولذ رّيته ولمشايخه ولمن له عليهم حق وللمسلمين والبسه الخرقة، ولقنه الذكر، ولمن حضر معنا من طلبة الشيخ عبداللطيف العجمي، وكان ذلك في يوم مبارك عظيم مشهود، وهو يوم الثلاثاء ثالث جمادى الأولىٰ عام تسع و تسعمائة، والحمد لله وسلام على عباده الذين اصطفى –

میں نے شیخ امام عالم صالح متقی زاہد کمال الدین محمد بن محمد بن عبدالرحمٰن مصری شافعی صوفی المعروف بابن امام کامایہ کے دست مبارک سے کعبۃ اللہ کے سامنے ماہ شوال ۸۹۹ھ میں خرقہ خلافت پہنا اور ذکر کی تلقین مجھی شیخ موصوف سے مسجد حرام میں حاصل کی۔

آخر رسالہ میں شیخ عبدالقادر مؤذن کا بیان ہے کہ میں نے یہ بیان شیخ صالح فاضل فیض رساں جرامر دالناصری حنفی کے رسالہ سے جو موصوف نے علامہ جلال الدین سیوطی کے اپنے ہاتھ کے لکھے ہوئے نسخہ سے نقل کیا ہے اور وہ نسخہ موصوف نے علامہ جلال الدین کو پڑھ کر سنایا اور موصوف کے دست سے مشرف بنایا' اجازت تصوف وسلوک حاصل کی علامہ سیوطیؒ کے دست مبارک سے خرقہ پہنا اور انہی سے تلقین ذکر وغیرہ سیکھی اور انہوں نے سالکین راہ کو خلافت و خرقہ سے سرفراز کرنے کی انہیں اجازت دی اور اس طرح اجازت و خلافت سے ممتاز کیا ہمارے شیخ وسند وسید رحمتہ اللہ علیہ نے کاتب فقیر عبدالقادر بن محمد بن احمد شاذلی مالکی مؤذن کو' اللہ تعالیٰ اس کی' اس کے والدین کی' بھائیوں کی' اس کی آل اولاد کی اور اس کے مشائخ کرام کی اور ان کی جن کا اس پر حق ہے اور تمام مسلمانوں کی بخشش فرمائے آمین۔ شیخ موصوف نے اس حقیر کو خرقہ پہنایا اور ذکر کی تلقین کی اور انہیں بھی جو ہمارے ساتھ حاضر تھے اور اس کے اہل تھے طلبہ میں سے شیخ عبداللطیف عجمی کو اجازت دی یہ دن ایک مبارک عظیم اجتماع کا دن تھا اور یہ منگل کا دن تین جمادی الاولیٰ ۹۰۹ھ کا واقعہ ہے(۱)

---

(۱) رسالہ لبس الخرقہ ص ۳۱-۳۶ ماجد الذهبی' مؤلفات السیوطی المخطوطة فی دار الکتب الظاهریه ص ٦٦٤' مجله مجمع اللغته العربیه بدمشق الجزء الرابع' ربیع الآخر ١٤١٤ھ المجلد الثامن والستون.

باب دوم

درس و تدریس اور خلوت گزینی

ابن ظہیرہ کی مجلس ختم بخاری میں شرکت

انہی ایام میں اتفاق سے شیخ ابن ظہیرہ کے یہاں ختم بخاری کی مجلس منعقد ہوئی' علامہ موصوف بھی اس مبارک مجلس میں تشریف لے گئے شیخ ابن ظہیرہ نے انہیں دیکھ کر انکسار کی فضیلت اور کبر کی مذمت پر تقریر شروع کی' علامہ موصوف سمجھ گئے کہ یہ ان پر تعریض ہے' ابن ظہیرہ نے تقریر میں جو حدیثیں بیان کیں علامہ موصوف نے ان کے متعلق شیخ موصوف سے کچھ سوالات کئے شیخ باایں ہمہ علم و فضل ان کا معقول جواب نہ دے سکے اور اس سلسلہ میں انہیں علامہ موصوف سے استفادہ کا اعتراف کرنا پڑا۔(۱)

اس واقعہ سے اندازہ ہو سکتا ہے کہ نو عمری میں علامہ موصوف کو علوم و فنون میں کتنا کمال حاصل ہو گیا تھا۔

درس و تدریس

تحصیل علوم کے بعد شوال ۸۷۰ھ میں علامہ سیوطی نے اس دولت کو وقف عام کرنے کے لئے تدریس کا اور ۸۷۱ھ میں افتاء کا شغل اختیار کیا' ملک کی مشہور درسگاہوں میں تدریس کے اعلیٰ عہدوں پر ممتاز ہوئے رجب ۸۷۱ھ

---

(۱) نظم العقیان فی اعیان الاعیان' طبع نیویارک ۱۹۲۷ء ص ۲۰-۲۱

میں جامعِ شیخونیہ میں مشیختہ الحدیث کا منصب ملا- رجب ۸۷۲ھ میں جامعِ ابن طولون میں مسند درس کو زینت بخشی جس سے ان کی شہرت دور دور تک پہنچ گئی اور ہزاروں طالبان حدیث ان سے اکتساب فیض کے لئے آنے لگے(۱)

املائے حدیث

قدرت کی طرف سے علامہ سیوطی کو قوت حافظہ غیر معمولی ملا تھا- بے شمار حدیثیں انہیں زبانی یاد تھیں اس کا اندازہ اس امر سے کیا جاسکتا ہے کہ ۸۷۲ھ میں موصوف نے مرکز علم قاہرہ میں املاء کو جو قدماء کا طریقہ درس تھا از سر نو زندہ کیا' موصوف نے متقدمین کے دستور کے مطابق نماز جمعہ کے بعد جامعِ ابن طولون میں املائے حدیث کی مجلس کا آغاز کیا - موصوف پہلے زبانی حدیثیں بیان کرتے پھر ہر حدیث کے مالہ وماعلیہ پر سیر حاصل بحث کرتے شاگرد اس کو قلمبند کرتے-اس طرح سے کم وبیش اسی (۸۰) مجلسوں میں املا کرایا' پھر بیہقی کی ایک روایت کے مطابق املاء کا وقت بدل دیا اور نماز عصر کے بعد حدیثیں املاء کرانا شروع کیں' کم وبیش پچاس مجلسوں میں حدیث املاء کرائیں' مجموعی طور پر یہ سلسلہ ڈھائی سال تک قائم رہا- چنانچہ علامہ سیوطیؒ املائے حدیث کی تاریخ بیان کرتے ہوئے رقم طراز ہیں-

"تخریج املاء میں ہماری عادت یہ ہے کہ ہم موضوع بحث کو ایک کراستہ (کاپی) میں لکھتے ہیں' پھر زبانی لکھاتے ہیں' جب بحث پوری ہو جاتی ہے تو املاء کا ہماری اس اصل سے جو ہم نے لکھی تھی مقابلہ کیا جاتا ہے اور یہ سب سے اچھا طریقہ ہے- ابن صلاح کے بعد سے حافظ ابو الفضل عراقی کے آخر دور تک

---

(۱) کتاب التحدث بنعمۃ اللہ' ص ۸۸-۸۹

املاء کا طریقہ ختم ہو گیا تھا عراقی نے ۷۹۶ھ میں اس کا دوبارہ افتتاح کیا اور اپنے سال وفات ۸۰۶ھ تک چار سو دس سے اوپر مجلسوں میں املاء کرایا پھر ان کے فرزند (ولی الدین عراقی) نے زندگی بھر یہ سلسلہ جاری رکھا اور چھ سو چھبیس سے زیادہ مجلسوں میں املاء کرایا اس کے بعد شیخ الاسلام ابن حجر نے اپنے سال وفات ۸۵۲ھ تک ایک ہزار سے زیادہ مجلسوں میں املاء کرایا' پھر انیس برس تک یہ سلسلہ بند رہا اور ۸۷۲ھ میں 'میں نے اس سلسلہ کو پھر شروع کیا اور اسی (۸۰) مجلسوں میں املاء کرایا -اس کے بعد پچاس مجلسیں املاء کرائیں اور صحیحین کی حدیث کے پیش نظر جو حضرت ابو وائلؒ سے مروی ہے کہ حضرت عبداللہ بن مسعودؓ صرف جمعرات کے دن لوگوں کو نصیحت کرتے اور وعظ کہتے تھے-اس لئے مناسب یہ سمجھا گیا کہ ہفتہ میں ایک مرتبہ املاء کی مجلس منعقد کی جائے املاء کرانے والوں میں سے کسی سے وقتِ املاء اور یومِ املاء کی تعیین کے سلسلہ میں کوئی صراحت نہیں مل سکی مگر اکثر حفاظ حدیث جیسے ابن عساکر' ابن السمعانی اور خطیب جمعہ کے دن بعد نماز جمعہ املاء کراتے تھے میں نے بھی اس امر میں انہی کا اتباع کیا پھر مجھے ایک حدیث مل گئی جو بروز جمعہ بعد نماز عصر املائے حدیث کے استحباب پر دلالت کرتی ہے یہ حدیث بیہقی نے کتاب شعب الایمان میں حضرت انسؓ سے مرفوعاً روایت کی ہے کہ جس نے عصر کی نماز پڑھی پھر بیٹھ کر املا کرایا تو یہ آٹھ لولادِ اسماعیل کو آزاد کرانے سے بہتر ہے(۱)

افسوس ہے کہ بعض علماء کی مخالفت کی وجہ سے یہ سلسلہ زیادہ عرصہ تک جاری نہ رہ سکا اسی سے متاثر ہو کر موصوف نے یہ شعر کہے تھے-

---

(۱) ملاحظہ ہو تدریب الراوی طبع اول مصر ۱۳۰۷ھ ص ۱۷۶-

عاب الا ملاء للحدیث رجال قد سعوا فی الضلال سعیا حثیثا

بعض لوگوں نے املاء حدیث کو عیب قرار دیا۔انہوں نے گمراہی میں بڑی کوشش کی ہے۔

انما ینکرا لا مالی قوم لا یکادون یفقھون حدیثا (۱)

امالی کا انکار وہی قوم کرتی ہے جو بات کو نہیں سمجھ پاتی ہے۔

حافظ العصر سید انور شاہ کشمیری فیض الباری میں فرماتے ہیں :۔

ثم انقطعت بعدہ بالکلیہ (۲)

علامہ سیوطی کے بعد امالی کا سلسلہ بالکل ختم ہو گیا

یہ بات صحیح نہیں کہ علامہ سیوطی کے بعد امالی کا سلسلہ بالکلیہ ختم نہیں ہوا' بلکہ ہندوستان کے نامور عالم حافظ سید مرتضٰی بلگرامی ثم زبیدی المتوفی ۱۲۰۵ھ نے اس سلسلہ کو پھر سے زندہ کیا اور کم وبیش چار سو مجلسوں میں حدیثوں کو املاء کرایا تھا۔ حافظ عبدالحیٔ کتانی المتوفی ۱۳۸۲ھ فہرس الفہارس والاثبات میں لکھتے ہیں ۔

بھما ختم الإملاء فاحیاہ المترجم بعد مماتہ او صلت امالیہ اربع مأۃ مجلس (۳)

---

(۱) ملاحظہ ہو الکواکب السائرج ۱ص ۲۳۰

(۲) ملاحظہ ہو فیض الباری علی صحیح البخاری طبع قاہرہ ج ۲ص ۳۱۴

(۳) ملاحظہ ہو فہرس الفہارس والاثبات ج ۲ص ۱۰۴' واضح رہے کہ حافظ سید انور شاہ کشمیری کا طریقہ درس اگرچہ بطریقہ املاء نہیں تھا مگر اس طرح درس دینے میں انہیں دستگاہ کامل حاصل تھی جیسا کہ ان کی درس کی تقریروں سے عیاں ہے' اگر وہ چاہتے تو اس طریقہ درس کو سرزمین ہند میں زندہ کر سکتے تھے' مگر اس طرح استفادہ کرنے والے یہاں کہاں تھے ؟

حافظ سخاوی و سیوطی پر املاء حدیث کا سلسلہ ختم ہو چکا تھا مگر صاحب تذکرہ نے اس طریقہ کو پھر زندہ کیا ان کی امالی کی تعداد چار سو تک پہنچتی ہے۔

املائے لغت

لغت علامہ سیوطی کا خاص فن تھا اور اس فن میں ان کو امامت کا درجہ حاصل تھا انہوں نے اس فن میں بھی امالی کا سلسلہ جو عرصہ سے مردہ ہو چکا تھا دوبارہ زندہ کرنا چاہا اور املاء کی مجلس بھی منعقد کی مگر طلبہ کی بے رغبتی کو دیکھ کر پہلی ہی مجلس کے بعد اس سلسلہ کو بند کر دیا جو آج تک بند ہے کتاب المزہر میں طریقہ املاء پر بحث کرتے ہوئے فرماتے ہیں۔

ولما شرعت فی املاء الحدیث سنة اثنتین و سبعین و ثما نمائة اردت ان اجددا ملاء اللغة واحیته بعد د ثوره فامليت مجلسا واحدًا فلم اجدله حملة ولا من یرغب فیه فترکته (۱)

جب ۸۷۲ھ میں، میں نے املاء حدیث کا سلسلہ شروع کیا تو میں نے چاہا کہ املاء لغت کے طریقہ کی بھی تجدید کروں اور اس کے مردہ ہو جانے کے بعد پھر زندہ کروں چنانچہ میں نے ایک مجلس میں کچھ املاء بھی کرایا مگر اس سے استفادہ کرنے والا نہیں پایا اور اس کا طلبگار اور خواہاں نہیں دیکھا تو چار اس سلسلہ کو ترک کیا۔

افتاء میں احتیاط

علامہ سیوطی کو تفقہ کی دولت سے بھی حصہ وافر ملا تھا اور اس فن میں بھی انہیں بصیرت حاصل تھی، درس و تدریس سے قبل اکیس (۲۱) سال کی عمر میں

(۱) ملاحظہ ہو کتاب المزہر، طبع دوم، قاہرہ ج ۲ ص ۳۱۴

۸۷۱ھ سے افتاء کے فرائض انجام دینا شروع کئے مگر احتیاط کا یہ عالم تھا کہ جب تک بزعم خویش اصحاب ترجیح میں رہے' ترجیح نووی سے آگے نہیں نکلے اور جب اجتہاد کا ملکہ راسخ ہو گیا تو بھی فتوے میں شافعی مذہب سے باہر قدم نہیں رکھا' شیخ عبدالوہاب شعرانی المتوفی ۹۷۳ھ موصوف سے ناقل ہیں۔

ولما بلغت رتبة الترجيح لم اخرج فى الافتاء عن ترجيح النووى ولما بلغت الى مرتبة الاجتهاد المطلق لم اخرج فى الا فتاء عن مذهب الشافعى -

جب میں مرتبہ ترجیح کو پہنچا تو افتا میں ترجیح نووی سے آگے نہیں نکلا اور جب اجتہاد مطلق کے مرتبہ کو پہنچا تو افتاء میں مذہب شافعی سے باہر نہیں گیا۔

فن افتاء میں ان کی مہارت و وسعت نظر کا اندازہ ان کی کتاب الحاوی للفتاوی سے ہو سکتا ہے جس میں کم و بیش بیاسی رسالے ہیں جن میں فقہ' حدیث' تفسیر' اصول' تصوف' نحو اور اعراب وغیرہ سے متعلق اہم سوالات کا جواب دیا گیا ہے اور کمال یہ ہے کہ اگر سوالات منظوم آئے ہیں تو جوابات بھی نظم میں دیئے گئے ہیں۔

بایں ہمہ تبحر علمی فتوے دینے میں احتیاط و خشیت کا ایسا غلبہ رہتا تھا کہ فتویٰ دیتے وقت بارگاہ الٰہی میں حاضری کا منظر ہمیشہ ان کی نگاہ کے سامنے رہتا تھا' نواب صدیق حسن قنوجی 'اتحاف النبلاء میں طبقات شعرانی کے حوالہ سے رقم طراز ہیں۔

"واز ہر مسئلہ کہ جواب می گویم موقف خود را روز حساب و عرض آں جواب بر خود دیدہ می کنم(۱)

---

(۱) ملاحظہ ہو اتحاف النبلاء المتقین باحیاء مآثر الفقہاء والمحدثین مطبع نظامی کانپور ۱۲۸۸ھ ص ۲۹۱۔

ہر وہ مسئلہ جس کا میں جواب لکھتا ہوں قیامت کے دن بارگاہ الٰہی میں کھڑے رہنے اور اس جواب کو اپنے سامنے پیش کئے جانے کو یاد رکھتا ہوں۔

قاضی القضاۃ کے عہدہ پر انتخاب

۹۰۲ھ میں سلطان عبدالعزیز نے علامہ سیوطی کو قاضی القضاء کا عہدہ سپرد کیا یوں تو قاضی القضاۃ کا عہدہ ہر حکومت میں تھا لیکن ایک مملکت میں کئی قاضی القضاۃ ہوتے تھے پوری مملکت کے قاضی القضاۃ کا عہدہ تاریخ میں صرف دو شخصیتوں کو ملا دولۃ بنی ایوب میں قاضی تاج الدین ابن الاعز کو ملا اور عباسیہ مصر کے زمانہ میں علامہ سیوطی کو' اس میں قاضی موصوف کے سوا علامہ سیوطی کا کوئی ہمسر نہیں' علامہ موصوف منصف مزاج' انتظام میں سخت گیر تھے اس لئے جب ان کو یہ عہدہ سپرد ہوا تو پورا ملک حرکت میں آگیا اور ان کا اثر اتنا بڑھ گیا کہ خلیفہ کو اپنے مصالح کی بناء پر ان کو اس عہدہ سے معزول کرنا پڑا' ان کے تلمیذ خاص مصر کے نامور مورخ ابن ایاس حنفی المتوفی ۹۳۰ھ کا بیان ہے۔

و فیه من الحوادث' ان الخلیفة المتوکل علی الله عبدالعزیز عهد للشیخ جلال الدین الا سیوطی بوظیفة لم یسمع بمثلها قط' وهوانه جعله علی جمیع القضاة قاضیاً کبیراً یو لی منهم من یشاء و یعزل منهم من یشاء مطلقاً فی سائر ممالك الا سلام و هذه الوظیفة لم یلقها سوی القاضی تاج الدین ابن بنت الاعز فی دولة بنی ایوب فلما بلغ القضاة ذلك شق علیهم و استخفط عقل الخلیفة فی ذالك وقالوا لیس للخلیفة مع وجود السلطان حل ولا ربط ولا ولایة ولا عزل ولکن الخلیفة استخف بالسلطان لکونه صغیرا فلما قامت الدائرة

والا لسنة على الخليفة رجع عن ذالك وقال ايش انا الشيخ جلال الدين هو الذى حسن لى ذالك وقال لى هذه كانت وظيفة قديمة وكان الخلفاء يولو نها من يختارونه من العلماء ثم اشهد و اعلى الخليفة بالرجوع عن ذالك و بعث اخذ العهد الذى كتبه للشيخ جلال الدين الاسيوطى وكادت ان تكون فتنة كبيرة ذالك ووقعت امور يطول شرحها ثم سكن الحال بعده مدة (۱)

۹۰۲ھ کے واقعات میں سے یہ واقعہ بھی ہے کہ خلیفہ متوکل علی اللہ عبدالعزیز نے شیخ جلال الدین سیوطی کو ایک ایسے منصب پر مامور کر دیا جس کے متعلق پہلے سے سنا بھی نہیں گیا تھا اس نے تمام قاضیوں پر ان کو قاضی بنایا اور ان سب کے عزل و نصب کا پورا پورا اختیار ان کو دیا یہ ایک ایسا عہدہ تھا جو دولت بنی ایوب میں سوائے قاضی تاج الدین(۲) ابن الاعز کے کسی کو نہیں ملا تھا جب

---

(۱) ملاحظہ ہو بدائع الزہور فی وقائع الدہور طبع بولاق مصر جزء ۲ ص ۳۰۷

(۲) فقیہ تاج الدین ابو محمد عبدالوہاب بن خلف العلامی الشافعی المعروف بابن بنت الاعز المتوفی ۹۶۵ھ کے مرتبہ و مقام کا اندازہ حافظ ابن کثیر المتوفی ۷۷۴ھ کے حسب ذیل بیان سے ہو سکتا ہے۔ وہ لکھتے ہیں

كان دينا عفيفًا نزها لاتاخذه فى الله لومة لائم ولا يقبل شفاعة احد و جمع له قضاء الديار المصرية بكما لها والخطابة والحسبة و مشيخة الشيوخ و نظر الاحباش' و تدريس الشافعى' والصلاحية وامامة الجامع وكان بيده خمسة عشرة وظيفة و باشر الوزارة فى بعض الاوقات وكان السلطان يعظمه والوزير ابن حنا يخاف منه كثيراً (البدايه والنهاية ج ۳ ص ۲۴۹)

وہ دیندار' پاکباز اور پرہیزگار تھے اللہ کے معاملہ میں کسی ملامت گر کی ملامت کی پروا نہیں کرتے اور نہ کسی کی سفارش قبول کرتے تھے پورے دیار مصر کی قضاء' خطابت' احتساب' مشیخۃ الشیوخ' لشکر کی نگرانی' مدرسہ شافعیہ صلاحیہ میں درس و تدریس کی خدمات اور امامت جامع وغیرہ کے سارے منصب ان کو حاصل تھے۔ بیک وقت پندرہ (۱۵) منصب ان کے پاس تھے بعض اوقات وزارت عظمیٰ کے فرائض بھی انجام دیئے' بادشاہ بھی ان کی تعظیم کرتا تھا اور وزیر ابن حنا بھی ان سے ڈرتا تھا۔

یہ خبر قاضیوں کو پہنچی تو ان پر بڑی گراں گزری اور انہوں نے اس معاملہ میں خلیفہ کو ناسمجھ ٹھہرایا اور کہا کہ خلیفہ کو اقتدار کے باوجود حل وعقد اور عزل ونصب کا اختیار نہیں رہا' خلیفہ کم عمر ہے اس لئے اس کو اقتدار کی قدر و قیمت معلوم نہیں' جب خلیفہ کے خلاف شورش برپا ہوئی اور زبان طعن دراز ہوئی تو اس کو اپنے فیصلہ سے رجوع کرنا پڑا' خلیفہ نے کہا' میرا اس میں کیا ہے شیخ جلال الدین ہی نے مجھ سے اس عہدہ کی تحسین کی تھی اور کہا تھا کہ یہ قدیم عہدہ ہے علماء میں سے جس کو چاہتے ہیں خلفاء اس عہدہ پر مامور کرتے تھے' پھر لوگوں نے خلیفہ کے اس سے رجوع کرنے کی شہادت دی اور اس عہد نامہ کو جو اس نے شیخ جلال الدین اسیوطی کو لکھ کر دیا تھا واپس منگایا' ورنہ قریب تھا کہ بہت بڑا فتنہ پیدا ہو جاتا اس سلسلہ میں اور بہت سی باتیں ہوئیں جن کا ذکر موجب طوالت ہے اور ایک مدت کے بعد حالات پر سکون ہوئے۔

خانقاہ بیبرسیہ میں مشیخۃ التصوف کے منصب پر تقرر

۸۹۱ھ میں شیخ جلال الدین بکری کی وفات کے بعد خانقاہ بیبرسیہ میں مشیخۃ التصوف کے منصب پر علامہ سیوطی کا تقرر عمل میں آیا اس خانقاہ میں انہوں نے کم وبیش تیرہ برس صدارت کے فرائض انجام دیئے رجب ۹۰۳ھ میں بعض ناگزیر اسباب کی بناء پر (جن کی تفصیل آگے آرہی ہے) اس خانقاہ کی اصلاح کا بیڑا اٹھایا اور وظیفہ خور صوفیہ کی دارو گیر شروع کی بعض غیر مستحق صوفیہ کا وظیفہ بند کر کے ان کی جگہ دوسروں کا تقرر کیا انہوں نے اس اقدام کو سیوطی کے مخل پر محمول کیا اور اپنے حقوق میں دخل اندازی سمجھا جو سراسر غلط تھا اس لئے کہ مخل اس وقت ہوتا جب علامہ سیوطی ان کی جگہ پر دوسروں کا تقرر نہ

کرتے' انہوں نے ایسا نہیں کیا بلکہ ان کی جگہ پر مستحق طلبہ کا تقرر کیا اور صوفیہ کو ان کا حق غصب کرنے سے روکا' مستحق طلبہ کو ان کا حق دلوایا اور اس جرم میں صوفیہ علامہ کی عزت و آبرو کے درپے ہو گئے اور ان کے جانی دشمن بن گئے' انہوں نے ان کو وضوٗ کے سقاوے میں اٹھا کر پھینک دیا' مورخ ابن ایاس مصری کا بیان ہے۔

فیه من الحوادث ان الصوفیة الذی بالخانقاه البیبرسیة ثاروا علی شیخهم جلال الدین الاسیوطی و کادوا ان یقتلوه ثم حملوه اثوابه ورموه فی السقیة جری بسبب ذالك امور یطول شرحها (۱)

۹۰۳ھ کے واقعات میں ایک واقعہ یہ بھی ہے کہ خانقاہ بیبرسیہ میں جو صوفیہ قیام پذیر تھے وہ شیخ جلال الدین سیوطی پر ٹوٹ پڑے اور قریب تھا کہ وہ ان کو قتل کرتے' انہوں نے ان کو کپڑوں سمیت وضو کرنے کے سقاوے میں پھینک دیا اس کی وجہ سے بہت سے واقعات پیش آئے جن کا ذکر موجب طوالت ہے۔

شیخ عبدالوہاب شعرانی نے لواقح الانوار القدسیہ میں ان اسباب کی بھی نشاندہی کی ہے جن کی بناء پر علامہ سیوطی کو صوفیہ کا وظیفہ بند کرنا پڑا' اور یہی وہ اسباب تھے جن کی بناء پر خانقاہ بیبرسیہ کی اصلاح کا بیڑا اٹھانا پڑا تھا۔ علامہ شعرانی فرماتے ہیں :-

لما تولیٰ الشیاخة علی الخانقاه البیبرسیة ' فانهم لا یحضرون لا بانفسهم ولا بنائبهم ولهم عبید و بغال و سراری واموال فقال : شرط الواقف

---

(۱) ملاحظہ ہو بدائع الزہور فی وقائع الدہور ج ۲ ص ۳۳۹

ان الخبز والجوامك انما هی للفقراء المحتاجین الذین اجتمعت فیهم شروط الصوفیة المذکورة فی رسالة القشیری وغیرها فتجمعوا علی الشیخ و ضربوه و رموه فی المیضاة بثیابه فعزل نفسه و حلف ان لا یسکن مصرما عاش فاتام فی روضة مقیاس النیل حتی مات (۱)

علامہ سیوطی جب خانقاہ بیبرسیہ میں مشیختہ التصوف کے عہدہ پر ممتاز ہوئے توانہوں نے وظیفہ خور صوفیہ کو نیکی اور خیر خواہی کا حکم دیا کیونکہ نہ وہ خود خانقاہ میں آتے تھے اور نہ ان کے نائب حالانکہ ان کے پاس غلام اور لونڈیاں تھیں اور وہ سواریاں بھی رکھتے تھے ان کے پاس مال و دولت بھی تھا اس لئے سیوطی نے ان سے کہا کہ واقف کی شرط یہ ہے کہ روٹی اور کپڑا صرف حاجت مندوں فقیروں کے لئے ہے' اور اس کے وہی صوفیہ مستحق ہیں جن میں وہ شرطیں پائی جاتی ہیں جو رسالہ قشیریہ وغیرہ میں مذکور ہیں- اس پر ناراض ہو کر سب شیخ سیوطی پر ٹوٹ پڑے اور ان کو کپڑوں سمیت وضو کی جگہ پر اٹھا پھینکا اس کے بعد علامہ نے اس سے کنارہ کشی اختیار کرلی (۲) اور قسم کھالی کہ جب تک زندہ رہیں گے مصر میں (خانقاہ بیبرسیہ میں) نہیں رہیں گے چنانچہ مرتے دم تک روضہ مقیاس نیل میں سکونت پذیر رہے-

ان صوفیہ کا جذبہ انتقام اس سے بھی ٹھنڈا نہ ہوا اور وہ برابر ضرر رسانی کے درپے رہے جب کوئی تدبیر کارگر نہ ہوئی تو انہوں نے اس گستاخی اور سوء

---

(۱) لواقح الانوار القدسیہ فی بیان العہود المحمدیہ مطبعہ مصطفیٰ البابی الحلبی قاہرہ ۱۹۶۱ء ص ۴۱۷

(۲) یعنی موصوف نے خانقاہ بیبرسیہ میں صرف رہائش ترک کی تھی فرائض منصبی ۹۰۶ھ تک انجام دیتے رہے ہیں-

ادبی کی معافی مانگی اور آئندہ کے لئے ان افعال سے توبہ کی' علامہ سیوطی نے انہیں معاف کیا' انہوں نے تحصیل علم کے بہانے موصوف سے تعلقات استوار کئے' اس کے بعد کچھ اور لوگ علامہ موصوف کے درپے آزار ہوئے' اس وقت وہ صوفیہ جو علامہ کی محبت و عقیدت کا دم بھرتے تھے ان کی نصرت و حمایت کو کھڑے ہو گئے علامہ موصوف ان کے اس جذبہ ہمدردی سے بہت متاثر ہوئے ان کے بعض عقیدت مندوں نے ان سے عرض کیا کہ آپ ارباب کشف میں ہیں خلیفہ وقت کے متعلق کوئی ایسی خبر دیجئے کہ وہ لوگ جو ہماری طرح آپ کی بد گوئی اور مخالفت میں مبتلا ہیں اس خبر کی صداقت کو دیکھ کر اپنی حرکتوں سے توبہ کریں' علامہ کچھ دیر سر افگندہ رہ کر فرمانے لگے خلیفہ وقت جان بلاط کی فلاں مہینے کی فلاں تاریخ کو گردن ماری جائے گی اس کے بعد فلاں حاکم خلیفہ ہوگا ان لوگوں نے عرض کیا یہ پیشین گوئی تحریر فرمائیں تاکہ لوگوں کو انکار کی گنجائش نہ رہے ان کی درخواست پر انہوں نے لکھ دیا انہوں نے یہ تحریر سلطان وقت کے حضور میں لیجا کر پیش کی' ملک جان بلاط نے اس کو پڑھتے ہی علامہ موصوف کی گرفتاری کا حکم دیدیا اس طرح صوفیہ نے علامہ سیوطی کو سخت ترین آزمائش میں ڈالا' لیکن ان کی زبان سے نکلے ہوئے الفاظ کی اللہ تعالیٰ نے لاج رکھی' ورنہ ان نام نہاد صوفیوں نے اس موقع پر ان کی ہلاکت میں کوئی کسر نہ چھوڑی تھی- ان کی یہ پر فریب داستان بھی شیخ عبدالوہاب شعرانی کی زبانی سنیئے' وہ فرماتے ہیں :-

"جس شخص نے مجھ کو مذکورہ بالا واقعہ کی خبر دی تھی اسی کا بیان ہے کہ جب ہم ہر طرح علامہ سیوطی کو تکلیف پہنچانے سے عاجز ہو گئے تو تقریباً دس

آدمی ان کی خدمت میں پہنچے اور عرض کی کہ آپ فرض کیجئے ہم کافر تھے اور اب مسلمان ہوئے ہم نے استخارہ کیا ہے' ہم آپ سے کچھ پڑھنا چاہتے ہیں شاید ہمارے لئے کچھ خیر کا باعث ہو اور ہماری اصلاح ہو جائے ہم ان سے تقریباً ایک سال پڑھتے رہے اور وہ ہم سے احتیاط کرتے رہے ایک سال کے بعد بعض لوگوں نے ان کو اذیت پہنچائی تو ہم ان کی حمایت کو کھڑے ہو گئے اور ہم نے شیخ موصوف سے غیر معمولی محبت و عقیدت کا اظہار کیا اس سے ان کا میلان ہماری طرف ہو گیا ہم نے ان سے عرض کی سیدی! آپ بحمداللہ ارباب کشف میں سے ہیں ہمارا مقصد یہ ہے کہ آپ ہمیں والیان امور کے واقعات میں سے کسی واقعہ کی خبر دیجئے تاکہ وہ صحیح ثابت ہو جائے تو ہم ان کو بتا سکیں جن کو اس حقیقت کے تسلیم کرنے سے انکار ہے' اور وہ بھی توبہ کریں جیسے ہم نے توبہ کی ہے' اور یہ ان کے حق میں بہتر ہو گا' شیخ موصوف کچھ دیر خاموش رہ کر فرمانے لگے سلطان جان بلاط کی اتوار کے دن ۱۷ جمادی الاولیٰ[1] (جمادی الاخری) کو گردن اڑا دی جائے گی"

اور اس کے بعد فلاں حاکم بادشاہ بنے گا انہوں نے اس واقعہ کے متعلق علامہ کی تحریر بھی حاصل کی' اسے سلطان جان بلاط کے حضور میں پیش کی' اور اس خبر کو مصر میں پوری شہرت دی اس سے مملکت میں شور مچ گیا سلطان جان بلاط نے حکم دیا کہ شیخ کو میرے سامنے پیش کیا جائے

---

(۱) واضح رہے کہ یہاں جمادی الاولیٰ کتابت یا طباعت کی غلطی ہے صحیح جمادی الاخری ہے مورخ مصر شیخ محمد ابن ایاس حنفی نے بدائع الزہور ج ۲ ص ۳۸۶ میں بصراحت لکھا ہے کہ ملک عادل طومانباسی کا لشکر ۱۱ جمادی الاخری ۹۰۶ میں قاہرہ میں داخل ہوا اور تقریباً سات روز کے محاصرہ کے بعد اس نے وہ قلعہ فتح کیا جس میں ملک جان بلاط پناہ گزیں تھا- اور اس کو حالت قید قتل کیا-

میں انہیں اپنے قتل سے پہلے قتل کروں گا' چنانچہ علامہ سیوطی کی تلاش شروع ہوئی مگر وہ ۷ ۴ روز تک روپوش رہے یہاں تک کہ سلطان جان بلاط کی گردن ماردی گئی' اور ایسا ہی ہوا جیسا کہ شیخ موصوف نے فرمایا تھا "(۱)

علامہ کو اس قسم کے دوست نما دشمنوں سے بڑی بڑی تکلیفیں پہنچیں مگر انہوں نے ان سے کبھی انتقام نہیں لیا اور علمائے سلف کی طرح ان تکالیف کو بڑے صبر و تحمل سے برداشت کرتے رہے۔ فرماتے ہیں۔

مجھے علم محبوب بنایا گیا ہے' اس کے ہر چھوٹے بڑے مسئلہ پر غور کرنا اور اس کے حقائق تک پہنچنا اور دقائق سے آگاہ ہونا اور اسکے اصول کا کھوج لگانا میری طبعیت ثانیہ بن گئی ہے' میرے رونگٹے رونگٹے میں علم رچ بس گیا ہے مجھے کوتاہ نظر اور جاہلوں سے بڑی تکلیف پہنچی ہے اللہ تعالیٰ کی یہ سنت علمائے سلف میں بھی جاری رہی ہے کہ وفی الطبع اور علم سے بے بہرہ لوگوں سے ان کو بڑی تکلیفیں اٹھانی پڑی ہیں۔ حضرت ابن عباسؓ نے نافع بن ازرق کے ہاتھوں جو

---

(۱) ملاحظہ ہو لواقح الانوار القدسیہ ص ۳۴۰۔ واضح رہے کہ علامہ موصوف نے اور بھی بعض پیش گوئیاں مصر اور اہل مصر کے متعلق اپنی ایک جداگانہ کتاب میں لکھی تھیں جن کی صداقت کا اعتراف اس دور کے نامور مؤرخ ابن ایاس حنفی نے بھی بدائع الزہور (ج ۳ ص ۱۴۷) میں ان الفاظ میں کیا ہے۔

وقد وقفت على كتاب تاليف الشيخ جلال الدين السيوطيؒ ذكر فيه ان في هذاالقرن يبدو الخراب في سنة ثلاث وعشرين وتسعمائة ثم يتزايد الامر الى سنة خمسين وتسعمائة فيقع فيها فساد عظيم حتى يغنى من اهل مصر نحوالنصف وقد ظهر ذلك في هذه السنة

شیخ جلال الدین سیوطی کی ایک تالیف میری نظر سے گزری ہے جس میں انہوں نے لکھا ہے کہ اس صدی ہجری میں مصر میں خون خرابہ کا سلسلہ شروع ہوگا اور یہ سلسلہ ۹۲۳ھ سے ۹۵۰ھ تک برابر بڑھتا رہے گا اور ایسی بربادی ہوگی کہ کم و بیش نصف اہل مصر اس میں ہلاک ہو جائیں گے اس کے آثار کا ظہور اسی سال سے ہو گیا ہے۔

تکلیفیں اٹھائی ہیں' ان سے حدیث و تاریخ کی کتابیں بھری ہوئی ہیں نافع بن ازرق کے حضرت ابن عباسؓ سے سوالات بسند متصل ہم نے تین کراسوں میں جمع کیئے ہیں اور اس کا بیشتر حصہ الاتقان فی علوم القرآن میں بھی نقل کیا ہے(۱) اسی وجہ سے علامہ سیوطی فرماتے تھے۔

ماکان کبیر فی عصر قط الا کان له عدومن السفلة اذ الاشراف لم تزل تبتلی بالاطراف (۲)

جس زمانہ میں بھی کوئی صاحب کمال پیدا ہو گیا پست درجہ لوگ اس کے دشمن ہو گئے اور ہمیشہ شرفاء رذیلوں کی وجہ سے آزمائش میں مبتلا رہے ہیں(۳)

علامہ کے صبر کا یہ نتیجہ نکلا کہ جن لوگوں نے علامہ کے ساتھ گستاخی کی تھی تاحیات ان کو خوشی میسر نہیں ہوئی اللہ تعالیٰ نے ان کو نمونہ عبرت بنایا شیخ عبدالوہاب شعرانی کا بیان ہے۔

"ان میں سے ایک شخص کو جو کہتا تھا کہ میں نے سیوطی کی شانہ پر کھڑاؤں ماری تھی میں نے نہایت ابتر حالت میں دیکھا افلاس کے باوجود زبان کا چٹخارہ اس پر ایسا غالب تھا کہ وہ سر راہ کھڑا رہتا اور جس کے ہاتھ میں مرغی یا بط' مٹھائی یا شہد دیکھتا' مانگتا اور اس کو گھر لیجا کر کھاتا' چھپ جاتا یہاں تک کہ لوگ اس سے عاجز آ گئے (۴)

---

(۱) ملاحظہ ہو تعریف الفقہ باجوبۃ الاسئلۃ المانۃ (الحاوی ج ۱ ص ۳۰۰) نیز سوالات نافع ابن الازرق کے لئے ملاحظہ ہو الاتقان فی علوم القرآن (اردو طبع نور محمد اصح المطابع کراچی ج ۱ ص ۳۵۶ تا ۳۹۷۔

(۲) فہرس الفہارس والاثبات ج ۱ ص ۴۱۲

(۳) واضح رہے کہ حافظ ابن حجر عسقلانی نے تصریح کی ہے کہ عہد صحابہ و تابعین ان باتوں سے پاک تھا۔

(۴) ملاحظہ ہو لواقح الانوار القدسیہ ص ۴۱۷

علامہ سیوطی کی پیشین گوئی کے مطابق جب سلطان جان بلاط کے قتل کے بعد اس کے جانشین ملک عادل طومانباسی کے زمانہ میں بھی علامہ کو روپوش رہنا پڑا کیونکہ اس کو علامہ سے دیرینہ عداوت تھی اس نے زمام اقتدار ہاتھ میں آتے ہی ان کو طلب کیا مگر وہ روپوش رہے' جب کوئی سراغ نہ لگا تو اس نے فرائض منصبی سے کوتاہی کو بہانہ بناکر علامہ موصوف کو مشیخۃ التصوف کے عہدہ سے برطرف کیا' اور خانقاہ بیبرسیہ میں شیخ یٰسین بلبیسی المتوفی ۹۰۹ھ کو ان کی جگہ مامور کیا مورخ ابن ایاس حنفی کا بیان ہے۔

فيه اختفى شيخنا جلال الدين السيوطي وقدطلبه ليفتك به وكان بينهماحظ نفس من حين كان السلطان العادل في الدوا دارية الكبرى و جرى بينهما امورشتّى يطول شرحها فلما اختفى قرر السلطان الشيخ يٰس البلبيسى فى مشيخة الخانقاه البيبرسية عرضاً عن الجلال السيوطي بحكم صرفه عنها (۱)

اس سال ۹۰۶ھ میں ہمارے شیخ جلال الدین سیوطی روپوش ہوگئے کیونکہ سلطان وقت نے انہیں طلب کیا تھا تاکہ موقع پاکر انہیں قتل کرائے اور ان دونوں میں اس وقت سے چلی آرہی تھی جب سلطان عادل دوادار یہ کبری کے عہدہ پر مامور تھا ان میں بہت سی ایسی باتیں ہوئیں جن کا ذکر موجب طوالت ہے جب شیخ موصوف روپوش ہوگئے تو سلطان نے انہیں معزول کرکے شیخ یٰسین بلبیسی کا خانقاہ بیبرسیہ کی صدارت کے منصب پر تقرر کردیا۔

---

(۱) بدائع الزہور فی وقائع الدہور ج ۱ ص ۳۹۱ و ۳۹۲

شاہان ممالیک میں ملک عادل طوما نبای جور و ستم اور خونریزی و سفاکی میں اپنی نظیر آپ تھا۔ اس کا دور حکمرانی تین ماہ اور چند یوم سے زیادہ نہیں رہا' یہ پوری مدت علامہ موصوف نے روپوشی میں بسر کی' بدائع الزہور میں ہے۔

وکان طوما نبای الدوادار محطا علیه فلما تسلطن فیما بعد اختفی الشیخ جلال الدین الا سیوطی فی مدة سلطنته (۱)

طوما نبا دوادار علامہ موصوف سے ناراض تھا بعد میں جب اس کو اقتدار حاصل ہوا تو اس کے دور حکمرانی میں جلال الدین سیوطی کو روپوش ہی رہنا پڑا۔

یہ روپوشی ملک عادل طوما نبای کے قتل کے بعد عزلت نشینی میں تبدیل ہو گئی اور علامہ موصوف پھر ایسے گوشہ نشین ہوئے کہ ۹۰۹ھ میں جب خانقاہ بیبرسیہ کی صدارت دوبارہ پیش کی گئی تو اس کو قبول نہیں کیا اور تاحیات گوشہ عزلت سے باہر قدم نہیں رکھا جیسا کہ آگے آئے گا۔

شاہان وقت سے تعلقات

علامہ سیوطی کا خاندان دینی اور دنیوی دونوں حیثیتوں سے بہت ممتاز تھا' پھر موصوف کی پرورش شاہی محل میں ہوئی تھی اس لئے سلاطین اور امراء سب ان سے واقف تھے دربار میں ان کا اثر تھا' سلطان عبدالعزیز متوکل باللہ ثانی جو ۸۸۴ھ میں سریر آرائے خلافت ہوا بہت نیک دل' متواضع' ہوشمند' صاحب علم اور اہلِ علم کا قدردان تھا مورخ ابن ایاس حنفی کا بیان ہے۔

کفوء للخلافة' وافر العقل' سدید الرای' له اشتغال بالعلم' متواضع' کثیر العشرة للناس من خیار بنی العباس (۲)

---

(۱) بدائع الزہور ج ۲ ص ۳۲۹

(۲) ملاحظہ ہو بدائع الزہور فی وقائع الدہور طبع بولاق مصر ج ۲ ص ۳۳۳

یہ خلافت کا اہل 'نہایت دانشمند' صاحب الرائی 'علم سے وابستہ 'متواضع' ملنسار اور بنی عباس میں سب سے بہتر تھا۔

علامہ سیوطی اس کے مخدوم زادہ اور اپنے وقت کے نامور عالم تھے اس لئے ان کی قدر کرتا اور نہایت ادب واحترام سے پیش آتا تھا موصوف بھی اس کو **مولانا 'امیر المؤمنین و خلیفة رسول الله ﷺ' و ابن عم' سید المرسلین' الامام' المتوکل علی الله و اعزبه الدین**(۱) کے الفاظ سے یاد کرتے اور دعائیں دیتے تھے' علامہ سیوطی کے کہنے سے مسندین وقت نے خلیفہ کو روایت حدیث کی سند دی' موصوف نے شیوخ وقت کی ان روایات کو جو انہوں نے خلیفہ سے بیان کی تھیں ایک کتاب میں یکجا کی ہیں علامہ سیوطی حسن المحاضرہ میں فرماتے ہیں۔

و اجازله باستدعا ئ جماعة من المسندین وقد خرجت له عنهم جزاء حدث به(۲)

میری استدعا پر مسندین وقت نے خلیفہ کو روایت حدیث کی اجازت دی اور ان حدیثوں کو جو انہوں نے ان سے بیان کی تھیں میں نے ایک جزء میں تخریج کر دی ہے۔

اسی خلیفہ کے لئے علامہ سیوطی نے بنی عباس کے فضائل میں دو کتابیں لکھی تھیں' وہ حسن المحاضرہ میں رقم طراز ہیں۔

---

(۱) کتاب الاعلام بحکم عیسیٰ علیہ السلام یہ رسالہ الحاوی للفتاوی میں شامل ہے "الحاوی للفتاوی ج ۲ ص ۱۶۳

(۲) حسن المحاضرہ ج ۲ ص ۵

والفت برسمه كتاب الاساس في فضل بني العباس و كتاب رفع الباس عن بني العباس (۱)

میں نے انہی کے ایماء پر کتاب الاساس فی فضل بنی العباس اور کتاب رفع البأس عن بنی العباس لکھی تھیں۔

متوکل باللہ ثانی فرمائش کر کے ان سے کتابیں لکھواتا تھا قرآن مجید میں غیر زبانوں کے الفاظ کی تحقیق میں علامہ سیوطی کا جو رسالہ ہے وہ بھی اسی کے ایماء سے لکھا تھا اسی لئے وہ المتوکلی کے نام سے موسوم ہے علامہ جب کسی شاہی تقریب کے موقع پر اس کے دربار میں جاتے تو وہ کسی نادر کتاب سے کوئی نہ کوئی عجیب و غریب سوال دیکھ کر ان سے پوچھتا چنانچہ جب ۸۹۹ھ میں سال نو کی تقریب میں قلعہ میں دربار منعقد ہوا اور اعیان مملکت اور علماء خلیفہ کو سال نو کی مبارکباد دینے وہاں گئے تو علامہ سیوطی بھی تشریف لے گئے (۲) خلیفہ نے ملاقات کے بعد ان سے سوال کیا کہ ایسا فعل مسنون کونسا ہے جو رسالت مآب ﷺ نے نہیں کیا پھر بھی وہ سنت ہے علامہ اس وقت تو خاموش رہے مگر بعد

---

(۱) حسن المحاضرہ ج ۲ ص ۸۵

(۲) ملحوظ خاطر رہے کہ سال نو کی تہنیت اور مبارکبادی کو فقہا نے مباح لکھا ہے موصوف التهنية بالفضائل العليه و المناقب الدينية میں حافظ عبدالعظیم منذری سے ناقل ہیں۔

انه مباح ليس بسنة ولا بدعة نقله الغزى فى شرح المنهاج ولم يزد عليه

(الحاوی للفتاوی ج ۱ ص ۸۳)

یہ امر مباح ہے نہ سنت ہے نہ بدعت علامہ غزی نے شرح المنہاج میں یہی نقل کیا ہے اور اس سے زائد کچھ نہیں لکھا ہے۔

میں اس کا نہایت جامع جواب لکھ کر خلیفہ کو بھیجا' مورخ ابن ایاس کا بیان ہے۔

"پھر جب ۸۹۹ھ شروع ہوا اس اور محرم میں قاضی سال نو کی مبارکباد پیش کرنے قلعہ شاہی میں پہنچے تو شیخ جلال الدین سیوطی بھی گئے جب وہ بیٹھ گئے تو سلطان وقت نے ان سے ایک ایسی سنت کے بارے میں سوال کیا جس کو رسول اللہ ﷺ نے مسنون قرار دیا اور خود نہیں کیا جلال الدین سیوطی باانہمہ تجرد وسعت معلومات کوئی جواب نہ دے سکے سلطان کے پاس ایک کتاب تھی جس کا نام حیرۃ الفقہاء تھا (وہ اس میں سے دیکھ کر سوال کیا کرتا تھا) اس کے بعد شیخ جلال الدین نے اس مسئلہ کا نہایت بہتر اور شافی جواب لکھ کر بھیجا کہ اس فعل سے مراد اذان ہے اذان آپ ﷺ نے کبھی نہیں دی پھر بھی وہ سنت ہے اور صحیح واقعہ یہ ہے کہ ایک موقعہ پر آپ ﷺ نے اذان دی ہے جیسا کہ حدیث میں وارد ہے علامہ نے اس موضوع پر ایک کراسہ لکھا اور اس میں بہت سی وہ باتیں بیان کیں جو مسنون ہیں اور رسول اللہ ﷺ نے نہیں کی ہیں(۱)

خلیفہ متوکل باللہ ثانی کی نظر میں علامہ سیوطی کی جو قدر و منزلت تھی اس کا اندازہ اس سے کیا جاسکتا ہے کہ قاضی القضاۃ (امیر عدلیہ) جیسے اہم اور جلیل القدر منصب پر اس نے انہی کا انتخاب کیا تھا۔

علامہ سیوطی کو جس طرح عباسی خلفاء کے دربار میں اثر و رسوخ حاصل تھا' اسی طرح شاہان چراکسہ اور ممالیک کے دربار میں بھی انہیں اعزاز واکرام حاصل تھا ملک اشرف قایتبای جرکسی سے ان کے بڑے مراسم تھے علامہ نے

---

(۱) ملاحظہ ہو تاریخ ابن ایاس طبع بولاق مصر ۱۳۱۱ھ ج ۲ ص ۲۸۰

تاریخ الخلفاء میں اس کے حج کا واقعہ نقل کیا ہے اور اس کی داد و دہش کی تعریف کی ہے(۱) جب علامہ سیوطی کو موقعہ ملتا اس کو نصیحت اور سلطنت کی ذمہ داریوں سے آگاہ کرتے اور قیام سلطنت کی ترغیب دیتے تھے ملک اشرف کے لئے علامہ سیوطی نے **الاحادیث المنیفه فی السلطنة الشریفه** لکھی تھی جس میں قیام سلطنت کی ترغیب اور اس کی ذمہ داریوں سے عہدہ برآ ہونے کے متعلق حدیثوں میں جو فضیلتیں آئی ہیں ان کو بیان کیا ہے(۲)

سلطان ابو النصر سیف الدین قانصوہ غوری المتوفی ۹۲۲ھ سے بھی جو شعر و ادب کا دلدادہ اور نہایت شجاع تھا علامہ کے نہایت خوشگوار تعلقات تھے اس کے بعض موشحات کی انہوں نے شرح بھی لکھی ہے جس کا نام **النفح الظریف علی الموشح الشریف** ہے اس کے دربار کی علمی مجلسوں میں موصوف بھی شریک ہوتے تھے۔

ایک مرتبہ سلطان قانصوہ غوری کی مجلس میں سبز چادر جسے علماء و مشائخ شانوں پر ڈالتے تھے جسے عربی میں طیلسان کہتے ہیں موضوع بحث بن گئی یہ چونکہ عجمیوں کا لباس تھا اس لئے بعض علماء نے اس کا استعمال مکروہ کہا ہے، مگر علامہ موصوف نے اس کو مستحب قرار دیا اس کے ثبوت میں **کف اللسان عن ذم الطیلسان** اور **الاحادیث الحسان فی فضل الطیلسان** نامی دو رسالے لکھے، اول الذکر کے متعلق سید انور شاہ کشمیری فیض الباری میں فرماتے ہیں۔

---

(۱) تاریخ الخلفاء طبع قاہرہ ۱۹۵۲ء ص ۵۱۵

(۲) کشف الظنون ج ۱ ص ۱۴

الطیلسان ثوب کان العرب یلقونه علی رؤسهم و فیه دلیل علی ان الطیلسان کان من سیماء الیهود فهل یکون مکروها فحقق السیوطی فی رسالة تسمی بکف اللسان عن ذم لیس الطیلسان استحبا به وادعی ان الصالحین کانوا یستعملونه و کتب ان الشیخ ابن الهمام کان یلبسه(۱)

طیلسان ایک کپڑا (چادر) ہے جو عرب اپنے سروں پر ڈالا کرتے تھے اس حدیث میں اس امر پر دلیل ہے کہ طیلسان یہود کے ملبوسات کی علامت خصوصی تھی' کیا ایسی صورت میں اس کا استعمال مکروہ ہوگا شیخ جلال الدین سیوطی نے اس موضوع پر ایک رسالہ میں جس کا نام کف اللسان عن ذم الطیلسان ہے محققانہ کلام کیا ہے اور اس کو مستحب لکھا ہے' اور یہ دعویٰ کیا ہے کہ بزرگان دین اس کو استعمال کرتے تھے اور ابن الہمام بھی اس کو اوڑھتے تھے۔

امراء میں نائب طرابلس و حلب اینال الاشقر اور امیر برکسبای جرکسی سے بھی موصوف کے خصوصی مراسم تھے جامع شیخونیہ میں مشیخۃ الحدیث کے منصب پر تقرر میں اس کی مساعی کو بھی دخل تھا۔

---

(۱) ملاحظہ ہو فیض الباری ج ا ص ۳۴ اواضح رہے' علامہ سیوطی نے بغیۃ الوعاۃ میں محقق ابن ہمام کے تذکرہ میں ان کے استعمال طیلسان کا ذکر کیا ہے' موصوف کے الفاظ ہیں۔

کان الشیخ یلازم لیس الطیلسان کما هو السنة و یرخیه کثیرا علی وجهه وقت حضور الشیخونیة

شیخ ابن ہمام ہمیشہ طیلسان کو اوڑھتے تھے جیسا کہ سنت ہے اور جامعہ شیخونیہ میں حاضری کے وقت اس کو چہرہ پر زیادہ تر لٹکاتے تھے۔

امراء وملوک سے علامہ کے جو مراسم و تعلقات تھے ان سے خلق خدا کو فائدہ پہنچتا تھا ۹۰۶ھ میں جب علامہ دنیا چھوڑ کر روضۃ المقیاس میں عزلت نشین ہو گئے تو بعض احباب نے عرض کی ایسا کرنا اسلاف کے طرز عمل کے خلاف ہے وہ لوگوں کے مفاد کی خاطر شاہان وقت کے یہاں آمد و رفت رکھتے تھے علامہ نے اس کے جواب میں تحریر فرمایا کہ سلف کا اتباع اور دین کی سلامتی اب ان سے ترک تعلقات میں ہے' اس دعوے کے ثبوت میں انہوں نے ایک رسالہ بھی لکھا ہے جس کا نام ما رواہ الاساطین فی عدم التردد الی السلاطین ہے - حافظ سید مرتضیٰ بلگرامی نے اتحاف السادۃ المتقین بشرح احیاء علوم الدین میں شاہان وقت سے اجتناب کے ثبوت میں اس رسالہ سے بہت کچھ استفادہ کیا ہے (۱) محدث نجم الدین غزی نے الکواکب السائرہ میں بصراحت لکھا ہے کہ میں نے اس کتاب کو نظم کا جامہ پہنایا ہے اور یہ نہایت جامع و لطیف منظومہ ہے اس میں میرے کچھ اضافے بھی ہیں (۲)

سیر و سیاحت

بعض مبصرین کا خیال ہے کہ علامہ سیوطی کو سیر و سیاحت کا بھی شوق تھا انہوں نے جن ممالک کی سیاحت کی ہے ان میں شام' یمن' حجاز' ہندوستان اور بلاد مغرب سب داخل ہیں وہ خود حسن المحاضرہ میں رقم طراز ہیں-

سافرت بحمد اللہ تعالیٰ الی بلاد الشام والحجاز والیمن والہند والمغرب والتکرور (۳)

---

(۱) اتحاف السادۃ المتقین ج ۲ ص ۱۲۶

(۲) الکواکب السائرۃ تذکرہ علامہ سیوطی

(۳) حسن المحاضرہ ج ۱ ص ۱۹۰

میں نے بحمد اللہ تعالیٰ بلاد شام، حجاز، یمن، ہندوستان، بلاد مغرب اور تکرور کی سیاحت کی ہے۔

خلوت گزینی اور یاد الٰہی

علامہ سیوطی کی خلوت نشینی کا آغاز تو ۸۹۰ھ میں ہو چکا تھا لیکن ۹۰۶ھ میں جو حالات پیش آئے ان کی وجہ سے ان کا دل دنیا اور اہل دنیا سے بالکل سرد ہو گیا اور وہ اپنے گھر میں جو روضۃ المقیاس میں واقع تھا ایسے خلوت نشین ہوئے کہ مرتے دم تک باہر قدم نہیں نکالا، تصنیف و تالیف کا زیادہ تر کام اسی زمانہ میں ہوا ہے، مورخ نجم الدین غزی المتوفی ۱۰۶۱ھ الکواکب السائرہ میں لکھتے ہیں۔

ولما بلغ اربعين سنة من عمره اخذ في التجرد للعبادة و الانقطاع الى الله تعالىٰ و الاشتغال به صرفا و الاعراض عن الدنيا و اهلها كانه لم يعرف احد امنهم و شرع في تحرير مؤلفاته و ترك الافتاء والتدريس واعتذر عن ذالك في مؤلف الفه في ذالك و سماه بالتنفيس (۱) و اقام في روضة المقياس فلم تحول منها الى ان مات (۲)

کاروان عمر جب چالیسویں منزل میں پہنچا تو علامہ خلوت میں بیٹھے عبادت اور یاد الٰہی میں ہمہ تن مشغول رہنے لگے دنیا اور اہل دنیا سے اس طرح منہ موڑ لیا گویا کبھی ان دنیاداروں میں سے کسی سے شناسائی نہ تھی اور تصنیف و تالیف کا کام شروع کیا فتوے لکھنا اور درس دنیا چھوڑ دیا ایک رسالہ بھی عذر خواہی کے

---

(۱) اس رسالہ کا پورا نام التنفیس فی الاعتذار عن ترک الافتاء والتدریس ہے
(۲) الکواکب السائرہ، ج ۱، ص ۲۲۸

سلسلہ میں لکھا جس کا نام التنفیس ہے روضۃ المقیاس میں اقامت پذیر ہوئے اور مرتے دم تک یہاں سے نہیں نکلے۔

خلوت نشینی کے دور کی اجازت روایت جن تلامذہ کو حاصل ہو سکی ہے وہ روضۃ المقیاس میں قرأت و سماعت کے بعد ہوئی ہے شیخ تاج الدین حنفی مکی کی اوائل العلقمی میں مذکور ہے۔

قال وذكر السنهوري انه سأل العلقمي كيف اخذتم الجامع عن مولفه قال كنا تذهب مع السيد الشريف يوسف الارميوني الى الروضة نطرق باب الحافظ السيوطي فان كان السيد يوسف معنا فتح الباب والا فلا والسيد يوسف يقرأ و نحن نسمع (۱)

(حافظ بابلی فرماتے ہیں) سالم سنہوری نے بیان کیا کہ انہوں نے اپنے شیخ علقمی سے دریافت کیا کہ آپ کو علامہ سیوطی سے جامع الصغیر کی سند کیسے ملی (علامہ موصوف تو زمانہ تالیف میں عزلت نشین تھے) علقمی نے فرمایا کہ ہم سید شریف یوسف ارمیونی کے ہمراہ روضۃ المقیاس جاکر حافظ سیوطی کا دروازہ کھٹکھٹاتے اگر ہمارے ہمراہ سید موصوف ہوتے تو دروازہ کھولا جاتا ورنہ نہیں، سید یوسف قرأت کرتے اور ہم سنتے تھے۔

اس زمانہ میں طالبان حدیث روایت حدیث کی اجازت کے لئے در دولت پر حاضر ہوتے علامہ انہیں شرف تلمذ بخشتے اور مشہور کتابوں سے کچھ حدیثیں سنکر روایت حدیث کی اجازت سے سرفراز فرماتے تھے، شیخ عبدالوہاب شعرانی کا شمار اسی قسم کے تلامذہ میں ہے، شیخ شعرانی کا بیان ہے۔

---

(۱) اوائل العلقمی از قاضی تاج الدین قلعی حنفی کی بحوالہ فہرس الفہارس والاثبات ج ۱ ص ۶۳

ارسل لی ورقة مع والدی باجازته لی بجمیع روایاته واجتمعت به مرة واحدة فقرأت علیه بعض احادیث من الکتب الستة و شیئا من المنهاج فی الفقة تبرکا ثم بعد شهر سمعت نا عیه ینعی موته فحضرت الصلوٰة علیه عندالشیخ احمد الا باریقی بالروضة عقب صلوٰة الجمعة (۱)

(علامہ موصوف نے) میرے والد کے ہاتھ مجھے اپنی تمام مرویات و تالیفات کی اجازت تحریر فرما کر بھیجی پھر علامہ کی وفات سے کچھ پہلے میں مصر آیا اور مجھے بھی ایک مرتبہ ہمنشینی کی سعادت حاصل ہوئی میں نے علامہ سے صحاح ستہ کی چند حدیثیں اور فقہ میں المنہاج کا کچھ حصہ برکت کی غرض سے پڑھا اس کے ایک مہینہ کے بعد موت کی خبر کی منادی کرنے والے نے ان کی موت کی خبر سنائی نماز جنازہ میں شرکت کے لئے میں بھی بعد نماز جمعہ شیخ احمد باریقی کے پاس روضہ میں حاضر ہوا۔

وفات

علامہ سیوطی کو آخر عمر میں دائیں بازوں میں درد ہوا اور ورم آگیا تکلیف روز بروز بڑھتی گئی ایک ہفتہ بڑی تکلیف سے بسر ہوا' اس مرض میں شب جمعہ ۱۹ جمادی الاولیٰ ۹۱۱ھ ۱۵۰۵ھ کو اپنے مکان واقع روضۃ المقیاس میں وفات پائی حسب تصریح غزی انتقال کے وقت علامہ کی عمر ۶۱ سال ۱۰ مہینے اور اٹھارہ دن تھی (۲) جنازہ میں عوام و خواص سب نے شرکت کی' جمعہ کے دن قرافہ کے باہر حوش قوصون میں دفن کئے گئے۔

---

(۱) ملاحظہ ہو ذیل طبقات للشعرانی بحوالہ الامام السیوطیؒ مطبعہ سلفیہ' قاہرہ ۱۳۶۶ھ ص ۴

(۲) ملاحظہ ہو الکواکب السائرہ ج ۱ ص ۲۳۱

ان کی وفات کی خبر ممالک اسلامیہ میں پہنچی تو وہاں غائبانہ نماز جنازہ پڑھی گئی محدث شام حافظ محمد ابن طولون المتوفی ۹۵۳ھ کا جن کو علامہ سیوطیؒ سے کتابۃ روایت حدیث کی اجازت بھی حاصل ہے بیان ہے کہ پنجشنبہ ۱۵ رجب ۹۱۱ھ کو شیخ جلال الدین سیوطی کی وفات کی خبر مشہور ہوئی اور بعد نماز جمعہ جامع اموی دمشق میں ان کی غائبانہ نماز جنازہ ادا کی گئی (۱) وفات کے تین سو برس بعد ۱۲۱۱ھ میں ان کے مزار پر قبہ تعمیر کیا گیا شیخ علی مبارک روجی المتوفی ۱۳۱۱ھ کا بیان ہے۔

دفن بحوش قوصون خارج باب القرافة و قبره ظاهر يزار و عليه قبة و على باب القبة تاريخ عمارة جرت فيها سنة احدى عشرة و مأتين والف و يعمل له بها مولد كل سنة فى شعبان (۲)

حوش قوصون میں در قرافہ کے باہر ان کو دفن کیا گیا ان کا مزار زیارت گاہ خلائق ہے' مزار پر ایک قبہ ہے قبہ کے دروازہ پر تاریخ تعمیر ۱۲۱۱ھ تحریر ہے' ان کا یوم ولادت ہر سال ماہ شعبان میں منایا جاتا ہے۔

باب قرافہ کے باہر حوش قوصون میں مدفون ہونے پر تمام تذکرہ نگاروں کا اتفاق ہے لیکن حوش قوصون میں کس جگہ دفن ہیں اس میں عصر حاضر کے تذکرہ نگاروں کا اختلاف ہے تیمور پاشا نے قبر الامام السیوطی کے نام سے جو مختصر رسالہ لکھا ہے اس میں حوش قوصون کے اندر جامع کبیر کے پاس مدفن بتایا

---

(۱) مفاکہۃ الخلان فی حوادث الزمان طبع قاہرہ ۱۳۸۱ھ ج ۱ ص ۱۵

(۲) الخطط التوفيقية الجديده لمصر القاهره و مدنها و بلادها القديمة والشهيرة طبع اولیٰ بولاق مصر ۱۳۰۶ھ ج ۶ ص ۵۰

ہے اور یہ تصریح کی ہے کہ اب یہاں تمام قبروں کے آثار مٹ گئے ہیں صرف ان کی قبر پر ایک قبہ باقی رہ گیا ہے یہی علامہ سیوطی کی قبر کا نشان ہے یہ مقام آج بھی زیارت گاہ خلائق ہے' لیکن شیخ محمد زاہد کوثری کی تحقیق ہے کہ حوش قوصون میں قلعہ کے نیچے مدفون ہیں(۱)

ان کی وفات پر شاعروں نے بڑے پر درد مرثیہ کہے تھے شیخ عبدالباسط بن خلیل حنفی نے بارہ شعروں پر مشتمل ایک بہت پُر درد مرثیہ لکھا ہے جس کو حافظ ابن طولون نے مفاکہۃ الخلان میں نقل کیا ہے اور اس کے حوالہ سے مؤرخ غزی نے اس کو الکواکب السائرہ میں درج کیا ہے اس کے چند شعر ہدیہ ناظرین ہیں۔

مات جلال الدین غیث الوریٰ مجتهد العصر امام الوجود

جلال الدین وفات پاگئے جو مخلوق کے حق میں ابر کرم تھے' مجتہد دوراں اور امام خلق تھے۔

و حافظ السنة مهدی الهدی و مرشد الضال بنفع الوجود

اور حافظ سنت اور راہ ہدایت کے ہادی تھے' اور گمراہ کیلئے فیض رساں اور رہبر تھے

فیا عیونی انهملی بعده ویا قلوب الفطری بالوقود

اے میری آنکھو! ان کے بعد برابر روتی رہو اور اے قلوب آتش فراق سے پھٹ جاؤ۔

صبرنا الله علیها و اولاده نعیماً حل دار الخلود

---

(۱) ذیل طبقات الحفاظ للذہبی (ترجمۃ المصنف از محمد زاہد کوثری) طبع دمشق ۱۳۴۷ھ ص ۱۰

اس مصیبت پر اللہ تعالیٰ ہم کو اور ان کی اولاد کو صبر عطا فرمائے کیونکہ وہ غیر فانی جنت میں پہنچ گئے ہیں۔

وعمه منه بوبل الرضى والغيث بالرحمة بين اللحود (۱)

رضائے الٰہی کی موسلا دھار بارش ان پر برسے اور مزار پر باران رحمت ہو۔

ان کی ہر دلعزیزی اور قبولیت کا یہ عالم تھا کہ غسال نے غسل دینے کے بعد جب ان کی قمیص اور ٹوپی لی تو تبرک سمجھ کر کسی نے قمیص پانچ دینار اور ٹوپی تین دینار میں غسال سے خرید لی تھی۔

---

(۱) ملاحظہ ہو مفاکہۃ الخلان ص ۳۰۲ اور الکواکب السائرہ ج ۱ ص ۲۳۱

باب سوم

اخلاق وعادات

علامہ سیوطیؒ زہد وورع، صبر واستقامت اور عفو ودرگزر کے مجسم پیکر اور فضائل اخلاق کی مکمل تصویر تھے وہ نہ دشمنوں سے انتقام لیتے اور نہ دولت کی کوئی حقیقت سمجھتے تھے، شاہان وقت کے تحائف بھی واپس کرنے میں تامل نہ فرماتے تھے، وقار علمی اور عزت نفس کو کسی موقع پر ٹھیس نہ لگنے دیتے تھے۔(۱)

عبادت وریاضت

عبادت وریاضت اور تقویٰ وطہارت میں اعلیٰ درجہ پر ممتاز تھے، حافظ محمد بن طولون حنفی المتوفی ۹۵۳ھ کا بیان ہے:-

كان في درجة المجتهدين في العلم والعمل(۲)

علم وعمل میں مجتہدین کے مرتبہ ومقام پر پہنچے ہوئے تھے۔

اگر تہجد کبھی ناغہ ہو جاتی تو اتنا صدمہ ہوتا کہ بیمار پڑ جاتے تھے، سید انور شاہ کشمیریؒ فرماتے ہیں:-

كتب السيوطي انه كان اذا فات عنه التهجد مرض (۳)

شیخ سیوطی نے لکھا ہے کہ ان کی تہجد اگر رہ جاتی تو مارے صدمہ کے بیمار پڑ جاتے تھے۔

استغناء وبے نیازی

ایک زمانہ تک علامہ موصوف کے امراء وملوک سے مراسم رہے تھے، مگر

---

(۱) ملاحظہ ہو ذیل الطبقات للشعرانی بحوالہ الامام السیوطی، مطبعہ سلفیہ قاہرہ ۱۳۶۶ھ ص ۴

(۲) مفاکہۃ الخلان فی حوادث الزمان طبع قاہرہ ۱۹۲۶ء ص ۳۰۲

(۳) فیض الباری ج ۴ ص ۳۶۶ وشذرات الذہب فی اخبار من ذہب ج ۸ ص ۵۳

جب سے ان کو تصوف سے شغف رہا' استغناء کا وہ مقام حاصل ہوا جو اولیاء اللہ میں بھی کمتر بزرگوں کو حاصل ہو سکا ہے امراء و عمائد سلطنت ان کے در دولت پر حاضر ہوتے مگر علامہ اپنی جگہ سے جنبش تک نہ کرتے وہ تحفے تحائف پیش کرتے اور علامہ واپس کرتے تھے۔

ایک مرتبہ سلطان اشرف قانصوہ غوری نے جسے علامہ سے بڑی عقیدت تھی خواجہ سرا اور ہزار دینار بھیجے' علامہ موصوف نے دینار واپس کی اور خواجہ سرا کو آزاد کر کے روضہ نبوی میں خادم مقرر کیا اور سلطان کے قاصد سے فرمایا کہ اب کبھی ہمارے پاس تحفے نہ لانا' اللہ تعالیٰ نے ہمیں اس قسم کے تحفوں سے مستغنی کیا ہے سلطان وقت نے کئی مرتبہ ان کو بلوایا مگر وہ ایک مرتبہ بھی نہیں گئے۔

فضل و کمال

علامہ سیوطیؒ علمی و مذہبی دونوں کمالات کے اعتبار سے ان ائمہ اسلام میں سے تھے جن کے فضل و کمال اور جلالت علمی پر تذکرہ نگاروں کا اتفاق ہے شیخ الاسلام محمد غزی المتوفی ۱۰۶۱ھ نے الکواکب السائرہ میں ان کا تذکرہ ان الفاظ سے کیا ہے ۰

الشیخ العلامة الامام المحقق المدقق المسند الحافظ شیخ الاسلام جلال الدین . صاحب المؤلفات الجامعة والمصنفات النافعة (۱)

مؤرخ ابن العماد حنبلی متوفی ۱۰۸۹ھ نے "المسند المحقق المدقق صاحب المؤلفات الفائقة النافعه" (۲) سے ان کے ذکر کا آغاز کیا ہے حافظ شمس الدین محمد بن طولون نے

---

(۱) ملاحظہ ہو الکواکب السائرہ ج ۱ ص ۲۲۶

(۲) شذرات الذہب فی اخبار من ذہب ج ۸ ص ۵۲

مفاکہۃ الخلان فی حوادث الزمان میں لکھا ہے۔ کان بارعًا فی الحدیث و غیرہ من العلوم(۱) (وہ علوم حدیث وغیرہ میں ماہر تھے) اور سید مرتضیٰ بلگرامی المتوفی ۱۲۰۵ھ علامہ موصوف کو "خاتمۃ المتاخرین فی سائر الفنون"(۲) کے الفاظ سے یاد کرتے ہیں۔

قاضی محمد بن علی شوکانی المتوفی ۱۲۵۰ھ البدر الطالع میں علامہ کی نسبت فرماتے ہیں :-

الامام الکبیر صاحب التصانیف . برزفی جمیع الفنون و فاق الاقران واشتهر ذکره و بعد صیتة(۳)

امام کبیر، صاحب تصانیف تمام علوم میں ممتاز اور اپنے معاصرین سے فائق تھے، دور دور ان کا چرچا اور شہرہ تھا۔

حافظ سید عبدالحیٔ کتانی فہرس الفہارس والاثبات میں لکھتے ہیں۔

هذا الرجل کان نادرة من نوادر الاسلام فی القرون الاخیرة حفظاً و اطلاعاً و مشارکة و کثرة تالیف(٤)

سیوطی اس اخیر دور میں حفظ واطلاع علوم سے وابستگی اور کثرت تالیفات میں اسلام کی نادرۂ روزگار شخصیتوں میں سے تھے۔

حافظہ

علامہ سیوطی کو خدا نے حافظہ بھی غیر معمولی عطا کیا تھا لاکھوں حدیثیں

---

(۱) مفاکہۃ الخلان ص ۳۰۲

(۲) تاج العروس مادہ س۔و۔ط

(۳) البدر الطالع طبع قاہرہ ۱۳۴۸ھ

(۴) فہرس الفہارس والاثبات ج ۲ ص ۳۵۲

زبانی یاد تھیں' محدث شمس الدن محمد بن قاسم بونی المتوفی ۱۱۳۹ھ کے ثبت (فہرس شیوخ) میں مذکور ہے۔

انه حفظ ثلاثمأية الف حديث وكان مراده ان يجمع جميعها كلها فى كتاب واحد(۱)

موصوف نے تین لاکھ حدیثیں یاد کی تھیں اور ان کا مقصد ان سب کو ایک کتاب میں جمع کرنا تھا۔

لیکن یہ بیان مبالغہ سے خالی نہیں' علامہ سیوطی نے تصریح کی ہے کہ انہیں دو لاکھ حدیثیں یاد تھیں' شمس الدین محمد داؤدی المتوفی ۹۴۵ھ موصوف سے ناقل ہیں۔

اخبر عن نفسه انه يحفظ مئتى الف حديث قال ولو وجدت اكثر لحفظتة قال ولعله لو يوجد على وجه الارض الآن اكثر من ذالك(۲)

کہ سیوطی نے اپنے متعلق بیان کیا تھا کہ انہیں دو لاکھ حدیثیں یاد ہیں' اور یہ بھی فرمایا تھا کہ اگر مجھے اس سے زیادہ حدیثیں ملی ہوتیں تو میں ان کو بھی یاد کر لیتا' ان ہی کا قول ہے کہ اب روئے زمین پر شاید اس سے زیادہ حدیثیں موجود نہیں۔

حفاظ حدیث میں علامہ سیوطی کا پایہ اتنا بلند ہے کہ متاخرین علماء میں حفظ حدیث کا ان پر خاتمہ ہے علامہ حافظ شہاب الدین احمد خفاجی المتوفی ۱۰۶۹ھ نسیم الریاض فی شرح شفاء القاضی عیاض میں رقم طراز ہیں۔

الحافظ وصف لكل من اكثر رواية الحديث و اتقنها وقد انقطع

---

(۱) ثبت البونی بحوالہ فہرس الفہارس والاثبات ج ۲ ص ۳۵۲

(۲) الکواکب السائرہ ج ۱ ص ۲۲۸ وشذرات الذہب ج ۸ ص ۵۳

هذا فی عصر ناوکان اخرالحفاظ السیوطی والسخاوی (۱)

حافظ ہر اس عالم کا وصف ولقب ہے جس نے کثرت سے حدیثیں روایت کیں اور اس میں اتقان و پختگی حاصل کی' ہمارے زمانے میں یہ بات جاتی رہی' آخری زمانے میں علامہ سیوطیؒ اور سخاویؒ حافظ گزرے ہیں۔

وسعت نظر

علامہ سیوطی کو علوم اسلامیہ میں درک حاصل تھا اور ان علوم میں ان کی حذاقت و مہارت تمام معاصرین میں مسلم ہے علوم حدیث میں وسعت نظر' کثرت معلومات میں بھی ان کا مرتبہ اپنے معاصرین میں سب سے بلند ہے' ان کے سوانح نگار شمس الدین داؤدی المتوفی ۹۴۵ھ کا بیان ہے۔

کان اعلم اهل زمانه بعلم الحدیث و فنونه و رجاله و غریبه و استنباط الاحکام منه (۲)

علامہ سیوطی علم حدیث' فنون حدیث' رجال' غریب حدیث اور حدیث سے احکام کے استنباط میں اپنے زمانہ کے سب سے بڑے عالم تھے۔

شیخ عبدالوہاب شعرانی المتوفی ۹۷۳ھ نے بھی طبقات الصغریٰ میں علامہ کے متعلق یہی الفاظ نقل کئے ہیں (۳) شیخ شمس الدین داؤدی اور علامہ شعرانی کے مذکورۂ بالا بیان کی تصدیق اس سے بھی ہوتی ہے کہ علوم حدیث میں ان کا اگر کوئی ہمسر

---

(۱) نسیم الریاض طبع قاہرہ ج ۱ ص ۴۳

(۲) ملاحظہ ہو الکواکب السائرہ ج ۱ ص ۲۲۸ وشذرات الذہب ج ۸ ص ۵۳

(۳) فہرس الفہارس والاثبات ج ۲ ص ۳۵۳

قرار دیا جاسکتا ہے تو وہ حافظ شمس الدین سخاوی ہیں' حافظ سخاوی کے علوم میں اتقان و پختگی زیادہ پائی جاتی ہے تحریر میں شان ایجاز و جامعیت بھی ہے' مگر کثرت معلومات اور وسعت نظر میں حافظ سخاوی علامہ سیوطی کو نہیں پہنچتے متاخرین علماء میں اصول حدیث کی جیسی خدمت حافظ سخاوی اور علامہ سیوطی نے کی ہے اس میں ان کا کوئی سہیم و شریک نہیں' حافظ سخاوی نے الفیہ عراقی کی نہایت مفید و جامع شرح فتح المغیث بشرح الفیۃ الحدیث لکھی جس پر خود ان کو ناز ہے' فرماتے ہیں۔

فتح المغيث بشرح الفية الحديث وهو مع اختصار في مجلد ضخم و سبك المتن فيه على وجه بديع لا يعلم في هذا الفن اجمع منه ولا اكثر تحقيقاً لمن تدبره (۱)

فتح المغیث بشرح الفیۃ الحدیث مختصر ہونے کے باوجود ایک ضخیم جلد بن گئی ہے' اس میں متن کتاب کو نہایت خوبی کے ساتھ انوکھے طریقے پر پیش کیا گیا ہے' جو بھی اس میں غور و فکر کرے گا وہ سمجھ لے گا کہ اس فن میں یہ سب سے زیادہ جامع اور محققانہ کتاب ہے۔

علامہ سیوطی نے امام نوویؒ کی کتاب التقریب والتیسیر لمعرفۃ سنن البشیر والنذیر کی شرح تدریب الراوی فی شرح تقریب النواوی کے نام سے مرتب کی ہے' یہ دونوں کتابیں شائع ہو چکی ہیں' اور حق یہ ہے کہ یہ دونوں کتابیں کمال فن کا شاہکار ہیں' اگر دقت نظر میں حافظ سخاوی کا پایہ بلند ہے تو وسعت نظر اور کثرت معلومات میں علامہ سیوطی کا مقام بہت اونچا ہے' بلکہ تدریب الراوی میں بعض ایسی بحثیں بھی ہیں جن سے حافظ سخاوی کی کتاب فتح المغیث یکسر خالی ہے۔

---

(۱) ملاحظہ ہو ترجمہ صاحب الضوء اللامع' طبع قاہرہ ۱۳۵۴ھ ص ۱۶

احادیث مشتہرہ (۱) کے موضوع پر حافظ سخاوی نے "مقاصد الحسنہ فی بیان کثیر من الاحادیث المشتہرۃ علی الالسنۃ" لکھی تو علامہ سیوطی نے "الدرر المنتثرۃ فی الاحادیث المشتہرۃ" ترتیب دی' یہ دونوں کتابیں بھی اپنے موضوع پر بہت خوب ہیں اور زیور طبع سے آراستہ ہو چکی ہیں حافظ سخاوی کی کتاب زیادہ جامع ہے لیکن علامہ سیوطی کی کتاب معلومات کے اعتبار سے مقاصد الحسنہ سے بالکل مختلف ہے مورخ ابن العماد حنبلی المتوفی ۱۰۸۹ھ کا بیان ہے۔

هو اجمع واتقن من كتاب السيوطى المسمى بالجواهر المنتشرة فى الاحاديث المشتهرة و فى كل منهما ما ليس فى الآخر (۲)

یہ (مقاصد حسنہ) علامہ سیوطی کی کتاب سے جس کا نام جواہر المنتثرۃ فی الاحادیث المشتہرہ ہے' زیادہ جامع اور ٹھوس کتاب ہے لیکن ہر ایک میں معلومات ایک دوسرے سے مختلف ہیں۔

متون احادیث میں علامہ سیوطی کی الجامع الکبیر کی کوئی نظیر نہیں۔

وسعت نظر اور کثرت معلومات میں علامہ سیوطی کا پایہ حافظ ابن حجر عسقلانی سے بھی فی الجملہ بلند ہی ہے' شیخ عبدالوہاب شعرانی نے طبقات الصغریٰ میں لکھا ہے کہ حافظ ابن حجر عسقلانی نے متعدد حدیثوں کی تبییض کی تھی لیکن ان حدیثوں کے مراتب اور مخرجین حدیث کا علم ان کو نہ ہو سکا تھا' علامہ سیوطی نے ان کی تخریج کی اور ان کے مراتب حسن وضعیف وغیرہ کو بیان کیا۔

---

(۱) احادیث مشتہرہ سے مراد وہ مشہور حدیثیں ہیں جو زبان زد خاص وعام ہوں اور ان کی سند ثابت نہ ہو یا سند میں کلام ہو۔

(۲) ملاحظہ ہو شذرات الذہب فی اخبار من ذہب طبع قاہرہ ۱۳۵۰ھ ج ۸ ص ۱۶

شیخ الاسلام تقی الدین ارجانی نے کچھ ایسی حدیثیں جن کی حافظ ابن حجر عسقلانی نے تبییض کی تھی اور وہ ان کے مرتبہ و مقام کو متعین نہیں کر سکے تھے بلکہ راویان حدیث کو بھی الٹ پلٹ کر دیا تھا' وہ ان حدیثوں کو علامہ سیوطی کے پاس لے کر گئے انہوں نے ان کو دیکھ کر بتایا کہ فلاں فلاں کتابوں میں موجود ہیں' اور ان کا درجہ یہ ہے شیخ الاسلام ارجانی نے ان کے ہاتھوں کو چوم لیا اور فرمایا۔

واللہ ما کنت اظن انك تعرف شیئاً من هذا فاجعلنی فی حل طالما تغدیت و تعشیت بلحمك و دمك (۱)

واللہ میں یہ خیال بھی نہیں کر سکتا تھا کہ آپ کو ان کے متعلق کچھ علم ہو گا میں نے آپ کی جو غیبت بھی کی ہو اس کو معاف کر دیجئے۔

شاہ عبدالعزیز محدث دہلویؒ نے "بستان المحدثین فی تذکرۃ کتب الحدیث والمحدثین" میں حافظ ابن حجر عسقلانی اور علامہ جلال الدین سیوطی میں نہایت عمدہ محاکمہ کیا ہے' فرماتے ہیں :-

"تصانیف ابن حجر زیادہ بر یکصد و پنجاہ کتاب است و بہتر و محکم تر از تصانیف جلال الدین سیوطی است زیرا کہ تصانیف جلال الدین سیوطی در عدد بیشتر است امام تصانیف ابن حجر اکثر کلان و کبیر الحجم واقع اند و مضامین جدیدہ و فوائد مفیدہ دارند بخلاف تصانیف جلال الدین سیوطی' چنانچہ بر عالم متبحر پوشیدہ نماند و اتقان و ضبط در علم حافظ ابن حجر بیشتر از علم جلال الدین سیوطی است' ہر چند در عبور و اطلاع فی الجملہ جلال الدین سیوطی زیادہ باشد" (۲)

---

(۱) فہرس الفہارس والاثبات ج ۲ ص ۳۵۲

(۲) بستان المحدثین' نصرت المطابع دہلی ۱۲۹۳ھ ص ۱۲۸

ابن حجر عسقلانی کی ڈیڑھ سو سے زیادہ تصنیفات ہیں اور وہ جلال الدین سیوطیؒ کی تالیفات سے بہتر اور زیادہ پختہ و محکم ہیں جلال الدین سیوطیؒ کی تصانیف گو تعداد میں زیادہ ہیں لیکن ابن حجرؒ کی تصنیفات اکثر بڑی اور ضخیم ہیں اور نئے نئے مضامین اور مفید فوائد سے مالا مال ہیں سیوطیؒ کی تالیفات میں یہ باتیں نہیں ہیں چنانچہ یہ حقیقت متبحر عالم سے پوشیدہ نہیں، علم میں پختگی اور مضبوطی حافظ ابن حجرؒ کے یہاں سیوطیؒ کی بنسبت زیادہ ہے، اگرچہ وسعت نظر اور فی الجملہ آگہی سیوطی کے یہاں زیادہ ہے۔

ہفت علوم میں مہارت

یوں تو علامہ سیوطی جامع العلوم تھے لیکن سات علوم میں ان کو کمال حاصل تھا، ان کا خود بیان ہے کہ :

"اللہ تعالیٰ نے مجھے سات علوم میں مہارت عطا کی ہے۔ ۱- تفسیر ۲- حدیث ۳- فقہ ۴- نحو ۵- معانی ۶- وبیان ۷- وبدیع، عرب اور بلیغوں کے طریقہ پر عجمیوں اور فلسفیوں کے طرز پر نہیں، میرا اعتقاد ہے اور مجھے یقین ہے کہ فقہ اور نقول کے علاوہ ان سات علوم میں اس مرتبہ پر پہنچا ہوں کہ اس پر میرے استادوں میں سے کوئی بھی نہیں پہنچا اوروں کا ذکر ہی کیا ہے البتہ فقہ کے بارے میں ایسا نہیں کہہ سکتا اس میں میرے شیخ کو بڑی دسترس حاصل تھی اور ان کی نظر زیادہ وسیع تھی"

ان سات علوم سے کم مہارت، اصول فقہ، مناظرہ اور علم صرف میں ہے اس سے کم انشاء و فرائض میں اس سے کم قرأت میں اور سب سے کم طب میں ہے۔

علم حساب میرے لئے سب سے بڑا بوجھ ہے، میرے ذہن کو اس سے دور کی بھی مناسبت نہیں ہے جب حساب سے متعلق کوئی مسئلہ پیش آتا ہے تو گویا پہاڑ

اٹھانا پڑتا ہے ویسے اللہ تعالیٰ کا شکر ہے مجھ میں اجتہاد کی شرطیں موجود ہیں یہ بات بطور شکر کہتا ہوں فخر کے طور پر نہیں دنیا میں کونسی چیز ہے جسے فخریہ حاصل کیا جائے اب کوچ کا وقت قریب آگیا ہے بڑھاپا ظاہر ہو چکا اور زندگی کا خوشگوار حصہ گزر چکا ہے اگر میں کسی مسئلہ پر کوئی کتاب لکھنا چاہتا ہوں تو اس مسئلہ سے متعلق تمام اقوال مع دلائل عقلیہ ونقلیہ اور اس کے ماخذ اور مالہ وماعلیہ کے لکھ سکتا اور مختلف مذاہب میں موازنہ کر کے تحریر کر سکتا ہوں اللہ کے فضل سے مجھے یہ قدرت حاصل ہے"(۱)

مسالک الحفاء فی والدی المصطفےٰ میں لکھتے ہیں۔

وانی بحمد الله قد اجتمع عندی الحدیث والفقة والأصول و سائر الآلات من العربیة والمعانی والبیان وغیر ذالك فأنا أعرف کیف أتکلم و کیف أقول و کیف أستدل و کیف أرجح(۲)

اللہ تعالیٰ کا شکر ہے کہ مجھ میں حدیث فقہ اصول وعربیت اور معانی وبیان سب جمع ہیں میں جانتا ہوں کہ گفتگو کیسے کی جائے بات کیسے کہی جائے استدلال کس طرح کیا جائے ترجیح کس طرح دی جائے۔

علامہ سیوطیؒ کے اس بیان سے ان کی نیک نیتی صاف گوئی اور راست گفتاری کا اندازہ ہو سکتا ہے کہ انہوں نے اپنی خوبیاں اور خامیاں دونوں بے کم وکاست بیان کیں مگر معلوم ہوتا ہے کہ جب علوم ہفت گانہ میں ان کے تبحر کا چرچا ہوا تو حاسدوں نے کہنا شروع کیا کہ ان کو اپنی ہمہ دانی کا بڑا دعویٰ ہے اور یہ اپنے آپ کو بہت بڑا عالم سمجھتے ہیں اس قسم کے دعوے بھی کوئی عالم کرتا ہے؟

---

(۱) ملاحظہ ہو حسن المحاضرہ ج ۱ ص ۱۹۰ و کتاب التحدث بنعمۃ اللہ ص ۲۰۳

(۲) مسالک الحفاء فی والدی المصطفےٰ طبع دوم حیدر آباد دکن ۱۳۳۴ھ ص ۵۵ و ۵۶ نیز الحاوی للفتاویٰ ج ۲ ص ۲۲۹

اس اعتراض کی تردید میں علامہ نے الصواعق علی النواعق' نامی رسالہ لکھا جس میں بتایا ہے کہ مخالفین کا یہ کہنا درست نہیں کیونکہ میرے اقوال کا تعلق فخر و تزکیۂ نفس سے نہیں ہے' اس قسم کی باتیں تعریف العالم اذا جھل مقامه (عالم کا اپنے آپ کو متعارف کرانا جب لوگ اس کے مقام و مرتبہ سے ناآشنا ہوں) کے قبیل سے ہیں' ایسی باتیں صحابہؓ و تابعینؒ سے بھی منقول ہیں اور پھر مقامہ مذکور میں صحابہ و تابعین کے وہ اقوال نقل کئے ہیں جن سے اس الزام کی پوری تردید ہو جاتی ہے (۱)

علامہ نے ابتدا میں منطق بھی پڑھی تھی مگر ان کو اس فن سے مناسبت کے بجائے کراہت ہو گئی' فرماتے ہیں۔

''زمانہ طالب علمی میں' میں نے منطق بھی کچھ پڑھی تھی' پھر اللہ تعالیٰ نے اس کی کراہت میرے دل میں ڈالی اور میں نے سنا کہ ابن الصلاح نے اس کی تحصیل ناجائز قرار دی ہے تو میں نے اس کو چھوڑ دیا' اللہ تعالیٰ نے اس کے بدلہ میں مجھے علم حدیث عطا کیا' جو علوم میں سب سے اشرف و افضل ہے (۲)

علامہ سیوطی کے مذکورۂ بالا بیان میں کراہت سے مراد عداوت ہے' اس کا اندازہ ان کے رسالہ "القول المشرق فی تحریم الاشتغال بالمنطق" (۳) کے مطالعہ سے ہو سکتا ہے یہ رسالہ کسی سائل کے سوال کا جواب ہے۔

---

(۱) ملاحظہ ہو کشف الظنون ج ۲ ص ۱۰۸۳ نیز اس بحث کے لئے دیکھو اعذب المناہل فی حدیث من قال انا عالم فھو جاہل (الحاوی للفتاویٰ)

(۲) حسن المحاضرہ ج ۱ ص ۱۹۰

(۳) رسالہ القول المشرق کتاب الحاوی للفتاویٰ میں شامل ہے' اس کی شرح محدث محمد سلیٰ حضرمی التونی ۱۰۹۳ھ نے کی تھی جس کا تذکرہ محبی نے خلاصۃ الاثر ج ۳ ص ۳۳۸ میں کیا ہے۔ اسی وجہ سے غالباً حافظ عصر سید انور شاہ کشمیری نے فرمایا ہے۔ دعاء السیوطی ان یرزق الحذاقة فی ستة (سبعة) فنون قلت تلك الفنون تکون من فنون الدین والا فالفنون العقلیة فانه کان قائلا بعدم جوازھا (فیض الباری ج ۳ ص ۱۰۱) سیوطی کی یہ دعا کہ سات علوم میں مہارت عطا ہو میری رائے میں ان علوم سے مراد علوم دینیہ ہیں' کیونکہ وہ علوم عقلیہ کے جواز کے قائل نہیں تھے۔

"توحید باری تعالیٰ علم منطق کی معرفت پر موقوف ہے اور فن منطق کی تحصیل ہر مسلمان پر فرض ہے"

اس رسالہ میں موصوف نے یہاں تک لکھا ہے کہ منطق ناپاک اور خبیث علم ہے' اس سے دینی اور دنیوی کوئی فائدہ نہیں' اس کی تحصیل فضول اور اس کے ساتھ اشتغال وانہماک حرام ہے' علمائے دین مثلاً امام شافعی' امام الحرمین' غزالی' سلفی' ابن عساکر' ابن الاثیر' ابن الصلاح' عزابن عبدالسلام' ابو شامہ' نووی' ابن دقیق العید' ابو حیان' شرف الدین دمیاطی' ذہبی' طیبی اور مالکیہ میں سے قاضی ابوبکر بن العربی ابوبکر طرطوشی' ابو الولید باجی' ابو طالب مکی' ابن المنیر ابن رشد اور حنفیہ میں سے ابو سعید سیرافی' سراج قزوینی اور حنابلہ میں سے ابن الجوزی' سعد الدین حارثی اور تقی الدین ابن تیمیہ وغیرہ اس کی حرمت کے قائل ہیں(۱) ابن تیمیہ نے اس موضوع پر ایک کتاب لکھی ہے جس میں منطق کی مذمت کی ہے اور اس کے اصول و قواعد کو توڑا ہے' اس کا نام نصیحۃ ذوی الایمان فی الرد علی منطق الیونان ہے۔(۲)

علامہ سید مرتضیٰ بلگرامی ثم زبیدی المتوفی ۱۲۰۵ھ نے اتحاف السادۃ المتقین میں تصریح کی ہے کہ علامہ سیوطی کا یہ رسالہ دراصل ابن تیمیہ کی مذکورہ بالا کتاب کا

---

(۱) مذکورۂ بالا علماء میں ایسے علماء کی تعداد کچھ کم نہیں ہے جو منطق و فلسفہ میں حاذق ہوئے ہیں اس حقیقت سے کون انکار کر سکتا ہے کہ ان ائمہ دین میں سے اکثر کا مزاج اور انداز فکر معقولی ہو امام غزالی کی کتاب المستصفی جو ان کی آخری تالیفات میں سے ہے اور اصول فقہ میں نہایت سلجھی ہوئی کتاب ہے' ان کے ابتدائی تیس صفحات کا مطالعہ بھی اگر کسی نے کیا ہے تو وہ سمجھ سکتا ہے کہ امام موصوف کی نظر میں منطق کا مرتبہ و مقام کیا ہے۔

(۲) یہ کتاب مکتبہ القیمہ بمبئی سے الرد علی اہل المنطق کے نام سے شائع ہو چکی ہے۔

مختصر ہے جس میں کہیں کہیں انہوں نے کچھ اضافے اور تفریعات کی ہیں' علامہ بلگرامی کا بیان ہے کہ ان کے معاصرین میں سے فقیہ ابو عبداللہ محمد بن عبدالکریم مغیلی جوان کے گہرے دوست اور متبحر عالم تھے اور علامہ سیوطی کی نظر میں ان کا علمی پایہ اتنا بلند تھا کہ جب وہ کوئی کتاب لکھتے تو ان کی خدمت میں بھیجا کرتے تھے جب "القول المشرق" ان کے پاس پہنچی تو انہوں نے اس کی تردید میں ایک رسالہ لکھا' سید مرتضیٰ بلگرامی فرماتے ہیں :-

رد علیه المغیلی غایة الرد و بالغ فی الا نکار علیه وقال فی ذالك قصیدة منها

مغیلی نے ان کی پرزور تردید کی' اور ان کے انکار میں مبالغہ سے کام لیا اور اس سلسلہ میں ایک قصیدہ بھی کہا ہے۔ جس کے چند شعر ہدیہ ناظرین ہیں :

سمعت بامر ما سمعت بمثله وکل حدیث حکمه حکم اصله

میں نے ایک ایسی بات سنی کہ اس جیسی بات نہیں سنی تھی ہر بات کا حکم اس کی اصل کے اعتبار سے ہوتا ہے

ایمکن ان المرء فی العلم حجة وینهیٰ عن الفرقان فی بعض قوله

کیا یہ ممکن ہے کہ کوئی ایک شخص علم میں قابل حجت ہو اور وہ منطق سے جو خطاء اور صواب میں فرق کرنے والی ہو منع کرتا ہو

هل المنطق المعنی الا عبارة عن الحق او تحقیقة حین جهله (۱)

منطق حق اور معقول بات سے عبارت ہے یا جہالت سے تحقیق تک پہنچنے کا نام ہے

---

(۱) ملاحظہ ہو اتحاف السادۃ المتقین مطبعہ میمنیہ مصر ۱۳۱۱ھ ج ۱ ص ۱۷۸

فن منطق کی تحصیل میں شرعاً کوئی قباحت نہیں ہے البتہ اس میں ایسا انہماک جس سے احکام شریعت کی بجاآوری میں خلل آتا ہو بلاشبہ درست نہیں جن فقہاء نے اس کی حرمت کا فتویٰ دیا ہے وہ بھی ایسی ہی صورت میں دیا ہے عنوان کتاب میں لفظ اشتغال بھی اسی حقیقت کا غماز ہے۔

حیرت ہے کہ علامہ سیوطی کو منطق و فلسفہ سے اس قدر بیر ہے' حالانکہ ان کو بھی نازک موقعوں پر اسی سے کام لینا پڑا ہے ان کے معاصر حافظ برہان الدین ابراہیم بن عمر بقاعی شافعی المتوفی ۸۸۵ھ جن کے علم و فضل اور جلالت قدر کا سب کو اعتراف ہے انہوں نے فلاسفہ کے اس قول "لیس فی الامکان ابدع مما کان" (۱) پر اپنی معرکۃ الآراء تالیف " دلالۃ البرھان علی ان فی الامکان ابدع مما کان" اور

---

(۱) یہ ایک نہایت معرکۃ الآراء علمی مسئلہ ہے جس پر اتحاف السادۃ المتقین میں حافظ سید مرتضیٰ بلگرامی ثم زبیدی المتوفی ۱۲۰۵ھ نے کم و بیش چھبیس صفحات میں نہایت محققانہ بحث کی ہے یہاں اس کے متعلق اتنا عرض کرنا کافی ہے کہ جب یہ تسلیم ہے کہ اللہ تعالیٰ حکیم ہے' ہر چیز کا اس کو علم ہے اور وہ ہر شئے پر قادر ہے تو پھر یہ کہنا کہ لیس فی الامکان ابدع مما کان (کہ اللہ تعالیٰ نے عالم کو جس نادر نمونہ پر بنایا ہے اس سے بہتر بنانا اس کے امکان میں نہیں) صحیح نہیں کیونکہ اس امر کے تسلیم کرنے سے اس کی قدرت پر حرف آتا ہے' اس کو عاجز ماننا پڑتا ہے بخل کا الزام بھی عائد ہوتا ہے جو اس کی جود و سخا کے خلاف ہے اور ظلم بھی ہے جو عدل کے منافی ہے' انہی وجوہ سے معتزلہ نے اولیٰ و اصلح اور بہتر کی رعایت کو باری تعالیٰ کے لئے واجب کہا ہے۔

اہل السنت والجماعت اصلح کی رعایت کو مانتے ہیں لیکن اس کو واجب نہیں کہتے ہیں بلکہ اس کا تعلق فضل کے قبیل سے قرار دیتے ہیں' اس طرح فلسفہ کا یہ مسئلہ اسلامی عقائد سے ہم آہنگ ہو جاتا ہے' اور یہ بات صاف ہو جاتی ہے کہ جس چیز کو اللہ تعالیٰ نے (جاری ہے)

''تھدیم الارکان من لیس فی الامکان ابدع مما کان ''میں بڑے ٹھوس اور علمی اعتراضات کر کے اس مسئلہ کی حقیقت کو بے نقاب کیا اور بتایا ہے کہ یہ عقیدہ اسلامی تعلیمات کے سراسر خلاف ہے' امام غزالی نے چونکہ سب سے پہلے اس مسئلہ کو اپنی کتابوں میں جگہ دیکر اسلامی عقیدہ کا رنگ دیا تھا جس پر بڑا ہنگامہ ہوا تھا' علامہ بقاعی کی اس بحث نے تکفیر غزالی کے مسئلہ کو نویں صدی ہجری میں ایک مرتبہ پھر سے زندہ کیا' اور سچ بات یہ ہے کہ علامہ بقاعی کے وزنی اعتراضات نے اس وقت کے اہل علم کو جو لبدہی سے عاجز کر دیا تھا حافظ سخاوی اس مسئلہ میں علامہ بقاعی کے

جس حالت پر بنایا ہے وہی اس کے لئے سب سے بہتر شکل ہے' اللہ تعالیٰ حکیم ہے' وہی اس کی حکمت کو خوب سمجھتا ہے ہم اس امر کا انکار نہیں کرتے کہ اللہ تعالیٰ اس کے بعد اس کی ضد نہیں بنائے گا بلکہ ہم کہتے ہیں کہ بعد میں اگر اس کے خلاف پایا جائے گا تو وہ اس زمانہ میں اس کیلئے پہلے سے بہتر ہو گا یعنی ہر موجود اپنے وقت میں اپنے خلاف اور ضد کے اعتبار سے بدیع و بہتر ہے بہت سی اضداد جو یکے بعد دیگرے پائی جاتی ہیں ان میں ہر ایک اپنے وقت کے لحاظ سے سب سے بہتر ہے بالفاظ دیگر ہر وہ چیز جو ایک وقت میں پائی گئی وہ پہلے والی شئی سے بہتر ہے اور اس میں جو حکمت مضمر ہے اس کو وہی خوب جانتا ہے یوں سمجھو تمام کافروں کو مومن بنانا اس کی قدرت میں ہے' لیکن اس نے مومن و کافر بنائے جو اس کی حکمت کے اعتبار سے نہایت بدیع ہے' اور یہ قضاو قدر کا وہ راز سربستہ ہے جس کا افشا منظور نہیں' بظاہر اس میں حکمت کا ایک یہ پہلو بھی ہے کہ اگر کفر نہ ہوتا تو ایمان کی قدر و قیمت کا اندازہ کیونکر ہو سکتا تھا' معصیت نہ ہوتی تو طاعت کی قدر کیسے ہوتی یہی بعض اسرار اس کی سب سے زیادہ بدیع و بہتر ہونے کے شاہد ہیں' اللہ تعالیٰ نے اپنی حکمت سے جو بہتر و اصلح اور زیادہ بدیع تھا وہ بنایا اور یہ سب کچھ اس کے فضل سے ہوا ہے' ایسا کرنا اس پر واجب نہیں تھا اس وجہ سے اہل السنت والجماعت اہل طاعت کا جنت میں دخول اس کے فضل کے قبیل سے مانتے ہیں' اس پر واجب نہیں کہتے۔

پہلے ہم نوا تھے' علمائے وقت نے اس موقعہ پر علامہ سیوطی سے اس کی تردید لکھنے پر اصرار کیا مگر باایں ہمہ تبحر علمی اور وسعت نظر وہ تردید کرنے سے کتراتے رہے' آخر استخارہ کے بعد علامہ بقاعی کی تردید میں قلم اٹھایا اور " تشیید الارکان من لیس فی الامکان ابدع مم کان" کے نام سے ایک کتاب لکھی جس میں مسئلہ کی وضاحت اور امام غزالی کی حمایت کا حق ادا کر دیا' موصوف کی تالیفات میں یہی ایک رسالہ ان کی ژرف نگاہی' دقت نظر اور متکلمانہ شان کا پتہ دیتا ہے' اتحاف السادۃ المتقین میں حافظ سید مرتضیٰ بلگرامی جیسے متکلم اور وسیع النظر عالم نے لیس فی الامکان ابدع مما کان کی بحث میں موصوف کی اس معرۃ الآرا بحث سے کچھ استفادہ کرنے کے بعد ان الفاظ میں داد دی ہے :-

رد علیه الحافظ السیوطی فاحسن واجاد (۱)

حافظ سیوطی نے ان کی بہت بہتر اور نہایت عمدہ تردید کی۔

ایک اور موقعہ پر لکھا ہے :-

ذکر فیه اشیاء نفیسة و تحقیقات بدیعة واستدل علی المطلوب بکلام الائمة واحادیث واثار واحسن فیه غایة الاحسان وقد ادرجت غالب ما اورده فی اثناء ماتقدم من سیاق علی حسب المناسبة (۲)

سیوطی نے اس رسالہ میں نہایت عمدہ باتیں اور نادر تحقیقات پیش کی ہیں' اور مدعا کو احادیث و آثار اور ائمہ کے کلام سے ثابت کیا ہے جو بیان کیا ہے بڑی خوبی سے بیان کیا

---

(۱) ملاحظہ ہو اتحاف السادۃ المتقین ج ۹ ص ۴۴۴ کتاب التحدث بنعمۃ اللہ' ص ۱۸۷

(۲) اتحاف السادۃ المتقین ج ۹ ص ۴۵۶

ہے' میں نے اس کا اکثر حصہ حسب موقعہ گزشتہ اوراق میں نقل کر دیا ہے۔
آگے یہاں تک لکھ گئے ہیں :-

قلت جواب السیوطی رحمه الله تعالیٰ فی غایة التحریر والا تقان لو اطلع علیه المعترض لهدرت شقشقة(۱)

میں کہتا ہوں سیوطیؒ کا جواب پر زور و مدلل ہے' اگر معترض اس کو دیکھ لیتا تو اس کے منہ سے جھاگ نکل پڑتا۔

علامہ سیوطی کی اس تحریر میں ان کی منطق کی ابتدائی تحصیل کا بہت کچھ اثر نمایاں ہے' اس طرح سیوطی نے جب یہ فتویٰ دیا کہ نبی کریم ﷺ کی زیارت بحالت بیداری ممکن ہے (۲) اور حافظ سخاوی نے اس کی تردید کی اور ان کے قول کے خلاف فتویٰ دیا(۳) اور اس حد تک تجاوز کر گئے کہ اس کو ناممکن اور محال تک لکھا' سیوطی نے اس کی تردید میں جو شعر کہے ہیں وہ منطق و فلسفہ ہی کی زبان میں کہے ہیں' فرماتے ہیں

رؤیة الانبیا بعد الممات ادخلوها فی حیز الممکنات

بعد وفات انبیاء علیہم السلام کی زیارت (بحالت بیداری) کو ممکنات کے باب میں داخل کرو

قل من قال انه مستحیل اترك الخوض عنك فی الغمرات

---

(۱) ایضاً ص ۴۷۵

(۲) اس فتویٰ کا نام تنویر الحلک فی امکان رؤیۃ النبی والملک ہے یہ رسالہ الحاوی للفتاوی کے ساتھ اور علیحدہ بھی شائع ہو گیا ہے

(۳) اس فتویٰ کا نام الارشاد والموعظة لزاعم رؤیة النبی ﷺ بعد موته فی الیقظه ہے

جس شخص نے اس کو محال کہا ہے اس سے کہو کہ ایسی نازک اور دقیق بات میں غور و خوض کرنا چھوڑو۔

انت لا تعرف المحال ولا الممکن لا ما بالغیر او بالذات

کیونکہ تم نہ محال کو سمجھتے ہو اور نہ ممکن کو۔ نہ ممکن بالغیر سے واقف ہو اور نہ ممکن بالذات سے

فاحترز ان تزل زلة کفر و توقی مواقع الزلات

تم بچو' کہیں تمہاری لغزش کفر کی لغزش نہ ہو جائے۔ اور لغزش کے مقامات پر محتاط رہو۔

اس پر بھی علامہ سیوطی کا یہ فرمانا کہ اس فن کی تحصیل سے دین و دنیا کا کوئی فائدہ نہیں صداقت سے بعید ہے علم کلام اور اصول فقہ جو نہایت دقیق فن ہیں جن سے واقفیت کے بغیر کوئی شخص ماہر عالم نہیں ہو سکتا یہ فن منطق سے آگاہی کے بغیر سمجھ میں نہیں آتے' متاخرین علماء کی کتابیں مصطلحات منطق سے واقفیت کے بغیر کوئی شخص کیونکر سمجھ سکتا ہے' غالباً اس وجہ سے شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی جن کا مقام تفقہ' دقت نظر اور جامعیت میں علامہ سیوطی سے کم نہیں ہے اس دور میں منطق کو شرائط اجتہاد میں سے قرار دیا ہے' موصوف فتاویٰ عزیزی میں رقم طراز ہیں۔

"باجملہ اگر کسے ایں وقت اجتہاد خواہد چند چیز را خود لازم گیرد تا روئے رب العالمین مالک یوم الدین شرمندہ نشود۔ "اول جودت فہم و ملکہ تدقیق در استنباط از کتب عربیت و قواعد منطق و ضوابط فہم و تکمیل و تحصیل دریں کتب(۱)

---

(۱) ملاحظہ ہو مجموعہ فتاویٰ عزیزی' مطبع مجتبائی ۱۳۱۱ھ ص ۱۷۵

فی الجملہ اگر کوئی عالم اس وقت اجتہاد کرنا چاہے تو چند باتوں کا اپنے آپ کو پابند سمجھے تاکہ رب العالمین کے سامنے بروز قیامت شرمندہ نہ ہو۔ اول فہم و ادراک بہت اچھا ہو' مسائل کے استنباط میں ملکہ تامہ حاصل ہو' صرف و نحو اور قواعد منطق و ضوابط فہم سے متصف ہو نصاب کتب کی تحصیل و تکمیل کر چکا ہو۔

جامع شریعت و طریقت

علامہ سیوطی بلند پایہ مفسر' محدث' فقیہ' ادیب اور مورخ ہی نہ تھے بلکہ بہت بڑے صوفی اور صاحبِ حال بزرگ و زاہد بھی تھے' اللہ تعالیٰ نے انہیں شریعت و طریقت دونوں کا جامع بنایا تھا' انہوں نے اس کے ثبوت میں ایک رسالہ بھی لکھا ہے جس کا نام شعلۃ نار (شعلہ نار) ہے' حاجی خلیفہ المتوفی ۱۰۶۷ھ کشف الظنون عن اسامی الکتب والفنون میں لکھتے ہیں۔

شعلة نار حقق فيها قوله جمعت له الشريعة و الحقيقة (۱)

شعلہ نار میں موصوف نے اپنے اس قول کی کہ مجھے شریعت و حقیقت کا جامع بنایا گیا ہے ثبوت پیش کئے ہیں

علامہ کے مقامات عالیہ کا اندازہ اس سے ہو سکتا ہے کہ ان کو دربار رسالت میں حضوری کا مقام حاصل تھا' بحالت بیداری رسالت مآب ﷺ کی زیارت نصیب ہوتی تھی' یہ وہ مقام ہے جو اکابر اولیاء اللہ میں بھی شاذ و نادر ہی کسی کو نصیب ہوتا ہے' شیخ عبدالوہاب شعرانی کا بیان ہے کہ میں نے شیخ جلال الدین سیوطی کے ہاتھ کا لکھا ہوا

---

(۱) ملاحظہ ہو کشف الظنون جلد ۲ ک ۱۰۴۸

خط ان کے ایک شاگرد شیخ عبدالقادر شاذلی کے پاس دیکھا جو انہوں نے اپنے اس دوست کو لکھا تھا جس نے ان سے سلطان قایتبای سے کسی معاملہ میں سفارش کی درخواست کی تھی' اس میں علامہ موصوف نے اس بات کو نہایت وضاحت سے لکھا ہے۔

اعلم یا اخی (انني) قد اجتمعت برسول الله ﷺ الی وقتی هذا خمسا و سبعین مرة یقظة و مشافهة ولولا خوفی من احتجاجة ﷺ عنی بسبب دخولی للو لاة لطلعت القلعة و شفعت فیك عند السلطان وانی رجل من خدام حدیثة ﷺ واحتاج الیه فی تصحیح الاحادیث التی ضعفها المحدثون من طریقهم ولا شك ان نفع ذالك ارجح من نفعك انت یا اخی (۱)

میرے بھائی ! یہ بات تمہارے علم میں ہے کہ اس وقت تک مجھے بیداری میں پچھتر ۷۵ مرتبہ رسالت مآب ﷺ کی زیارت ہوئی۔ اور ہمکلامی کا شرف حاصل ہوا ہے اگر حکام کے یہاں حاضری پر مجھے رسول اللہ ﷺ کی طرف سے باز پرس کا اندیشہ نہ ہوتا تو میں قلعہ شاہی میں جاکر والیان امور سے تمہاری سفارش کرتا لیکن میں خادمان حدیث رسول اللہ ﷺ سے ہوں اور جن حدیثوں کو محدثین نے اپنے طریقہ سے ضعیف قرار دیا ہے ان کی تصحیح کے سلسلہ میں آنحضرت ﷺ کی طرف مجھے احتیاج ہے برادر من ! اس میں کوئی شک نہیں کہ اس کا فائدہ تمہارے فائدہ کے مقابلہ میں زیادہ اہمیت رکھتا ہے۔

اس سے معلوم ہوا کہ علامہ کی نظر میں جماعت کا فائدہ فرد کے فائدہ سے زیادہ اہم تھا غالباً اس وجہ سے مفتی غلام سرور لاہوری نے علامہ موصوف کا تذکرہ

---

(۱) المیزان الشعرانیہ طبع سوم ج ۱ ص ۳۸۔۳۹

پاور پوائنٹ نمبر ۸۔۱

خزینۃ الاصفیا میں نقل کیا ہے(۱)

شعر وشاعری

علامہ سیوطی کو شعر وسخن کا مذاق بھی تھا(۲) بہت سے اشعار ان سے یادگار ہیں' ان کے شعر بیشتر قواعد علمیہ پر مشتمل ہیں' مورخ غزی کا بیان ہے۔

وله شعر كثير و اكثره متوسط وجيده كثير و غالبه فى الفوائد العلمية والا حكام الشرعية (۳)

ان کے شعر بہت ہیں اکثر متوسط درجہ کے ہیں اور عمدہ شعر بھی کچھ کم نہیں ہیں' زیادہ شعروں میں موصوف نے فوائد علمیہ اور احکام شرعیہ نظم کئے ہیں۔

فن شعر وسخن میں بھی ان کو دعویٰ ہے کہ جس کا اظہار اپنی تالیفات میں کیا ہے مثلاً شیخ تقی الدین شمنی حنفی کی وفات پر جو قصیدے کہے ہیں اس کے متعلق بغیۃ الوعاۃ میں لکھتے ہیں

وهى من غرر القصائد التى لا نظير لها (٤)

یہ قصیدہ ان شاندار قصیدوں میں سے ہے جس کی نظیر نہیں۔

---

(۱) ملاحظہ ہو خزینۃ الاصفیاء طبع نولکشور کانپور ۱۹۱۴ھ ج ۲ ص ۳۲۷

(۲) حافظ سخاوی کا بیان ہے کہ اس فن میں موصوف نے شہاب الدین احمد بن محمد منصوری شافعی المتوفی ۸۸۷ھ وغیرہ سے مشق سخن کی ہے لیکن نظم العقیان میں علامہ موصوف نے شاعر عصر شہاب الدین منصوری کا تذکرہ کیا ہے' اور نمونہ کلام بھی کئی صفحات میں نقل کیا ہے مگر نسبت تلمذ کی طرف اشارہ تک نہیں کیا ہے۔

(۳) الکواکب السائرہ ترجمہ سیوطی

(۴) بغیۃ الوعاۃ فی طبقات اللغویین والنحاۃ طبع قاہرہ ۱۳۲۶ھ ص ۱۶۵

بہت سے ارجوزے (منظومے) الحاوی للفتاوی میں منقول ہیں، جن میں سے بعض بہت خوب ہیں 'الاتقان' تاریخ الخلفاء 'الاشباہ والنظائر میں بھی کہیں کہیں ان کی شاعری کے نمونے مل جاتے ہیں جن سے معلوم ہوتا ہے کہ ان کو شعر کہنے میں خوب ملکہ حاصل تھا۔

معاصرانہ چشمک

حافظ سیوطی اور شمس الدین سخاوی کے تعلقات ابتدا میں نہایت خوشگوار تھے مگر بعد میں کسی بات پر رنجش ہو گئی اور ۸۷۷ھ میں یہاں تک نوبت پہنچ گئی کہ جامع شیخونیہ میں قاضی عیاض کی کتاب الشفا فی حقوق المصطفیٰ جب علامہ سیوطی کے حلقہ درس میں ختم ہوئی(۱) اور قاری کتاب برہان الدین نعمانی نے خاتمہ کتاب کی عبارت "ویخصنا بخصیصی زموۃ بنینا و جماعتۃ" میں بخصیصی کو بیائے ساکنہ سے پڑھا تو علامہ موصوف نے ٹوکا کہ الف مقصورہ سے پڑھو' یہاں مقصورہ ہے الف ممدودہ کے ساتھ اس کا استعمال شاذ ہے' اس مجلس میں علامہ سیوطی کے شیخ علامہ کافیجی بھی موجود تھے انہوں نے بھی علامہ سیوطی کی تائید کی' برہان الدین نعمانی نے عرض کی یہاں دونوں طرح درست ہے' علامہ سیوطی نے فرمایا اس مقام پر صرف ایک ہی وجہ درست اور صحیح ہے' برہان نعمانی نے صورت واقعہ لکھ کر شیخ امین الدین اقصرائی' شیخ زین الدین قاسم بن قطلوبغا حنفی' شیخ سراج الدین عبادی' حافظ فخر الدین دیمی اور حافظ سخاویؒ جیسے فضلا کے پاس بھیجی' تو انہوں نے برہان نعمانی کی تصویب کی' برہان نے یہ تحریر اپنے استاد علامہ سیوطی کو دکھائی' انہوں نے سیبویہ سے لیکر

---

(۱) واضح رہے اس وقت علامہ سیوطی کی عمر ۳۸ سال کی تھی

روز آبادی تک تمام ائمہ لغت وادب کی کتابوں سے اس کا جواب لکھ کر (حافظ سخاوی کے علاوہ کیونکہ ان سے انہیں رجوع کی امید نہ تھی) مذکورۂ بالا علماء میں سے ہر ایک کے پاس بھیجا' انہوں نے اس سے اتفاق کیا' اور علامہ موصوف کے بیان کو صحیح تسلیم کیا' مگر برہان نعمانی پھر حافظ سخاوی کے پاس پہنچا انہوں نے اس کی تائید میں بہت کچھ لکھا جس کا خلاصہ یہ ہے کہ تخصیصی کو یائے ساکنہ سے پڑھنا بھی درست ہے علامہ سیوطی نے حافظ سخاوی کی یہ تحریر دیکھ کر فرمایا جس کا مبلغ علم یہ ہو وہ تردید سے مستغنی ہے (۱) حافظ سخاوی کی یہ تحریر ان کے فتاوی حدیثیہ میں موجود ہے' علامہ خفاجی حنفی جو متاخرین علماء میں لغت وادب کے امام مانے جاتے ہیں ان کے پیش نظر علامہ سیوطی اور حافظ سخاوی دونوں کی تحریریں ہیں انہوں نے اس بحث میں حافظ سخاوی کو غلطی پر بتایا ہے (۲)

حافظ برہان الدین ابراہیم بقاعی المتوفی ۸۸۵ھ مسند وقت محمد بن عبد المنعم جوجری شافعی المتوفی ۸۸۹ھ قاضی ابو الوفاء ابراہیم بن عبد الرحمن کرکی المتوفی ۹۲۲ھ اور حافظ سخاوی وغیرہ بہت سے معاصرین سے' علامہ سیوطی کا علمی اختلاف اور معاصرانہ چشمک رہی' لیکن حافظ سیوطی اور حافظ سخاوی کی چشمک انتہا کو پہنچ گئی تھی' چنانچہ ایک دوسرے پر طنز اور ناروا حملے آج بھی کتابوں میں محفوظ ہیں' علامہ سیوطی کے مندرجہ ذیل دو مشہور شعر اسی دور کی یادگار ہیں۔

---

(۱) تفصیل کے لئے دیکھو (الویۃ النصر فی خصیصی بالقصر' یہ رسالہ بھی الحاوی للفتاوی ج ۲ ص ۲۸۰ میں ہے

(۲) نسیم الریاض شرح شفاء القاضی عیاض' طبع آستانہ ۱۳۱۵ھ ج ۴ ص ۶۳۱ و ۱۲۲

قل للسخاوی ان تعروك مشكلة علمی كبحر من الامواج ملتهم

تو سخاوی سے کہہ دے کہ اگر کوئی (علمی) مشکل پیش آئے۔ تو میرا علم ٹھاٹھیں مارتے ہوئے سمندر کی طرح ہے

والحافظ الديمی غيث الغمام فخذ غرفا من البحر او شفا من الديم (۱)

اور حافظ دیمی (علم کا) موسلا دھار ابر باراں ہے' تم ایک چلو سمندر سے لے لو یا لگاتار بارش سے کام دو ہن کو تر کرو

اور مقامہ سندسیہ میں لکھتے ہیں :-

ان عزان يبلغ البحر الخضم روی يالیتة يستقی من وابل الديم (۲)

---

(۱) ملاحظہ ہو مقامات السیوطی طبع الجوائب ۱۲۹۸ھ ص ۹۶ نیز النور السافر عن اخبار القرن العاشر ص ۵۶ و ۵۷ اور تاج العروس مادہ دوم

(۲) ایضاً کتاب مذکور ص ۹۳ یہاں یہ بات یاد رکھنے کے قابل ہے کہ تینوں علماء حافظ سخاوی' حافظ دیمی اور حافظ سیوطی جامعیت اور ہمہ دانی کے باوجود علوم حدیث میں ایک دوسرے سے ممتاز تھے' کسی بالغ نظر محقق عالم نے ان ارباب کمال میں نہایت منصفانہ محاکمہ کیا ہے' اور وہ ہدیہ ناظرین ہے۔

ان كلا من الثلثة كانا فردًافي فنه مع المشاركة في غيره فالسخاوی تفرد بمعرفة علل الحديث و الديمی باسماء الرجال والسيوطی بحفظ المتون (النور السافر ص ۵۷)

بلاشبہ یہ تینوں عالم تبحر علمی کے باوجود اپنے اپنے فن میں یکتائے زمانہ تھے' سخاوی علل حدیث کی معرفت میں یگانہ تھے' حافظ دیمی اسماء رجال میں ماہر تھے' اور سیوطی حفظ متون میں اپنا ثانی نہ رکھتے تھے۔

اگر بڑے سمندر تک پہنچ کر اس کے لئے سیرابی دشوار تھی تو کاش وہ موٹی موٹی بوندوں والے ابر باراں سے سیرابی حاصل کر لیتا۔

بعض تذکرہ نگاروں نے اس رنجش کو منافست اور رشک قرار دیا ہے' قاضی محمد بن علی شوکانی المتوفی ۱۲۵۰ھ نے شیخ ابوبکر ابراہیم بقاعی المتوفی ۸۸۵ھ کے تذکرہ میں جن سے علامہ سخاوی کو رنجش تھی لکھا ہے :-

هذا من كلام الاقران في بعضهم لبعض بما يخالف الإنصاف لما يجري بينهم من المنافسات تارة على العلم و تارة على الدنيا وكان المترحم له منحرفاً عن السخاوي و السخاوي منحرفاً عنه و جرى بينهما من المناقضة والمراسلة والمخالفة ما يوجب عدل قبول احدهما على الاخر(۱)

معاصرین کی باہمی منافست کی وجہ سے جس کا باعث کبھی علم اور کبھی دنیا ہوتی ہے ایک دوسرے کے خلاف غیر منصفانہ باتیں کر گزرتے ہیں صاحب تذکرہ اور حافظ سخاوی میں اسی قسم کی منافست تھی دونوں ایک دوسرے سے برگشتہ تھے ان کے مابین مراسلت' مخالفت اور ایک دوسرے پر اعتراض کی گرم بازاری رہی ہے جس نے ایک کی بات دوسرے کے حق میں ناقابل قبول بنا دی ہے۔

شیخ محمد زاہد کوثری نے اس کا سبب علامہ سیوطی کے بلند بانگ دعوے کو قرار دیا ہے' فرماتے ہیں۔

ما ذنب السخاوي اليه الاقلة صبره ازاء الدعاوي العريضة (۲)

---

(۱) البدر الطالع بمحاسن من بعد القرن السابع' طبع قاہرہ ۱۳۴۸ھ ج ۱ ص ۲۰

(۲) ذیول تذکرۃ الحفاظ (مقدمہ ص ۸)

سخاوی کا اس کے سوا کوئی جرم نہیں کہ وہ سیوطی کے بلند بانگ دعووں پر ضبط نہ کر سکے

حافظ العصر سید انور شاہ کشمیری المتوفی ۱۳۵۲ھ نے حافظ سیوطی کے طبعی تشدد کو اس کا سبب بتایا ہے چنانچہ فیض الباری میں مذکور ہے۔

وکان متشدد دافی الکلام علی بعض معاصریه ممن له شان (۱)

سیوطی بلند پایہ معاصرین پر کلام کرنے میں بہت متشدد تھے۔

حقیقت یہ ہے کہ حافظ سخاویؒ معاصرین کے کمالات کے اعتراف میں فیاض نہیں تھے اور یہ بات انہوں نے اپنے استاد حافظ ابن حجر عسقلانی سے ورثہ میں پائی تھی چنانچہ انہوں نے الضوء اللامع میں اپنے اساتذہ اور تلامذہ کے علاوہ کسی معاصر کا تذکرہ اچھے الفاظ میں نہیں کیا ہے' سب کو ان سے اس بات کا گلہ و شکوہ ہے' مؤرخ مصر ابن ایاس المتوفی ۹۳۰ھ بدائع الزہور فی وقائع الدہور میں لکھتے ہیں :-

کان الحافظ شمس الدین السخاوی عالما فاضلا بارعاً فی الحدیث والتاریخ والف تاریخه' فیه اشیاء کثیرة من المساوی فی حق الناس (۲)

حافظ شمس الدین سخاوی عالم' فاضل اور حدیث و تاریخ میں ماہر تھے انہوں نے ایک تاریخ مرتب کی ہے جس میں لوگوں کی بڑی برائیاں کی ہیں۔

قاضی محمد بن علی شوکانی کا بیان ہے۔

والسخاویؒ وان کان اماماً غیر مدفوع لکنه کثیر التحامل علی اکابر اقرانه کما یعرف ذلك من طالع کتابه (الضوء اللامع)

---

(۱) فیض الباری طبع قاہرہ ۱۹۳۸ء ج ۱ ص ۲۰۴

(۲) بدائع الزہور ج ۳ ص ۳۲۱

فانه لا يقيم لهم وزنا لا يسلم غالبهم من الحط منه عليه وانما يعظم شيوخه و تلامذته(۱)

سخاویؒ اگرچہ بالاتفاق امام تھے، لیکن وہ اپنے اکابر معاصرین سے بہت تعصب رکھتے تھے جو ان کی کتاب الضوء اللامع کا مطالعہ کرے گا اس کو اس کا اندازہ ہو جائے گا کیونکہ وہ ان کے مرتبہ کا لحاظ نہیں رکھتے بلکہ ان میں سے اکثر سخاوی کی منقصت سے نہیں بچ سکے ہیں، یہ صرف اپنے اساتذہ اور تلامذہ کا تذکرہ عظمت سے کرتے ہیں

علامہ شوکانی، شیخ ابو العباس احمد المقریزی المتوفی ۸۴۵ھ کے تذکرہ میں لکھتے ہیں۔

مولفاته تشهد له بذالك وان ححده السخاوى فذالك دابه فى غالب اعيان معاصرية (۲)

مقریزی کی تالیفات ان کی جلالت علمی کی شاہد ہیں اگرچہ سخاوی کو اس امر سے انکار ہے، ان کا اکثر تا مور معاصرین کی معاملہ میں یہی طرز عمل ہے۔

قاضی شوکانی، سبط ابن حجر شیخ یوسف بن شاہین المتوفی ۸۹۹ھ کے حالات میں رقم طراز ہیں :-

اما السخاوى فى الضوء اللامع فحرى على قاعدته المالوفة فى معاصريه واقرانه فترحم صاحب الترجمة بما هو محض السباب والا نتقاض لا بسبب يوجب ذلك بل لمجرد كونه كان يعترض على جده الحافظ ابن حجر او يغلط فى بعض الاحوال كما هو شأن البشر (۳)

لیکن سخاوی الضوء اللامع میں معاصرین کے معاملہ میں اپنے مالوف پسندیدہ طریقہ پر

---

(۱) البدر الطالع ج ۱ ص ۳۴۴

(۲) ایضاً ج ۱ ص ۸۱

(۳) البدر الطالع ج ۲ ص ۳۵۵

عمل پیرا رہے' چنانچہ صاحب تذکرہ کے حالات میں بجز مخالفت اور برا بھلا کہنے کے اور کچھ نہیں کیا' یہ کسی ناگزیر سبب سے ایسا نہیں کیا بلکہ جرم یہ تھا کہ وہ اپنے دادا حافظ ابن حجر پر بھی اعتراض کرتے تھے یا اگر بتقاضائے بشریت ان سے کوئی غلطی ہو گئی ہے تو اس کی گرفت کرتے تھے۔

محدث شوکانی نے شیخ محمد بن خیضری کے تذکرہ میں لکھا ہے :-

وقد ترجمة السخاوی ترجمة طویلة کلها سب وشتم کعادته فی اقرانه (۱)

سخاوی نے ان کا لمبا تذکرہ کیا ہے مگر معاصرین کے معاملہ میں ان کی عادت کے مطابق تمام تر سب و شتم ہے۔

اور علامہ سخاوی کے تذکرہ میں ایک موقعہ پر بڑی حسرت سے فرماتے ہیں :-

ولیت ان صاحب الترجمة صان ذلك الکتاب عن الوقیعة فی اکابر العلماء من اقرانه (۲)

کاش صاحب تذکرہ نے اپنی کتاب کو اپنے ہمسر اکابر علماء کی عیب چینی سے محفوظ رکھا ہوتا۔

اس کے برعکس علامہ سیوطی اس سے بلند تھے' حافظ بقاعی سے سیوطی اور سخاوی دونوں کی چشمک رہی ہے اور دونوں نے اپنی کتابوں میں ان کا تذکرہ کیا ہے' الضوء اللامع (۳) اور نظم العقیان فی اعیان الاعیان (۴) پڑھ لئے جائیں تو دونوں کی

---

(۱) الضاح ج ۲ ص ۲۴۴

(۲) الضاح ج ۲ ص ۱۸۷

(۳) الضوء اللامع لاہل القرن التاسع ج ۱ ص ۱۰۱ تا ۱۱۱

(۴) نظم العقیان ص ۲۳۔۲۴

طبعیت کا اندازہ ہو جائے گا شمس الدین سخاوی نے حسب عادت الضوء اللامع میں علامہ سیوطیؒ کی آبروریزی میں کوئی کسر نہیں چھوڑی ہے کم وبیش یہی معاملہ دوسروں کے ساتھ بھی روا رکھا ہے' اس لئے سیوطی نے بھی ان کے خلاف ایک مقامہ الکاوی علی دماغ السخاوی لکھا' جس میں "جزاء سیئة سیئة بمثلها" پر پورا پورا عمل کیا ہے' اور سخاوی نے معاصرین کے معاملہ میں جو زیادتیاں کی ہیں' سیوطی نے اس کا پورا بدلہ لیا۔

لیکن علامہ سیوطی نے حافظ سخاوی کے خلاف جو کچھ لکھا ہے اس کا تعلق دائرہ قلم تک محدود ہے' ان کا قلب رشک وحسد سے پاک تھا' ان کے دل میں حافظ سخاوی کی طرف سے کوئی میل نہیں تھا' اس حقیقت کا انکشاف شیخ عبدالوہاب شعرانی کے بیان سے ہو سکتا ہے' وہ فرماتے ہیں۔

من سامح الناس استحق من فضل الله المسامحة من الله يوم القيمة فليظن العبد بالله خيرا ولا يتوقف على تجربة الله فانه نقص فى الدين الا ان يكون ذلك لغرض شرعى كان يمتنع من مسامحة خصمه ليقح فى عينه الوقوع فى غيبة الناس و نحو ذلك كما كان عليه الشيخ جلال الدين السيوطىؒ و صنف فى ذالك كتابا سماه تاخير الظلامة الى يوم القيمة لكن أخبرنى الشيخ امين الدين الامام بجامع الغمّرى انه سمع الشيخ جلال الدين وهو محتضر أشهد واعلى اننى سامحت جميع من وقع فى عرضى من بلغنى الخبر عنهم انما اظهرت لهم عدم المسامحة زجرالهم عن الوقوع فى اعراض العلماء (۱)

(۱) ملاحظہ ہو لواقح الانوار القدسیہ فی بیان العہود والمحمدیہ طبع مصر ۱۳۸۱ھ ص ۵۵۴۔۵۵۵

حدیث میں آیا ہے کہ جس نے لوگوں کے ساتھ درگزر سے کام لیا' وہ اللہ تعالیٰ کے فضل سے قیامت کے دن خدا کی طرف سے درگزر و معافی کا مستحق ہوگا' اس لئے بندہ کو اللہ تعالیٰ کے تجربہ پر موقوف نہیں رہنا چاہیئے' یہ دین میں نقص و کوتاہی ہے لیکن اگر کوئی دینی مصلحت پیش نظر ہو تو پھر مسامحت کی ضرورت نہیں' تاکہ اس کی نظر میں لوگوں کی غیبت وغیرہ کی قباحت عیاں ہو جائے جیسا کہ شیخ جلال الدین سیوطی کا طریقہ تھا انہوں نے اس موضوع پر ایک کتاب لکھی ہے جس کا نام "تاخیر الظلامه الی یوم القیامه" ہے۔

مجھ سے امین الدین امام جامع غمری نے بیان کیا کہ انہوں نے شیخ جلال الدین سیوطی کو ان کے انتقال کے وقت یہ کہتے ہوئے سنا تھا کہ تم لوگ اس پر گواہ رہنا کہ میں نے تمام ایسے لوگوں کو معاف کیا جنہوں نے میری آبروریزی کی جب مجھے ان مذموم حرکت کی خبر ملی تو میں نے ان سے ناراضگی اور بیزاری کا اظہار محض تنبیہ کی غرض سے کیا تھا' تاکہ وہ علما کی آبروریزی سے باز رہیں۔

اور یہی محدث شعرانی المتوفی ۹۷۳ھ نے لواقح الانوار القدسیہ میں نقل کیا ہے:-

حکی لی الاخ الصالح الشیخ شبیب خطیب جامع الازهر قال دخلت علی الشیخ جلال الدین السیوطی وهو محتضر فقلت رجله وسألت الصفح عمن کان آذاه من الفقهاء فقال ! یا اخی قد سامحتهم من حین وقعوافی حقی وانما اظهرت لهم التشویش والعداوة بسبب ذلك و صنفت کو اریسُ فی الرد علیهم لئلا یجرؤاعلی أعراض غیری من الناس' فقال الشیخ شعیب وهذا اهو کان الظن بکم (لواقح الانوار القدسیه ص ۴۱۷)

مجھ سے برادر صالح خطیب جامع ازہر شیخ شعیبؒ نے بیان کیا کہ میں شیخ جلال الدین سیوطی کے انتقال کے موقع پر ان کی خدمت میں حاضر ہوا اور ان کے پاؤں کو بوسہ دیکر درخواست کی کہ جن فقہا نے شیخ کو ستایا ہے ان سے درگزر فرمائیں' انہوں نے جواب دیا کہ میں تو اسی وقت سے انہیں معاف کر چکا جس وقت سے انہوں نے میری آبروریزی کی' میں نے عداوت اور تشویش کا اظہار اس وجہ سے کیا تھا کہ وہ آئندہ ایسی حرکتوں سے باز رہیں اور اس غرض سے تین کرا سے لکھے کہ وہ میرے سوا اور لوگوں کی آبروریزی کی جرأت نہ کریں یہ سن کر شیخ شعیب نے کہا آپ سے یہی توقع تھی۔

علامہ سیوطی علامہ قسطلانی سے بھی بعض باتوں پر کبیدہ خاطر تھے سیوطی جس زمانہ میں روضۃ المقیاس میں گوشہ نشین تھے علامہ قسطلانی نے ان کے مکان پر آکر دستک دی انہوں نے پوچھا کون ؟ جواب دیا' قسطلانی' قاہرہ سے برہنہ سر اور برہنہ پا آیا ہے تاکہ آپ کا دل میری طرف سے صاف ہو جائے یہ سننے کے بعد علامہ موصوف نے نہ دروازہ کھولا اور نہ ان سے ملاقات کی اندر ہی سے کہا کہ میرے دل میں تمہاری طرف سے کوئی میل نہیں ہے یہ واقعہ مؤرخ عیدروسی اور حاجی خلیفہ دونوں نے نقل کیا ہے(۱)

شیخ عبدالوہاب شعرانی کی نقل کردہ تصریحات کے پیش نظر علامہ سیوطی جیسے جامع شریعت وطریقت بزرگ کے قلم سے الکاوی جیسے سخت رسالہ کے نکلنے کی حقیقت بھی واضح ہو جاتی ہے جس پر انور شاہ کشمیری کو بھی تعجب تھا' فیض الباری میں مذکور ہے۔

---

(۱) النور السافر عن اخبار القرن العاشر مطبعۃ الفرات بغداد' ۱۳۵۳ھ ص ۱۱۵ اور کشف الظنون ج ۲ ک ۱۸۹۷

السیوطی انه زار النبی ﷺ اثنی و عشرین مرة فی الیقظة و مع ذلك رد علی السخاوی واغلظ له فی الکلام والف رسالة سماها الکاوی علی راس السخاوی مع ان السخاوی کان اعلم منه (۱)

شیخ سیوطی کو حالت بیداری رسالت مآب ﷺ کی زیارت بائیس مرتبہ نصیب ہوئی اس مرتبہ پر ممتاز ہونے کے باوجود انہوں نے سخاوی کی تردید کی اور ان کے بارے میں سخت باتیں کہیں' اور ان کے خلاف ایک رسالہ بھی مرتب کیا جس کا نام الکاوی علی راس (ماغ) السخاوی ہے' حالانکہ سخاوی ان سے زیادہ متقن اور پختہ عالم تھے۔

علامہ سیوطی کی دیگر اکابر معاصرین سے بھی علمی معرکہ آرائیاں رہی ہیں مگر وہ بھی دائرہ قلم تک محدود ہیں۔

اجتہاد کا دعویٰ

علامہ سیوطی نے علوم سبعہ میں تبحر کا جو دعویٰ کیا تھا اس کو اپنی تالیفات سے ثابت کر دکھایا مگر جب انہوں نے اجتہاد کا دعویٰ کیا اور کہا :-

---

(۱) فیض الباری' طبع قاہرہ ج ۴ ص ۳۶۶۔ ہم نے اعلم منہ کا ترجمہ اتقن منہ سے کیا ہے اور غالباً یہی شاہ صاحب کی مراد ہے کیونکہ یہ فن علل حدیث میں علامہ سیوطی سے زیادہ متقن اور پختہ عالم تھے ظاہر ہے حافظ سخاوی کے موضوع تحقیق محدود ہیں' وہ حدیث' فقہ' تاریخ و تذکرہ کے علاوہ دوسرے فنون میں قدم نہیں رکھتے اس کے برعکس علامہ سیوطی کے موضوع تحقیق زیادہ ہیں' بایں ہمہ وہ علمی اعتبار سے حافظ سخاوی سے کسی میدان میں پیچھے نہیں رہتے وسعت نظر میں شمس الدین سخاوی کا تو ذکر ہی کیا ہے' وہ حافظ سخاوی کے شیخ حافظ ابن حجر عسقلانی سے بھی زیادہ وسیع النظر عالم ہیں' جیسا کہ گزر چکا

رسالتمآب ﷺ کی زیارت کی صحیح تعداد اوپر گزر چکی ہے

قد اقامنا الله فی منصب الاجتهاد لنبین للناس ما اذی الیه اجتهادنا تجدیدا للدین (۱)

اللہ تعالیٰ نے ہم کو اجتہاد کے منصب پر ممتاز کیا تاکہ ہم تجدید دین کی خاطر لوگوں کو وہ باتیں بتائیں جن کی طرف ہمارے اجتہاد نے رہنمائی کی ہے۔

تو بڑا ہنگامہ ہوا اور علما نے اس دعویٰ کے ثبوت میں دلائل کا مطالبہ کیا انہوں نے خاموشی اختیار کی، شیخ عبدالرؤف مناوی المتوفی ۱۰۳۱ھ لکھتے ہیں

حیث تدعی الاجتهاد فعلیك الاثبات لیکون الجواب علی قدر الدعویٰ فتکون صاحب مذهب خامس فلم یجبهم (۲)

آپ نے جب اجتہاد کا دعویٰ کیا ہے تو آپ کو اس کا ثبوت بھی پیش کرنا چاہئے تاکہ جواب دعوے کے مطابق ہو سکے اور آپ بھی پانچویں مذہب کے بانی بن جائیں مگر انہوں نے ان کو جواب نہیں دیا۔

یہ مسئلہ ایسا نہ تھا جو سکوت اختیار کرنے سے دب جاتا اس لئے بڑا ہنگامہ ہوا شیخ عبدالرؤف مناوی کا بیان ہے :-

وقد قامت علیه فی زمنه بذلك القیامة ولم تسلم له فی عصره (۳)

اور اس دعوے کی وجہ سے اس زمانہ میں ان کے خلاف قیامت برپا ہو گئی تھی اور کسی نے اس دعوے کو ان کے زمانہ میں تسلیم نہیں کیا۔

علامہ سیوطی کے بیان کے مطابق جیسا کہ آگے آئے گا ہنگامہ کا سبب حاسدوں کا یہ مشہور کرنا تھا کہ ان کو مجتہد مطلق ہونے کا دعویٰ ہے، جو خلاف واقعہ ہے

---

(۱) ملاحظہ ہو فیض القدیر شرح مع الصغیر طبع قاہرہ ۱۹۳۸ء ج ۱ ص ۱۱

(۲و۳) فیض القدیر شرح جامع الصغیر طبع قاہرہ ۱۹۳۸ء ج ۱ ص ۱۱

اس سے عوام و خواص سب ان سے برہم ہو گئے لیکن حاسدوں کا ایسا سمجھنا کچھ بجا نہیں' ایک موقعہ پر خود علامہ سیوطی نے فرمایا ہے۔

لما بلغت الی مرتبة الاجتهاد المطلق لم اخرج فی الافتاء من مذهب الشافعی (۱)

جب میں اجتہاد مطلق کے مرتبہ پر پہنچا تو افتاء میں مذہب شافعیؒ سے باہر نہیں گیا

اس عبارت سے یہی سمجھا جائے گا کہ وہ اجتہاد مطلق کے منصب پر فائز تھے البتہ اگر اس عبارت میں لفظ المطلق کے بعد المنتسب کی قید کو محذوف مانا جائے تو سیوطی کا مدعا ثابت ہو سکتا ہے کہ المجتهد المطلق سے مراد المجتهد المطلق المنتسب ہے' شہرت کی وجہ سے المنتسب کی قید کا ذکر نہیں کیا بعد کی عبارت میں اس کا قرینہ بھی ہے ائمہ اربعہ کے بعد امت مسلمہ نے کسی مجتہد کو بھی مجتہد مطلق تسلیم نہیں کیا' جتنے بھی مجتہد ہوئے سب مجتہد منتسب تھے' اس لئے علامہ بھی مجتہد منتسب تھے' چنانچہ انہوں نے بھی اس اعتراض کا یہی جواب دیا ہے' شیخ عبدالوہاب شعرانی فرماتے ہیں :-

"اس طرح کی بات حاسدوں نے شیخ جلال الدین سیوطی کی نسبت بھی مشہور کی حالانکہ شیخ موصوف نے مجتہد منتسب ہونے کا دعویٰ کیا تھا کیونکہ اجتہاد کی دو قسمیں ہیں' اجتہاد مطلق مستقل' جس طرح ائمہ اربعہ مجتہد مطلق تھے ائمہ اربعہ کے بعد ابن جریر طبری کے سوا کسی نے اس کا دعویٰ نہیں کیا ابن جریر کو بھی مجتہد مطلق تسلیم نہیں کیا گیا اجتہاد مطلق منتسب پر مزنی' قفال' شیخ ابو محمد جوینی' شیخ تقی الدین بن دقیق العید اور ان کے درجہ کے دوسرے فقہاءؒ فائز تھے' یہ سب علماء مجتہد منتسب تھے

---

(۱) ذیل الطبقات للشعرانی بحوالہ مقدمہ علامہ محمد زاہد کوثری بر ذیول تذکرۃ الحفاظ طبع دمشق ۱۳۴۷ھ ص ۸

مجتہد مستقل نہ تھے میں نے شیخ جلال الدین سیوطی کے قلم سے ایسا ہی لکھا ہوا دیکھا ہے ان کا بیان ہے کہ میں نے مجتہد مطلق منتسب ہونے کا دعویٰ کیا تھا حاسدوں کو میرے متعلق یہ گمان ہوا کہ میں نے مجتہد مستقل ہونے کا دعویٰ کیا تھا"(۱)

مذکورہ بالا تصریح کے بعد مجتہد مطلق مستقل ہونے کی بحث ختم ہو جاتی ہے لیکن علامہ موصوف کا یہ دعویٰ بھی معمولی دعویٰ نہیں تھا مجتہد منتسب کا مقام بھی بہت اونچا ہے اور واقعات اس کے شاہد ہیں کہ فقہاء کے نزدک ان کو مجتہد فی الفتوی کا مقام بھی حاصل نہیں تھا اس لئے علامہ سیوطی مجتہد منتسب کے دعوی میں بھی ناکام رہے اور علماء نے اس کو تسلیم نہیں کیا اور اس کے ثبوت کے لئے انہیں مناظرہ کی دعوت دی جس کو یہ کہہ کر ٹال دیا کہ انا لا اناظر الا من هو مجتهد مثلي (میں اس شخص سے مناظرہ کرونگا جو میرے جیسا مجتہد ہو) اور اس زمانہ میں ان کے گمان میں ان کے جیسا کوئی مجتہد نہیں تھا لہذا مناظرہ بھی نہیں ہو سکتا تھا ان کا گریز دیکھ کر علماء نے چند ایسے مسائل جن کو ائمہ فقہاء نے راجح اور مرجوح کرنے کا فیصلہ کئے بغیر مطلق بیان کیا تھا ان کے پاس بھیجے کہ وہ راجح اور مرجوح کو دلیل سے ثابت کردیں مگر علامہ سیوطی نے مصروفیت کا عذر کیا' حافظ ابن حجر ہیتمی مکی المتوفی ۹۷۳ھ کا بیان ہے :-

لما ادعى الجلال ذلك قام عليه معاصروه ورموه عن قوس واحد و كتبوا له سوألا فيه مسائل اطلق الاصحاب فيها وجهين و طلبوا منه ان كان عنده ادنى مراتب الاجتهاد وهو اجتهاد الفتوى فليتكلم على الراجح من تلك الأ وجه بدليل

---

(۱) ملاحظہ ہو لطائف المنن والا خلاق فی بیان وجوب التحدث بنعمة الله علی الاطلاق' طبع مصر ۱۲۸۸ھ ص ۱۵۶

علی قواعد المجتهدین فرد السوال من غیر کتابة علیه واعتذر بان له اشتغالا یمنعه من النظر فی ذالك (۱)

جب شیخ جلال الدین نے اجتہاد کا دعویٰ کیا تو ان کے معاصرین ان کے خلاف اٹھ کھڑے ہوئے اور سب نے ایک ہی کمان سے ان پر تیر پھینکے اور انہیں ایک سوال نامہ لکھ کر بھیجا جس میں ایسے مسائل کا ذکر تھا جن میں راجح مرجوح ہر دو وجہ کو مجتہدین نے مطلق چھوڑ دیا تھا اور ان سے یہ مطالبہ کیا گیا تھا کہ اگر ان کو مراتب اجتہاد میں سے ادنی مرتبہ بھی حاصل ہو جو کہ مجتہد فی الفتوی کا منصب ہے تو انہیں مجتہدین کے قواعد واصول کے مطابق ان مسائل کی وجوہ مختلفہ پر بحث کر کے وجہ راجح کو بتا دینا چاہئیے مگر انہوں نے جواب کے بغیر ہی سوال واپس کر دیا اور عذر یہ پیش کیا کہ وہ ایسے امور میں مشغول ہیں جو ان مسائل پر غور کرنے سے مانع ہیں۔

اس سے معلوم ہوتا ہے کہ امام سیوطی مجتہد فی الفتوی کا منصب جو اجتہاد کا ادنی مرتبہ ہے' ثابت کرنے سے قاصر رہے' اس پر شیخ شہاب الدین ابو العباس رملی شافعی المتوفی ۱۰۰۴ھ کا تبصرہ پڑھنے کے لائق ہے' وہ فرماتے ہیں :-

فتأمل صعوبة هذه المرتبة اعنی اجتهاد الفتوی الذی هو ادنی مراتب الا جتهاد و یظهرلك ان مدعیها فضلا عن مدعی الاجتهاد المطلق فی حیرة من امره وفساد فی فکره وانه ممن رکب متن عمیاء و خبط خبط عشوا (۲)

---

(۱) ملاحظہ ہو فیض القدیر ج ۱ ص ۱۱

(۲) فیض القدیر ج ۱ ص ۱۱

تم اس مرتبہ کی دشواری پر غور کرو یعنی اجتہاد فتویٰ پر جو اجتہاد کا ادنیٰ مرتبہ ہے تو تم پر ظاہر ہو جائے گا کہ اس کا مدعی اس میں بھی حیرت میں رہے اس کا فکر بھی درست نہیں اجتہاد مطلق کا تو ذکر ہی کیا سیوطی ان لوگوں میں سے ہیں جو اندھی اونٹنی کی پشت پر سوار ہوئے اور اس کی طرح بے راہ چلے۔

بعض قرائن سے معلوم ہوتا ہے کہ جب سوالات کا مطالبہ زیادہ زور پکڑ گیا تو علامہ سیوطی کو چار و ناچار بعض سوالات کا جواب لکھنا پڑا' یہ جوابات بھی ان کے اجتہاد کا نتیجہ نہیں' بلکہ وہی جوابات تھے جو علماء پہلے دے چکے تھے شیخ عبدالرؤف مناوی اپنے شیخ شمس الدین رملیؒ کے حوالہ سے فیض القدیر میں ناقل ہیں۔

"فقیہ دوراں اور دسویں صدی ہجری کے شیخ افتاء و تدریس ہمارے شیخ شمس الدین رملی نے اپنے والد شیخ الاسلام ابو العباس رملی سے نقل کیا ہے کہ ان کو ان اٹھارہ فقہی مسائل خلافیہ کے سوال کا علم ہوا جن کے بارے میں شیخ جلال الدین سیوطی سے پوچھا گیا تھا اور انہوں نے ان میں سے صرف آدھے سوالات کا جواب دیا تھا' اور باقی کے متعلق یہ عذر کیا تھا کہ ان میں ترجیح کی جرأت جاہل یا فاسق ہی کر سکتا ہے' شیخ ابو العباس رملی کا بیان ہے کہ میں نے ان پر غور کیا تو معلوم ہوا کہ ان میں سے اکثر مسائل پر پہلے ہی بحث ہو چکی ہے' میرے منہ سے نکلا سبحان اللہ! وہ شخص اجتہاد کا دعویٰ کرتا ہے جس کی ان مسائل پر بھی نظر نہیں میں نے ان مسائل میں سے تیرہ مسئلوں کا محکم جواب قدماء کے کلام سے ایک ہی مجلس میں دیدیا اور باقی کے مکمل جواب دینے کا مصمم عزم کر لیا مگر اسی شب مجھ پر ضعف طاری ہو گیا اور اس کو میں نے مولف (سیوطی) کی کرامت پر محمول کیا اس واقعہ کے نقل کرنے کا مقصد خدانخواستہ ان کا مرتبہ گھٹانا یا ان پر زبان طعن دراز کرنا نہیں ہے بلکہ بعض کم فہموں کو ان کے مختارات

اور ان مسائل میں جن کو انہوں نے اپنا مذہب بتایا ہے ان کی تقلید سے بچانا مقصود ہے' خاص طور پر ان مسائل میں جن میں انہوں نے اپنے دعووں میں ائمہ اربعہ کے خلاف کہا ہے یہ بات میں ان کی جلالت شان' وسعت معلومات' علوم شرعیہ اور اس کے متعلقات میں پختگی و مہارت فن کے پورے اعتراف کے ساتھ کہتا ہوں کہ اجتہاد ان کے لئے ایک کانٹے دار درخت کو پکڑ کر کھینچنے سے کم دشوار نہیں ہے(۱)

اس سے معلوم ہوا کہ علامہ سیوطی کا یہ بیان کہ جب میں مجتہد مطلق کے مرتبہ کو پہنچا تو مذہب شافعی سے باہر نہیں نکلا صحیح نہیں کیونکہ وہ بعض مسائل میں ائمہ اربعہ سے بھی منفرد رائے رکھتے ہیں' اس بیان سے یہ حقیقت بھی واضح ہو جاتی ہے کہ علامہ سیوطی کو نہ ان کی زندگی میں مجتہد فی الفتوی تسلیم کیا گیا اور نہ ان کی وفات کے بعد۔ بلاشبہ وہ وسیع النظر ہیں مگر دقیق النظر اور فقیہ النفس نہیں اور نہ اچھے متکلم ہیں۔ انہیں روایت حدیث پر بڑا ناز ہے' صحاح ستہ پر انہوں نے حواشی بھی لکھے ہیں ان میں سے بعض شائع بھی ہو چکے ہیں لیکن ہر شخص دیکھ سکتا ہے کہ ان میں فقہ حدیث پر کوئی غیر معمولی کلام نہیں بلکہ ہندو پاکستان کے بعض علماء نے فقہ حدیث پر ان سے بہتر بحث کی ہے صرف و نحو اور معانی و بیان میں ان کو مہارت کا بڑا دعوی ہے' جو چنداں غلط بھی نہیں ہے' مگر ان کی فہم و بصیرت کا یہ حال ہے کہ وہ صرف و نحو کی بنا پر بعض احادیث کی توجیہ کو غیر صحیح قرار دیتے ہیں' اور سرزمین سندھ کا ایک محدث شیخ ابوالحسن سندھی جس کو صحاح ستہ پر حواشی لکھنے کی سعادت حاصل ہے' اس جہت سے اس توجیہ کو صحیح ثابت کرتا اور فقہ حدیث پر ان سے زیادہ غامض بحث کرتا ہے' اگر مجتہد کے لئے اتنی

(۱) ملاحظہ ہو فیض القدیر ج ۱ ص ۱۲

استعداد اور بصیرت کافی ہے تو پھر ہمارے یہاں کے وہ فقہاء و محدثین جن کو فقہ حدیث میں ید طولیٰ حاصل ہے' سیوطی سے بلند تر مجتہد ثابت ہو سکتے ہیں۔

مجدد عصر ہونے کا دعویٰ

علوم قرآن و سنت کی ترویج و اشاعت اور دین کی تقویت و نصرت میں علامہ سیوطی کا نمایاں مقام ہے اور اس سلسلہ میں ان کی مساعی بڑی بار آور ثابت ہوئی تھیں اس لئے انہیں مجدد عصر ہونے کا بھی دعویٰ تھا کیونکہ تجدید کے معنی علوم قرآن و سنت کی اشاعت اور احکام الٰہی کی اطاعت و اتباع سنت کی ترغیب ہے' محدث علقمی فرماتے ہیں۔

معنی التجدید احیاء ما اندرس من العمل من الکتاب والسنة والامر بمقتضا هما واعلم ان المجدد انما هو بغلبة الظن بقرائن احواله والا نتفاع بعلمه (۱)

تجدید کتاب و سنت کے ان اعمال کے احیا اور ان کے مطابق عمل کی دعوت کا نام ہے جو مٹ چکے ہوں' یہ واضح رہے کہ مجدد جس کو بھی کہا جاتا ہے وہ اس غلبۂ ظن کی بنا پر کہا جاتا ہے جو اس کے احوال اور علم سے انتفاع کی بنا پر پیدا ہوتا ہے۔

غالباً اس لئے علامہ موصوف نے حسن المحاضرہ میں ائمہ مجددین کے بعد اپنا تذکرہ کیا ہے' اور اٹھائیس شعروں پر مشتمل ایک ارجوزہ (منظومہ) بھی لکھا ہے جس میں ہر صدی کے مجددین کو نام بنام گنایا ہے' اس کا نام تحفۃ المہتدین باخبار المجددین ہے شیخ عبدالرؤف مناوی المتوفی ۱۰۳۱ھ نے فیض القدیر شرح الجامع الصغیر (ج ۲ ص ۲۸۱) میں اور محبی نے خلاصۃ الاثر میں حافظ شمس الدین محمد ابن احمد رملی المتوفی ۱۰۰۴ھ

---

(۱) ملاحظہ ہو فیض القدیر طبع قاہرہ ۱۳۵۶ھ ج ۲ ص ۲۸۱

کے حالات میں تجدید کی بحث میں یہ پورا ارجوزہ نقل کر دیا ہے(۱)

اس میں علامہ علم الدین بلقینی اور حافظ زین الدین عراقی کے بعد نویں صدی ہجری کے مجددین کی فہرست میں بحیثیت امیدوار بس اپنا ہی ذکر کیا ہے' کہتے ہیں :-

وقدر جوت انني المجدد فيها بفضل الله ليس بجحد (۲)

اور مجھے امید ہے کہ میں اس صدی کا مجدد ہوں گا اللہ تعالیٰ کی نعمت کا انکار نہیں کیا جاسکتا

حسن المحاضرہ میں علامہ بلقینی کے تذکرہ میں یہ الفاظ " عسى ان يكون المبعوث على رأس المأة التاسعة من اهل مصر "بھی اسی کے غماز ہیں(۳)بلکہ شیخ عبدالرؤف مناوی لکھتے ہیں :-

صرح في عدة تآليفه بانه المجدد على رأس المائة التاسعة (٤)

سیوطی نے اپنی متعدد تالیفات میں اس امر کی تصریح کی ہے کہ وہ نویں صدی ہجری کے مجدد ہیں۔

بعض علماء کو ان کے اس دعوے سے اختلاف ہے' وہ شیخ الاسلام زکریا انصاری کو اس عصر کا مجدد قرار دیتے ہیں' چنانچہ سیوطی کے معاصر فقیہہ عبداللہ بن عمر یا مخرمہ المتوفی ۹۷۲ھ فرماتے ہیں۔

---

(۱) خلاصۃ الاثر فی اعیان القرن الحادی عشر از محمد امین محبی طبع مصر ۱۳۸۴ھ ج ۳ ص ۳۴۴

(۲) خلاصۃ الاثر فی اعیان القرن الحادی عشر ج ۳ ص ۳۴۵

(۳) حسن المحاضرہ ج ۱ ص ۱۸۴

(۴) فیض القدیر ج ۱ ص ۱۱

يقرب عندى ان المجدد للمائة العاشرة القاضى زكريا لشهرة الانتفاع به و تصانيفة واحتياج غالب الناس اليها لا سيما يتعلق بالفقة و تحرير المذهب بخلاف كتب السيوطى فانها و ان كانت كثيرة فليست بهذه المثابة على ان كثيرا منها مجرد جمع بلا تحرير واكثر ها فى الحديث من غير تمييز الطيب من غيره بل كانه حاطب ليل و ساحب ذيل والله تعالىٰ يرحم الجميع و يعيد علينا من بركاتهم (۱)

میرے اندازے میں دسویں صدی ہجری کے مجدد قاضی زکریا انصاری ہیں کیونکہ ان کی ذات اور ان کی تصانیف سے انتفاع کی بڑی شہرت ہے اور لوگوں کی اکثریت کو ان کی احتیاج ہے' خاص طور پر فقہی اور مذہب کی وضاحت کے امور میں' اس کے برعکس سیوطیؒ کی کتابیں اگرچہ تعداد میں بہت ہیں' لیکن وہ اس کے پایہ کی نہیں ہیں ان میں زیادہ تر بغیر کسی بحث و تنقید کے محض مجموعے ہیں جن میں بیشتر حدیث میں بھی صحیح و غیر صحیح کی کوئی تمیز نہیں کی گئی وہ حاطب لیل (رطب دیابس جمع کرنے والے) اور صاحب ذیلی (ہربات نقل کرنے والے) ہیں' اللہ تعالیٰ ہم سب پر رحم فرمائے اور ہمیں ان کی برکات سے بہرہ مند فرمائے۔ آمین

مؤرخ عبدالقادر عیدروسی المتوفی ۱۰۳۸ھ کا رجحان بھی اسی طرف ہے چنانچہ انہوں نے "النور السافر" میں شیخ الاسلام زکریا انصاری کے تذکرہ میں فقیہہ

---

(۱) ملاحظہ ہو خلاصۃ الاثر ج ۳ ص ۳۴۶ و ۳۴۷

محرمہ کی مذکورہ بالا عبارت ان کا نام لئے بغیر من وعن نقل کی ہے(۱) اس طرح حافظ ابن حجر مکی المتوفی ۹۷۴ھ نے اپنے استاد شیخ الاسلام زکریا انصاری کو مجددین میں سے شمار کیا ہے لیکن محققین کے نزدیک ایک صدی میں مختلف حیثیتوں سے کئی مجدد ہو سکتے ہیں' اس لئے تدریسی خدمات کے اعتبار سے بلاشبہہ شیخ الاسلام زکریا انصاری اس عصر کے مجدد تسلیم کئے جاسکتے ہیں لیکن جن دلائل کی بنا پر ان کو مجدد قرار دیا گیا ہے وہ علامہ سیوطی میں بھی بدرجہ اتم پائے جاتے ہیں' چنانچہ وسعت نظر' کثرت تالیفات' غیر معمولی معلومات' افادہ واستفادہ خاص وعام اور حسن قبول میں ان کا اور علامہ سیوطی کا کوئی مقابلہ نہیں ہے' ملا علی قاری المتوفی ۱۰۱۴ھ نے اپنے استاد حافظ ابن حجر ہیتمی مکی کے اس خیال کی تردید ہی نہیں کی ہے بلکہ اس کے ثبوت میں علامہ سیوطی کے تجدیدی کارناموں کا تعارف بھی حسب ذیل الفاظ میں کرایا ہے اور ان ہی کو اس دور کا مجدد تسلیم کیا ہے۔

اغرب ابن حجر و حمل المجددين محصورين على الفقهاء الشافعية و ختمهم بشيخه الشيخ زكريا مع انه غير معروف بتجديد فن من العلوم الشرعية و شيخ مشائخنا السيوطي هو الذى احيا علم التفسير الماثور فى الدر المنثور و جمع جميع الاحاديث المتفرقة فى جمع الجوامع المشهور وما ترك فنا الا وله فيه متن او شرح سطور بل وله زيادات و مخترعات يستحق ان يكون هو المجدد فى القرن المذكور كما ادعاه

---

(۱) النور السافر عن اخبار القرن العاشر ص ۱۲۴

وھو فی دعواہ مقبول و مشکور .

ابن حجر مکی نے یہ عجیب بات کی کہ مجددین کو فقہاء شافعیہ میں محدود کر دیا اور خاتمۃ المجددین اپنے استاد شیخ زکریا انصاری کو قرار دیا حالانکہ علوم شرعیہ میں سے کسی علم و فن کی تجدید میں انہیں شہرت حاصل نہیں ہے' اور ہمارے استاذ الاساتذہ سیوطی وہ بزرگ ہیں جنہوں نے تفسیر ماثور کو کتاب در منثور میں زندہ کیا اور تمام منتشر حدیثوں کو اپنی مشہور کتاب جمع الجوامع میں جمع کر دیا اور کوئی فن نہیں چھوڑا ہے جس میں کوئی نہ کوئی کتاب نہ لکھی ہو' یا کسی کتاب کی شرح نہ کی ہو بلکہ اس پر اضافے اور نئی نئی تحقیقات کی ہیں جس کی بنا پر وہ اس بات کے مستحق ہیں کہ مذکورۂ بالا صدی کے مجدد قرار پائیں جیسا کہ انہوں نے خود بھی اس کا دعویٰ کیا ہے' اور وہ اپنے اس دعوے میں مقبول اور کامیاب ہیں۔

اس مسئلہ میں فاضل لکھنوی مولانا عبدالحیٔ فرنگی محلی بھی ملا علی قاری کے ہمنوا ہیں چنانچہ التعلیق المجد میں رقم طراز ہیں :-

وانه حقیق بان یعد من مجددی الملة المحمدیة فی بدء المائة العاشرة وآخر التاسعة کما ادعاه بنفسه و شهد بکونه حقیق به من جاء بعده کعلی القاری المکی)(۱)

سیوطی بلا شبہ دسویں صدی ہجری کے مجددین ملت محمدیہ میں شمار ہونے کے لائق ہیں' جیسا کہ انہوں نے خود دعویٰ کیا ہے اور ان کے آنے والے علماء جیسے ملا علی قاری نے اس امر کی شہادت دی ہے کہ وہی مجدد ہونے کے لائق ہیں۔

---

(۱) مرقاۃ المفاتیح لمشکوۃ المصابیح مطبعہ میمنہ مصر ۱۳۰۹ھ ج ۱ ص ۳۲۸

موصوف "لتعلیقات السنیہ" میں لکھتے ہیں :-

هو المجدد المائة التاسعة خاتم الحفاظ جلال الدين الخ (۱)

خاتم الحفاظ جلال الدین سیوطی ہی نویں صدی ہجری کے مجدد ہیں

فتاویٰ میں بھی یہی لکھا ہے (۲) اور حقیقت میں بھی یہی ہے کہ علامہ سیوطی کی علمی خدمات ان کے مجدد عصر ہونے کی شاہد عدل ہیں۔

یہاں یہ بات بھی یاد رکھنے کے قابل ہے کہ علامہ سیوطی کا مجددین کے زمرہ میں شمار اضافی حیثیت سے ہے' ورنہ قدماء مجددین سے ان کو کوئی نسبت نہیں ہے ملا علی قاری المتوفی ۱۰۱۴ھ مرقاۃ المفاتیح میں لکھتے ہیں :-

ولاشك ان هذا التجديد امر اضافي لان العلم كل سنة في التنزل . كما ان الجهل كل عام في الترقي وانما يحصل ترقي علماء زماننا بسبب تنزل العلم في اوانا والا فلا منا سبة بين المتقدمين والمتاخرين علماً و عملاً و حلماً و فضلاً و تحقيقاً و تدقيقاً (۳)

اس امر میں کوئی شک نہیں کہ یہ تجدید ایک امر اضافی ہے کیونکہ علم سال بسال گھٹتا جارہا ہے اور جہل بڑھتا جارہا ہے ہمارے دور کے علماء کی ترقی ہمارے علم کے تنزل کے سبب سے ہے ورنہ متقدمین اور متاخرین علماء میں علم و عمل، حلم و فضل اور تحقیق و تدقیق کے اعتبار سے کوئی مناسبت نہیں ہے۔

---

(۱) التعلیق المجد علی موطا محمد طبع کراچی ص ۲۵

(۲) مجموعۃ الفتاویٰ از مولانا عبدالحئی مطبع یوسفی لکھنؤ ۱۳۲۰ھ ج ۲ ص ۱۵۲

(۳) مرقاۃ المفاتیح ج ۱ ص ۲۴۸

باب چہارم

تصنیفات و تالیفات

زود نویسی اور زود تالیفی

علامہ سیوطیؒ کو تصنیف و تالیف میں ملکۂ خاص حاصل تھا وہ زود نویسی میں اپنی نظیر آپ تھے، ہر موضوع پر بہت جلد کتاب تیار کرتے تھے، اس لئے انہیں کثرت تالیفات میں نہایت بلند مقام حاصل ہے، مؤرخ غزی کا بیان ہے۔

وکان فی سرعة الکتابة وا لتالیف آیة کبری من آیات اللہ تعالیٰ قال تلمیذہ الشمس الداودی عانیت الشیخ وقد کتب فی یوم واحد ثلاثة کراریس تالیفاً و تحریرا وکان مع ذلك یملی الحدیث و یجیب عن المتعارض منه باجوبة حسنة (۱)

(سیوطیؒ) زود نویسی اور زود تالیفی میں اللہ تعالیٰ کی نشانیوں میں سے ایک بڑی نشانی تھے، ان کے تلمیذ شمس الدین داودی کا بیان ہے کہ میں نے شیخ (سیوطی) کو دیکھا کہ وہ ایک دن میں تین کراسے تالیف کرتے اور لکھ لیتے تھے، حالانکہ وہ حدیثیں بھی املا کراتے اور پیش آمدہ سوالات کے معقول جوابات بھی دیتے تھے۔

شیخ سیوطی کی زود نویسی اور زود تالیفی حیرت انگیز ہے، ملفوظات عزیزیہ میں ہے

"ارشاد شد حق سبحانہ تعالیٰ در عمر پیشیناں در اوقات پیشیناں برکت می دہد

---

(۱) الکواکب السائرہ ج ۱ ص ۲۲۸ و شذرات الذہب ج ۸ ص ۳

چنانچہ جلال الدین سیوطی المصری الشافعی صاحب تصانیف کثیرہ بودو اوقاتش حساب کردند بعد دفع پانزدہ سال کہ سن صغیر است ودوازدہ ورق ہر روز افتاد، پس کے حج کردو حفظ قرآن ودرس علوم وتدریس"(۱)

پچھلوں کی عمر اور ان کے اوقات میں اللہ تعالیٰ برکت عطا فرماتا تھا چنانچہ جلال الدین سیوطی مصری کہ ان کی وفات کے بعد ابتدائی پندرہ سال جو چھوٹی عمر ہوتی ہے خارج کر کے ان کی تصانیف کے اوراق کو شمار کیا تو ہر روز بارہ ورق بیٹھے (حیرت ہے کہ) انہوں نے کب حج کیا، کب قرآن حفظ کیا اور کب علوم حاصل کئے اور درس وتدریس کی۔

اتنی کم مدت میں علامہ سیوطیؒ کا سینکڑوں کتابیں لکھ دینا عالم ارواح سے ان کے قوی تعلق کی دلیل ہے، کیونکہ وقت میں وسعت اسی وقت ہوتی ہے جب انسان کا تعلق عالم ارواح سے قوی ہو جاتا ہے، حضرت حاجی امداد اللہ مہاجر مکیؒ نے اس کی یہی علت بیان فرمائی، حکیم الامتہ مولانا اشرف علی تھانوی فرماتے ہیں۔

جب میں حضرت حاجی صاحب قدس سرہ العزیز کی خدمت میں بمقام مکہ معظمہ مقیم تھا تو حسب الحکم تنویر کا ترجمہ کیا (ترجمہ) کر کے روز کے روز حضرت کو سناتا رہتا تھا، حضرت پوچھتے کہ کیا یہ سب ایک ہی دن کا ترجمہ کیا ہوا ہے، میں عرض کر دیتا کہ جی ہاں ایک دن (کا)

فرمایا کہ جب عالم ارواح سے تعلق ہو جاتا ہے تو وقت میں وسعت ہو جاتی ہے، کیونکہ روح میں وسعت ہے یہ حضرت حاجی صاحبؒ کے الفاظ ہیں۔ بزرگوں کی جو

---

(۱) ملفوظات عزیزیہ مطبع مجتبائی میرٹھ ۱۳۱۴ھ ص ۳۶

تصانیف ہیں اگر ان کی تعداد کو اور حجم کو دیکھا جائے تو یہ کسی طرح عادۃً ممکن نہیں معلوم ہوتا کہ کوئی شخص اتنی عمر میں اتنی کتابیں تصنیف کر سکتا ہے' چنانچہ حضرت جلال الدین سیوطی نے تفسیر جلالین نصف اول صرف چالیس دن میں لکھی تھی' ملا جیون نے بھی صرف سترہ برس کی عمر میں تفسیر احمدی لکھی' ان حضرات کے وقت میں بہت برکت ہوتی تھی"(۱)

علامہ سیوطیؒ کی زود نویسی زود تالیفی اور قدرت کلام کا یہ حال تھا کہ رجب ۸۶۹ھ میں مکہ میں علامہ شرف الدین اسماعیل یمنی المتوفی ۸۳۷ھ کی عنوان الشرف کے طرز پر ایک کراسہ ایک دن میں لکھا جس میں نحو' بدیع' معانی اور عروض سب علوم سمودئے۔ یہ کراسہ ایک سو چھیاسٹھ (۱۶۶) سطروں پر مشتمل ہے اس رسالہ کا نام النحفة المسكية والتحفة المكية ہے (۲)

الالفیہ فی علوم الحدیث یہ ایک ہزار اشعار پر مشتمل ہے اس میں حافظ عبدالرحیم العراقی المتوفی ۸۰۶ھ کے الفیہ سے معارضہ کیا ہے یہ ۸۸۱ھ میں پانچ دن میں تالیف کیا تھا۔ روزانہ دو سو شعر (۲۰۰) فن حدیث کی اصطلاحات میں کہے اور لکھتے ہیں اور عراقی کے الفیہ کے مقالہ میں معلومات کا اضافہ بھی کیا ہے (۳)

تصنیفی زندگی میں سرقہ (چوری) کا الزام

علامہ سیوطی کے معاصرین میں حافظ سخاوی نے ان پر منجملہ اور اعتراضات

---

(۱) الاضافات الیومیہ من الافادات القیومیہ' طبع تھانہ بھون ۱۹۴۱ء ج ۷ ص ۱۷۷

(۲) حاجی خلیفہ: ۲/۱۹۶۹ء

(۳) الفیۃ السیوطی فی علم الحدیث تحقیق احمد محمد شاکر (بیروت) المکتبۃ العلمیۃ۔ ص ۱۴۶

کے ایک اعتراض یہ بھی کیا تھا کہ وہ دوسرے مصنفین کی کتابوں میں معمولی تصرف کر کے ان کو اپنے نام سے منسوب کرتے ہیں' اس الزام کے ثبوت میں علامہ سخاوی نے اپنی اور اپنے استاد حافظ ابن حجر عسقلانی کی بعض تصانیف کے نام بھی لکھے ہیں' الضوء اللامع میں لکھتے ہیں :-

واختلس حين كان يتردد الى ما عملة كثيرا كالخصال الموجبة للظلال والا سماء النبوية والصلوٰة على النبي ﷺ و موت الأبناء ومالا احصره بل اخذ من كتب المحمودية وغيرها كثيراً من التصانيف المتقدمة التى لا عهد لكثير من العصريين بها في فنون فغيرها يسيراً وقدّم واخّرونسبها لنفسه وهوّل في مقدماتها بما يتو هم منه الجاهل مما لا يوفي بعضه.(۱)

میرے پاس ان کی جس زمانے میں آمد و رفت تھی انہوں نے میری بہت سی تالیفات کو اڑایا تھا جیسے الخصال الموجبۃ للظلال اسماء النبویہ' الصلوٰۃ علی النبی ﷺ و موت الابناء وغیرہ بہت سی ایسی کتابیں جن کو میں شمار بھی نہیں کر سکتا بلکہ انہوں نے مکتبہ محمودیہ (۲) وغیرہ سے ایسی بہت سی پرانی

---

(۱) الضوء اللامع ج ۴۰ ص ۲۶۰

(۲) یہ مشہور مورخ اور حافظ حدیث شیخ برہان الدین بن جماعہ المتوفی ۷۹۰ھ کا ذاتی کتب خانہ تھا اور اس لحاظ سے بے نظیر تھا کہ اس میں زیادہ تر ایسی کتابیں جمع کی گئی تھیں جو مصنفین کے اپنے ہاتھوں کی لکھی ہوئی تھیں' جب علامہ ابن جماعہ کا انتقال ہوا تو محمود بن علی استادار نے اس کتب خانہ کو ان کے ورثہ سے خرید کر وقف عام کر دیا' یہ کتب خانہ ایک ہزار مجلدات پر مشتمل تھا' مورخ شمس الدین سخاوی نے الجواہر والدرر فی ترجمۃ شیخ الاسلام ابن حجر میں لکھا ہے کہ ۸۲۶ھ میں اس کتب خانہ کے ناظم اعلیٰ شیخ فخر الدین عثمان طاغی المتوفی ۸۲۸ھ کو (جاری ہے)

کتابیں لیکر جن کا علم بہت سے معاصرین کو نہ تھا ان میں تھوڑا بہت تصرف اور کچھ عبارتیں آگے پیچھے کر کے اپنی طرف منسوب کیا۔

کتب خانہ سے چار سو مجلدات کے خورد برد کرنے کے جرم میں معزول کیا گیا تو ان کے لئے حافظ ابن حجر کو اس کا نگران اعلیٰ مقرر کیا گیا انہوں نے کتابوں کو فن وار مرتب کیا' فہرست تیار کی اور اپنی زندگی بھر اس کی نگرانی کے فرائض انجام دیئے' مقریزی نے کتاب الخطط والآثار میں اس کتب خانہ کے متعلق لکھا ہے۔

لا یعرف الیوم بدیار المصر والشام مثلها ص ۳۳۸

دیار مصر و شام میں آج اس جیسا کتب خانہ نہیں ہے۔

۹۲۳ھ میں جب سلیم عثمانی نے مصر فتح کیا تو اس کی اکثر و بیشتر کتابیں استنبول منتقل کی گئی تھی۔

جمال الدین محمود استادار نے اس کتب خانہ کے وقف نامہ میں یہ شرط رکھی تھی کہ کتاب کتب خانہ سے باہر لیجانے کی اجازت نہیں' علامہ سیوطی نے اس کتب خانہ سے استفادہ کیا اور یہاں سے کتابیں باہر لیجانے کے جواز کا فتویٰ دیا۔

"شیخ عبدالوہاب شعرانی المتوفی ۹۷۳ھ لطائف المنن ص ۴۶۲ میں رقم طراز ہیں مدرسہ محمودیہ استادار کی کتابوں کے لئے وقف نامہ میں یہ شرط تھی کہ مرمت یا اتلاف وغیرہ کے خطرے کے سوا کسی صورت میں کوئی کتاب مدرسہ سے باہر نہیں جائے گی مگر شیخ جلال الدین سیوطی نے اس کتب خانہ سے کتاب مستعار لیجانے کا فتویٰ دیا اور کہا کہ میں نے اپنے استاد شیخ الاسلام علم الدین بلقینی اور اپنے شیخ شرف الدین مناویؒ کو دیکھا ہے کہ وہ مدرسہ محمودیہ کے کتب خانہ سے کتابیں مستعار لیجاتے تھے اور وہ ان کے گھر میں کئی کئی برس تک رہتی تھیں یہ دونوں امام قابل تقلید ہیں' انہیں فقہ میں اعلیٰ مرتبہ جو مجتہد فی المذہب کا مقام ہے حاصل تھا شیخ مناوی صاحب احوال و کرامات بزرگ تھے اگر وہ اس کو جائز نہ سمجھتے تو ہرگز ایسا نہیں کرتے۔"

علامہ سیوطی نے اس کے جواز میں چار دلیلیں پیش کی ہیں جن میں چوتھی دلیل (جاری ہے)

اور ان کے مقدمات میں ایسی مرعوب کن باتیں بڑھائیں جن سے جاہل وہم میں پڑ جاتا ہے' حالانکہ ان میں سے بعض باتوں کا بھی حق ادا نہیں کیا۔(۱)

لیکن قاضی محمد بن علی شوکانی المتوفی ۱۲۵۰ھ حافظ سخاوی کے اس بیان سے متفق نہیں' وہ لکھتے ہیں :-

"یہ کوئی عیب کی بات نہیں ہے ہمیشہ مصنفین کا یہی طریقہ رہا ہے ہر متاخر متقدم کی کتاب سے اخذ و انتخاب یا اس کا اختصار یا اس کی وضاحت یا اس پر اعتراض کرتا ہے یا اس قسم کی دوسری اغراض ہوتی ہیں جو تصنیف و تالیف پر آمادہ کرتی ہیں ایسا کون

(بقیہ حاشیہ) سب سے قوی ہے کہ شریعت کا اصول ہے کہ نص کی تخصیص بھی جائز ہے جب نص شارع کی تخصیص جائز ہے تو نص واقف میں تخصیص بدرجہ اولیٰ جائز ہوگی' اس وقف سے واقف کا مقصد نفع رسانی اور کتابوں کی حفاظت تھا' اب اگر کسی شخص کو تصنیف کے سلسلہ میں کسی کتاب کی ضرورت ہے اور کتب خانہ کے اوقات مقرر و محدود ہیں جس کی وجہ سے وہ کتابوں سے پوری طرح فائدہ نہیں اٹھا سکتا' ایسی صورت میں کیا کتابوں کی حفاظت کا اطمینان ہو جانے کے بعد بھی ان کو کتب خانہ سے باہر لیجانے کی اجازت نہ ہوگی' ظاہر ہے کہ ایسی صورت میں اس شخص کو ممانعت سے مستثنیٰ قرار دینا پڑے گا کیونکہ واقف کے لفظ میں جو عموم تھا اس میں تخصیص کی گئی ہے۔

تاہم اس سلسلہ میں دو باتوں کا لحاظ رکھنا ضروری ہے۔ اول اس کتب خانہ کی انہی کتابوں کو مستعار لینا مناسب ہے جو دوسرے کتب خانہ میں موجود نہ ہوں دوسرے مستعار کتاب کو ضرورت سے زیادہ عرصہ تک رکھنا جائز نہیں ہے

(ملاحظہ ہو بذل المجہود فی خزانۃ محمود)

(۱) الضوء اللامع ج ۴ ص ۱۶۸

مصنف ہے جو متقدمین کی کتابوں پر اعتماد نہ کرتا ہو اور انکی تصانیف سے اخذ و استفادہ نہ کرتا ہو۔"(۱)

حافظ سخاوی کا یہ بیان معاصرانہ چشمک کی وجہ سے مبالغہ تو قرار دیا جاسکتا ہے لیکن اس کو بے اصل نہیں کہا جاسکتا' کیونکہ علامہ سیوطی نے ذیل طبقات الحفاظ میں حافظ ابن حجر عسقلانی کی تصانیف سے استفادہ کا اعتراف ان الفاظ میں کیا ہے۔

وان یکن فاتنی حضور مجالسه والفوز بسماع کلامه والا خذ عنه فقد انتفعت فی الفن بتصانیفه واستفدت منها الکثیر (۲)

اگرچہ میں ان کی مجالس درس کی حاضری سے محروم رہا اور مجھے ان کی باتیں سننے کی سعادت حاصل نہ ہو سکی اور ان سے استفادہ کا موقع نہ مل سکا تاہم

---

(۱) ملاحظہ ہو البدر الطالع بمحاسن من بعد القرن السابع' قاہرہ ۱۳۴۸ھ ج ۱ ص ۳۳۳۔ قاضی شوکانی نے اس معاملہ میں علامہ سیوطی کی حمایت اور حافظ سخاوی کی تردید میں جو زور قلم دکھایا ہے اس کی اصل وجہ یہ ہے کہ قاضی شوکانی بھی اس معاملہ میں علامہ سیوطی سے کچھ کم نہیں ہیں ان کی تالیفات میں نیل الاوطار شرح منتقی الاخبار فن حدیث میں شاہکار کی حیثیت رکھتی ہے اس کے متعلق حافظ العصر سید انور شاہ کشمیری کا یہ تبصرہ پڑھنے کے لائق ہے۔

اعلم ان نیل الاوطار ماخوذ من اربعة کتب فتح الباری و تلخیص الجبیر و مجمع الزوائد وشرح الترمذی للعراقی (فیض الباری طبع قاهره ج اول ۲۶۱)

نیل الاوطار چار کتابوں فتح الباری' تلخیص الجبیر' مجمع الزوائد اور شرح ترمذی عراقی سے ماخوذ ہے

(۲) ذیل طبقات الحفاظ للذہبی' مطبعہ التوفیق' دمشق ۱۳۴۷ھ ص ۳۸۲

میں نے فن حدیث میں ان کی تصانیف سے فائدہ اٹھایا اور غیر معمولی استفادہ کیا ہے۔

اسی طرح انہوں نے کتب خانہ استادار کی کتابوں کا حوالہ بھی اپنی تالیفات میں دیا ہے اور اس کتب خانہ کی کتابیں بھی مستعار لیجانے پر ان کا فتویٰ موجود ہے۔

انداز تالیف و تصنیف

علامہ جلال الدین سیوطیؒ کا انداز تصنیف اچھوتا اور نرالا ہے وہ پہلے موضوع پر روشنی ڈالتے ہیں پھر اس فن پر جن اہل علم نے کتابیں لکھیں' ان کا تعارف کراتے' اور ان پر تبصرہ کرتے ہیں اس کے بعد اصل موضوع پر لکھتے ہیں(۱) یہ موصوف کا وہ انداز تحقیق ہے جس پر آج کے ترقی یافتہ دور میں بھی عمل کیا جاتا ہے۔

علامہ موصوف پر عموماً یہ اعتراض کیا جاتا ہے کہ وہ اپنی کتابوں میں کثرت سے ضعیف روایات نقل کرتے ہیں اس اعتراض کا جواب شاہ عبدالعزیز محدث دہلویؒ نے جو دیا ہے اس کا خلاصہ یہ ہے کہ وہ چونکہ مأخذ کی نشاندہی کرتے ہیں اس لئے اہل علم پر ان روایات کی حیثیت عیاں ہو جاتی ہے(۲)

تصانیف کے متعلق اہل علم کی آراء

علامہ سیوطی کی تالیفات کے متعلق بعض اہل علم کی رائے یہ ہے کہ وہ رطب ویابس کا مجموعہ ہوتی ہیں' اس کے متعلق فقیہ عبداللہ بن عمر بامخرمہ شافعی المتوفی ۹۷۲ھ کی رائے اوپر گزر چکی ہے۔

شاہ ولی اللہ محدث دہلوی نے علامہ سیوطی کی مذہبی تالیفات کو چوتھے طبقہ

---

(۱) السیوطیؒ' الاتقان' تحقیق محمد ابوالفضل ابراہیم (مقدمہ محقق)
(۲) عبدالعزیز محدث دہلویؒ مجموعہ فتاویٰ عزیزیہ' مطبع مجتبائی دہلی ۱۳۱۴ھ ج ۲ ص ۸۱۔ ۸۲

کی کتابوں میں شمار کیا ہے، جن میں صحت کا پورا التزام نہیں ہوتا، موصوف الانتباہ سلاسل اولیاء اللہ ووارثی اسانید رسول اللہ میں رقم طراز ہیں :-

"طبقہ رابعہ احادیثے کہ نام ونشان آنہا در قرون سابقہ معلوم نبود و متاخران آنرا روایت کردہ اند، پس حال آنہا از دو شق خالی نیست یا سلف تفحص کردند و آنہا را اصلے نیافتند تا مشغول بروایت آنہا می شدند یا یافتند و دراں قدحے وعلتے دیدند کہ باعث شد ہمہ آنہا را بر ترک روایت آنہا، و علی کل تقدیر ایں احادیث قابل اعتماد نیستند کہ در اثبات عقیدہ یا عملے بآنہا تمسک کردہ شود و لعم ما قال بعض الشیوخ فی امثال ہذا، شعر

فان کنت لا تدری فتلک مصیبة وان کنت تدری فالمصیبة اعظم

وایں قسم احادیث راہ بسیارے از محدثین زدہ است وبجہت کثرت طرق ایں احادیث کہ دریں قسم کتب موجود اند مفرور شدہ حکم بجواز آنہا نمودہ در مقام قطع یقین بداں تمسک جستہ بر خلاف احادیث طبقات اولیٰ وثانیہ و ثالثہ مذہبے بر آوردہ اند و دریں قسم احادیث کتب بسیار مصنف شدہ اند برخے را شمار یم کتاب الضعفاء لابن حبان و تصانیف الحاکم کتاب الضعفاء للعقیلی، کتاب الکامل لابن عدی، تصانیف ابن مردویہ، تصانیف خطیب، تصانیف ابن شاہین، تفسیر ابن جریر فردوس دیلمی بلکہ سائر تصانیف او، و تصانیف ابی نعیم، و تصانیف جوزقانی، تصانیف ابن عساکر، تصانیف ابوالشیخ، تصانیف ابن نجار ـــ مایہ تصانیف شیخ جلال الدین سیوطی در رسائل و نوادر ہمیں کتابہا۔ است و اشتغال باحادیث ایں کتب و استنباط

احکام از آنہا لاطائل می نمایند"(۱)

چوتھا طبقہ :- اس طبقہ میں وہ محدثین داخل ہیں جن کا قرون اولیٰ (دور صحابہ و تابعین) میں نام و نشان نہیں ملتا مگر متاخرین علماء نے ان حدیثوں کو نقل کیا ہے ان کے متعلق دو ہی صورتیں ممکن ہیں یا تو سلف صالحین نے ان کی چھان بین کی ہے اور انہیں ان کی کوئی اصل نہیں ملی کہ وہ ان کو روایت کرتے' یا ان کی اصل تو پائی مگر ان میں علت و قباحت دیکھ کر روایت سے گریز کیا بہر حال دونوں صورتوں میں ان حدیثوں سے اعتماد اٹھ گیا اور وہ اس قابل نہیں کہ کسی عمل یا عقیدہ کے ثبوت کے لئے ان کو دلیل بنایا جائے' ایسی ہی باتوں کے لئے بعض مشائخ نے کیا خوب کہا ہے۔

ان کنت لا تدری فتلك مصیبة وان کنت تدری فالمصیبة اعظم

پس اگر تو نہیں جانتا تو یہ بھی مصیبت ہے' اور اگر تو جانتا ہے تو یہ بہت بڑی مصیبت ہے۔

اس قسم کی حدیثوں نے بہت سے محدثین کو غلطی میں ڈالا ہے وہ ان کتابوں میں حدیثوں کی بکثرت سند دیکھ کر دھوکہ کھا گئے' اور ان کے متواتر ہونے کا حکم لگا بیٹھے جزم و یقین کے موقعہ پر طبقہ اولیٰ و طبقہ ثانیہ کی حدیثوں کو چھوڑ کر اس قسم کی حدیثوں کو سند قرار دیکر ایک نیا مذہب بنایا اس قسم کی حدیثوں کی

---

(۱) ملاحظہ ہو الانتباہ فی سلاسل اولیاء اللہ و وارثی اسانید رسول اللہ ۔ قلمی) اس کا نسخہ جو شاہ اسمٰعیل شہیدؒ کے فرزند عمر دہلوی کے نسخہ کی نقل ہے' وہ مولانا محمد عبدالرشید صاحب نعمانی کے پاس موجود ہے' شاہ عبدالعزیز محدث دہلویؒ نے عجالہ نافعہ میں الانتباہ سے یہ عبارت نقل کی ہے' حجۃ اللہ البالغہ سے ترجمہ نہیں کیا ہے۔

کتابیں بہت لکھی گئی ہیں اس نوع کے چند مصنفین کی کتابوں کے نام درج ذیل ہیں۔

کتاب الضعفاء' از ابن حبان' تصانیف حاکم' کتاب الضعفاء' از عقیلی' کتاب الکامل از ابن عدی' تصانیف ابن مردویہ' تصانیف خطیب بغدادی' تصانیف ابن شاہین' تفسیر ابن جریر' فردوس دیلمی بلکہ اس کی تمام تصانیف' تصانیف ابی نعیم' تصانیف جوزقانی' تصانیف ابن عساکر' تصانیف ابو الشیخ' تصانیف ابن النجار۔

شیخ جلال الدین سیوطی کے رسائل و نوادر کا سرمایہ یہی کتابیں ہیں لہذا ان کتابوں کی حدیثوں میں منہمک رہنا اور ان سے احکام کا استنباط کرنا مفید کام نہیں ہے۔

نواب صدیق حسن خان قنوجی 'اتحاف النبلاء المتقین میں فرماتے ہیں :-

"در تصانیف سیوطی با اینہمہ جلالت شان علم و عمل و حصول رتبہ' اجتہاد نوعی تساہل است زیرا کہ نظر او بر جمیع روایات و درایات است 'بس با تنقیح و تحقیق و تصحیح و تضعیف کارے ندارد والا قلیلاً نادراً و ظاہر ست کہ تبحر واطلاع و عبور چیزے دیگر است و تحقیر و تفتیش صحیح از سقیم و قوی از ضعیف و مرجوح از راجح چیزے دیگر و لہذا علماء محققین تحریر ایشاں را بدوں شہادت تحریر مصنفین دیگر واعتضاد محققین اخر قبول نمی کنند(۱) و سرمایہ' و سرمایہ شورو غوغائے اہل بدعت واہواز فرقہ اہل سنت بلکہ از فریق شیعہ

---

(۱) علامہ سیوطی کی تالیفات کے سلسلہ میں کسی عالم سے بھی یہ شرط منقول ہے۔

غالباً تالیف ایشان ست (۱) کہ از رطب ویابس وغث وسمین ہمہ حصہ وافر دارد ومع ذالک شک نیست کہ تصانیف ایشان برائے مبتدی ومنتہی راس المال کمال ست۔

اگر شخصے محقق باشد ونصیبے از امعان نظر داشتہ باشد وخواہد کہ دربابے از ابواب علوم تالیفے پردازد رسائل ومؤلفات سیوطی برائے مدد او کافی ووافی ست کہ روایات ہر مذہب واقوال مختلفہ اہل علم را مشتمل ومحتوی ست ودر نقل آں معتمد اگرچہ در نفس الامر بعضے ضعیف وبعضے قوی خواہد بود واللہ اعلم بالصواب" (۲)

سیوطیؒ کی تصانیف اس کے باوجود کہ سیوطیؒ کو علم وعمل میں جلالت شان اور اجتہاد کا مرتبہ حاصل ہے اور ان کی نظر تمام روایات ودرایات پر ہے ایک قسم کا تساہل پایا جاتا ہے' وہ تنقیح وتحقیق اور تصحیح وتضعیف سے بہت کم اعتناء کرتے ہیں ظاہر ہے کہ تبحر اور آگہی' وسعت نظر وعبور دوسری چیز ہے اور صحیح کا غیر صحیح سے امتیاز وجستجو اور قوی سے ضعیف کی اور مرجوح کی راجح سے تمیز ایک دوسری شئ ہے اس لئے علماء محققین ان کی تحقیقات کو دوسرے مصنفین کی شہادت کے بغیر قبول نہیں کرتے اور اہل سنت کے فرقہ اہل بدعت واہل ہوئی کے شور وغوغا بلکہ شیعہ فرقہ کی

---

(۱) غالباً اس لئے شیعہ تذکرہ نگاروں میں سے خوانساری نے روضات الجنات (طبع طہران ۱۳۶۷ھ ص ۴۳۲ میں علامہ سیوطی کو علمائے اہل تشیع میں شمار کیا' حالانکہ ان کو شیعیت سے دور کا بھی کوئی علاقہ نہیں۔

(۲) اتحاف النبلاء المتقین باحیاء مآثر الفقہاء المحدثین مطبوعہ نظامی پریس کانپور ۱۲۸۸ھ ص

بیشتر تصانیف ان کی تصانیف کا سرمایہ ہیں اور ان کی تصانیف کا زیادہ سرمایہ رطب ویابس کا مجموعہ ہے ان تمام خرابیوں کے باوجود ان کی تصانیف مبتدی و منتہی کا اصل سرمایہ ہیں

سیوطی کی تصانیف میں رطب ویابس کا الزام اور اس کی حقیقت

یہ دعویٰ علامہ سیوطیؒ کی تالیفات رطب ویابس کا مجموعہ ہوتی ہیں' اس لئے قابل اعتماد نہیں' محل نظر ہے۔

اس میں شبہ نہیں کہ علامہ سیوطی کی تالیفات رطب ویابس سب کچھ ہوتا ہے لیکن اس کا یہ مطلب نہیں ہے کہ ان میں بے سروپا باتیں ہوتی ہیں' یا بغیر سند اور بلا حوالہ اقوال و آثار نقل کر دیئے جاتے ہیں' یہاں یہ بات یاد رکھنے کے قابل ہے کہ جن علماء نے ان کی تصانیف کے متعلق رطب ویابس کا لفظ استعمال کیا ہے' ان سے ان کا مقصد صرف اس حقیقت کی طرف اشارہ کرنا ہے کہ علامہ موصوف کی تالیفات ایسی نہیں ہیں جن پر آنکھ بند کر کے عمل کیا جا سکے' بلکہ غور و فکر کی محتاج ہیں' علامہ سیوطی کا مزاج جمع و ترتیب کا ضرور ہے لیکن وہ تحقیق و تنقیح سے بھی غافل نہیں رہتے' انہوں نے اپنی کتابوں میں تحقیق و تنقیح کا حق ادا کرنے کی بھی کوشش کی ہے' جہاں سے جو چیز لیتے ہیں اس کا حوالہ بھی دیتے ہیں جس سے اس کا مقام و مرتبہ متعین ہو جاتا ہے اور ہر عالم بادنی تامل یہ جان سکتا ہے کہ اس کی حیثیت کیا ہے۔ علامہ سیوطی کی تالیفات کا یہی طرۂ امتیاز ہے اس طریقہ کو اختیار کرنے سے مباحث کے تمام گوشے پڑھنے والے کے سامنے آجاتے ہیں اور زیر بحث مسئلوں پر تمام ممکن مواد تک اس کی رسائی آسان ہو جاتی ہے' اس لئے وہ رطب ویابس کو کتاب میں پیش کرنے سے گریز نہیں کرتے لیکن اس طرح نہیں کہ قوی اور ضعیف' صحیح اور سقیم میں امتیاز باقی نہ رہے اور رطب و

یا بس میں تمیز نہ کی جا سکے' بلکہ وہ ہر کتاب میں کچھ ایسی علامتیں مقرر کر دیتے ہیں جس سے ہر صاحب علم صحیح اور سقیم' قوی اور ضعیف کو پوری طرح سمجھ سکتا ہے' اور مسئلہ زیر بحث کے تمام پہلوؤں پر غور کر کے آسانی سے صحیح نتیجہ تک پہنچ سکتا ہے' اس حقیقت کو نظر انداز کرنے سے علامہ سیوطی کی تالیفات کے متعلق غلط فہمیاں پیدا ہوئی ہیں' شاہ عبدالعزیز محدث دہلویؒ فتاویٰ عزیزیہ میں اس امر کی طرف اشارہ فرماتے ہوئے لکھتے ہیں :-

"بیان آنکہ سیوطی در تصانیف خود رطب ویابس بسیار می آرد' پس این قدر التماس می دارد کہ سیوطی در تصانیف خود رطب ویابس می آورد امادر صدر نقل می گوید کہ اخرج فلان من طریق فلاں کذا پس ازیں عبارت محدث ماہر را بدو وجہ حال آں نقل مفہوم می شود۔

اول ذکر مخرج کہ بعضے مخرجین در کتابہائے آنہا علم اند نزد محدثین کہ ہر چہ در آنجا جاست ضعیف و منکر است لایعبا' یہ مثل تفسیر ابن مردویہ' و کامل ابن عدی' و تاریخ خطیب' و فردوس دیلمی و تاریخ ابن عساکر و کتاب العظمہ لابی شیخ۔

دوم بیان طریق' کہ در ضمن آن مدار سند حدیث از رجال مفہوم می شود و حال آں مدار نزد محدث ماہر معروفست' پس در حقیقت سیوطی ہم اہمال در میان نمودہ و در تفسیر و منثور اکثر ایں طریق بیان را مسلوک می نماید و در کتب دیگر نیز' در حقیقت تصنیف سیوطی ہمیں یک کتاب است یعنی در منثور' و دیگر جمیع رسائل او مثل اتقان و بدور سافرہ و شرح الصدور و غیر ذلک ہمہ مستخرج از ہمیں کتاب اند و علی ہذا القیاس در جمع الجوامع کہ اصل

جامع صغیر است نیز ایں طریقہ ملحوظ دارد"(۱)

اس حقیقت کا اظہار کہ سیوطیؒ اپنی تصانیف میں رطب ویابس زیادہ نقل کرتے ہیں ناظرین کی خدمت میں اتنا عرض کرنا ہے کہ سیوطیؒ اپنی تالیفات میں رطب ویابس بہت نقل کرتے ہیں لیکن شروع میں وہ بتاتے ہیں کہ "اخرج فلان من طریق فلانٍ"

کہ فلاں نے یہ روایت فلاں سند سے نقل کی ہے۔ چنانچہ اس عبارت سے محدث ماہر کو دو طریقہ سے اس نقل کا حال معلوم ہو جاتا ہے' اول مخرج کی نشاندہی سے اس لئے کہ بعض مخرجین اپنی کتابوں میں محدثین کے نزدیک معلوم و معروف ہیں کہ جو کچھ ان کے یہاں منقول ہے ضعیف و منکر ہے' وہ قابل اعتماد نہیں جیسے ابن مردویہ کی تفسیر' ابن عدی کی کتاب الکامل' خطیب کی تاریخ بغداد اور کتاب الفردوس' دیلمی' تاریخ ابن عساکر اور کتاب العظمہ لابی شیخ۔

دوسرے روایت سند کا بیان کہ اس کے ضمن میں حدیث کی سند کا جن راویوں پر مدار ہوتا ہے وہ معلوم ہوتے ہیں اور رواۃ کا حال محدث ماہر پر روشن ہوتا ہے اس لئے حقیقت میں سیوطیؒ نے حقیقت حال کو آشکارا کرنے میں کوتاہی اور کمی نہیں کی تفسیر درمنثور میں زیادہ تر اس طریقے کو اختیار کیا ہے اور دوسری کتابوں میں بھی ان کی یہی روش ہے۔

حقیقت میں سیوطیؒ کی یہی ایک تصنیف ایسی ہے جس سے (بعض موضوعات پر) دوسرے تمام رسائل ماخوذ ہیں چنانچہ اتقان (صرف بیان

---

(۱) ملاحظہ ہو مجموعہ فتاویٰ عزیزیہ مطبع مجتبائی دہلی ۱۳۱۴ھ ج ۲ ص ۸۱۔۸۲

احادیث میں) بدور سافرہ' اور شرح الصدر وغیرہ سب اسی کتاب سے نکالے گئے ہیں' اور علیٰ ہذا القیاس (حدیث میں) جمع الفوائد جو الجامع الصغیر کی اصل ہے اس میں بھی اس بات کا لحاظ رکھا گیا ہے۔

بعض قرائن سے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اس قسم کا اعتراض علامہ سیوطی کی زندگی میں بھی ہوا تھا جس کا جواب انہوں نے یہی دیا ہے کہ جن مصنفین کے پیش نظر استیعاب مباحث ہوتا ہے وہ رطب ویابس سب کچھ کتاب میں پیش کرتے ہیں' چنانچہ الخصائص الکبریٰ میں لکھتے ہیں :-

اعلم انی اذکر کل ماقال فیه عالم انه من خصائص' سواء کان علیه اصحابنا ام لا 'مصححًا ام لا' فإن ذلك دأب المتبعین المستوعبین وإن کان الجهلة القاصر ون اذا رأوامثل ذلك بادروا الی الانکار علی مورده (۱)

میں ہر اس بات کو بیان کروں گا جس کی نسبت کسی عالم نے کہا کہ یہ آنحضرت ﷺ کے خصائص میں سے ہے خواہ ہمارے اصحاب اس کے قائل ہوں یا نہ ہوں اور وہ اس کو صحیح تسلیم کرتے ہوں یا نہ کرتے ہوں' اس لئے کہ جن لوگوں کا مقصد تتبع اور استیعاب ہے ان کا یہی طریقہ ہے اگرچہ کم فہم جاہل جب ایسی بات دیکھتے ہیں تو بیان کرنے والے پر ردوقدح کرنے لگتے ہیں۔

اس جواب کا تعلق اگرچہ سیر ومناقب سے ہے جس میں صحیح وغیر صحیح ہر قسم کی روایتیں بیان کی جاتی ہیں تاہم اس سے ان کا مرکزی نقطہ نگاہ واضح ہو جاتا ہے۔

---

(۱) ملاحظہ ہو خصائص الکبریٰ' طبع حیدر آباد دکن ۱۳۲۰ھ ج ۲ ص ۲۲۹

یہاں یہ بات یاد رکھنے کے قابل ہے کہ علامہ سیوطیؒ اپنی تالیفات میں رطب ویابس بغیر حوالہ پیش نہیں کرتے۔

ان امور کی روشنی میں علامہ موصوف کی تالیفات کے جامع' مفید اور مستند ہونے میں کیا شبہ ہو سکتا ہے جن بالغ نظر علماء نے علامہ سیوطیؒ کی تالیفات کو جامع' مفید اور مستند کہا ہے ان کے پیش نظر بھی یہی نکتہ رہا ہے' چنانچہ شیخ الاسلام غزی شافعی نے ان کی تالیفات پر یہ مختصر و جامع تبصرہ کیا ہے۔

الف المؤلفات الحافلة الكثيرة الكاملة الجامعة النافعة المتقنة المحررة المعتمدة المعتبرة (۱)

موصوف نے نہایت جامع' مبسوط' مفید' پائیدار' قابل اعتبار اور لائق اعتماد کتابیں تالیف کی ہیں۔

ابن العماد حنبلی نے بھی ان تالیفات کے بارے میں "شذرات الذہب فی اخبار من ذہب" میں بعینہ یہی الفاظ نقل کئے ہیں(۲)

اس سے معلوم ہوتا ہے کہ ان کی نظر میں بھی علامہ سیوطی کی تالیفات کا وہی مقام ہے جو محدث غزنی کی نظر میں تھا' مولانا عبدالحیؒ فرنگی محلی کی رائے بھی یہی ہے' وہ لکھتے ہیں :-

و تصانيفة كلها مشتملة على فوائد لطيفة و فرائد شريفة تشهد كلها بتبحره وسعة نظره ودقة فكره (۳)

---

(۱) ملاحظہ ہو الکواکب السائرہ ج ۱ ص ۲۲۸

(۲) شذرات الذہب ج ۸ ص ۵۳

(۳) التعلیق المجد علی موطاء محمد' طبع نور محمد کراچی ۱۹۶۳ء ص ۲۵

سیوطی کی تمام تصانیف عمدہ فوائد اور اچھے مباحث پر مشتمل ہیں اور ہر کتاب ان کے تبحر، وسعت نظر اور دقت فکر کی شاہد ہے۔

تالیفات سیوطیؒ کی اقسام ثلاثہ

علامہ جلال الدین سیوطیؒ نے عام طور پر حسبِ ذیل تین قسم کی کتابیں لکھی ہیں۔(۱)

(۱) مختصرات یہ وہ کتابیں ہیں جو نصابی و درسی ضروریات کے پیش نظر لکھی گئی تھیں ان میں سے بعض منظوم ہیں(۲) جیسے الفیہ نحو میں، الفیہ اصول حدیث میں، الفیہ معانی و بیان میں تاکہ طلبہ انہیں زبانی یاد رکھ سکیں۔

تفسیر میں تفسیر جلالین، تاریخ اسلامی میں تاریخ الخلفاء متون میں نقایہ اور اس کی شرح اتمام الدرایہ اس کی بہترین مثال ہیں(۳)

(۲) متوسطات، جن سے عام اہل علم اور اساتذہ فائدہ اٹھائیں جیسے متون کی شرحیں الفیہ نحو کی شرح البهجة المرضيه، الفیہ معانی و بیان کی شرح عقود الجمان، اصول حدیث میں تدریب الراوی شرح تقریب النواوی وغیرہ۔

(۳) جوامع، فن کے دائرۃ المعارف جن سے بالغ نظر محققین و مصنفین فائدہ اٹھائیں اور فن میں درک و بصیرت حاصل کریں۔

---

(۱) السیوطیؒ تنویر الحوالک ص ۷ ج ۳ ص ۱۶۳ بحث اسماء النبی ﷺ

(۲) ایضاً ج ۳ ص ۱۲۹

(۳) نائیجیریا کے مصلح اعظم شیخ عثمان دان فودی کے چھوٹے بھائی شیخ عبداللہ بن فودی صکوتو نائیجیری المتوفی ۱۲۴۸ھ بمطابق ۱۸۲۹ء نائیجیریا کے دار الخلافہ صکوتو میں یہی کارنامہ انجام دیا تمام نصابی متون کو عربی میں نظم کا جامہ پہنایا تاکہ طلبہ آسانی سے یاد کر سکیں موصوف کی تالیفات اب تحقیق سے شائع کی جارہی ہیں۔

علم تفسیر میں الدر المنثور' علوم قرآن میں الاتقان' حدیث میں جمع الجوامع' نحو میں الاشباہ والنظائر' سیرت و معجزات میں الخصائص الکبریٰ' علوم لغت میں المزہر' علم نحو میں ہمع الھوامع شرح جمع الجوامع وغیرہ۔

علامہ سیوطیؒ کی جوامع کتب ایسی اہم وبنیادی کتابیں ہیں کہ عصر حاضر میں یہ کتابیں اگر کسی کتب خانہ میں موجود نہ ہوں تو وہ کتب خانہ علمی کتب خانہ نہیں سمجھا جاتا اور جس عالم و محقق کی نظر ان کتابوں پر نہ ہو وہ کوئی علمی و تحقیقی کام نہیں کر سکتا ذلك فضل الله یؤتیه من یشآء

علامہ سیوطیؒ کی تالیفات کی سب سے بڑی خوبی یہ ہے کہ وہ کتابوں کا حوالہ دیتے ہیں جن سے مراجع کی طرف رہنمائی ہوتی ہے یہ ان کا ایسا علمی فیضان ہے جس سے ہر ایک اپنی علمی تشنگی دور کر سکتا ہے انہی وجوہ سے ان کی کتابیں ہر طبقہ میں مقبول ہیں اور انہیں سند کا درجہ حاصل ہے موصوف کا بیشتر کام جمع و ترتیب ہے ان کی اپنی تحقیقات کم ہیں باایں ہمہ وہ ان کے علوم وفنون میں بالغ نظری' فن میں بصیرت اور ہر فن کی مہمات کتب پر نظر' علوم وفنون سے گہری مناسبت' حسن تلخیص و ترتیب اور حسن بیان پر قدرت کا شاہد عدل ہے یہی وجہ ہے کہ ان کے یہاں عبارت میں پیچیدگی و اغلاق نہیں پایا جاتا۔

مشرق و مغرب میں کہیں کسی زبان میں آج کوئی بڑے سے بڑا دانشور و محقق اسلامی علوم حدیث' تفسیر' فقہ' اصول' رجال سیر' نحو و لغت اور تاریخ کسی موضوع پر قلم اٹھائے اسے سیوطیؒ کی تالیفات سے استفادہ کئے بغیر چارہ نہیں' یہ ان کا ایسا علمی فیضان ہے جو کم کسی کو نصیب ہوا ہے۔

اس کی بنیادی وجہ یہ ہے کہ وہ سینکڑوں کتابوں کا مطالعہ کرنے کے بعد کسی

فن پر لکھتے ہیں چنانچہ موصوف نے الاتقان فی علوم القرآن لکھتے وقت کم وبیش تین سو ستانوے کتابوں سے مراجعت کی' یہی حال المزہر اور ان کی دوسری تالیفات کا ہے جیسا کہ ان کتابوں کے اشاریہ سے عیاں ہے' یہی وجہ ہے کہ متاخرین علماء کا سرمایہ معلومات ہر فن میں زیادہ تر سیوطیؒ کی تالیفات ہیں۔

کثرت تصانیف کے اسباب

علامہ سیوطیؒ نے زمانہ طالب علمی سے کتابیں تالیف کرنا شروع کی تھیں' افتاء' املاء و تدریسی خدمات کے باوجود ان کی تالیفات کا سلسلہ کبھی منقطع نہیں ہوا چنانچہ ۶۲ سالہ مختصر زندگی میں سینکڑوں کتابیں تالیف کیں' موصوف کی کثرتِ تالیفات کے حسب ذیل وجوہ واسباب ہیں۔

(۱) علامہ سیوطیؒ نے ہر چھوٹی بڑی تحریر و فتویٰ کو خواہ وہ ایک دو ورق کا کیوں نہ ہو جداگانہ نام سے موسوم کیا چنانچہ بلاد تکرور سے موصوف کے پاس چند سوالات آئے ان کا جواب لکھا تو اس کا نام "فتح المطلب المبرور و برد القلب المحرور في الجواب عن أسئلة التكرور' رکھا(۱)

(۲) ناقص وناتمام تالیفات جنہیں عام طور پر نظر انداز کیا جاتا ہے انہیں بھی اپنی تالیفات سے خارج نہیں کیا۔

(۳) ابتدائی دور کی تالیفات جن کی علمی و تحقیقی شان زیادہ بلند نہیں ہوتی' جلیل القدر مصنفین اس قسم کی کتابوں کے انتساب سے گریز کرتے ہیں انہیں بھی موصوف نے اپنی تالیفات میں شمار کیا۔

---

(۱) الحاوی للفتاویٰ بیروت دار الکتب العلمیہ' ۴۰۲' ج ۱/ ۲۸۵

(۴) ایک کتاب اگر سات ابواب پر مشتمل ہوئی تو بعض اوقات ہر باب کا جداگانہ نام رکھا اور مجموعہ کا جدا۔ اس طرح ایک کتاب سات جداگانہ ناموں سے مشہور ہوئی اور وہ مجموعہ علیحدہ نام سے موسوم ہوا اس طرح تصانیف کی تعداد بڑھتی گئی' چنانچہ کتاب الاشباہ والنظائر فی النحو' اس کی بہترین مثال ہے موصوف کا بیان ہے۔

وقد افردت کل فن بخطبة و تسمیة لیکون کل فن من السبعة تالیفاً مفرداً و مجموع السبعة' هو کتاب کتاب الاشباه والنظائر(۱)

میں نے ہر فن کا آغاز نئے خطبہ اور نئے نام سے کیا تاکہ ہفتگانہ فنون میں سے ہر فن پر ایک مستقل تالیف رہے اور مجموعہ کا نام کتاب الاشباہ والنظائر ہوا۔

(۵) علامہ سیوطیؒ نے کسی موضوع پر کوئی کتابچہ یا رسالہ لکھا اور اسے ایک نام سے موسوم کیا پھر موصوف کو اس موضوع پر زیادہ تفصیل سے لکھنے کا اتفاق ہوا تو وہ کتابچہ یا رسالہ اس کتاب میں پورا آگیا بایں ہمہ موصوف نے اس کتابچہ یا رسالہ کی سابقہ حیثیت اور نام کو نظر انداز نہیں کیا اسے بھی مستقل حیثیت سے زمرہ تالیفات میں برقرار رکھا چنانچہ علامہ سیوطیؒ نے جب کتاب الاشباہ والنظائر فی النحو کا باب سوم جس کا عنوان ہے۔

فن بناء المسائل بعضها علی بعض لکھا تو اس موضوع پر السلسلہ کے نام سے جو کتابچہ یا رسالہ پہلے سے موجود تھا وہ تمام تر اس میں آچکا تھا اس کے باوجود اس تالیف کی مستقل حیثیت کو برقرار رکھا چنانچہ موصوف کا بیان ہے۔

وقد الفت فیه قدیماً تالیفاً لطیفاً مسمیٰ بالسلسلة (۲)

---

(۱) السیوطی' کتاب الاشباہ والنظائر تحقیق عبدالرؤف سعد' القاہرہ مکتبات الکلیات الازہریہ ۱۳۹۵ھ مطابق ۱۹۷۵ء ص ۷

(۲) حوالہ سابقہ۔

اور اس سے پہلے بھی میں اس موضوع پر ایک تالیف لطیف جس کا نام السلسلۃ ہے لکھ چکا ہوں۔

اس طرح علامہ سیوطیؒ کی تالیفات بڑھتی گئیں۔

(۶) علامہ سیوطیؒ نے کسی موضوع پر کوئی کتاب لکھی اس کا کوئی نام رکھا پھر اس کی شرح کی اس کا جداگانہ نام رکھا اس کے بعد اس کی تلخیص کی یا مختصر تیار کیا اسے مستقل نام دیا اس طرح ایک کتاب سے تین کتابیں تیار کیں اور تصانیف کی تعداد میں اضافہ ہوتا رہا چنانچہ موصوف تنویر الحوالک میں رقم طراز ہیں :-

میں نے پچھلے دور میں رسالت مآب ﷺ کے اسماء گرامی تتبع و جستجو سے ڈھونڈے تو ان کی تعداد چار سو تک پہنچی ان کی شرح ایک جلد میں لکھی اس کا نام المرقاۃ رکھا پھر ایک جزء میں اس کی تلخیص کی اس کا نام الریاض الانیقہ رکھا پھر اس کا خلاصہ ایک مختصر میں تیار کیا اس کا نام الوسیلہ رکھا(۱)

اسی طرح وہ عادات و خصائل جن کی وجہ سے عرش الٰہی کے سایہ تلے رہنا نصیب ہوتا ہے انہیں اسانید کے ساتھ جمع کیا اس کا نام (۲) بزوغ الہلال فی الخصال الموجبۃ للظلال رکھا(۳)

ان مذکورۂ بالا اسباب کی وجہ سے علامہ سیوطیؒ کی تالیفات کی تعداد سینکڑوں تک پہنچ گئی تھی۔

(۷) کبھی موصوف نے کسی تالیف میں کچھ اضافہ کیا تو پہلی اور دوسری تالیف کے نام

---

(۱) تنویر الحالک شرح علی موطا مالک القاہرہ۔ عبدالمجید احمد حنفی ۱۳۵۲ھ ج ۳ ص ۱۶۳

(۲) تمہید الفرش فی الخصال المردیۃ لظل العرش رکھا پھر اس کو مختصر کیا اور اس کا نام اوپر مذکور ہے

(۳) ایضاً ۳/ ۱۲۹

میں کوئی صفت بڑھا کر ایک کو دوسرے سے ممتاز کیا اس طرح دو کتابیں بنائی گئیں، چنانچہ اللآلی المصنوعہ فی الاحادیث الموضوعہ میں دوسری بار رجب ۹۰۵ھ میں موضوعہ احادیث کا مزید اضافہ کیا تو پہلے نسخہ کو الموضوعات الصغریٰ اور دوسرے نسخہ کو الموضوعات الکبریٰ کے نام سے موسوم کیا، اس طرح تالیفات کے ناموں میں اضافہ ہوا اور ان کی تعداد بھی بڑھتی گئی(۱)

علامہ سیوطیؒ کی تصانیف کی تعداد

کثرت تالیفات میں علامہ سیوطی قدماء کی یادگار تھے اور متاخرین میں بہت ہی کم علماء ان کی ہمسری کر سکتے ہیں، ان کی تصانیف کی تعداد کے متعلق مؤرخین اور تذکرہ نگاروں کے اقوال مختلف ہیں، خود سیوطی نے "حسن المحاضرہ" میں اپنی تالیفات کی تعداد تین سو بتائی ہے، یہ تعداد ان تالیفات کے علاوہ ہے جن سے انہوں نے رجوع کیا تھا، یا دریابرد کرلیا تھا، یہ کتابیں فن تفسیر، حدیث، قرأت، فقہ، عربیت اور آداب وغیرہ میں ہیں(۲)

ان کے تلمیذ شیخ عبدالوہاب شعرانی نے ذیل الطبقات میں تالیفات کی تعداد چار سو ساٹھ لکھی ہے(۳) نواب صدیق حسن خاں صاحب قنوجی نے لکھا ہے کہ ان کی چھوٹی بڑی تالیفات کی تعداد چار سو ساٹھ تک پہنچتی ہے(۴) جرمن مستشرق بروکلمان نے مطبوعہ اور غیر مطبوعہ تالیفات کی تعداد چار سو پندرہ بیان کی ہے۔

---

(۱) اللآلی المصنوعہ فی الاحادیث الموضوعۃ، القاھرہ المطبعۃ الادبیہ ۱۳۱۷ھ ج ۱ ص ۲

(۲) حسن المحاضرہ ج ۱ ص ۱۹۰

(۳) ذیل الطبقات بحوالہ برالامام السیوطی و تحقیق موضعہ از احمد تیمور پاشا طبع قاہرہ ۱۹۲۶ء ص ۴

(۴) اتحاف النبلاء المتقین ص ۲۹۱

مؤرخ نجم الدین غزی نے سیوطی کے نامور شاگرد شمس الدین داودی سے نقل کیا ہے کہ انہوں نے علامہ سیوطیؒ کے تذکرہ میں ان کی تالیفات کو نام بنام گنایا ہے' ان کی تعداد پانچ سو سے اوپر ہے جو شہرت کی بنا پر تفصیل سے مستغنی ہیں(۱)

علامہ سیوطی کی تصانیف پر ہندوستان میں غالباً سب سے پہلی کتاب مولانا عبدالاول جونپوری (۱۲۸۴-۱۳۳۹ھ) نے لکھی' جو شکر المعطی فی ذکر مؤلفات الامام السیوطی کے نام سے شائع ہو چکی ہے' اس میں انہوں نے ان کی تالیفات پانچ سو سے زیادہ گنائی ہے' چنانچہ وہ "وفیات المشاہیر" میں لکھتے ہیں۔

"آپ کی تصانیف پانچ سو سے زیادہ ہیں جن کو میں نے شکر المعطی میں شمار کر دیا ہے۔"(۲)

مولانا عبدالحئ فرنگی محلی کا بھی یہی مختار ہے' چنانچہ الفوائد البہیہ میں فرماتے ہیں۔

وقد زادت علی خمسمائة شهرة ذكره تغني عن وصفه(۳)

سیوطی کی تالیفات پانچ سو سے زیادہ ہیں ان کی شہرت بیان سے مستغنی ہے

جمیل بک العظم نے تصانیف کی تعداد تقریباً پانچ سو چھتر لکھی ہے(۴)

مشہور مستشرق فلوگل نے کسی بالغ نظر عالم کی مرتب کردہ فہرست تالیفات الامام السیوطی کے نام سے کشف الظنون کے آخر میں شامل کی ہے' کشف الظنون لاطینی ترجمہ کے ساتھ لیپزک سے ۱۸۳۵ء میں شائع ہوئی۔ اس میں تالیفات کی تعداد ۵۶۰ (۵) علامہ سیوطی کے تلمیذ خاص مورخ مصر ابن ایاس حنفی المتوفی ۹۳۰ھ کا بیان ہے کہ سیوطی کی تالیفات کی تعداد چھ سو تک پہنچتی ہے(۶)

---

(۱) الکواکب السائر ج ۱ ص ۴۲

(۲) وفیات المشاہیر مطبوعہ جادو پریس جونپور ص ۴

(۳) الفوائد البہیہ مع التعلیقات السنیہ' مطبع چشمہ فیض ۱۳۰۲ھ ص ۱۵

(۴) عقود الجواہر فی تراجم من لہم خمسون تصنیفا فما کثر طبع بیروت ۱۳۲۶ھ ص ۱۹۵ تا ۲۱۶

(۵) ملاحظہ ہو کشف الظنون طبع لیپزک لیڈن ج ۶ ص ۶۶۵

(۶) بدائع الزہور فی وقائع الدہور ج ۳ ص ۶۳

شیخ محی الدین عبدالقادر عیدروسی المتوفی ۱۰۳۸ھ النور السافر میں لکھتے ہیں۔

وصلت مصنفاته نحو الستمائة مصنفاً سوى ما رجع عنه و غسّله

سیوطی کی تصانیف کی تعداد ان تصانیف کے علاوہ جن سے انہوں نے رجوع کیا یا ان کو دھوڈالا چھ سو کے قریب ہے۔

محدث بدرالدین محمد بن یحییٰ قرافی مالکی المتوفی ۱۰۰۸ھ اپنے شیخ ابو عبداللہ محمد بن ابی الصفا شہاب الدین بکری کے تذکرہ میں لکھتے ہیں۔

انه قرأ على شيخه الحافظ السيوطي فهرس اسماء مؤلفاته قال وهي ستمأية (۱)

انہوں نے اپنے شیخ حافظ سیوطی کو ان کی مولفات کی فہرست پڑھ کر سنائی تھی ان کا بیان ہے کہ وہ چھ سو تھیں۔

شیخ شہاب الدین احمد مکناسی المتوفی ۱۰۲۵ھ درۃ الحجال فی اسماء الرجال میں لکھتے ہیں

ان تصانيفة لا تحصى تجاوز الالف (۲)

ان کی تالیفات حد شمار سے باہر ہیں وہ ہزار سے بھی اوپر ہیں

شہرت و قبولیت

ان کی کتابیں اطراف عالم میں مشرق سے مغرب تک پھیلی ہوئی ہیں اور مسلمان ان سے فائدہ اٹھا رہے ہیں۔

موصوف کی تالیفات کی قبولیت کا اندازہ اس کے حسب ذیل بیان سے کیا

---

(۱) فہرس الفہارس والاثبات ج ۲ ص ۳۵۹

(۲) درۃ الحجال بحوالہ فہرس الفہارس والاثبات ج ۲ ص ۳۵۹

جاسکتا ہے' وہ فرماتے ہیں۔

"۸۵۷ھ میں دیار مغرب سے صوفی یحییٰ بن ابی بکر المشہور بابن العجود مصراتی آئے' میری تالیفات میں تکملہ تفسیر شیخ جلال الدین محلی' الفیۃ المعانی' شرح الکفایہ اور الکلم الطیب خرید کر وطن لے گئے پھر ۸۸۲ھ میں اپنے بھائیوں کے ساتھ آئے' ان کا بیان ہے کہ وہاں کے اہل علم کو میری تالیفات سے اعتناء ہے وہ ان میں مقبول ہیں' اس مرتبہ وہ تالیفات میں الاتقان فی علوم القرآن' التوشیح علی الجامع الصحیح تاریخ الخلفاء اور البدیعیہ لے گئے۔(۱)

اس سے معلوم ہوتا ہے ۸۸۲ھ تک علامہ سیوطی دیار مغرب تک نہیں گئے تھے۔

۸۷۴ھ میں میرے والد کے تلامذہ سلطان کے ایلچی امیر یشبک جمالی کے ہمراہ' شام' حلب' بلاد روم' بصریٰ اور اسطنبول گئے تو میری تالیفات میں الاتقان' جمع الجوامع فی العربیہ' شرح الفیۃ المعانی' نقایہ' شرح الکفایۃ' شرح التقریب' اصول النحو (الاقتراح) اسباب النزول' شرح الفیۃ العراقی' شرح الفیۃ ابن مالک' الفیۃ الحدیث' الفیۃ النحو' الاشباہ والنظائر' نیز میری بہت سی دوسری مختصر کتابیں اپنے ہمراہ لے گئے اس طرح میری سو سے زیادہ کتابیں اس وقت (۸۷۴ھ تک ان دیار میں پہنچ گئی ہیں(۲)

اس سے ظاہر ہے ۸۸۴ھ تک بلاد شام کی طرف موصوف کو سفر کا اتفاق نہیں ہوا تھا

نور الدین بیطار جو اچھا خوشنویس تھا شام سے آیا میں نے اسے شیخونیہ میں ٹھہرایا' وہ ایک سال سے زیادہ رہا' اس نے تین سے زیادہ تالیفات نقل کیں اور شام لے گیا' پھر آیا تو پھر تیس سے زیادہ کتابیں لے گیا۔(۳)

---

(۱) السیوطی۔ کتاب التحدیث بنعمۃ اللہ ج ۱ ص ۱۵۵

(۲) ایضاً ص ۱۵۷ (۳) ایضاً

شیخ محی الدین عبدالقادر عیدروسی المتوفی ۱۰۳۸ھ النور السافر میں لکھتے ہیں۔

وصلت مصنفاته نحو الستمائة مصنفاً سوى ما رجح عنه و غسّله

سیوطی کی تصانیف کی تعداد ان تصانیف کے علاوہ جن سے انہوں نے رجوع کیا یا ان کو دھوڈالا چھ سو کے قریب ہے۔

محدث بدرالدین محمد بن یحییٰ قرافی مالکی المتوفی ۱۰۰۸ھ اپنے شیخ ابو عبداللہ محمد بن ابی الصفا شہاب الدین بکری کے تذکرہ میں لکھتے ہیں۔

انه قرأ على شيخه الحافظ السيوطي فهرس اسماء مؤلفاته قال وهي ستمأية (۱)

انہوں نے اپنے شیخ حافظ سیوطی کو ان کی مولفات کی فہرست پڑھ کر سنائی تھی ان کا بیان ہے کہ وہ چھ سو تھیں۔

شیخ شہاب الدین احمد مکناسی المتوفی ۱۰۲۵ھ درۃ الحجال فی اسماء الرجال میں لکھتے ہیں

ان تصانيفة لا تحصى تجاوز الالف (۲)

ان کی تالیفات حد شمار سے باہر ہیں وہ ہزار سے بھی اوپر ہیں

شہرت و قبولیت

ان کی کتابیں اطراف عالم میں مشرق سے مغرب تک پھیلی ہوئی ہیں اور مسلمان ان سے فائدہ اٹھا رہے ہیں۔

موصوف کی تالیفات کی قبولیت کا اندازہ اس کے حسب ذیل بیان سے کیا

---

(۱) فہرس الفہارس والاثبات ج ۲ ص ۳۵۹

(۲) درۃ الحجال بحوالہ فہرس الفہارس والاثبات ج ۲ ص ۳۵۹

جاسکتا ہے' وہ فرماتے ہیں۔

"۸۵۷ھ میں دیار مغرب سے صوفی یحییٰ بن ابی بکر المشہور بابن المجدد مصراتی آئے' میری تالیفات میں تکملہ تفسیر شیخ جلال الدین محلی 'الفیۃ المعانی' شرح النقایہ اور الکلم الطیب خرید کر وطن لے گئے پھر ۸۸۲ھ میں اپنے بھائیوں کے ساتھ آئے' ان کا بیان ہے کہ وہاں کے اہل علم کو میری تالیفات سے اعتناء ہے وہ ان میں مقبول ہیں' اس مرتبہ وہ تالیفات میں الاتقان فی علوم القرآن' التوشیح علی الجامع الصحیح تاریخ الخلفاء اور البدیعیہ لے گئے۔(۱)

اس سے معلوم ہوتا ہے ۸۸۲ھ تک علامہ سیوطی دیار مغرب تک نہیں گئے تھے۔

۸۷۴ھ میں میرے والد کے تلامذہ سلطان کے ایلچی امیر یشبک جمالی کے ہمراہ' شام' حلب' بلاد روم' بصریٰ اور اسطنبول گئے تو میری تالیفات میں الاتقان' جمع الجوامع فی العربیہ' شرح الفیۃ المعانی' نقایہ' شرح النقایۃ' شرح التقریب' اصول النحو (الاقتراح) اسباب النزول' شرح الفیۃ العراقی' شرح الفیۃ ابن مالک' الفیۃ الحدیث' الفیۃ النحو' الاشباہ والنظائر' نیز میری بہت سی دوسری مختصر کتابیں اپنے ہمراہ لے گئے اس طرح میری سو سے زیادہ کتابیں اس وقت (۸۷۴ھ تک ان دیار میں پہنچ گئی ہیں(۲)

اس سے ظاہر ہے ۸۸۴ھ تک بلاد شام کی طرف موصوف کو سفر کا اتفاق نہیں ہوا تھا

نور الدین بیطار جو اچھا خوشنویس تھا شام سے آیا میں نے اسے شیخونیہ میں ٹھہرایا' وہ ایک سال سے زیادہ رہا' اس نے تین سے زیادہ تالیفات نقل کیں اور شام لے گیا' پھر آیا تو پھر تیس سے زیادہ کتابیں لے گیا۔(۳)

---

(۱) السیوطی۔ کتاب التحدیث بنعمۃ اللہ ج ۱ ص ۱۵۵

(۲) ایضاً ص ۱۵۷ (۳) ایضاً

حافظ سید عبدالحئ کتانی کو مصر میں علامہ سیوطی کی تالیفات کی جو فہرست کتب دستیاب ہوئی تھی اس میں ان کی وفات سے سات سال قبل کی ۹۰۴ تالیفات کا ذکر تھا' یہ غالباً ان کی تصانیف کی کل تعداد ہے جس میں وہ سب کتابیں داخل ہیں جن سے موصوف نے رجوع کیا یا جو دریابرد کر دی تھیں(۱)

ان کی تالیفات نصابی و درسی ضروریات کی تکمیل کا ذریعہ رہی اس وجہ سے ان کی شرح وحاشیہ نگاری کا سلسلہ اہل علم میں جاری رہا اور ان کی تالیفات سے بعض ایسی تالیفات بھی جو مکمل نہ کی جاسکیں جیسے تنویر الحوالک' جیسا کہ آئندہ ابواب میں علامہ سیوطی کے بیان سے عیاں ہے علماء طلبہ اور محققین میں متداول و مقبول رہیں۔

تصانیف کی شہرت و مقبولیت

علامہ سیوطیؒ کی تالیفات میں بلاشبہ منقولات کا حصہ زیادہ ہوتا ہے لیکن اس حقیقت سے انکار نہیں کیا جاسکتا کہ ان میں معلومات و فوائد کا ایسا نادر ذخیرہ یکجا مل جاتا ہے جو اور کتابوں میں یکجا نہیں مل سکتا اس لئے ان کی تالیفات کو ان کی حیات ہی میں قبولیت عام کی سند حاصل ہو گئی تھے' مورخ غزی کا بیان ہے۔

وقد اشتهر اكثر مصنفاته في حياته في البلاد الحجازية والشامية والحلبية و بلاد الروم والمغرب و التكرور والهند واليمن (۲)

ان کی اکثر تالیفات ان کی حیات میں بلاد حجاز' شام' حلب' بلاد روم' مغرب تکرور' ہندوستان اور یمن میں مشہور ہو گئیں۔

---

(۱) ایضاً کتاب مذکور درۃ الجمال بحوالہ فہرس الفہارس والاثبات ج ۲ ص ۳۵۹

(۲) الکواکب السائرج ۱ ص ۲۲۸

شذرات الذہب فی اخبار من ذہب میں مذکور ہے :-

وقد اشتهر اكثر مصنفاته فی حياته فی اقطار الا رض شرقاًو غرباً (۱)

ان کی حیات ہی میں ان کی اکثر تصنیفات دنیا کے گوشہ گوشہ میں مشرق سے مغرب تک پھیل گئی تھیں۔

قاضی محمد بن علی شوکانی فرماتے ہیں :-

و تصانيفه فی كل فن من الفنون مقبولة وقد سارت فی الاقطار سير النهار (۲)

ان کی تصنیفات ہر فن میں مقبول ہیں اور روز روشن کی طرح عالم میں پھیل گئی ہیں۔

محدث شوکانی نے ایک اور موقع پر لکھا ہے :-

ان مؤلفاته انتشرت فی الاقطار و سارت بهذا الركبان الى الأنجاد والا غوار و رفع الله له من الذكر الحسن والثناء الجميل عالم يكن لأحد من معاصرية (۳)

ان کی تالیفات چار دانگ عالم میں پھیلیں' شہ سوار ان کو بالائی اور نشیبی حصوں میں لے گئے اللہ تعالیٰ نے ان کو شہرت و نیک نامی کی وہ عزت و رفعت بخشی جو ان کے معاصرین میں کسی کو حاصل نہ ہو سکی۔

مولانا عبدالحئی فرنگی محلی نے التعلیقات السنیہ میں لکھا ہے :-

جلال الدين . صاحب التصانيف التی سارت به الركبان و انتفع به الانس و الجان (۴)

جلال الدین ایسے صاحب تصانیف ہیں کہ ان کی کتابوں کو سوار لے اڑے

---

(۱) شذرات الذہب از محمد بن العماد حنبلی ج ۸ ص ۵۳

(۲) البدر الطالع ج ۱ ص ۳۲۸

(۳) ایضاً ج ۱ ص ۳۳۴

(۴) الفوائد البہیہ والتعلیقات السنیہ ص ۱۵

اور ان سے انس و جن مستفید ہوئے۔

نواب صدیق حسن خان قنوجی "اتحاف النبلاء والمتقین" میں رقم طراز ہیں :۔

"مصنفاتش۔ در اقطار ارض از شرق و غرب منتشر گردیدہ و مسلمانان بداں منتفع شدند۔"(۱)

ان کی تصنیفات مشرق و مغرب میں ہر طرف پھیل گئی ہیں اور مسلمان ان سے فائدہ اٹھا رہے ہیں

تصانیف سے اہل علم کا اعتناء

سیوطی کی وفات کے بعد ان کی تصانیف کی قبولیت و شہرت بڑھتی رہی جس کی بڑی دلیل یہ ہے کہ علماء اور مؤلفین کا ہمیشہ ان کی تالیفات کے ساتھ اعتناء رہا' ان کی شرحیں اور حاشیے لکھے گئے ان کی حیات میں بعض علماء نے تمام عمر ان کی تصانیف کے مطالعہ میں بسر کی' مؤرخ غزی شیخ حسن بن ثابت زمزمی المتوفی ۹۲۱ھ کے تذکرہ میں لکھتے ہیں :۔

اعتنی بعلم الزیارج و بتصانیف الشیخ جلال الدین السیوطی رحمہ اللہ(۲)

انہوں نے فن زیارج اور سیوطیؒ کی تصانیف سے بڑا اعتناء کیا

حافظ محمد بن طولون حنفی دمشقی المتوفی ۹۵۳ھ نے جو کثیر التصانیف علماء میں سے تھے اپنی مشہور تصنیف کتاب التعلیقات میں علامہ سیوطی کی بہت سی تالیفات کو

---

(۱) اتحاف النبلاء المتقین طبع نظامی کانپور ۱۲۸۸ھ ص ۲۹۱

(۲) الکواکب السائرۃ ج ۱ ص ۷۷

جمع کیا ہے' ابو الفلاح عبد الحیٔ بن العماد حنبلی المتوفی ۱۰۸۹ھ کا بیان ہے :-

كتب بخطه كثيرا من الكتب وعلق ستين جزاء سماها بالتعليقات وكل جزء منها يشتمل على مؤلفات كثيرة اكثرها من جمعه و منها كثير من تاليفات شيخه السيوطى وكان واسع الباع فى غالب العلوم المشهورة (۱)

انہوں نے اپنے قلم سے بہت سی کتابیں لکھی ہیں اور ساٹھ جزء کی ایک کتاب مرتب کی ہے' جو کتاب التعلیقات کے نام سے موسوم ہے' اس کا ہر جزء بہت سی کتابوں پر مشتمل ہے جو زیادہ تر ان کی اپنی جمع کردہ ہیں اور بہت سی ان کے شیخ سیوطی کی تالیفات ہیں جنہیں اکثر علوم متداولہ میں ید طولیٰ حاصل تھا۔

انہی وجوہ سے شیخ عبد الوہاب شعرانی نے فرمایا ہے :-

لولم يكن للسيوطى من الكرامات الا اقبال الناس على تآليفه فى سائر الاقطار بالكتابة والمطالعة لكان ذلك كفاية (۲)

علامہ سیوطی کی اگر اور کرامتیں نہ ہوتیں تو ان کے لئے یہی کرامات کافی تھی کہ عالم میں ہر طرف اہل علم ان کی کتابوں کے مطالعہ و کتابت میں مصروف ہیں۔

شیخ الاسلام محمد غزی سامانی المتوفی ۱۰۶۱ھ کا قول ہے :-

ولو لم يكن له من الكرامات الاكثرة المؤلفات مع تحريرها و تدقيقها كفى ذالك شاهدا لمن يومن بالقدر (۳)

---

(۱) ملاحظہ ہو شذرات الذہب ج ۸ ص ۲۹۹

(۲) فہرس الفہارس والاثبات ج ۲ ص ۳۵۹

(۳) الکواکب السائرہ ج ۱ ص ۲۲۹ و شذرات الذہب ج ۸ ص ۵۴

علامہ سیوطی کی اگر کرامتیں نہ ہوتیں تو ان کی تالیفات کی کثرت اور تحقیق و تنقید ہی ایک مرد مومن کے لئے ان کی کرامت کا ثبوت ہے۔

اس سلسلہ میں حافظ سید عبدالحیٔ کتانی کا تبصرہ بھی پڑھنے کے لائق ہے' وہ لکھتے ہیں :-

قلت هذا امر جدير بالا عتبار فان مؤلفاته بالنسبة لمعاصريه و شيوخه حصلت على اقبال عظم عند الامة الاسلامية لم يحصل عليها غيره ولا تكاد تجد خزانة فى الدنيا عربية او عجمية تخلو عن العدد العديد منها بخلاف مؤلفات اقرانه و شيوخه فانها اعز من بيض الافق (۱)

یہی امر کیا کم لائق اعتبار ہے کیونکہ امت مسلمہ کی جیسی عظیم توجہ ان کی تالیفات پر رہی ہے ایسی توجہ ان کے معاصرین اور شیوخ وغیرہ کی تالیفات پر نہیں رہی ہے' دنیائے عرب و عجم کا کوئی کتب خانہ ان کی متعدد تصانیف سے خالی نہیں ہے' اس کے برعکس ان کے ہمسر اور شیوخ کی تالیفات کا یہ حال ہے کہ وہ شکرہ کے انڈوں سے بھی زیادہ نایاب ہیں۔

---

(۱) فہرس الفہارس والاثبات بتحقیق احسان عباس' بیروت دار الغرب الاسلامی ۱۴۰۶ھ ج: ۲ ص: ۱۰۱۹

باب پنجم

علامہ جلال الدین سیوطیؒ کی تفسیر، حدیث، فقہ، عربیت، صرف ونحو، معانی وبیان، ادب، لغت، سیر، تاریخ وتذکرہ میں جو شاندار خدمات ہیں وہ ناقابل فراموش ہیں۔ اس لئے ان اسلامی علوم میں ان کی بعض مشہور تالیفات کا تعارف اور ان پر تبصرہ ہدیۂ ناظرین ہے۔

علوم تفسیر میں ان کی بعض مشہور کتابوں کا تعارف :

علامہ جلال الدین سیوطیؒ نے تفسیر اور علوم قرآن کے موضوع پر کم و بیش ۲۵ کتابیں یادگار چھوڑی ہیں ان میں سے تفسیر قرآن کے سلسلہ میں چار کتابیں (۱)تفسیر جلالین (۲)مجمع البحرین و مطلع البدرین (۳)ترجمان القرآن فی تفسیر المسند اور (۴) الدر المنثور فی التفسیر بالماثور بنیادی حیثیت کی حامل ہیں۔

اختصار مطالب اور صحت مفہوم کے اعتبار سے تفسیر جلالین کی نظیر نہیں' روایت و درایت کی جامعیت کے لحاظ سے مجمع البحرین اپنی نظیر آپ ہوتی اگر مکمل ہو جاتی' روایتی نقطہ نظر سے ترجمان القرآن سے بڑھ کر کوئی کتاب نہیں اور اس کا اختصار الدر المنثور اپنی افادیت کے اعتبار سے اپنی مثال آپ ہے علامہ موصوف کی انہی چند کتابوں پر تبصرہ ہدیہ ناظرین ہے۔

(۱) تفسیر جلالین

یہ قرآن مجید کی نہایت مختصر تفسیر ہے اس کو ایسے دو مفسروں نے جن کا لقب جلال الدین تھا' مرتب کیا ہے اس لئے یہ تفسیر جلالین کے نام سے مشہور ہے ان دو جلیل القدر مفسروں میں پہلے جلال الدین محمد بن احمد الشافعی محلی(۱) اور دوسرے جلال الدین شافعی سیوطیؒ ہیں۔

---

(۱) شمس الدین محمد بن علی الداودی' طبقات المفسرین' بیروت' دار الکتب العلمیہ ج ۱ ص ۱۰۰

تفسیر جلالین کے سلسلے میں یہ بات یاد رکھنے کے لائق ہے کہ اس کا نصفِ ثانی پہلے لکھا اور نصف اول بعد میں ترتیب دیا گیا ہے' شیخ جلال الدین محلی شافعی المتوفی ۸۶۴ھ نے پہلے سورۃ الکھف سے سورۃ الناس تک تفسیر لکھی تھی' غالبا موصوف نے یہ حصہ اس لئے پہلے مرتب کیا کہ یہ نصف اول کی بنسبت زیادہ آسان ہے' اس کے بعد نصف اول کی تفسیر لکھنا شروع کی سورۂ فاتحہ کی تفسیر لکھی تھی کہ ۸۶۴ھ میں شیخ موصوف کا انتقال ہو گیا' اور یہ مختصر تفسیر ناقص رہ گئی۔

علامہ محلیؒ (۱) کی یہ تفسیر حقیقت میں شیخ موفق الدین احمد موصلی کواشی المتوفی ۶۸۰ھ کی مختصر تفسیر التخلیص سے ماخوذ ہے چنانچہ سیوطیؒ کا بیان ہے۔

شیخ احمد بن یوسف بن حسن بن رافع موصلی کواشی نے مختصر تفسیر لکھی تھی اس تفسیر پر علامہ محلی نے اعتماد کیا ہے لیکن میں نے تکملہ لکھتے ہوئے تفسیر الوجیز از واحدی' تفسیر البیضاوی' اور تفسیر ابن کثیر کو پیش نظر رکھا ہے۔(۲)

ان وجوہ سے تفسیر جلالین کی اہم خصوصیت یہ ہے کہ اس تفسیر سے مغزِ سخن اور مراد و مطالب تک بآسانی رسائی ہو جاتی ہے تاہم بعض جگہ تفسیر میں ان کے

---

(۱) علامہ محلی کو علامہ سعد الدین مسعود بن عمر تفتازانی المتوفی ۷۹۱ھ سے کمال مشابہت کی وجہ سے تفتازانی عرب کہا جاتا ہے' ان کو علوم معقولہ میں ایسا ہی کمال حاصل تھا جیسا علامہ تفتازانی کو حاصل تھا' تصنیف و تالیف کا بھی وہی انداز ہے جو علامہ موصوف کا انداز تھا' پھر انہی کی طرح قبولیت بھی حاصل ہے علامہ سیوطیؒ کا بیان ہے۔

ألف كتبا تشد إليها الرجال في غاية الاختصار' والتحرير' والتنقيح و سلاسة العبارة و حسن المزج والحل يرفع الايراد' وقد أقبل عليها الناس وتلقوها بالقبول و تداولوها (حسن المحاضرة فی اخبار مصر و القاهره) طبع مصر ۱۲۹۹ھ ج ۱ ص ۲۵۳

(۲) شمس الدین محمد بن علی الداوودی' طبقات المفسرین' بیروت و دار الکتب العلمیہ' ج ۱ ص ۱۰۰

قلم سے لغزش ہوئی ہے ایسے مواقع پر حاشیہ نگاروں نے گرفت بھی کی ہے۔

علامہ محلی کی اس مختصر تفسیر قرآن کے ناقص رہ جانے کا اہل علم کو بہت صدمہ تھا زمانہ دراز کے بعد شیخ محلیؒ کے بھائی شیخ کمال الدین محلی نے ایک خواب دیکھا دراصل یہی خواب اس تفسیر کے تکملہ کا باعث بنا (جیسا کہ آگے آتا ہے) گویا کہ قرعۂ فال علامہ سیوطیؒ کے نام نکلا اس واقعہ کو علامہ سیوطیؒ نے "تکملہ جلالین" کے آخر میں نقل کیا ہے جو تفسیر جلالین کے مطبوعہ نسخوں میں منقول نہیں ہے، لیکن مفسر شیخ سلیمان شافعی نے وہ واقعہ علامہ سیوطیؒ کے اصل نسخہ جلالین "الفتوحات الالٰھیہ" میں سے بتمامہ نقل کیا ہے، جو ہدیہ ناظرین ہے۔

شیخ شمس الدین طوخی کا بیان ہے :-

مجھ سے میرے دوست شیخ کمال الدین محلی نے جو علامہ جلال الدین محلی کے بھائی تھے بیان کیا کہ انہوں نے ایک خواب میں اپنے بھائی جلال الدین محلی کو دیکھا کہ ان کے سامنے ہمارے دوست شیخ جلال الدین سیوطیؒ بیٹھے ہوئے ہیں ان کے ہاتھوں میں اپنی لکھی ہوئی تفسیر ہے اور علامہ محلی فرمارہے ہیں کہ اس تفسیر کے ان دونوں حصوں میں سے کون سا حصہ اسلوب بیان کے اعتبار سے بہتر ہے میرا، یا آپ کا علامہ محلی نے فرمایا تم خود دیکھو، اور چند مقامات کی طرف اشارہ بھی کیا، اس میں اعتراضات کی طرف لطیف اشارہ بھی تھا، علامہ سیوطی پر علامہ محلی کی طرف سے جو اعتراض ہوتا، موصوف اس کا جواب دیتے اور شیخ محلیؒ سن کر مسکراتے اور ہنستے رہتے تھے۔

جلالین کے ہر دو حصوں میں بنیادی فرق

علامہ سیوطیؒ کا بیان ہے کہ میرا یہ اعتقاد و یقین ہے کہ وہ وضع و اسلوب جس کی شیخ محلی نے اپنی تفسیر میں طرح ڈالی ہے میرے طریقہ و اسلوب سے زیادہ بہتر ہے اور حسن تالیف میں وہ حصہ فائق و ممتاز ہے (۱)

علامہ سیوطیؒ نے اسلوب بیان اور طریقہ تفسیر میں شیخ محلی کی اتباع کی ہے اور ان کے طریقہ و نہج پر کتاب مذکور کا تکملہ لکھا ہے' موصوف کا بیان ہے :-

وقد اکملته بتکملة علی نمطه من اول البقرة الیٰ آخر الاسراء

میں نے تکملہ جلالین انہی کے انداز پر سورہ بقرہ سے آخر سورہ اسراء تک مکمل کیا ہے

تفسیر جلالین میں علامہ سیوطیؒ کا التزام

علامہ سیوطی نے آغاز کتاب میں بصراحت لکھا ہے کہ اس تفسیر میں جگہ جگہ حسب ذیل چار باتوں کا التزام کیا گیا ہے۔

(۱) تفسیر اس انداز پر کی گئی ہے کہ کلام اللہ کے معنی آسانی سے سمجھ میں آجائیں۔

(۲) قول راجح کو اختیار کیا گیا ہے۔

(۳) ضروری اعراب کو بیان کیا گیا ہے۔

(۴) مختلف قرأتوں کی بھی نشاندہی کی گئی ہے اور طولانی بحثوں سے احتراز کیا گیا ہے (۲)

بشر لازمہ بشریت سے کیونکر خارج ہو سکتا ہے' بعض مقامات پر دونوں مفسروں سے تفسیر میں لغزش ہوئی انہوں نے قول راجح کے بجائے قول مرجوح نقل کیا' بلکہ ساقط الاعتبار قول درج کیا ہے

---

(۱) ملاحظہ ہو' تفسیر جلالین مع الکمالین والزلالین' طبع نولکشور لکھنؤ ۱۳۱۷ھ ص ۲

(۲) ایضاً

لغزش قلم

علامہ سیوطیؒ نے آیت شریفہ فلما اتٰھا صالحاً جعلا له شرکاء فیما اتٰھما . فتعلی اللہ عمّا یشرکون (۹/۱۴) وغیرہ کی تفسیر میں اور علامہ محلّی نے آیت شریفہ اذ دخلوا علیٰ داؤد ففزع منھم قالو لا تخف خصمٰن بغی بعضنا علیٰ بعضٍ فاحکم بیننا بالحق ولا تشطط و اھدنآ الیٰ سوآء الصراط (۲۳/۱۱)

اور آیت شریفہ وما ارسلنا من قبلك من رسول ولا نبی الا اذا تمنی القی الشیطن فی امنیة فینسخ اللہ ما یلقی الشیطن ثم یحکم اللہ آیته ۱۷/۱۴ کی تفسیر میں ایسا ہی کیا ہے(۱)

نیز بعض جگہ تفسیر بھی مناسب الفاظ سے نہیں کی مثلاً آیۃ شریفہ وعلم آدم الأسماء کلھا کی تفسیر میں رقمطراز ہیں :-

حتی القصعة والقصیعة والفسوة والفسیوة والمعزفة (۲)

تا آنکہ بڑا اور چھوٹا پیالہ 'زور کا پاد اور پھسکی' اور۔۔۔۔۔۔

یہ اہم تکملہ تفسیر علامہ سیوطیؒ نے صرف چالیس دن کی قلیل مدت میں مکمل کیا تھا فرماتے ہیں الفقة فی مدة قدر میعاد الکلیم میں نے اس کو مدت میعاد کلیم (چالیس دن) میں مرتب کیا ہے ۔ علامہ موصوف نے فراغت تالیف کا جو سن تحریر فرمایا ہے وہ یہ ہے :-

فرغ من تالیفه یوم الاحد عاشر شوال سنة سبعین و ثما نمائة و (کان) الابتداء فیه یوم الاربعاء مستھل رمضان من السنة المذکورہ و فرغ من

(۱) ملاحظہ ہو تفسیر الجلالین مع الکمالین والزلالین، طبع نولکشور لکھنؤ ۱۳۱۷ھ ص ۳۴۴۔۳۷

(۲) جلالین، کراچی، اصح المطابع ۱۳۶۶ھ، ص: ۸

تبیضیة یوم الاربعاء سادس صفر سنة احدی و سبعین و ثما نمائة

وہ (سیوطی) اس کی تالیف سے بروز یکشنبہ دس شوال ۸۷۰ھ میں فارغ ہوا اور اس کا آغاز بروز شنبہ یکم رمضان سال مذکور میں ہوا اور اس مسودہ کو بدھ کے دن چھ صفر ۸۷۱ھ میں صاف کیا۔

مذکورۂ بالا عبارت سے ثابت ہے کہ یہ تکملہ تفسیر علامہ محلیؒ کی وفات کے چھ سال بعد مرتب ہوا اور اس وقت علامہ سیوطی صرف بائیس برس کے تھے' تفسیر کے موضوع پر یہ علامہ موصوف کا پہلا کارنامہ ہے۔

علامہ سیوطیؒ نے اس کی ترتیب و تالیف میں کیسی جانفشانی و محنت کی ہے اس کا اندازہ موصوف کے حسب ذیل بیان سے کیا جا سکتا ہے۔

قد أفرغت فيه جهدي و بذلت فكري فيه في نفائس أراها ان شاء الله تعالیٰ تجدی (۱)

میں نے اس کی تالیف میں بڑی محنت کی ہے اور نفائس تفسیر کو بہت غور و فکر سے جمع کیا ہے۔ مجھے امید ہے کہ ان شاء اللہ تمہیں فائدہ دیں گے۔

تفسیر جلالین اختصار و جامعیت میں اپنی نظیر آپ ہے' سچ ہے کہ اس تفسیر میں دریا کو کوزہ میں بند کیا گیا ہے' اختصار ایسا ہے کہ سورہ مزمل تک تفسیر کے اور قرآن مجید کے حروف تعداد میں برابر ہیں' سورۂ "مدثر" کے بعد کچھ تفسیر کے حروف تعداد میں بڑھ گئے ہیں' حاجی خلیفہ "کشف الظنون" میں لکھتے ہیں :-

قال بعض علماء اليمن عددت حروف القران و تفسيره للجلالين فوجد تهما متسا ويين إلى سورة المزمل' ومن سورة المدثر' التفسير زائد على القران فعلى هذا لا يجوز حمله بغير الوضوء (۲)

---

(۱) تفسیر الجلالین مع الکمالین والزلالین طبع نولکشور لکھنؤ ۱۳۱۷ھ ص ۲۳۸

(۲) ایضاً

بعض علماء یمن کا بیان ہے کہ میں نے قرآن اور تفسیر جلالین کے حروف کو شمار کیا تو دونوں کے حروف کو سورہ مزمل تک برابر پایا اور سورۂ مدثر سے تفسیر کے حروف قرآن کے حروف سے بڑھ گئے اس وجہ سے اس کا بغیر وضو کے چھونا جائز ہے۔

اس کی جامعیت کے متعلق حاجی خلیفہ نے بالکل صحیح فرمایا ہے۔

وهو مع كونه صغير الحجم، كبير المعنى لانه لب لباب التفاسير (۱)

تفسیر جلالین حجم کے اعتبار سے چھوٹی ہے لیکن معانی و مطالب کے اعتبار سے بہت اہم ہے کیونکہ یہ تفسیروں کا نچوڑ ہے۔

"الاکسیر فی اصول التفسیر" میں مذکور ہے :-

شہرت و قبول این تفسیر مبارک مستغنی است از بیان فضائل و شرح فواضل وے، نزد علماء ہند در کتب درسیہ است، و مصداق این مثل سائر است کہ ہر کہ بقامت کہتر بقیمت بہتر (۲)

اس مبارک تفسیر کی شہرت و قبولیت اس کے فضائل بیان کرنے اور اس کی خوبیاں بتانے سے مستغنی ہے، یہ ہندوستانی علماء کے یہاں نصابی کتب میں داخل ہے اور مشہور مثل کا مصداق ہے کہ جو قامت میں چھوٹی ہوتی ہے وہ قیمت میں بہتر ہوتی ہے۔

تفسیر جلالین، اختصار و جامعیت، صحت و مفہوم اور توضیح مطالب کی وجہ سے علماء و طلبہ کی مرکز توجہ رہی ہے، علماء اور اہل علم کو اختصارِ مضامین کی خاطر اس سے خاص اعتناء ہے اور کثرت سے اس کا مطالعہ کیا جاتا ہے۔

شیخ عبدالوہاب شعرانیؒ نے اس کا تیس مرتبہ مطالعہ کیا تھا "لطائف المنن" میں مذکور ہے۔

---

(۱) کشف الظنون طبع استنبول ۱۳۶۰ھ ج ۱ ک ۴۴۵

(۲) صدیق حسن خان قنوجی الاکسیر فی اصول التفسیر مطبع نظامی کانپور ۱۲۹۰ھ ص ۵۸

طالعت تفسیر الجلالین نحو ثلاثین مرة

میں نے تفسیر جلالین کا تقریباً تیس مرتبہ مطالعہ کیا ہے۔

طلبہ قرآن فہمی کے لئے اس کو پڑھتے رہے ہیں' ہندوستان میں یہ کتاب زمانہ دراز سے نصاب درس میں داخل ہے' شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ جنہوں نے قرآن مجید کا فارسی زبان میں نہایت نفیس ترجمہ کیا ہے' انہوں نے بھی غالباً انہی وجوہ سے اس کے پڑھنے کی وصیت فرمائی ہے' چنانچہ موصوف کے وصیت نامہ میں مذکور ہے۔

بعد ازاں قرآن عظیم درس گویند بآں صفت کہ صرف قرآں نخواند بغیر تفسیر و ترجمہ گوید در آنچہ مشکل باشد در نحو' یا در شان نزول' متوقف شود' وبحث نماید و بعد از فراغ از درس تفسیر جلالین را بقدر درس خواند دریں طریق فیضہا است(۱)

اس (مؤطا امام مالک) کے بعد قرآن کریم کا درس دیں اس طرح کہ وہ تفسیر کے بغیر قرآن پڑھے اور ترجمہ کرے جہاں مشکل پیش آئے نحو میں یا شانِ نزول میں ٹھہر جائے اور بحث کرے' جب درس قرآن سے فارغ ہو جائے تو تفسیر جلالین بقدر سبق پڑھے اس طریقۂ تعلیم میں بہت برکت ہے۔

انہی وجوہ سے نامور علماء نے اس پر حواشی و شروح لکھے چنانچہ سب سے پہلے علامہ سیوطیؒ کے شاگرد فقیہ و محدث شیخ شمس الدین محمد بن ابراہیم علقمی مصری شافعی المتوفی ۹۶۳ھ نے ۹۵۲ھ میں اس پر حاشیہ لکھا جس کا نام قبس النیرین علی تفسیر جلالین ہے' اس کا قلمی نسخہ جامعہ ازہر کے کتب خانہ میں محفوظ ہے (۲) موصوف کے بعد جن علماء اور مفسرین نے اس پر حاشیے اور شرحیں لکھیں ان کے نام درج ذیل ہیں۔

(۱) فقیہ بدر الدین محمد بن محمد کرخی بحری المتوفی ۱۰۰۶ھ / ۱۵۹۸ء نے ۹۸۱ھ میں **مجمع البحرین و مطلع البدرین** کے نام سے چار ضخیم جلدوں میں نہایت مبسوط

(۱) وصیت نامہ شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ' مطبع محمدی لاہور' ۱۳۰۲ھ ص ۱۱۹ یہ رسالہ لاہور سے عقید الجید کے ساتھ طبع ہوا تھا۔

(۲) فہرس المکتبة الازہریہ' طبع دوم ۱۳۷۱ھ

شرح لکھی ہے اس کا قلمی نسخہ جامع ازہر کے کتب خانہ میں محفوظ ہے(۱)

(۲) نور الدین علی بن سلطان محمد قاری المتوفی ۱۰۱۰ھ کے حاشیہ کا نام جمالین ہے جو موصوف نے ۱۰۰۴ھ میں مرتب کیا تھا' اس کے متعلق حاجی خلیفہ رقم طراز ہیں :-

هی حاشیة مفیدة (۲) یہ مفید حاشیہ ہے۔

اس کا قلمی نسخہ قاہرہ کے کتب خانہ تیموریہ میں محفوظ ہے(۳)

(۳) شیخ عطیہ بن عطیہ اجہوری شافعی المتوفی ۱۱۹۰ھ / ۱۷۷۶ء نے اس کی شرح تین جلدوں میں کی جو "الکوکبین النیرین فی حل الفاظ الجلالین" کے نام سے مشہور ہے اس کا قلمی نسخہ بھی جامعہ ازہر کے کتب خانہ میں محفوظ ہے۔(۴)

(۴) شیخ سلیمان بن عمر عجیلی شافعی المتوفی ۱۲۰۴ھ نے چار جلدوں میں "الفتوحات الإلٰهیه بتوضیح تفسیر الجلالین الدقائق الخفیه" لکھی ہے' یہ نہایت مبسوط و مقبول شرح ہے' یہ شرح سب سے پہلے ۱۲۷۵ھ بولاق مصر سے شائع ہوئی تھی پھر دیگر مطابع سے چھپ کر شائع ہوئی۔

(۵) شیخ احمد بن محمد صاوی مالکی المتوفی ۱۲۴۱ھ نے ۱۲۲۵ھ میں اس کی جو شرح لکھی تھی وہ پہلی بار ۱۲۴۱ھ میں بولاق مصر سے تین جلدوں میں شائع کی گئی تھی پھر دوسرے مطبعوں نے بھی شائع کی۔

(۶) شیخ عبداللہ بن محمد بزاوی شافعی نے ۱۲۶۲ھ میں قرۃ العین و تنزیہ۔

---

(۱) فهرس المكتبته الازهريه طبع دوم ۱۳۷۱ھ

(۲) کشف الظنون ج ۱ ص ۴۴۵

(۳) فهرس الخزانه التيموريه طبع دار الكتب المصريه ۱۳۶۷ھ ج ۱ ص ۱۹۱

(۴) فهرس المكتبة الازهريه ج ۱ ص ۲۸۶

الفواد نامی حاشیہ لکھا جو چار جلدوں میں ہے (۱)

(۷) شیخ علی شبینی شافعی اشعریؒ سے "ضوء النیرین لفهم القرآن" یادگار ہے اس شرح کا قلمی نسخہ بھی جامعہ ازہر کے کتب خانہ میں محفوظ ہے(۲)

(۸) مصطفیٰ بن شعبانؒ نے "فتوح الرحمن بتوضیح القرآن" کے نام سے دو جلدوں میں حاشیہ لکھا اس کا قلمی نسخہ بھی جامعہ ازہر کے کتب خانہ میں محفوظ ہے(۳)

(۹) شیخ سعد اللہ قندھاری نے ۱۳۰۶ھ میں "کشف المحجوبین عن خدی تفسیر الجلالین" لکھی جو ۱۳۰۷ھ میں بمبئی سے طبع ہو کر شائع ہوئی۔

ہندوستان اور پاکستان کے جن علماء نے اس تفسیر پر شرحیں اور حاشیے لکھے وہ یہ ہیں۔

شیخ سلام اللہ بن شیخ الاسلام محمد دہلویؒ المتوفی ۱۲۲۹ھ نے کمالین علی تفسیر جلالین لکھی (۴) جو پہلی مرتبہ ۱۲۸۵ھ میں شائع ہوئی تھی، پھر نولکشور نے ۱۳۴۲ھ میں اس کو دوبارہ شائع کیا تھا۔

مولانا فیض الحسن سہارنپوریؒ المتوفی ۱۳۰۲ھ کا حاشیہ ۱۲۸۲ھ میں مہتمم مطبع انسٹیٹیوٹ برلیش محمد عبدالرزاق علی گڑھ نے شائع کیا تھا۔ محمد ریاست علی حنفی نے

---

(۱) فهرس المكتبته الازهريه ج ۱ ص ۲۸۱

(۲) ایضاً ج ۱ ص ۲۷۶

(۳) ایضاً ج ۱ ص ۲۷۶

(۴) حافظ العصر علامہ سید انور شاہ نے اس حاشیہ کو ملا علی قاریؒ کے حاشیہ سے زیادہ بہتر قرار دیا ملاحظہ ہو فیض الباری علی صحیح البخاری طبع قاہرہ ۱۳۵۷ھ ج ۱ ص ۲۱

زلالین کے نام سے حاشیہ لکھا جو نولکشور نے ۱۳۴۲ھ میں کمالین کے ساتھ چھاپا تھا۔
روح اللہ حنفی نقشبندی المتوفی ۱۳۱۴ھ نے ترویح الارواح لکھی یہ شرح بھی مطبع خادم التعلیم لاہور سے ۱۳۱۸ھ میں شائع کی گئی تھی۔ اب اس کا فوٹو ابو یوسف محمد یعقوب الفراہی نے کوئٹہ سے شائع کیا ہے۔

مولانا تراب علی لکھنوی المتوفی ۱۲۸۱ھ نے تفسیر جلالین کے آخری حصہ یعنی پارہ عم کا تحشیہ ہلالین کے نام سے کیا تھا جو شائع ہو چکا ہے۔

علماء نے تفسیر جلالین پر شروح و حواشی ہی نہیں لکھے بلکہ بعض علماء نے اس انداز پر عربی زبان میں قرآن مجید کی مختصر تفسیریں بھی لکھی ہیں جن کے نام ہدیہ ناظرین ہیں۔

شیخ نور الدین احمد بن محمد عمری شافعی گازرونی' موصوف کی تفسیر کا نام "الصراط المستقیم فی تبیان القرآن" ہے اس کے متعلق نواب صدیق حسن خان قنوجی لکھتے ہیں' (هو) تفسير مختصر ممزوج كالجلالين (۱)

ہندوستانی علماء میں سب سے پہلے شیخ نعمۃ اللہ بن عطاء اللہ نارنولی ثم فیروز پوری نے اس نوع کی تفسیر ۱۰۷۰ھ میں لکھی تھی سید عبدالحئی لکھنوی کا بیان ہے۔

تفسير القرآن على نهج الجلالين للشيخ نعمة الله بن عطاء الله (۲)

شیخ محمد بن جعفر الحسینی گجراتی نے بھی اس انداز کی تفسیر مرتب کی تھی' معارف العوارف فی انواع العلوم و المعارف میں مذکور ہے تفسير القرآن على نهج الجلالين

....

(۱) ملاحظہ ہو الاکسیر فی اصول التفسیر ص ۸۵

(۲) الثقافۃ الاسلامیہ فی الہند از عبدالحئی حسنی طبع دمشق ۱۳۷۷ھ ص ۱۶۵

للشیخ محمد بن جعفر الحسینی الگجراتی (۱) شیخ علی اصغر بن عبدالصمد قنوجی کی ثواقب التنزیل بھی اسی قسم کی تفسیر ہے' نواب صدیق حسن خان قنوجی کا بیان ہے۔

این تفسیر وے در حسن ایجاز وافادۂ معنی مثل تفسیر جلالین (۲)

اس کی یہ تفسیر حسن اختصار اور معانی کی وضاحت میں جلالین کی طرح ہے۔

محمد بن بدر الدین صارد خانی المتوفی ۱۰۰۰ھ نے ۹۸۱ھ میں ایک مختصر تفسیر لکھی تھی وہ بھی ایسی ہی تفسیر ہے' الاکسیر فی اصول التفسیر میں مذکور ہے :-

کتابے مختصر است مثل جلالین' دروے اقوال منتخب واعراب بمقتضائے حال باختصار بہ قراءت حفص ذکر کردہ دربلاد رومیہ شہرت دارد (۳)

یہ جلالین کی طرح ایک مختصر کتاب ہے اس میں چیدہ چیدہ اقوال اور مقتضائے حال کے مطابق اعراب مختصر طور پر حفص کی قراءت کے مطابق بیان کئے گئے ہیں' روم کے شہروں میں اس کی شہرت ہے۔

(۲) مجمع البحرین و مطلع البدرین

حاجی خلیفہ نے کشف الظنون میں اس کا نام تحریر الروایۃ و تقریر الدرایۃ نقل کیا ہے (۴) ممکن ہے اس کا نام "مجمع البحرین و مطلع البدرین الجامع بین تحریر الروایۃ و تقریر الدرایۃ" ہو۔

.....

(۱) ایضاً الاکسیر فی اصول التفسیر ص ۱۶۵

(۲) ایضاً ص ۷۰

(۳) ایضاً ص ۶۳

(۴) کشف الظنون ج ۱ ک ۱۵۹۹

یہ علامہ محمد ابن جریر طبریؒ المتوفی ۳۱۰ھ کی معرکتہ الآراء تفسیر "جامع البیان فی تاویل القرآن" کے طرز کی تفسیر ہے' اور حسب بیان مؤلف اس سے زیادہ جامع و مفید ہے۔

بظاہر ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اس کی ترتیب و تالیف کا آغاز ۸۷۲ھ سے پہلے ہو چکا تھا ۸۷۲ھ میں علامہ موصوف نے اس کا مقدمہ" التحبیر فی علوم التفسیر" لکھا جس میں قرآن مجید کے ایک سو دو علوم پر نہایت سیر حاصل تبصرہ کیا' جب موصوف کو علامہ برہان الدین زرکشی کی کتاب "البرہان فی علوم القرآن" ملی تو اسے سامنے رکھ کر ۸۷۸ھ میں از سر نو "مجمع البحرین" کا مقدمہ مرتب کیا' جو "الاتقان فی علوم القرآن" کے نام سے مشہور ہے' اس وقت یہ تفسیر زیر ترتیب تھی علامہ سیوطی نے الاتقان کی آخر فصل میں اس اہم تفسیر کا تذکرہ جس انداز سے کیا ہے اور اس کی تکمیل کی دعا کی ہے' اس سے ناظرین کو اس کی جامعیت و افادیت کا صحیح اندازہ ہو سکتا ہے' علامہ موصوف لکھتے ہیں۔

> وقد شرعتُ فی تفسیر جامع لجمیع ما یحتاج الیه من التفاسیر المنقولة والا قوال المقولة والإستنباطات والإ شارات والأ عاریب واللغات و نکت البلاغة و محاسن البدائع وغیر ذلك' بحیث لا یحتاج معه إلی غیره أصلاً' و سمیتة "بمجمع البحرین و مطلع البدرین" و هو الذی جعلت هذا الکتاب مقدمة له والله اسأل ان یعین علیٰ إکماله بمحمدٍ و آله (۱)

(۱) الاتقان فی علوم القرآن' مطبع احمدی ۱۲۸۰ھ ص ۵۵۷

میں نے ایک جامع تفسیر لکھنا شروع کی جو جملہ تفسیری روایات، مستند اقوال اور استنباطات، اشارات، اعراب، لغات وبلاغت کے نکات، فن بدیع کے محاسن اور خوبیاں وغیرہ امور کی جامع ہو جن کی تفسیر میں ضرورت پیش آئی ہے یہ کتاب ایسی جامع ہو گی کہ اس کے ہوتے ہوئے پھر کسی تفسیر کی کتاب کی حاجت باقی نہیں رہے گی، میں نے اس تفسیر کا نام "مجمع البحرین و مطلع البدرین" رکھا ہے اور اس کتاب (الاتقان) کو اس کا مقدمہ قرار دیا ہے میں اللہ تعالیٰ سے بحق محمد و آل محمد ﷺ اس کتاب کی تکمیل میں مدد کا خواہاں ہوں۔

علامہ سیوطیؒ کے انداز جمع و تحقیق کے پیش نظر یہ کہنا بے جا نہیں کہ علامہ موصوف کی یہ تفسیر قدماءِ مفسرین کے دور سے عہد مؤلف تک کی تمام منقول و معقول تفاسیر کی جامع ہو گی۔

بظاہر ایسا معلوم ہوتا ہے کہ یہ تفسیر مکمل نہ ہو سکی، حاجی خلیفہ کی نظر سے بھی یہ تفسیر نہیں گزری وہ بھی اس کی تکمیل کے متعلق متردد ہیں (۱) علامہ سیوطی نے حسن المحاضرہ میں اپنی تالیفات کی جو فہرست پیش کی ہے اس میں اس امر کی طرف کوئی اشارہ نہیں کیا۔

(۳) ترجمان القرآن فی تفسیر المسند

یہ نہایت مبسوط تفسیر ہے اور ۸۹۸ھ سے قبل کی تالیف ہے اس کی اہمیت اس کی جامعیت کے لحاظ سے ہے، اس میں علامہ سیوطیؒ نے صحابہ، تابعین اور تبع تابعین سے آیات کے سلسلہ میں جملہ تفسیری روایات، آثار و اقوال کو بسند متصل نقل کیا ہے، جس سے ہر قول و روایت کا مرتبہ و مقام اس کے صحیح و غیر صحیح ہونے کا علم بخوبی ہو جاتا

(۱) کشف الظنون، ج ۲۔ ک ۱۵۹۹

ہے اس تفسیر کے بارے میں حاجی خلیفہ لکھتے ہیں۔

هو كبير في خمس مجلدات (۱) یہ بڑی تفسیر ہے اور پانچ جلدوں میں ہے

جب اس تفسیر کی تلخیص الدر المنثور ہی چھ جلدوں میں چھپ کر شائع ہوئی ہے تو ظاہر ہے یہ تفسیر مطبوعہ الدر المنثور کی دس بارہ جلدوں سے کیا کم ہوگی۔

(۴) الدر المنثور في التفسير بالماثور

یہ تفسیر چھ جلدوں میں پہلی مرتبہ مصر سے ۱۳۱۴ھ میں شائع کی گئی تھی اور اب ایران سے دوبارہ شائع کی گئی ہے۔

دار الفکر بیروت نے ۱۴۰۳ھ / ۱۹۸۳ء میں آٹھ جلدوں میں شائع کی ہے اس کی خوبی یہ ہے کہ نویں جلد میں ان تمام احادیث و آثار کے اطراف کا اشارہ دیا گیا ہے۔ اہل علم اور محققین کے لئے یہ نہایت مفید و کار آمد ہے اس لئے کہ اس سے احادیث و آثار کی تخریج و تصحیح آسانی سے کی جا سکتی ہے۔

یہ مقبول و متداول کتاب علامہ سیوطیؒ کی مذکورۂ بالا مبسوط تفسیر "ترجمان القرآن" کا نہایت کامیاب اختصار و خلاصہ ہے جو ۸۹۸ھ میں کیا گیا تھا آغاز کتاب میں علامہ موصوف نے جو وجہ تلخیص بیان کی ہے وہ حسب ذیل ہے' فرماتے ہیں۔

لما الفت كتاب ترجمان القرآن وهو تفسير المسند عن رسول الله ﷺ وأصحابهؓ و تم بحمد الله في مجلدات فكان ما أوردته فيه من الآثار بأسانيد الكتب المخرج منها والرواة رابت قصور أكثر الهمم عن تحصيله ورغبتهم في الإقتصار على متون الأحاديث دون الإسناد و تطويله فلخصت منه هذا المختصر مقتصرا فيه على متن الأثر مصدرا بالعز و التخريج الى كل كتاب معتبر و سميته بالدر المنثور في التفسير بالماثور (۲)

(۱) ایضاً ج ۱ ص ۷ و ۳

(۲) الدر المنثور طبع مصر ۱۳۱۴ھ ج ۱ ص ۱

میں نے جب "ترجمان القرآن" کو جس میں تفسیری روایات کا سلسلۂ اسناد رسول اللہ ﷺ اور صحابہؓ تک بیان کیا گیا ہے وہ کئی جلدوں میں مکمل ہوا اس میں چونکہ آثار سند اور کتابوں کے حوالوں کے ساتھ منقول ہیں تو اکثر لوگوں کو اس کی تحصیل سے قاصر پایا اور ان کی رغبت نہ متون احادیث کی طرف دیکھی نہ اسناد اور راویوں کی طرف' ناچار میں نے اس کا یہ مختصر تیار کیا جس میں صرف متن حدیث کو نقل کرنے پر اکتفاء کیا راوی کا نام اور کتاب کا حوالہ دیا اس خلاصے کا نام میں نے الدر المنثور فی التفسیر بالماثور رکھا ہے۔

مذکورۂ بالا عبارت سے یہ حقیقت عیاں ہو جاتی ہے کہ علامہ سیوطی نے آیات سے متعلق روایات کی اسناد کو حذف کر کے متون احادیث و آثار کو نقل کیا ہے اور جس کتاب سے جو روایت نقل کی ہے اس کا حوالہ دیا اور راوی کا نام بھی بتایا ہے مگر احادیث و آثار پر نقد و تبصرہ نہیں کیا ہے البتہ خاتمۂ کتاب پر حافظ ابن حجر عسقلانی کی "کتاب العجاب فی بیان الاسباب" سے ایک نہایت طویل معلومات آفریں اقتباس نقل کیا ہے' جس کا مطالعہ بلاشبہ تفسیری روایات کے سلسلۂ اسانید پر نہایت بصیرت افروز تبصرہ ہے جس سے تفسیر کے جملہ طرق و اسانید کی حیثیت واضح ہو جاتی ہے اور اس سے صحیح و غیر صحیح' ضعیف و منکر میں بآسانی تمیز کی جاسکتی ہے اس کا مطالعہ ترجمان القرآن کے لئے نہایت ناگزیر ہے تاہم تفسیر الدر المنثور میں سلسلۂ اسناد اور روایات کو نظر انداز کیا گیا اس لئے اس کا مطالعہ فائدہ سے خالی نہیں' غالباً اس وجہ سے نواب صدیق حسن خاں قنوجی نے علامہ سیوطیؒ کے اس عظیم الشان کارنامہ کو سراہتے ہوئے "الاکسیر فی اصول التفسیر" میں اس امر کا شکوہ کیا اور لکھا ہے :-

این تفسیر متداول است محرر سطور ہم بمطالعہ آن فائز شدہ خیلے جامع واقع

شدہ است اگر تنقیح نیز ہمراہ میداشت بے نظیر می بود(۱)

یہ تفسیر متداول ہے راقم سطور بھی اس کے مطالعہ سے مستفید ہوا ہے بہت جامع تفسیر ہے اگر تنقیح بھی اس کے ساتھ ملحوظ رکھی جاتی تو یہ بے نظیر تفسیر تھی۔

حافظ سیوطیؒ نے تفسیر "الدر المنثور" میں اس امر کا چونکہ خاص التزام کیا ہے کہ جس کتاب سے جو روایت نقل کی ہے اس کا حوالہ دیا ہے اس سے ایک محدث حدیث کے مرتبہ و مقام کا بخوبی اندازہ کر سکتا ہے' اس لئے اسے ہر روایت پر نقد و تبصرہ کی حاجت نہ تھی۔

شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ نے "قرۃ العینین فی تفضیل الشیخین" میں ایک موقعہ پر اس نکتہ کی طرف حسب ذیل الفاظ میں نہایت لطیف اشارہ کیا ہے وھوھذا:-

سیوطی در در منثور جمع احادیث مناسبہ بقرآن نمود' قطع نظر از صحت و سقم تا محدثے آنہا را بمیزانِ علم خود بسنجد' وہر حدیثے را در محل خود ش بگذارد(۲)

سیوطیؒ نے در منثور میں قرآنی آیات کی تفسیر سے متعلق حدیثیں' صحت و سقم سے قطع نظر جمع کی ہیں تاکہ محدث انہیں اپنے علم کی ترازو میں تولے اور ہر حدیث کو اس کے محل و مقام میں رکھے۔

قرآن مجید کو روایات' تاریخ و قصصِ بنی اسرائیل کی روشنی میں سمجھنے کے لئے یہ بڑی اہم و نہایت مفید کتاب ہے اور علامہ سیوطیؒ کی فن تفسیر میں بصیرت اور تفسیری روایات پر وسعت نظر کی شاہد عدل ہے۔

---

(۱) الاکسیر فی اصول التفسیر ص ۹۷

(۲) قرۃ العینین فی تفضیل الشیخین' مطبع مجتبائی دہلی ۱۳۰۱ھ ص ۲۸۳

اس کتاب کی جامعیت کا اندازہ اس امر سے کیا جاسکتا ہے کہ تفسیر سے متعلق روایات کا جو ذخیرہ اس میں محفوظ ہو گیا ہے' وہ دس ہزار احادیث سے زیادہ ہے علامہ موصوف کا بیان ہے۔

وقد اعتنیت بما ورد عن النبی ﷺ فی التفسیر و عن أصحابه فجمعت فی ذلك کتاباً حافلاً فیه أکثر من عشرة آلاف حدیث (۱)

حضور اکرم ﷺ اور صحابہؓ سے تفسیر قرآن کے سلسلہ میں جو کچھ مروی ہے اس کو میں نے نہایت اہتمام سے ایک کتاب میں جمع کیا ہے' جس میں دس ہزار سے زائد حدیثیں جمع کی ہیں۔

شاہ عبدالعزیز دہلویؒ المتوفی ۱۳۳۹ھ عجالہ نافعہ میں رقم طراز ہیں :-

احادیث متعلقہ بتفسیر را تفسیر گویند' تفسیر ابن مردویہ و تفسیر دیلمی و تفسیر ابن جریر و غیر مشاہیر تفاسیر حدیث اند و کتاب در منثور شیخ جلال جامع ہمہ است (۲)

تفسیر سے متعلق حدیثوں کو کتاب تفسیر کہتے ہیں' تفسیر ابن مردویہ' تفسیر دیلمی اور تفسیر ابن جریر وغیرہ حدیث کی تفسیر وں میں بہت مشہور کتابیں ہیں اور شیخ جلال الدین سیوطیؒ کی کتاب الدر المنثور ان تمام کتابوں کی جامع ہے۔

تفسیر الدرالمنثور قدماء مفسرین کی تفاسیر کی جامع ہے' قاضی شوکانی "فتح القدیر الجامع فی الروایة والدرایة من علم التفسیر" میں لکھتے ہیں

(۱) تدریب الراوی فی شرح تقریب النواوی' مطبع خیریہ مصر ۱۳۰۷ھ ص ۶۵

(۲) عجالہ نافعہ مطبع مجتبائی دہلی ص ۱۷

واعلم ان تفسير السيوطيؒ المسمى بالدر المنثور وقد اشتمل على غالب ما في تفاسير السلف من التفاسير المرفوعة إلى النبي ﷺ و تفاسير الصحابة ومن بعدهم وما فاته الا القليل النادر (۱)

تمہیں معلوم رہے کہ تفسیر سیوطیؒ جو الدر المنثور کے نام سے مشہور ہے وہ سلف کی بیشتر ایسی تفسیر کی کتابوں پر حاوی ہے جو رسول اللہ ﷺ، صحابہ و تابعین کی بسند متصل روایات کی جامع ہے اگر اس سے کچھ رہ بھی گیا تو وہ بہت تھوڑا ہے۔

علامہ سیوطیؒ سے اس موضوع پر اگر کچھ رہ بھی گیا ہے تو وہ اس وجہ سے نہیں کہ علامہ موصوف کو اس کا علم نہیں تھا بلکہ اس کی اصل وجہ کتب تفاسیر کا ہمدست نہ ہونا تھا، موصوف کو تفسیر کی بعض کتابیں تلاش و جستجو کے باوجود دیار مصر میں اس وقت نہیں مل سکی تھیں، ان کے تفحص و تلاش کا اندازہ اس واقعہ سے ہو سکتا ہے کہ امام وکیع کے شاگرد شیخ سعید حسین ابن داؤد المصیصی المتوفی ۲۲۶ھ کی تفسیر مسند کو موصوف نے کم و بیش بیس برس تک تلاش کیا مگر کامیابی نہ ہوئی، موصوف کے شاگرد شیخ عبدالوہاب شعرانی المتوفی ۹۷۳ھ کا بیان ہے :-

طالعت تفسير الإمام سعيد بن عبدالله الأزدى الراوى عن وكيع وهو تفسير نفيس وقد تطلبه الشيخ جلال الدين السيوطيؒ عشرين سنة فلم يظفر بنسخة منه، ثم جردت أحاديثه و آثاره في مجلد (۲)

(۱) فتح القدیر مصطفیٰ البابی الحلبی مصر ۱۳۴۹ھ ج ۱۔ ص ۴

(۲) الشعرانی۔ لطائف المنن ص ۵۳۰

میں نے امام سعید حسین(۱) بن عبداللہ ازدی (ابو علی مصیصی) کی تفسیر کا مطالعہ کیا ہے موصوف وکیع المتوفی ۱۹۶ھ سے روایت کرتے ہیں یہ نہایت عمدہ تفسیر ہے اس کو شیخ جلال الدین سیوطی نے بیس برس تک تلاش کیا مگر ان کو اس کا نسخہ حاصل کرنے میں کامیابی نہیں ہوئی' مطالعہ کے بعد میں نے اس کی احادیث و آثار کی تلخیص بھی ایک مجلد میں کی۔

حافظ سید عبدالحئ کتانی المتوفی ۱۳۸۲ھ نے فہرس الفہارس والا ثبات میں تفسیر در منثور پر جو تبصرہ کیا ہے وہ پڑھنے کے لائق ہے' موصوف لکھتے ہیں :-

الدر المنثور: وهو مطبوع في ست مجلدات ضخمة من طالعه بتعمق أدهشه وابهته واسكته ومن لم يطالعه اوطالعه منه حريفات انتقد واستمر ر مايراه غيره حلوا ولو سكت من لا يعلم ليسقط الخلاف(۲)

الدر منثور: چھ ضخیم جلدوں میں چھپ چکی ہے اس کا جو بغور مطالعہ کرے گا یہ اس کے ہوش گم کردے گی حیران و ساکت کردے گی جس نے اس کا مطالعہ نہیں کیا یا اس پر تنقید کے دو چار حرف پڑھ لئے وہ تفسیر کو چھوڑ کر انہی باتوں کو جو اس نے مطالعہ کی ہیں اچھا سمجھے گا اور جو نہیں جانتا وہ اگر سکوت اختیار کرے تو اختلاف ہی جاتا رہے۔

کسی ترکی کے عالم نے تفسیر الدرالمنثور کا مختصر بھی ایک جلد میں تیار کیا تھ اس کا قلمی نسخہ قاہرہ کے کتب خانہ تیموریہ میں محفوظ ہے(۳)

---

(۱) صحیح نام وہ ہے جو ہم نے اوپر نقل کیا ہے۔

(۲) الشعرانی۔ لطائف المنن ص ۵۳۰

(۳) فہرس الخزانة التيمورية' ج ۱ ص ۵۶

(۹) الاتقان فی علوم القرآن

۸۷۲ھ میں علامہ سیوطیؒ نے تفسیر "مجمع البحرین و مطلع البدرین" کا مقدمہ لکھا جس میں علوم قرآن پر نہایت تفصیل سے روشنی ڈالی' اس کا نام" التحبیر فی علوم التفسیر" رکھا یہ بھی اب شائع کیا گیا ہے۔

موصوف نے اس میں قرآن مجید سے متعلق ایک سو دو علوم پر تبصرہ کیا اس کتاب کی بنیاد علامہ بلقینی المتوفی ۸۶۸ھ کی کتاب مواقع العلوم ہے اس کے دو مخطوطے جامع ازہر کے کتب خانہ میں محفوظ ہیں(۱)

اس کتاب کی تالیف کے بعد علامہ سیوطیؒ کو علامہ بدر الدین زرکشی المتوفی ۷۹۴ھ کی کتاب البرہان فی علوم القرآن کا علم ہوا اور وہ کتاب انہیں مل گئی تو اسے سامنے رکھ کر از سر نو مجمع البحرین کا مقدمہ لکھنا شروع کیا جو ۸۷۸ھ میں پورا ہوا۔ یہ مقدمہ الاتقان فی علوم القرآن کے نام سے عالم میں مشہور ہے۔

علوم قرآن پر راقم السطور نے الاتقان فی علوم القرآن (اردو) کے مقدمہ میں لکھا ہے وہ ملاحظہ فرمائیں(۲)

یہ پہلی بار کلکتہ سے ۱۲۷۱ھ / ۱۸۵۲ء میں بشیر الدین اور نور الحق کی تصحیح سے دو جلدوں میں متوسط کے ۹۵۹ صفحات میں شائع کی گئی تھی۔

(۲) مطبعہ بولاق مصر (القاہرہ) سے طبع کی گئی تھی۔

(۳) مطبعہ کاستیلہ سے ۱۲۷۹ھ / ۱۸۶۲ء میں شیخ نصر ھورینی کی ۱۲ صفحات کی تصحیح و تعلیقات کے ساتھ شائع کی گئی تھی۔

---

(۱) فہرس المکتبۃ الازھریہ' مصر' ۱۳۷۱ھ ج :۱ ص :۱۶۸

(۲) الاتقان فی علوم القرآن (اردو) نور محمد کارخانہ تجارت کتب' کراچی ۱۹۶۱ء ج :۱ ص :۵۴۰-۹۰

(۴) محمد حسین خان مہتمم مطبع مصطفائی دہلی نے شوال ۱۲۸۰ھ میں مولوی اسد علی اسلام آبادی کی تصحیح سے مطبع احمد خاں اموجاں دہلی سے شائع کی اور اس کے خاتمۃ الطبع میں تصریح کی ہے کہ کلکتہ سے شائع شدہ نسخہ میں اغلاط بہت ہیں یہ نسخہ متوسط تقطیع کے ۵۸۰ صفحات پر مشتمل ہے۔

(۵) مطبعۃ عثمان عبدالرزق مصر سے ۱۳۰۶ھ میں اس کے حاشیہ پر اعجاز القرآن باقلانی بھی چھاپی گئی تھی۔

(۶) مطبعۃ المیمنیہ مصر سے ۱۳۱۷ھ میں

(۷) مطبعۃ الازہریہ سے ۱۳۱۸ھ میں اس کے حاشیہ پر اعجاز القرآن باقلانی شائع کی گئی۔

(۸) مطبعہ حجازی قاہرہ سے ۱۳۱۸ھ / ۱۹۲۹ء میں شائع کی گئی۔

(۹) ۱۳۵۴ / ۱۹۳۵ء میں محمود توفیق نے قاہرہ سے شائع کی تھی مکتبہ مصطفیٰ البابی الحلبی مصر نے تیسری بار ۱۳۷۰ھ / ۱۹۵۱ء میں اور چوتھی بار ۱۳۹۸ھ / ۱۹۷۸ء میں دو جلدوں میں شائع کی اس کے حاشیہ پر اعجاز القرآن ابوبکر باقلانی بھی طبع کی تھی، دار الفکر بیروت نے بھی اس کو شائع کیا ہے لیکن اس پر سال اشاعت درج نہیں ہے۔

(۱۰) شیخ ابو الفضل ابراہیم نے شیخ نصر ہورینی اور راوی کتاب شیخ جرامر دناصری حنفی کے نسخہ سے جس پر ان کی اجازت و دستخط ثبت ہیں اتقان فی علوم القرآن کے متن کی تصحیح کی ہے جو مکتبہ المشہد الحسینی قاہرہ سے ۱۳۸۷ھ / ۱۹۶۷ء میں دو جلد میں زیور طبع سے آراستہ کی گئی تھی اور اب یہ نسخہ فوٹو سے بار بار شائع کیا جارہا ہے اس کا ایک اختصار عامر محمد مجیری نے المختار من الاتقان فی علوم القرآن کے نام سے کیا ہے جو دار

الفکر العربی قاہرہ سے ۱۹۶۰ء میں شائع ہوا ہے۔

الاتقان فی علوم القرآن قرآنی علوم و معارف کا دائرۃ المعارف ہے اس میں جو اقوال و مسائل جمع کیے گئے ہیں انہیں بہترین ذخیرہ و نفیس ترین معلومات سمجھا جاتا ہے۔

کثیر التصانیف علمائے متاخرین میں علامہ سیوطیؒ کو جو مقام حاصل ہے اس میں ان کا کوئی سہیم و شریک نہیں، علمی دنیا میں ان کی شہرت کثرت تالیفات ہی کے اعتبار سے نہیں بلکہ اصل شہرت ان چند اہم تالیفات کی وجہ سے ہے جن سے اہل علم کو استفادہ کیے بغیر آج بھی چارہ نہیں۔

(۱۰) الاکلیل فی استنباط التنزیل

یہ پہلی بار دہلی سے ۱۲۹۵ھ ۱۸۷۸ء میں اور دار الکتاب العربی قاہرہ سے ۱۳۷۳ھ / ۱۹۵۴ء میں شائع کی گئی تھی۔

اس کے متعلق علامہ سیوطیؒ کا بیان ہے :-

میں نے الاکلیل فی استنباط التنزیل تالیف کی ہے اس میں ہر ایسی آیت کی نشاندہی کی ہے جس سے کوئی فقہی یا اصولی یا اعتقادی مسئلہ نکالا گیا ہے اس کے علاوہ بعض ایسی آیتیں بھی ذکر کی ہیں جو بہت سے فائدوں اور گوناگوں مفید معلومات سے آراستہ ہیں ۶۵ ویں نوع میں ان کا ذکر اجمالاً کیا گیا ہے اکلیل میں ان کی شرح و تفصیل موجود ہے جو شخص ان باتوں کا تفصیل سے خواہشمند ہے اسے اکلیل کا مطالعہ کرنا چاہیے(۱)

---

(۱) الاتقان : ج : ۴ ص ۳۵

(۱۱) اسرار التنزیل

اس کا اصل نام "قطف الأزهار فی کشف الاسرار" ہے یہ پہلی بار دہلی سے اسرار التنزیل کے نام سے شائع کی گئی تھی اور قطر سے قطف الازھار کے نام سے ۱۴۱۴ھ میں شائع کی گئی' اس کا ذکر بھی سیوطیؒ نے الاتقان میں کیا ہے جس کی روشنی میں یہ کہا جاسکتا ہے کہ یہ بھی الاتقان سے پہلے کی تصنیف ہے' موصوف اس کے متعلق الاتقان میں رقمطراز ہیں :-

افرده بالتاليف العلامة أبو جعفر بن الزبير شيخ أبي حيان في كتاب سماه البرهان في مناسبة ترتيب سور القرآن ومن أهل العصر الشيخ برهان الدين البقاعي في كتاب سماه نظم الدرر في تناسب الآي والسور وكتابي الذي صنفته في أسرار التنزيل' كافل بذلك ' جامع لمناسبات السور والآيات مع ماتضمنه من بيان وجوه الاعجاز'وأساليب البلاغة ' وقد لخصت منه مناسبات السور خاصة في جزء لطيف' سميته "تناسق الدرر في ترتيب السور(ج۳/۳۲۲)

ابو حیان کے استاد ابو جعفر بن الزبیر نے اس موضوع پر کتاب لکھی جس کا نام "البرھان فی مناسبۃ ترتیب سور القرآن" نام رکھا اور ہمارے ہمعصر شیخ برھان الدین بقاعی نے اس موضوع پر کتاب تصنیف کی جس کا نام نظم الدرر فی مناسبۃ الآی والسور ہے اور میں نے جو کتاب لکھی ہے اس کا نام اسرار التنزیل ہے وہ بھی سورتوں اور آیتوں کی باہم مناسبت کی جامع ہے اس کے ساتھ اس میں اعجاز قرآن کے وجوہ اور بلاغت کے اسلوب کو حاوی ہے' میں نے اس کتاب کا خلاصہ تیار کیا اور سورتوں کی مناسبات کو جداگانہ کتاب میں جمع کیا اور اس کا نام تناسق الدرر فی تناسب السور رکھا ہے۔

تناسق الدرر فی تناسب السور' دار الکتب العلمیہ بیروت سے ۱۴۰۱ھ میں شائع کی گئی ہے

(۱۲) لباب النقول التنزیل فی اسباب النزول

یہ پہلی بار ۱۲۸۹ھ / ۱۸۷۲ء میں مطبعہ بولاق مصر سے پھر مختلف ادوار میں دمشق بیروت' استنبول سے ۱۹ مرتبہ شائع کی گئی۔(۱)

قرآن فہمی کے لئے سورتوں اور آیتوں کے شان نزول سے واقفیت ضروری ہے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ سورت اور آیت کب اور کہاں اتری ہے اور اس کا تعلق کس واقعہ سے ہے علامہ سیوطیؒ اس کتاب کے متعلق فرماتے ہیں اس موضوع پر مفسر واحدی کی کتاب کو زیادہ شہرت حاصل ہے لیکن اس میں معلومات کی تشنگی ہے وہ اصلاح کی محتاج ہے ابن حجرؒ نے اس موضوع پر کتاب لکھی ہے لیکن وہ مسودہ ہی تھا کہ ان کا انتقال ہو گیا اور وہ اس پر نظر نہیں کر سکے' میں نے یہ مختصر و جامع کتاب لکھی ہے اس جیسی کتاب اب تک نہیں لکھی گئی۔

میں نے لباب النقول کو حدیث کی بنیادی اور جامع کتابوں سے مرتب کیا ہے اور محدث مزاج مفسرین کا خلاصہ اس میں پیش کیا ہے۔

میں نے اس کو مختصر تر بنایا ہے' زیادہ سے زیادہ معلومات پیش کی ہیں حدیث کی معتبر روایات نقل کی ہیں اقوال کی نسبت قائلین کی طرف ہے(۲)

علامہ سیوطیؒ نے لباب النقول کا ذکر الاتقان میں کیا اس سے معلوم ہوتا ہے کہ الاتقان سے پہلے کی تالیف ہے(۳)

.....

(۱) عبدالجبار عبدالرحمٰن' ذخائر التراث العربی الاسلامی' ج: ۱ ص ۶۰۱

(۲) لباب النقول' بیروت' دار احیاء العلوم' ۱۹۷۸ء ص ۱۲۔

(۳) الاتقان ج: ۱ ص: ۸۲

(۱۳)مفحمات الأقران فی مبهمات القرآن

قرآن مجید میں بعض آیات ایسی موجود ہیں جو وضاحت کی محتاج ہیں ان میں ابہام پایا جاتا ہے' مبہمات قرآن ایک ایسا علم ہے جس کا جاننا ایک ناگزیر امر ہے چنانچہ علامہ سیوطیؒ مفحمات الأقران میں رقمطراز ہیں :

وقد صنف فی هذا النوع ابو القاسم السهیلی کتابه المسمی بالتعریف والإعلام وذیل علیه تلمیذ تلامذته ابن عساکر بکتابه المسمی بالتکمیل والإتمام وجمع بینهما القاضی بدرالدین بن حماعه فی کتاب سماه "البیان فی مبهمات القرآن" هذا کتاب یفوق الکتب الثلاثة بما حوی من الفوائد الزوائد وحسن الایجاز وعز وکل قول إلی من قاله ' مخرجا من کتب الحدیث والتفاسیر المسندة وسمیته مفحمات الأقران فی مبهمات القرآن(۱)

اس موضوع پر ابوالقاسم السہیلی نے کتاب تصنیف کی جس کا نام التعریف والإعلام ہے اس پر اس کے شاگردوں کے شاگرد (حافظ ابن عساکر نے کتاب تالیف کی جس کا نام التکمیل والإتمام ہے پھر قاضی بدرالدین بن جماعہ نے ان دونوں کتابوں کو یکجا کیا اور اس کا نام "البیان فی مبہمات القرآن" رکھا (ابن جماعہ نے جو کتاب لکھی ہے) یہ ان تینوں کتابوں سے فائق ہے یہ بہت سے زاید فوائد کی جامع ہے اچھا اختصار ہے' ہر قول کی نسبت اس کے کہنے والے کی طرف ہے' حوالہ حدیث مستند تفسیروں سے پیش کیا گیا ہے اس کتاب کا نام مفحمات الأقران فی مبہمات القرآن رکھا ہے۔

عربی اقتباس کے پیش کرنے سے مقصد علامہ سیوطی کا اسلوب نگارش اور طریقہ تحقیق کو پیش کرتا ہے اور یہ اسلوب وطریقہ تحقیق پر چھوٹی بڑی کتاب میں جاری وساری ہے

(۱) مفحمات الأقران فی مبہمات القرآن' مصر' احمد البابی' ۱۳۰۹ھ ص ۲

(ب) حدیث

علامہ سیوطیؒ نے حدیث اور علم حدیث میں چھوٹی بڑی بہت سی کتابیں لکھیں جن میں جمع الجوامع' الجامع الصغیر' الدیباج علی صحیح مسلم بن الحجاج' تنویر الحوالک علی مؤطاء الامام مالکؒ' الزھر الربیٰ علیٰ سنن المجتبیٰ' الزجاجه علی سنن ابن ماجه' الدر المنتشره فی الاحادیث المشتهره' اللآلی المصنوعه فی الآحادیث الموضوعه' تدریب الراوی فی شرح التقریب النواوی' الألفیه فی الحدیث زیادہ مشہور ہیں ان میں سے بعض کتابیں اس لائق ہیں کہ اگر علامہ سیوطیؒ نے ان میں سے ایک ہی کتاب لکھی ہوتی جیسے جمع الجوامع وہ بھی ان کی شہرت وبقا کے لئے کافی تھی لیکن مختلف موضوع پر ان کی جامع تالیفات نے علامہ موصوف کی شہرت کو کسی ایک حلقہ میں محدود نہیں رکھا بلکہ اہل علم کے ہر طبقہ میں ان کی شہرت و قبولیت کو بقاء ودوام عطا کیا ہے اس سلسلہ کی دو کتابوں پر تبصرہ ہدیہ ناظرین ہے۔

(۱) جمع الجوامع - الجامع الکبیر - جامع المسانید

پہلی بار الهیئة المصریة العامة للکتاب' القاہرہ نے ۱۹۷۸ء میں دار الکتب المصریہ کے مخطوطہ کی فوٹو دو جلدوں میں شائع کی۔ پہلی جلد ۱۳۰۰ اور دوسری جلد ۸۴۶ صفحات پر مشتمل ہے' پھر اسے مجمع البحوث الاسلامیہ نے ۱۳۹۰ھ / ۱۹۷۰ء سے ماہانہ شمارہ کے طور پر شائع کرنا شروع کیا جس کے ۱۹ شمارے اب تک نکل چکے ہیں۔ اور اب پوری طبع کی گئی ہے۔

وجہ تسمیہ اور سال تالیف

یہ کتاب حدیث کی مبسوط کتابوں کی جامع ہے اس لئے جمع الجوامع' اور

جامع کبیر کے نام سے بھی موسوم ہے بعض قرائن سے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اس کی تالیف کا آغاز ۹۰۴ھ میں ہوا(۱) اور ۹۱۱ھ تک جو علامہ سیوطیؒ کا سال وفات ہے اس کی ترتیب و تدوین کا کام جاری رہا۔

ترتیب کتاب

جمع الجوامع دو حصوں میں منقسم ہے اور اب شائع ہو گئی ہے پہلے حصہ میں قولی حدیثوں کو جمع کیا ہے اور دوسرے حصہ میں احادیث فعلی وغیرہ کا بیان ہے' علامہ موصوف آغاز مقدمہ میں لکھتے ہیں۔

کتاب جمع الجوامع کی قولی حدیثوں کا حصہ جس میں ہر حدیث کے اول لفظ کو حروف ہجا کی ترتیب سے حدیث کو نقل کیا گیا ہے کام تکمیل کو پہنچا تو میں نے باقی حدیثوں کو جو اس شرط سے خالی تھیں اور محض فعلی حدیثیں تھیں یا قول و فعل دونوں کی جامع تھیں یا سبب مراجعت وغیرہ پر مشتمل تھیں' ان کو جمع کرنا شروع کیا تاکہ یہ کتاب تمام موجودہ حدیثوں کی جامع بن جائے' یہ حصہ مسانید صحابہؓ پر مرتب ہے

---

(۱) جیسا کہ علامہ سیوطیؒ کے مندرجہ ذیل خواب سے ثابت ہوتا ہے چنانچہ موصوف جمع الجوامع کے آخر ورق کے دوسرے صفحہ پر لکھتے ہیں شب پنج شنبہ ۸ ربیع الاول ۹۰۴ھ کو میں نے ایک خواب دیکھا کہ میں دربار رسالت مآب ﷺ میں حاضر ہوں اور میں نے آپ سے جمع الجوامع کی تالیف کا تذکرہ کرتے ہوئے عرض کی کہ اگر اجازت ہو تو اس میں سے کچھ پڑھ کر سناؤں آپ ﷺ نے فرمایا سناؤ شیخ الحدیث! حضور اکرم ﷺ کا مجھے شیخ الحدیث کے الفاظ سے یاد فرمانا دنیا و مافیہا سے اچھا معلوم ہوا اور میں اس کی ترتیب و تدوین میں منہمک ہو گیا (جمع الجوامع بحوالہ الفتح الکبیر فی ضم الزیادۃ الی الجامع الصغیر مقدمہ از یوسف النبہانی طبع قاہرہ ج ۱ ص ۷)

ترتیب میں عشرۂ مبشرہ کو مقدم رکھا ہے، پھر دیگر صحابہ کی مسانید ہیں، اسماء صحابہؓ کی ترتیب حروف معجم پر ہے پھر کنیتوں، مبہمات اور نسبتوں کو اور آخر میں مراسیل کو بیان کیا گیا ہے (۱)

کیا یہ کتاب تمام احادیث کی جامع ہے؟

اس کتاب میں حافظ سیوطیؒ نے تمام احادیث کے حصر واستیعاب کا ارادہ کیا ہے، فرماتے ہیں :-

قصدت فی جمع الجوامع الاحادیث النبویة باسرها (۲)

میرا قصد تمام احادیث نبویہ کو جمع الجوامع میں جمع کرنا ہے۔

تمام احادیث سے مراد دو لاکھ سے زیادہ حدیثیں ہیں، شیخ عبدالقادر شاذلی المتوفی ۹۳۵ھ دیباچہ الجامع میں حافظ سیوطیؒ سے ناقل ہیں :-

یقول أکثر ما یوجد علی وجه الارض من الأحادیث النبویة القولیة والفعلیة مأتا ألف حدیث و نیف فجمع المصنف منها مائة ألف حدیث فی هذا الکتاب یعنی الجامع الکبیر واخترمنه المنیة ولم یکمله ووقع فیه تقدیم و تاخیر سببه تقلیب وقع فی ورق المصنف فراع فی الترتیب الحرف فما بعده و یستقم لك التعقیب فی کل ما تجده مخالفاً انتهی.

موصوف فرماتے ہیں روئے زمین پر زیادہ سے زیادہ جو قولی اور فعلی

---

(۱) مقدمہ جمع الجوامع بحوالہ کنز العمال طبع دکن ۱۳۱۲ھ ج ۱ ص ۴

(۲) الجامع الصغیر فی احادیث البشیر النذیر طبع قاہرہ ۱۳۵۸ھ ج ۱ ص ۳

حدیثیں پائی جاتی ہیں وہ دو لاکھ سے اوپر ہیں مصنف نے ان میں سے ایک لاکھ حدیثیں اس کتاب یعنی جامع کبیر میں جمع کی ہیں اثناء ترتیب میں مصنف کا انتقال ہو گیا اور کتاب مکمل نہ ہو سکی کتاب کے اوراق الٹ پلٹ ہو جانے سے آگے پیچھے ہو گئے ہیں اگر تم نے ترتیب حرفی کا خیال رکھا تو جہاں ترتیب میں خرابی ہو گی تم درست کر لو گے۔

اس بیان سے معلوم ہوا کہ جمع الجوامع ناقص ہونے کے باوجود بھی ایک لاکھ حدیثوں کی جامع ہے بظاہر ایسا معلوم ہوتا ہے کہ شیخ عبدالقادر شاذلی نے یہ تعداد تخمین و قیاس سے بیان کی ہے کیونکہ شیخ علی متقیؒ نے علامہ سیوطیؒ کی تینوں کتابوں جامع صغیر زوائد جامع صغیر اور جامع کبیر کی حدیثوں کو ابواب پر مرتب کیا جن کی مجموعی تعداد چھیالیس ہزار چھ سو سولہ ہے(۱)

حیرت ہے کہ شیخ علی متقی نے جمع الجوامع کے ناقص ہونے کی طرف کنز العمال میں اشارہ تک نہیں کیا۔

تعداد احادیث کے متعلق علامہ سیوطیؒ کا مذکورہ بالا بیان ان کی اپنی معلومات کے اعتبار سے ہے نفس الامر کے اعتبار سے نہیں، شیخ عبدالرؤف مناوی، فیض القدیر میں لکھتے ہیں۔

هذا بحسب ما اطلع عليه المؤلف لا باعتبار ما فى نفس الأمر لتعذر الإحاطة بها وإنا فتها على ما جمعه الجامع المذكور لو تم وقد اختر منه المنية قبل إتمامه(۲)

---

(۱) کنز العمال فی سنن الاقوال والافعال تحقیق محمود عمر الدمیاطی، بیروت، دارالکتب العلمیہ، ۱۴۱۹ھ / ۱۹۹۸ء-ج:۸ ص:۳۲۰

(۲) فیض القدیر شرح الجامع الصغیر، ج ۱ ص ۲۴

مؤلف کا یہ بیان ان کی اپنی معلومات کے اعتبار سے ہے واقع کے اعتبار سے نہیں کیونکہ خارج میں جتنی حدیثیں پائی جاتی ہیں ان کا احاطہ کرنا دشوار ہے اگر جمع الجوامع پایہ تکمیل کو پہنچ گئی ہوتی تو بھی اس کے علاوہ خارج میں حدیثیں پائی جاتی ہیں بھلا ایسی صورت میں جب کہ مؤلف کتاب تکمیل سے قبل ہی وفات پا گیا ہو احاطہ کیونکر ہو سکتا ہے۔

اس موقع پر یہ بات بھی یاد رکھنے کے قابل ہے کہ تعداد حدیث کے سلسلے میں علامہ سیوطیؒ کی معلومات کا دائرہ سرزمین مصر تک محدود ہے اس کا تعلق تمام عالم سے نہیں ہے پھر سرزمین مصر میں بھی تمام احادیث سے مراد تمام حقیقی نہیں بلکہ عرفی ہے، جس سے مراد بہت بڑا حصہ ہے کیونکہ جمع الجوامع کی تالیف کے بعد ایک زمانہ تک اہل علم اسی غلط فہمی میں رہے کہ تمام سے تمام حقیقی اور روئے زمین سے مراد سارا عالم ہے چنانچہ جب کسی حدیث کے متعلق ان سے دریافت کیا گیا اور وہ ان کو اس کتاب میں نہیں ملی تو انہوں نے اس حدیث کو تسلیم کرنے سے انکار کر دیا، چار و ناچار اس غلط فہمی کو دور کرنے کے لئے شیخ عبدالرؤف مناوی نے "البیان الأزہر فی احادیث النبی الأنور" لکھی چنانچہ موصوف اس کا سبب تالیف بیان کرتے ہوئے کتاب میں لکھتے ہیں :-

ومن البواعث على تاليف هذا الكتاب أن الحافظ الكبير جلال الدين السيوطي ادعى أنه جمع في الكتاب الجامع الكبير الاحاديث النبوية مع أنه قد فاته الثلث فأكثر وهذا فيما وصلت إليه أيدينا بمصر وما لم يصل إلينا فيها أكثر و في الأقطار الخارجة عنها من ذلك أكثر فاغتر بهذه الدعوى كثير من الأكابر فصار كل حديث

يسئال عنه أو يريد الكشف عنه يراجع الجامع الكبير فإن لم يجده فيه غلب ظنه أنه لا وجود له فربما أجاب بأنه لا أصل له فعظم بذلك الضرر لركون النفس إلى الثقة لزعمه الاستيعاب وتوهم أن مازاد على ذالك لا يوجد في كتاب (۱)

اس کتاب کی تالیف کے اسباب میں سے ایک سبب یہ ہے کہ حافظ جلال الدین سیوطیؒ نے دعویٰ کیا ہے کہ انہوں نے جامع کبیر میں تمام احادیث نبویہ ﷺ کو جمع کیا ہے حالانکہ ان سے بھی اس کا ایک تہائی حصہ رہ گیا ہے بلکہ اس سے بھی زیادہ' یہ تو وہ ہے جس تک مصر میں ہماری رسائی ہو سکی ہے اور جس تک ہماری رسائی نہیں ہو سکی وہ اس سے زیادہ ہے اور جو دیگر ممالک میں موجود ہے وہ اس سے بھی زیادہ ہے موصوف کے اس دعوے کی وجہ سے بہت سے اکابر اہل علم کو دھوکا ہوا چنانچہ ہر وہ حدیث جس کے متعلق ان سے سوال ہوتا اور وہ اس کو جامع کبیر میں دیکھتے اگر اس میں نہ پاتے تو گمان غالب یہ ہوتا کہ اس کا وجود نہیں ہے بسا اوقات وہ یہی جواب دیتے کہ اس کی کوئی اصل نہیں ہے اس سے بڑا ضرر ہوا کیونکہ نفس کو علامہ سیوطیؒ کے استیعاب احادیث کے دعویٰ پر اعتماد و اطمینان ہو جاتا' اور یہی خیال ہوتا کہ اس کتاب کے علاوہ جو حدیثیں ہیں وہ کسی کتاب میں نہیں مل سکتیں۔

اگر علامہ سیوطیؒ کے استیعاب احادیث کے دعوے پر غور کیا جاتا تو یہ بات

---

(۱) الجامع للأزہر فی أحادیث النبی للأنور (قلمی) اس کتاب کا قلمی نسخہ ہمارے کرم فرما سید طلحہ صاحبؒ کے ایک عزیز کے پاس ۱۹۵۴ء میں حیدر آباد سندھ میں دیکھا اسی موقعہ پر ہم نے یہ عبارت نقل کی تھی۔ اب یہ کتاب جمع الجوامع کے ساتھ طبع کر دی گئی ہے۔

واضح ہو جاتی کہ ان کے اس دعوے کا تعلق ان کے بیان کردہ ماخذوں سے ہے کیونکہ انہوں نے جتنی حدیثیں نقل کی ہیں وہ انہی کتابوں سے منقول ہیں، جن کا تذکرہ موصوف نے بیانِ ماخذ میں کیا ہے علامہ سیوطیؒ نے اگر تمام محدثین کی مرتب کردہ حدیث کی کتابوں کو دیکھا ہوتا تو اس وقت کسی حدیث کا انکار جو اس کتاب میں نہ ملتی، قرین قیاس بھی تھا، جب حدیثیں ان کتابوں میں منحصر نہیں تو ایسا خیال کرنا بھی درست نہیں، اس امر کی تائید اس واقعہ سے بھی ہوتی ہے کہ علامہ موصوف نے اس خیال سے کہ موت کا وقت قریب آگیا ہے اور کتاب پوری ہوتی نظر نہیں آتی اگر یہ پایۂ تکمیل کو نہ پہنچ سکی اور کوئی بالغ نظر اس پر ذیل لکھنا چاہے تو اس کو وہ کتابیں دیکھنا چاہئیں جو ہمارے مطالعہ سے رہ گئی ہیں اس لئے موصوف نے اپنے ماخذوں کی نشاندہی کرنے کے بعد لکھا ہے۔

هذا تذكرة مبارکة باسماء الكتب التي انتهت مطالعتها على هذا التصانيف خشية أن تهجم المنية قبل تمامه على الوجه الذي قصد ته فيقيض الله تعالىٰ من يذيل عليه فاذا عرف ما انتهت مطالعته استغنى عن مراجعته و نظر ما سواه من كتب السنة (۱)

اس کتاب کی تالیف میں جن کتابوں تک میری رسائی ہو سکی ہے ان کتابوں کے ناموں کو اس خیال سے بیان کیا ہے کہ کہیں موت کا مجھ پر اچانک حملہ ہو جائے اور میں اس کتاب کو اس طریقہ پر جس طرح کے تکمیل کا ارادہ ہے نہ کر سکوں، اللہ تعالیٰ کسی اور شخص کو اس کا ذیل مرتب کرنے پر مامور فرمائے تو اس کو جب یہ معلوم ہوگا کہ میں ان کتابوں سے مراجعت کر چکا ہوں تو وہ ان کتابوں کی مراجعت سے مستغنی ہو جائے گا اور ان کے علاوہ حدیث کی دوسری کتابوں کو دیکھے گا۔

---

(۱) الفتح الکبیر ج ۱ ص ۵

یہی وجہ ہے کہ جب بعض نامور محدثین نے اس کتاب کو پڑھا تو اس پر بہت کچھ اضافہ کیا' فخر مغرب حافظ ابو العلاء ادریس حسینی فاسیؒ المتوفی ۱۱۸۳ھ نے جب جامع کبیر کو پڑھا تو اس پر دس ہزار احادیث کا اضافہ کیا حافظ سید عبدالحیٔ کتانی فہرس الفہارس والاثبات میں رقم طراز ہیں :-

ولما قرأ الجامع الكبير للحافظ السيوطى واستدرك عليه نحو عشرة آلاف حديث كان يقيد ها فى طرة نسخته بحيث لو نقل ذلك فى كتاب جاء مجلدا (۱)

جب موصوف نے حافظ سیوطیؒ کی جامع کبیر کا مطالعہ کیا تو بطور استدراک تقریباً دس ہزار احادیث کا اس میں اضافہ کیا اس طرح سے کہ احادیث کو اپنے مملوکہ نسخہ جامع کبیر کے حاشیہ پر قلمبند کرتے گئے ان حدیثوں کو اگر نقل کیا جائے تو ایک ضخیم کتاب تیار ہو جائے۔

جامع کبیر میں مأخذ حدیث کی نشاندہی

حافظ سیوطیؒ نے اس کتاب میں حدیثوں کو صرف جمع ہی نہیں کیا بلکہ اربابِ تخریج کی نشاندہی کر کے نہایت لطیف انداز میں ہر حدیث کا مرتبہ و مقام بھی متعین کیا' چنانچہ شیخ عبدالرؤف منادیؒ دیباچہ جمع الجوامع سے ناقل ہیں :-

أنه سالك طريقة يعرف منها صحة الحديث و حسنه و ضعفه وذلك أنه إذا عز للبخارى أوا لمسلم أوا بن حبان أو الحاكم فى المستدرك أو الضياء المقدسى فى المختارة فجميع ما فى هذه الكتب الخمسة

(۱) فہرس الفہارس والاثبات۔ ج ۲ ص ۲۰۱

صحيح فالعز و إليها ليعلن بالصحة سواما فى المستدرك من المتعقب فانه تنبه عليه وكذا ما فى مؤطا الإمام مالك و صحيح ابن خزيمة وأبى عوانة ، وابن السكن، والمنتقىٰ لابن جارود، والمستخرجات فالعزوا إليها بالصحة ايضاً وما عزى لا بى داؤد، فما سكت عليه، فهو صالح ، وما عزاه للترمذى، وابن ماجة ، وابى داؤد الطيالسى، ولإمام احمد ،و ابنه عبدالله و عبدالرزاق و سعيد بن منصور و ابن أبى شيبة وأبى يعلى، والطبرانى فى الكبير الاوسط ،والدار قطنى ،و أبى نعيم والبيهقى، فهذه فيها الصحيح والحسن والضعيف، و هو بينة غالباً و كل ما كان فى مسند أحمد فهو مقبول فإن الضعيف الذى فيه يقرب من الحسن وما عزاه للعقيلى وابن عدى والخطيب و ابن عساكر و الحكيم الترمذى والحاكم فى تاريخه، والديلمى فى مسند الفردوس، فهو ضعيف .

علامہ سیوطیؒ ایک ایسے طریقے پر گامزن رہے ہیں جس سے حدیث کے صحیح حسن اور ضعیف ہونے کا پتہ لگ جاتا ہے اور وہ اس طرح کہ اگر وہ بخاری، مسلم، ابن ماجہ، مستدرک حاکم، مختارہ ضیاء مقدسی کی طرف کسی حدیث کی نسبت کریں تو ان پانچ کتابوں میں جو حدیثیں ہیں وہ صحیح ہیں لہذا ان کی طرف نسبت کرنا اس کے صحت کا اعلان ہے بجز مستدرک کی وہ حدیثیں جن پر گرفت ہوئی ہے ان پر تنبیہ کی ہے یہی حکم مؤطا امام مالک، صحیح ابن خزیمہ، صحیح ابن عوانہ، صحیح ابن السکن منتقی ابن جارود اور مستخرجات کا ہے چنانچہ ان کی طرف نسبت بھی صحت کا اعلان ہے اور جس کی نسبت ابوداؤد کی طرف ہے اور ابوداؤد نے اس پر سکوت اختیار کیا ہے وہ صالح عمل ہے جس کی نسبت ترمذی، ابن ماجہ، ابوداؤد

طیالیسی، امام احمد، ان کے فرزند، عبداللہ، عبدالرزاق، سعید بن منصور، ابن ابی شیبہ، ابو یعلی، طبرانی کبیر، اوسط، دار قطنی، ابو نعیم اور بیہقی کی طرف ہے تو ان میں صحیح، حسن، ضعیف سب ہی موجود ہیں اور وہ اکثر اس کو بتاتے ہیں مسند احمد میں جو حدیث ہے وہ مقبول ہے کیونکہ جو ضعیف بھی اس میں ہے وہ حسن کے قریب قریب ہے اور جس کی نسبت عقیلی، ابن عدی، خطیب، ابن عساکر، حکیم ترمذی تاریخ حاکم اور مسند فردوس دیلمی کی طرف ہے وہ ضعیف ہے۔

علامہ سیوطیؒ کے اس بیان سے شاہ عبدالعزیزؒ کے اس قول کی کہ سیوطی بلا حوالہ و تحقیق کوئی بات نقل نہیں کرتے' صداقت و اہمیت روز روشن کی طرح عیاں ہو جاتی ہے

اس امر کا اعتراف ہے کہ حدیث کی جملہ کتابوں میں جمع الجوامع سب سے زیادہ جامع اور مبسوط کتاب ہے شیخ علی متقیؒ برہانپوری ثم مکی المتوفی ۹۷۵ھ کا بیان ہے۔

إني وقفت على كثير مما دونه الأئمة من كتب الحديث فلم أرفيها أكثر جمعاً ولا أكبر نفعاً من كتاب جمع الجوامع الذى ألفه الإمام العلامة عبدالرحمن جلال الدين السيوطي ؒ سقى الله ثراه و جعل الجنة مثواه' حيث جمع فيه من الأصول الستة وغيرها الأتى ذكرها عند رموز الكتاب وأودع فيه من الأحاديث ألوفاً ومن الآثار صنوفاً وأجاده مع كثرة الجدوى و حسن الإفاده .

ائمہ فن نے حدیث کی جو بہت سی کتابیں مرتب کی ہیں ان پر میری نظر ہے میں نے ان میں سے جمع الجوامع سے جس کو امام علامہ عبدالرحمٰن جلال الدین سیوطیؒ نے اللہ تعالیٰ ان کی قبر کو ٹھنڈا رکھے اور جنت میں ان کو جگہ دے

مرتب کیا ہے زیادہ جامع اور نافع کوئی کتاب نہیں دیکھی کیونکہ اس میں صحاح ستہ اور دوسری کتابیں جن کی علامتیں انہوں نے بتائی ہیں سب ہی جمع کر دی ہیں' اس میں مختلف اصناف کی ہزارہا احادیث و آثار یکجا کی ہیں' اور کتاب کو خوب سے خوب تر اور مفید سے مفید تر بنایا ہے' اس کتاب کی جامعیت کا اندازہ اس امر سے لگایا جاسکتا ہے کہ علامہ سیوطیؒ نے پچاس سے زیادہ حدیث کی کتابوں سے اس کو مرتب کیا ہے اور کوئی موضوع حدیث اس میں نقل نہیں کی ہے۔

شیخ عبدالحق محدث دہلویؒ "رسالہ اصول حدیث" میں رقم طراز ہیں :-

ولقد أورد السيوطيؒ في كتاب جمع الجوامع من كتب كثيرة تتجاوز خمسين' مشتملة على الصحاح' والحسان' والضعاف' وقال ما أوردت فيها حديثاً مرسوماً بالوضع' اتفق المحدثون على تركه' ورده والله اعلم.

علامہ سیوطیؒ نے اپنی تالیف جمع الجوامع میں پچاس سے زیادہ کتابوں سے جو صحیح' حسن اور ضعیف حدیثوں پر مشتمل تھیں روایتیں نقل کی ہیں اور فرمایا ہے کہ میں نے اس میں کوئی ایسی موضوع حدیث درج نہیں کی ہے جس کے نا قابل قبول اور متروک ہونے پر محدثین کا اتفاق ہو' واللہ اعلم۔

احکام سے متعلق احادیث کی جامع ترین کتاب

سنن کبریٰ بیہقی کے بعد ادلہ مذاہب کے باب میں جمع الجوامع سے جامع تر کتاب تالیف نہیں ہوئی ہے' شیخ عبدالوہاب شعرانی فرماتے ہیں :-

وطالعت الجامع الكبير للشيخ جلال الدين السيوطيؒ' وكذلك الجامع الصغير وزيادته' وهي عشرة آلاف حديث ولا يكاد

يخرج من الشريعة عن أحاديث هذه الكتب شئى الا نادرا فهى اجمع كتاب صنف بعد سنن البيهقى فى الأدلة.

میں نے علامہ سیوطیؒ کی جامع کبیر کا مطالعہ کیا اور اسی طرح جامع صغیر اور زوائد جامع صغیر کا مطالعہ بھی کیا ہے' یہ کم وبیش دس ہزار حدیثوں کی جامع ہیں' احکام شرعیہ سے متعلق احادیث شاذ و نادر ہی ان کتابوں سے باہر ہوں تو ہوں' ادلہ شرعیہ کی سنن بیہقیؒ کے بعد یہ جامع ترین کتاب ہے۔

جمع الجوامع علامہ سیوطیؒ کی تالیفات میں شاہکار کی حیثیت رکھتی ہے موصوف نے اگر کوئی اور کتاب نہ لکھی ہوتی تو تنہا یہی ایک کتاب ان کی شہرت وبقاء اور جلالت علمی کے لئے کافی تھی "جمع الجوامع" امت مسلمہ پر ان کا بہت بڑا احسان ہے' حافظ سید عبدالحیؒ کتانی فہرس الفہارس والأثبات میں لکھتے ہیں :-

ومن أهمها وأعظمها وهو من أكبر مننه على المسلمين كتابه الجامع الصغير وأكبر منه وأوسع وأعظم الجامع الكبير' جمع فيها عدة آلاف من الاحاديث النبوية ' مرتبةً على حروف المعجم' وهما المعجم الوحيد الآن' المتداول بين المسلمين الذى يعرفون به كلم نبيهم و مخرجيها و مظانها و مرتبتها فى الجملة وقل من رايته انصف من الكاتبين اليوم 'و عرف مزية المترجم بكتا بيه فهذه منة على المسلمين وقد قال العلامة الشيخ صالح المقبلى فى كتابة العلم المشامخ بعد ان استغرب أنه لم يتصد أحد لجمع جميع الأحاديث النبوية على المقرب لعلها مكرمة ادخرها الله لبعض المتاخرين' وإذا الله قد أكرم

بذلك وأهل له من لم يكد يرمثله فى مثل ذلك الإمام السيوطىؒ فى كتابه المسمىٰ بالجامع الكبير (۱)

ان کی اہم و عظیم تالیفات میں سے جو مسلمانوں پر ان کے عظیم الشان احسانات میں سے ہے' ان کی کتاب جامع صغیر ہے اور اس سے زیادہ مبسوط اور عظیم و ضخیم کتاب جامع کبیر ہے جس میں ہزاروں کی تعداد میں احادیث نبویہ ﷺ کو حروف معجم پر مرتب کیا ہے اور یہی دونوں معجم وہ واحد معجم ہیں جو آج مسلمانوں میں متداول ورواج پذیر ہیں جن سے وہ اپنے نبی ﷺ کے کلام کو پہچانتے ہیں' ان کی تخریج کرنے والوں کو جانتے احادیث کے مرتبہ و مقام کا فی الجملہ علم حاصل کرتے ہیں' میں نے اس دور کے کمتر مصنفین کو دیکھا جنہوں نے انصاف سے کام لیا ہو اور مذکورۂ بالا دونوں کتابوں سے مرتب کی عظمت کو سمجھا ہو' علامہ شیخ صالح مقبلی نے اپنی کتاب العلم الشامخ میں اظہار حیرت کے بعد لکھا ہے کہ کوئی محدث بھی رسول اللہ ﷺ کی تمام احادیث کو یکجا جمع کرنے کے درپے نہیں ہوا' یہ سعادت شاید اللہ تعالیٰ نے بعض متاخرین علماء کے لئے مقدر فرمائی تھی' اس نے یہ اعزاز و شرف اب علامہ سیوطیؒ کو بخشا اور انہی کو اس کا اہل بنایا اس اہم کام میں اس کا مثل کوئی شخص قریب دکھائی نہیں دیتا جیسا کہ علامہ سیوطیؒ اپنی کتاب جامع کبیر میں نمایاں نظر آتے ہیں۔

یہ جامع ہونے کے باوجود کما حقہ نافع نہیں

اس کتاب کی جامعیت وافادیت اپنی جگہ مسلم سہی لیکن اس حقیقت سے

---

(۱) فہرس الفہارس والاثبات ' تحقیق احسان عباس' بیروت' الکتانی دار الغرب الاسلامی ۱۴۰۶' ج ۲ / ۱۱۱۷۔۱۰۱۸

انکار نہیں کیا جاسکتا کہ اس کی ترتیب ہرگز ایسی نہ تھی جس سے ہر خاص وعام کو پورا پورا فائدہ ہو سکتا' اس سے وہی لوگ مستفید ہو سکتے تھے اور ہو سکتے ہیں جن کو راوی کا نام معلوم ہو یا حدیث کا پہلا ٹکڑا انہیں یاد ہو' جن کو ان باتوں کا علم نہیں وہ کتاب کے استفادہ سے قاصر ہیں' اس امر کا کماحقہ احساس ان کے معاصر عارف ہندی و مسند حرم شیخ علاء الدین علی بن حسام الدین متقی برہانپوری ثم مکی المتوفی ۹۷۵ھ کو ہوا انہوں نے اس کتاب کو ابواب فقہ پر مرتب کیا موصوف ترتیب فقہی کا سبب بیان کرتے ہوئے رقم طراز ہیں :-

لكن عاريا عن فوائد جليلة (منها) ان من اراد أن يكشف منه حديثا وهو عالم بمفهومه لا يمكنه إلا أن حفظ رأس الحديث إن كان قولياً أواسم راويه إن كان فعلياً ومن لا يكون كذلك تعسر عليه ذالك.

و(منها) ان من اراد ان يحيط و يطلع على جميع أحاديث البيع مثلاً ،وأحاديث الصلوٰة أو الزكوٰة أو غيرها ، لم يمكنه ذلك ايضاً ، إلا إذا قلب جميع الكتاب ورقة ورقة وهذا ايضاً عسير جدا.

لیکن یہ اہم فوائد سے خالی تھی' من جملہ ان کے یہ کہ جو کسی حدیث کے مفہوم سے واقف ہو اور وہ اس کو تلاش کرنا چاہتا ہو تو اس کو اس حدیث کا نکالنا ممکن نہیں' ہاں اگر اس کو حدیث قولی کا اول کلمہ جس کی اس کو تلاش ہے یاد ہو' یا راوی کا نام اگر وہ حدیث فعلی ہے' یاد ہو' تو پھر مشکل نہیں اور جس کو یاد نہیں اسے تلاش کرنا بہت مشکل ہے۔

انہی فوائد میں سے یہ ہے کہ جو یہ چاہے کہ بیع کی یا نماز یا زکوٰۃ وغیرہ کی

مثلاً تمام حدیثوں کا احاطہ کرے اور وہ ان سے واقف ہو تو اس کے لئے بھی یہ ممکن نہیں مگر اس صورت میں کہ وہ پوری کتاب کی ورق گردانی کرے اور یہ کوئی آسان کام نہیں ہے۔ (۱)

انہی اسباب کی بناء پر شیخ علی متقیؒ نے سب سے پہلے جامع صغیر کو جو کتاب کا پہلا حصہ تھا' ابواب فقہ پر مرتب کیا اور اس کا نام" منهج العمال فی سنن الاقوال" رکھا' شیخ موصوف نے دیباچہ کتاب میں یہ بیان نہیں کیا کہ اس کی ترتیب کا آغاز کس سن میں ہوا مگر بعض قرائن سے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ جامع صغیر کی ترتیب کا کام ۹۴۷ھ کے بعد اور ۹۵۲ھ سے پیشتر ہوا تھا کیونکہ شیخ عبدالوہاب شعرانیؒ نے ۹۴۷ھ میں جب حج کیا تو شیخ متقیؒ سے بھی استفادہ کیا تھا' موصوف "لواقح الانوار فی طبقات الاخیار" میں جو ۹۵۲ھ کی تالیف ہے شیخ موصوف کا تذکرہ کرتے ہوئے ان کی تالیفات میں جامع صغیر کی ترتیب کا بھی ذکر کیا ہے (۲) جس سے ثابت ہوتا ہے کہ اس وقت صرف جامع صغیر کو ابواب فقہ پر مرتب کیا گیا تھا اس کے بعد زوائد جامع صغیر کو ابواب فقہ پر ترتیب دیا اور اس کا نام" الاکمال لمنهج العمال فی سنن الاقوال" رکھا پھر ان دونوں کو یکجا کر کے "غایة العمال فی سنن الاقوال" سے نامزد کیا' اور جب کتاب کا ایک حصہ مکمل کر لیا تو" جمع الجوامع" کا دوسرا حصہ جو فعلی احادیث پر مشتمل تھا' مرتب کیا' اور پوری کتاب کے ابواب کو" جامع الاصول" کی ترتیب کے مطابق حروف تہجی پر ترتیب دیکر اس کا نام" کنز العمال فی سنن الاقوال والافعال"

---

(۱) منتخب کنز العمال پر حاشیہ مسند امام احمد بن حنبلؒ، طبع مصر ج ۱ ص ۳۳

(۲) لواقح الانوار طبع مصر ۱۳۱۵ھ ج ۲ ص ۱۵۹

رکھا اور ۹۵۷ھ میں گویا پوری کتاب جمع الجوامع کو ابواب فقہ پر مرتب کر کے اس سے استفادہ آسان کر دیا(۱) شیخ عبدالحق محدث دہلوی کا بیان ہے :-

جامع صغیر و کتاب الجوامع شیخ جلال الدین سیوطیؒ راکہ احادیث بترتیب حروف تہجی جمع کردہ واد عائے احاطہ جمیع احادیث نبوی ﷺ از اقوال وافعال ﷺ کردہ بترتیب فرمودہ وبر ابواب فقہیہ ترتیب دادہ' الحق بنظر دراں کتابہا ظاہر میشود کہ چہ کار کردہ' وچہ تصرفات نمودہ' وبار دیگر مشقتے ازاں گرفتہ واکثر مکررات راانداختہ آں نیز کتابِ مہذب ومنقح آمدہ' گویند کہ شیخ ابوالحسن بکری می فرمود: ند للسیوطیؒ منۃ علی العالمین وللمتقی منۃ علیہ (۲)

جامع صغیر اور جمع الجوامع علامہ جلال الدین سیوطیؒ جن میں احادیث کو حروف تہجی کی ترتیب پر جمع کیا اور تمام قولی و فعلی احادیث رسول اللہ ﷺ کا احاطہ کرنے کا سیوطیؒ نے دعویٰ کیا تھا شیخ متقیؒ نے تبویب کی اور انہیں فقہی ابواب کی ترتیب پر مرتب کیا حقیقت یہ ہے کہ ان کتابوں کے دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ کیا کام کیا ہے اور کیسے تصرفات کئے ہیں پھر دوبارہ اس میں انتخاب کر کے مکرر حدیثوں کو الگ کیا اور وہ (منتخب کنز العمال) بھی ایک مہذب و منقح کتاب ہے۔

کنز العمال پہلی مرتبہ مجلس دائرۃ المعارف النظامیہ حیدر آباد دکن سے ۱۳۱۲ھ میں آٹھ ضخیم جلدوں میں مولانا وحید الزماں حیدر آبادی کی تصحیح سے شائع کی گئی تھی' ۱۳۸۲ھ / ۱۹۶۲ء میں مطبع مجلس دائرۃ المعارف العثمانیہ حیدر آباد دکن سے دوبارہ

(۱) کنز العمال ج ۱۔ ص ۲

(۲) اخبار الاخیار، مطبع مجتبائی دہلی ص ۲۵۷۔۲۵۸

شائع کی گئی اور اب مؤسسہ الرسالہ بیروت نے شیخ بحر حیانی اور صفوۃ السقا کی تحقیق سے ۱۳۹۹ھ / ۱۹۷۹ء میں ۱۶ جلدوں میں شائع کی ہے یہ اشاعت سابقہ اشاعتوں سے بہتر ہے۔

ندیم مرعشلی اور اسامہ مرعشلی نے اس کا انڈکس المرشد الی کنز العمال فی سنن الاقوال والافعال کے نام سے دو ضخیم جلدوں میں تیار کیا تھا جسے موسسہ الرسالہ بیروت نے شائع کیا ہے ۱۴۰۹ھ تک اس کا تیسرا ایڈیشن بازار میں آگیا تھا۔

(۲) الجامع الصغیر فی احادیث البشیر النذیر

یہ کتاب سب سے پہلے دو جلدوں میں بولاق مصر سے ۱۲۸۶ھ میں شائع کی گئی تھی پھر مصر سے کئی مرتبہ شائع کی گئی ہے۔

جامع صغیر، جمع الجوامع کی صرف قولی حدیثوں کی جامع ہے جو دس ہزار سے زیادہ قولی حدیثوں کا مجموعہ ہے اور حروف تہجی پر مرتب ہے جامع صغیر موصوف کی وفات سے دو سال پیشتر ۹۰۷ھ میں مکمل ہوئی، یہ علامہ موصوف کی مقبول ترین کتابوں میں سے ہے، جلیل القدر محدثین نے اس کی شرحیں لکھی ہیں، سب سے پہلے موصوف کے شاگرد شمس الدین محمد علقمی شافعی المتوفی ۹۲۹ھ نے الکوکب المنیر فی شرح الجامع الصغیر لکھی، بعد میں شہاب الدین المتبول شافعی المتوفی ۱۱۳۰ھ نے "الاستدراك لنضير على الجامع الصغير" تصنیف کی، ان کے بعد شیخ عبدالرؤف مناوی شافعی المتوفی ۱۰۳۱ھ نے فیض القدیر فی شرح الجامع الصغیر لکھی جو سب سے زیادہ جامع شرح ہے، اس کے بارے میں شاہ عبدالعزیز محدث دہلویؒ فرماتے ہیں :-

شرح عبدالرؤف مناوی بر جامع صغیر شیخ جلال الدین سیوطیؒ نیز اکثر احادیث را کفایت می کند(۱)

جامع صغیر علامہ جلال الدین سیوطیؒ پر عبدالرؤف مناوی کی شرح اکثر حدیثوں کے مطالب کو سمجھنے کے لئے کافی ہے۔

شرح چھ ضخیم جلدوں میں مصر سے شائع کی گئی تھی۔

ان کے بعد شیخ علی بن احمد عزیزی شافعی التوفی ۱۰۷۰ھ نے السراج المنیر تالیف کی جو ۱۳۰۷ھ میں مصر سے تین جلدوں میں شائع کی گئی' شیخ عزیزی کے معاصر شیخ الاسلام محمد بن سالم حنفی التوفی ۱۰۸۱ھ نے بھی اس کی مختصر شرح لکھی تھی وہ بھی السراج المنیر کے حاشیہ پر طبع کی گئی ہے' اور اب اسے مکتبہ الایمان مدینہ منورہ نے چار جلدوں میں فوٹو سے شائع کیا ہے۔

شیخ ابو الفرج عبدالرحمٰن بعلی دمشقی التوفی ۱۰۹۲ھ نے جامع صغیر کا ایک مختصر تیار کیا تھا جس میں صرف امام احمدؒ' بخاریؒ اور مسلمؒ کی روایات کو نقل کیا تھا اس کا نام " نور الاخیار وروض الابرار فی حدیث النبی المصطفیٰ المختار " ہے بعد میں اس کی شرح بھی فتح الستار وکشف الستار کے نام سے لکھی تھی۔

مشہور خطاط و فقیہ شیخ علی شافعی التوفی ۱۰۷۴ھ جامع صغیر کے کاتب اور حافظ مشہور تھے انہوں نے اس کتاب کی نقل وتحشیہ کو اپنا ذریعہ معاش بنایا تھا۔

مؤرخ محمد امین خلاصۃ الاثر میں لکھتے ہیں :-

کان یاکل من کسب یمینه و کتب کتباً کثیرة بخطه منها

---

(۱) شاہ عبدالعزیز دہلویؒ عجالہ نافعہ نور محمد اصح المطابع ۱۳۶۳ء ص ۱۶

الجامع الصغير للسيوطيؒ و كتب منه إحدى و عشرين نسخة فيها و سبب ذلك أنه اشترٰى النسخة من بعض الأفاضل وقابلها و صححها و كتب علي ألفاظها المشكلة مقالات شراحه واعتنى بها ولزمها حتى حفظ الكتاب عن ظهر قلب.

موصوف اپنے دست وبازو کی کمائی کھاتے تھے' انہوں نے بہت سی کتابیں اپنے ہاتھ سے لکھی تھیں انہی میں سے جامع صغیر بھی ہے جس کے انہوں نے اکیس نسخے نقل کئے تھے اور اس میں انہیں شہرت حاصل تھی اس کی وجہ یہ تھی کہ موصوف نے فضلاء وقت میں کسی سے ایک نسخہ خریدا پھر اس کا مقابلہ کیا صحت کی' اس کے مشکل الفاظ کی تشریح میں شارحین حدیث کا کلام نقل کیا اور اس کا خاص اہتمام کیا اور کتاب مذکور کے ساتھ ایسے چمٹے رہے کہ کتاب انہیں زبانی یاد ہو گئی تھی(۱)

علامہ سیوطی نے وفات سے قبل اس کا ایک ذیل بھی لکھا تھا جو "ذیل زیادۃ الجامع الصغیر" کے نام سے مشہور ہے یہ ذیل چار ہزار چار سو اڑتالیس حدیثوں پر مشتمل اور حروف تہجی پر مرتب ہے اس کے بھی ایک ٹکڑے کی شرح شیخ عبدالرؤف مناویؒ نے السعادۃ بشرح الزیادۃ کے نام سے لکھی تھی جس کا تذکرہ شیخ مجبی نے خلاصۃ الاثر میں کیا ہے (۲) شیخ علی متقیؒ نے الجامع الصغیر اور زوائد الجامع الصغیر پر جو بصیرت افروز تبصرہ کیا ہے وہ ہدیہ ناظرین ہے :-

.....

(۱) خلاصۃ الاثر فی اعیان الحادی عشر ج ۳۔ ص ۱۶۰

(۲) خلاصۃ الاثر فی اعیان الحادی عشر ج ۲ ص ۳۱۳

ان الاحادیث التی فی الجامع الصغیر و زوائده اهم واخصر وابعد من التکرار (۱)

وہ حدیثیں جو جامع صغیر زوائد جامع صغیر میں ہیں وہ زیادہ صحیح، مختصر اور تکرار سے بہت دور ہیں (ان میں تکرار نہیں ہے)

شیخ یوسف نبہانیؒ نے زیادۃ الجامع اور جامع صغیر کو یکجا کر دیا ہے جو الفتح الکبیر کے نام سے تین جلدوں میں مصر سے ۱۳۵۰ھ میں شائع کی گئی تھی۔

علامہ سیوطیؒ نے جامع الصغیر کے بعد زوائد الجامع الصغیر لکھی ہے۔

(۳) اللآلی المصنوعة فی الاحادیث الموضوعة

یہ کتاب پانچ بار زیور طبع سے آراستہ کی گئی ہے، پہلی بار مطبعۃ الادبیۃ، قاہرہ سے ۱۳۱۷ھ میں شائع کی اور اس کے ساتھ علامہ موصوف کی حسب ذیل تین کتابیں ۱- کتاب ذیل اللآلی المصنوعۃ ۲- کتاب التعقبات علی الموضوعات ۳- کتاب النکت البدیعات علی الموضوعات اور قاضی شوکانی کی کتاب الفوائد المجموعه فی الاحادیث الموضوعه اور ملا علی قاری کی کتاب الموضوعات الکبری بھی شائع کی تھیں۔ پھر المکتبة التجاریة الکبری، قاہرہ سے جس پر سال اشاعت درج نہیں، اس کے بعد عبداللطیف الخطیب صاحب المکتبته الحسینیه المصریه نے شائع کی۔ شیخ احمد بن محمد بن الصدیق مغربی حسنی کے پڑھے ہوئے نسخہ سے ۱۳۵۲ھ میں اچھے دو جلدوں میں شائع کی، پھر دار المعرفۃ للطباعۃ والنشر بیروت سے دوسری بار ۱۳۹۵ھ / ۱۹۷۵ء میں شائع کی گئی۔ یہ موضوعات ابن الجوزی کی تلخیص ہے، چنانچہ موصوف آغاز کتاب میں رقم طراز ہیں :-

---

(۱) کنز العمال فی سنن الاقوال والافعال ط : ۵ بیروت مؤسسۃ الرسالہ ۱۴۰۱ھ ص ۳ و ۴ ج ۱

"جعلی و موضوع حدیثوں سے واقفیت بھی اہم دینی امور میں سے ہے اس موضوع پر حافظ ابو الفرج عبد الرحمٰن بن علی المعروف بابن الجوزی المتوفی ۵۹۷ھ نے کتاب الموضوعات من الاحادیث المرفوعات لکھی تھی (جسے صاحب المکتبة السلفیه بالمدینة المنوره نے مطبعة المجد قاہرہ سے چھپوا کر ۱۳۸۶ء میں شائع کی) جس میں بعض ضعیف حدیثوں کو موضوع قرار دیا بلکہ بعض ایسی حسن اور صحیح احادیث کو جنہیں حفاظ حدیث و ائمہ فن ابن الصلاح نے علوم الحدیث میں اور دیگر محدثین نے اپنی تالیفات میں حسن و صحیح ہونے کی تصریح کی موضوعات کے زمرہ میں داخل کیا تھا۔"

میں نے اس امر میں استخارہ کیا جب مجھے شرح صدر ہوا' توفیق ارزانی ہوئی تو میں نے ان احادیث کی انہی کتابوں سے تخریج کی جن سے موصوف نے کی تھی جیسے تاریخ خطیب' حاکم' کامل ابن عدی' کتاب الضعفاء از عقیلی' ابن حبان' ازدی' افراد الدار قطنی' حلیہ ابو نعیم وغیرہ' ان کی سندوں کو حذف کیا اور ابن الجوزی کا کلام نقل کر کے لفظ "قلت" کے بعد اس پر تنقید و تنبیہ کی' حافظ ابو عبداللہ حسین بن ابراہیم جوزقانی نے جن احادیث کی تخریج کی ان پر (ج) کی علامت لگائی گئی ہے۔

میں نے اس کتاب کا نام اللآلی المصنوعة فی الاحادیث الموضوعة رکھا' یہ کتاب میں نے ۸۷۰ھ میں جب کاروان عمر اکیسویں منزل طے کر رہا تھا شروع کی اور ۸۷۵ھ میں مکمل کی اس میں اختصار کی وجہ سے تعقبات (گرفت و اعتراضات) کم کئے گئے تھے' اس کے متعدد نسخے نقل کئے گئے

ایک نسخہ بلاد تکرور پہنچ گیا پھر ۹۰۵ھ میں از سر نو مبسوط تعقبات لکھے اور بہت سی موضوع حدیثوں کا اضافہ کیا جن کا ذکر ابو الفرج ابن الجوزیؒ سے رہ گیا تھا جس سے کتاب نئی صورت میں جلوہ گر ہوئی، پہلے نسخوں کو نظر انداز کر کے اسی ہیئت و حالت پر چھوڑا اور دوسرے نسخے تیار کئے۔ سابقہ نسخہ کو الموضوعات الصغریٰ اور نئے نسخہ کو الموضوعات الکبریٰ کا نام دیا، اب الموضوعات الکبریٰ قابل اعتماد ہے(۱)

(۱) السیوطیؒ، اللآلی المصنوعہ، بیروت، دار المعرفۃ للطباعۃ والنشر ط ۱۳۹۵۲ھ ج ۱ ص ۲، ۳

(ج) اصول حدیث

اصول حدیث میں مقدمہ ابن الصلاح نہایت اہم کتاب ہے۔

اس کی شرحیں بھی بہت لکھی گئی اور تلخیص اور مختصر بھی کثرت سے تیار کئے گئے ہیں۔ چنانچہ امام نووی المتوفی ۶۷۶ھ نے اس کا مختصر "إرشاد الطلاب الحقائق الی معرفۃ سنن خیر الخلائق" کے نام سے کیا جو عبدالباری فتح اللہ السلفی کی تحقیق سے مکتبۃ الایمان نے ۱۴۰۸ھ میں مدینہ منورہ سے دو جلدوں میں شائع کیا۔

۲- امام نوویؒ نے اس کا خلاصہ "التقریب والتیسیر لمعرفۃ سنن البشیر والنذیر" تیار کیا' اس خلاصہ کی شرح علامہ سیوطیؒ نے "تدریب الراوی شرح تقریب النواوی" لکھی۔ یہ پہلی بار المطبعۃ الخیریہ مصر سے ۱۳۰۷ھ میں شائع کی گئی تھی' پھر ۱۹۰۹ء میں محمد عمر کانی نے اس کو شیخ عبدالوہاب عبداللطیف کی تحقیق سے مدینہ منورہ سے شائع کیا۔

علامہ جلال الدین سیوطیؒ تدریب الراوی کے متعلق رقمطراز ہیں :-

سمیته تدریب الراوی فی شرح تقریب النواوی وجعلته شرحاً لهذا الکتاب خصوصاً ثم لمختصر ابن الصلاح وسائر کتب الفن عموماً (۱)

میں نے اس کا نام تدریب الراوی شرح تقریب النواوی رکھا ہے اور اس کتاب کی خصوصی اور مقدمہ ابن الصلاح اور فن کی دوسری تمام کتابوں کی عمومی شرح کی ہے مطلب یہ ہے کہ میں نے اس شرح میں فن اور فن کی دوسری کتابوں کے مباحث سے بھی

---

(۱) تدریب الراوی' مصر' المطبعۃ الخیریہ' ۱۳۰۷ھ ص ۳

بحث کی ہے لہذا یہ فن کی اور کتابوں کی بھی عام شرح ہے یہی وجہ ہے علماء کو اس کتاب سے اعتناء رہا ہے

تدریب الراوی ۸۹۰ھ سے پہلے کی تالیف ہے(۱)

۳-الفیۃ السیوطی فی علوم الحدیث- نظم الدرر فی علم الأثر :

یہ پہلی بار محی الدین عبدالحمید کی تحقیق سے المکتبۃ التجاریۃ الکبریٰ نے مصر سے شائع کیا تھا' پھر مطبعۃ السلفیہ نے ۱۳۳۲ھ / ۱۹۱۳ء میں چھاپا تھا۔

فن حدیث کی مصطلحات میں ایک ہزار اشعار کا منظومہ ہے علامہ سیوطیؒ نے اس میں حافظ عبدالرحیم العراقی المتوفی ۸۰۶ھ کے الفیہ سے معارضہ کیا ہے اور اس میں معلومات کا اضافہ بھی موصوف نے اسے پانچ دن میں ۱۳ ربیع الآخر بروز جمعہ ۸۸۱ھ میں تالیف کیا تھا(۲)

محمد محفوظ بن عبداللہ الترمسی نے چار مہینہ چودہ دن میں اس کی شرح "منہج ذوی النظر" مکہ مکرمہ میں لکھی تھی۔ یہ شرح مصطفیٰ البابی نے ۱۳۷۴ھ ۱۹۰۰ء میں مصر سے شائع کی تھی۔

احمد محمد شاکر نے بھی اس کی شرح لکھی ہے وہ بھی عام ہے۔

---

(۱) ایضاً تحقیق عبدالوہاب' عبداللطیف' مدینہ منورہ' المکتبۃ العلمیہ ۱۳۷۸ھ / ۱۹۰۹ء (ص) مقدمۃ المحقق

(۲) الفیۃ السیوطی فی علم الحدیث' تحقیق احمد شاکر (بیروت) المکتبۃ العلمیۃ- ص: ۱۴۶

(ج) فقہ

علامہ جلال الدین سیوطیؒ کو فقہ میں اجتہاد کا دعویٰ تھا اس موضوع پر موصوف نے الازھار الفضہ فی حواشی الروضہ' مختصر الروضہ 'القنیۃ' مختصر التنبیہ' الوافی اللوامع والبوارق فی الجوامع و الفوارق اور جمع الجوامع وغیرہ لکھیں لیکن الاشباہ والنظائر اور الحاوی کو زیادہ شہرت و قبولیت حاصل ہے۔

(۱) الاشباہ والنظائر کئی مرتبہ طبع کی گئی ہے پہلی مرتبہ مکہ معظمہ سے ۱۳۳۱ھ ۱۹۱۲ء میں شائع کی گئی اس کے حاشیہ پر المواہب السنیہ شرح الفوائد البہیہ بھی طبع کی گئی تھی' پھر مصطفی البابی الحلبی نے ۱۳۷۸ھ / ۱۹۵۹ء میں قاہرہ سے شائع کی۔

علامہ موصوف نے اس موضوع پر پہلے ایک "مختصر الشوارد الفوائد فی الضوابط والقواعد" لکھی اور اہل علم و طلبہ کو اس کا گرویدہ پایا تو الاشباہ والنظائر لکھی چنانچہ علامہ سیوطیؒ کا بیان ہے۔

تم اس میں جب غور کروگے تو تمہیں معلوم ہوگا کہ یہ میری زندگی کا ماحصل ہے امہات فن کی جامع مشکل مسائل کا حل اور مطول کتابوں کا خلاصہ ہے(۱)

فقہ شافعیہ میں یہ کتاب معلومات کا مختصر دائرۃ المعارف ہے۔

(۲) الحاوی للفتاویٰ فی الفقہ و علوم القرآن والحدیث والاصول والعقائد والتصوف والنحو وغیرھا پہلی بار مکتبہ القدسی نے اسے دو جلدوں میں قاہرہ سے ۱۳۵۲ھ میں شائع کیا تھا پھر مطبعۃ السعادۃ نے ۱۳۷۸ھ میں اور اس کے بعد المکتبۃ التجارۃ الکبریٰ نے ۱۹۵۹ء میں زیور طبع سے آراستہ کیا اور اب اسے پاکستان میں فوٹو سے شائع کیا گیا ہے' دیار عرب سے بھی برابر شائع کی جارہی ہے۔

---

(۱) السیوطیؒ' الاشباہ والنظائر ص ۵

مصر اور دیگر ممالک اسلامیہ کے اہل علم کی طرف سے فقہ، علوم تفسیر و حدیث، عقائد و تصوف اور نحو وغیرہ سے متعلق جو سوالات علامہ موصوف سے کئے گئے تھے الحاوی للفتاوی ان جوابات کا مجموعہ ہے۔

علامہ سیوطیؒ نے بیشتر جوابات کو مستقل نام سے موسوم کیا ایسے رسائل کی تعداد جو الحاوی میں شامل ہیں اناسی (۷۹) ہے۔

الحاوی مذکورۂ بالا علوم میں نہایت مفید معلومات کا جامع ہے اور علامہ موصوف کی بصیرت اور وسعت معلومات کا شاہد عدل ہے۔

اناسی رسائل جو الحاوی میں شامل ہیں وہ حسب ذیل ہیں

(۱) تحفة الأنجاب بمسئلة السنجاب

(۲) الحظ الوافر من المغنم في استدراك الكافر إذا أسلم

(۳) ذكر التشنيع في مسئلة التسميع

(٤) جزء في صلاة الضحىٰ

(٥) بسط الكف في إتمام الصف

(٦) اللمعة في تحرير الركعة لادراك الجمعه

(۷) ضوء الشمعه في عدد الجمعه

(۸) الجواب الحاتم عن سوال الخاتم

(۹) ثلج الفؤاد في أحاديث لبس السواد

(۱۰) وصول الأماني بأصول التهاني

(۱۱) بذل المجهد بسوال المسجد

(۱۲) قطع المجادله عند تغيير المعامله

(۱۳) بذل الهمة في طلب براءة الذمه

(۱٤) هدم الجانی علی البانی

(۱٥) البارع فی أقطاع الشارع

(۱٦) الإنصاف فی تمییز الأوقاف

(۱۷) الجهر بمنع البروز علی شاطئی النهر

(۱۸) کشف الضبابه فی مسئله الاستنابة ؒ

(۱۹) المباحث الزکیه فی المسئلة الدورکیته

(۲۰) القول المشیّد فی وقف المؤیّد

(۲۱) البدر الذیٰ انجلی فی مسئله الولاء

(۲۲) حسن المقصد فی عمل المولد

(۲۳) القول المضی فی الحنث فی المضی

(۲٤) فتح المغالق أنت تالق

(۲٥) المنجلی فی تطور الولی

(۲٦) النقول المشرقة فی مسئله النفقه

(۲۷) تنزیه الانبیاء عن تسفیة الأغبیاء

(۲۸) حسن التصریف فی عدم التحلیف

(۲۹) رفع البأس و کشف الا لتباس فی ضرب المثل من الاقتباس

(۳۰) فتح المطلب المبرورفی الجواب عن الاسئلة الواردة من التکرور

(۳۱) القذ اذه فی تحقیق محل الاستعاذه

(۳۲) دفع التعسف فی إخوة یوسفؑ

(۳۳) القول الفصيح فى تعيين الذبيح

(۳٤) الحبل الوثيق فى نصرة الصديقؓ

(۳۵) الأخبار المأثوره فى الإطلاء بالنورة

(۳٦) الجواب الحزم عن حديث التكبير جزم

(۳۷) المصابيح فى صلاة التراويح

(۳۸) القول الجلى فى حديث الولى

(۳۹) قطف الثمر فى موافقات عمرؓ

(٤۰) اعمال الفكر فى فضل الذكر

(٤۱) نتيجة الفكر فى الجهر بالذكر

(٤۲) الدر المنظم فى الإسم الأعظم

(٤۳) المنحة فى السبحة

(٤٤) اعذب المناهل فى الحديث من قال أنا عالم فهو جاهل

(٤۵) حسن التسليك فى حكم التشبيك

(٤٦) شدّ الأثواب فى سدّ الأبواب

(٤۷) العجاجة الزرنبية فى السلالة الزينبيه

(٤۸) الدرة التاجيه على الأسئلة الناجية

(٤۹) رفع الخدر عن قطع السدر

(۵۰) العرف الوردى فى أخبار المهدى

(۵۱) الكشف عن مجاورة هذه الأمة الألف

(۵۲) كشف الريب عن الجيب

(٥٣) كتاب البعث

(٥٤) رفع الصوت بذبح الموت

(٥٥) بلوغ المأ مول فى خدمة الرسول ﷺ

(٥٦) إتحاف الفرقة برفو الخرقة

(٥٧) إتمام النعمة فى اختصاص الإسلام بهذه الأمة

(٥٨) تنزية الإعتقاد عن الحلول والإ تحاد

(٥٩) تزئين الأرائك في إرسال النبى ﷺ إلى الملائك

(٦٠) إنباء الأذكياء بحياة الأنبياء

(٦١) الإعلام بحكم عيسىٰ عليه السلام

(٦٢) لبس الليلب فى الجواب عن إيراد حلب (مبحث المفاد)

(٦٣) اللمعة فى أجوبة الأسئله السبعه

(٦٤) الاحتفال بالأطفال

(٦٥) طلوع الثريا باظهار ما كان خفيا (أحوال البعث)

(٦٦) تحفة الجلساء برؤية الله للنساء

(٦٧) مسالك الحنفاء فى والدى المصطفاء

(٦٨) القول الأشبه فى حديث من عرف نفسه فقد عرف ربّه

(٦٩) الخبر الدال على وجود القطب والأ و تاد و النجباء والأ بدال

(٧٠) تنوير الحلك فى إمكان رؤية النبى ﷺ والملك

(٧١) فجر الثمد فى إعراب أكمل الحمد

(٧٢) ألوية النصر فى خصيصى بالقصر

(۷۳) الزند الوری فی الجواب عن السوال السکندری

(۷٤) رفع السنة فی نصب الزنه

(۷٥) الأجوبة الزکیه عن الأنعاز السبکیة

(۷٦) الأسئلة المأته

(۷۷) تعریف الفئة بأجوبة الاسئلة المائة

(۷۸) الأسئلة الوزیر یة وأجوبتها

(۷۹) الأوج فی خبر عوج

(د) نحو، معانی وبیان اور لغت

علامہ سیوطی کی علم النحو میں "البہجۃ المضیئہ فی شرح الالفیہ" "الفتح القریب علی مغنی اللبیب" "شرح شواہد المغنی" "الاقتراح فی اصول النحو" "التوشیح علی التوضیح" "السیف الصقیل علی حواشی ابن عقیل" مشہور تالیفات ہیں لیکن الاشباہ والنظائر اور جمع الجوامع اور اس کی شرح ھمع الھوامع اس فن کا دائرۃ المعارف ہے۔

(ا) کتاب الاشباہ والنظائر فی النحو

یہ کتاب تین بار چھپی ہے پہلی بار چار جلدوں میں دائرۃ المعارف النظامیہ حیدر آباد دکن سے ۱۷-۱۳۱۶ھ میں شائع کی گئی تھی پھر دائرۃ المعارف العثمانیہ سے ۶۱-۱۳۵۹ھ میں شائع کی گئی تیسری بار مکتبۃ الکلیات الازہریہ قاہرہ نے پھر ۱۳۹۵ھ / ۱۹۷۵ء میں عبداللطیف سعد کی تحقیق سے شائع کی گئی۔

اس کتاب میں علامہ سیوطیؒ نے علم النحو کے متعلق نہایت نادر معلومات کی بہم رسانی کا حق ادا کیا ہے یہ علماء و محققین اور ارباب فن اساتذہ کے پڑھنے کے لائق کتاب ہے اس فن میں موصوف کے مطالعہ کا نچوڑ ہے اس کی قدر و قیمت کا اندازہ علامہ سیوطیؒ کے مقدمہ کتاب سے کیا جاسکتا ہے موصوف لکھتے ہیں۔

آغاز عمر سے فنون عربیہ اور اس کی مختلف انواع کو میرے دلچسپ علوم میں اولیت کا درجہ حاصل رہا ہے میں ان علوم کی نادر معلومات حاصل کرنے کی خاطر راتوں کو جاگا، بہت جسمانی و ذہنی مشقت اٹھائی، زمانہ طالب علمی سے میں اس فن کی قدیم و جدید کتابوں کا مطالعہ کرتا رہا میں نے اس فن کی بیشتر کتابوں تک رسائی پائی، انہیں پڑھا، غور و فکر کی اس فن کی بہت ہی تھوڑی کتابیں میرے مطالعہ سے چھوٹی ہیں، میں نے اس موضوع

پر چھوٹی بڑی ہر کتاب پڑھی ہے' ائمہ نحو وادب کی سوانح و سیر' ان کے مذاہب و دبستان فکر سے میرا اعتناء رہا ہے' ان کے محاورات' مجالس' مناظرات و مذاکرات میری نظر میں ہیں' میرے پاس اس فن کا کم و بیش ایک بار شتر علم نوشتہ صورت میں محفوظ تھا۔

ارادہ تھا کہ اس فن میں ایسی کتاب مرتب کرتا جس کی طرف کسی کا ذہن نہیں گیا جو نوشتہ مواد میرے پاس محفوظ تھا اسے جس طرح مرتب کرنا چاہتا تھا نہ کر سکا' دس برس سے زیادہ وہ نوشتہ میرے پاس محفوظ رہا پھر گم ہو گیا تو اسے از سر نو جمع کرنے اور لکھنے کے لئے بارگاہ رب العزت میں دعا کی' استخارہ کیا نئے عزم اور ارادہ سے اس اہم کام کو فقہی انداز پر مرتب کرنا شروع کیا اور سات حسب ذیل ابواب پر ترتیب دیا۔

باب اول' قواعد و اصول کلیہ (۱) کے بیان میں۔

باب دوم' ضوابط (۲) و استثناآت و تقسیمات کے بیان میں

باب سوم 'بعض مسائل نحو کی دیگر مسائل پر بنیاد کے بیان میں ہے۔

باب چہارم' فن جمع و فرق پر مشتمل ہے۔

باب پنجم' میں فن چیستان نحو و امتحانی سوالات کا ذکر ہے۔

باب ششم میں فن مناظرات و مجالستات' مذاکرات' مراجعات و محاورات' فتاویٰ' واقعات مراسلات و مکاتبات کا تذکرہ ہے۔

باب ہفتم' فن افراد و غرائب کے بیان میں ہے۔

مذکورۂ بالا ابواب سبعہ کو میں نے الاشباہ والنظائر کا نام دیا ہے یہ ایسی تالیف ہے

.....

(۱) قاعدہ وکلیہ مختلف ابواب کی فروع کو جامع ہوتا ہے

(۲) ضابطہ باب واحد کی فروع کو جامع ہوتا ہے

جس کے حصول کے لئے سفر کیا جائے اور مردانِ کار اس کی تحصیل میں ایک دوسرے سے بڑھ چڑھ کر حصہ لیں"(۱) یہ کتاب علم نحو میں ان جملہ خصوصیات کی جامع ہے جس کا تذکرہ ہم نے المزہر میں کیا ہے۔

(۲) ہمع الھوامع فی شرح جمع الجوامع فی علم العربیۃ

یہ کتاب چار بار طبع کی گئی ہے۔

سب سے پہلی محمد امین الخانجی نے مطبعۃ السعادۃ قاہرہ سے ۱۳۲۷ھ / ۱۹۰۷ء میں محمد بدر الدین النعسانی کی تصحیح سے شائع کی گئی تھی پھر پہلی جلد مطبعۃ کردستان العملیہ مصر سے ۱۳۲۸ھ / ۱۹۰۱ء میں دوسری جلد مطبعۃ جمالیہ سے احمد بن الامین الشنقیطی کی کتاب الدرر اللوامع کے ساتھ شائع کی گئی' پھر دار المعرفہ بیروت سے دو جلدوں میں شائع کی گئی مگر کتاب میں سالِ اشاعت درج نہیں ہے' بعد ازاں دار البحوث العلمیہ' کویت سے نامور محقق عبد السلام محمد ہارون' عبد العالی سالم مکرم کی تحقیق سے شائع کی جارہی ہے پہلی جلد ۱۳۸۴ھ میں نکلی اور دوسری جلد ۱۳۹۵ھ' ۱۹۷۵ء میں عبد العالی سالم مکرم کی تحقیق سے شائع کی گئی ہے۔

علامہ سیوطیؒ نے ۸۷۱ھ میں جب اکتیس سال کے تھے اس کو مرتب کیا تھا موصوف اس کے متعلق آغاز کتب میں رقم طراز ہیں:

"میں نے سو کتابوں کے مطالعہ کے بعد اسے ایسی اچھوتی ترتیب سے مرتب کیا جس پر کوئی پہلے گامزن نہیں ہوا' اس میں اصول فقہ کی راہ اختیار کی اسے سات ابواب پر مرتب کیا اس میں نحو کا چھوٹا بڑا ہر مسئلہ بیان کیا ہے یہ مجموعہ آنکھوں کی

---

(۱) السیوطیؒ ہمع الھوامع شرح جمع الجوامع تحقیق عبد السلام محمد ہارون' عبد العالی سالم مکرم الکویت' دار البحوث العلمیہ ج ۱ ص ۱

ٹھنڈک کانوں کی راحت اور بہت سے اقتباسات کا جامع ہے(۱) یہ چند مقدمات اور سات ابواب پر مرتب ہے مقدمات میں کلمہ کی تعریف اس کے اقسام' کلام و جملہ' اعراب مبنی و معرب' نکرہ و معرفہ اور اس کے اقسام سے بحث ہے۔

باب اول میں مرفوعات و نواسخ کا بیان ہے۔

باب دوم میں منصوبات کا ذکر ہے

باب سوم مجرورات و مجزومات وغیرہ پر مشتمل ہے

باب چہارم میں عوامل کا تذکرہ ہے

باب پنجم میں ان انواع کے توابع کو بیان کیا گیا ہے

باب ششم میں ابنیہ کی بحث ہے

باب ہفتم میں کلمات افرادیہ کے تغیرات کی تفصیل ہے جیسے زیادیات و حذف' ابدال و نقل و ادغام وغیرہ ہیں۔

استاد عبدالسلام محمد ہارون نے اس پر تبصرہ کرتے ہوئے لکھا ہے۔

(۱) یہ سیبویہ کے دور سے سیوطیؒ کے عہد تک مسائل نحویہ کا جامع ہے۔

(۲) شواہد عربیہ کا دائرۃ المعارف ہے

(۳) مؤلف نے جن سو ماخذوں سے کتاب مرتب کی ہے ان میں سے بعض آج بلاد عربیہ میں مفقود ہیں۔

(۴) کتاب التصریح' حاشیہ صبیان' حاشیہ یاسین و خضری جن پر اس دور کے

---

(۱) السیوطیؒ ہمع الہوامع شرح جمع الجوامع تحقیق عبدالسلام محمد ہارون' عبدالعالی سالم مکرم الکویت' دارالبحوث العلمیہ ج ۱ ص ۱

طلبہ کا مدار ہے' وہ ہمع الھوامع سے ماخوذ ہیں۔(۱)

یہاں یہ امر بھی ملحوظ خاطر رہنا چاہئیے کہ علامہ سیوطیؒ نے جمع الجوامع کی تالیف میں زیادہ تر استفادہ ابوحیان اندلسی کی کتابوں سے کیا تھا' موصوف ابوحیان اندلسی کے تذکرہ میں رقم طراز ہیں۔

''ابوحیان اندلسی کی کتاب التذییل والتکمیل فی شرح التسھیل' الارتشاف اور مختصر الارتشاف ایسی کتابیں ہیں کہ علم نحو میں ان سے بڑی کتابیں نہیں لکھی گئیں اور نہ ان اختلافی مسائل نحو میں ان سے جامع کوئی کتاب ہے' میں نے اپنی کتاب جمع الجوامع میں انہی دو کتابوں پر اعتماد کیا ہے اور اس کی کتاب التذکرہ فی العربیہ سے بہت استفادہ کیا ہے(۲)

اس سے معلوم ہوتا ہے کہ جمع الجوامع بغیۃ الوعاۃ سے پہلے کی تالیف ہے۔

کتاب الاقتراح فی علم اصول النحو

یہ کتاب پہلی بار مطبعۃ مجلس دائرۃ المعارف النظامیہ حیدر آباد دکن سے ۱۳۱۰ھ / ۱۸۹۲ء میں شائع کی گئی تھی پھر مطبعہ مجتبائی دہلی سے ۱۳۱۳ھ / ۱۸۹۵ء اور استنبول سے ۱۹۷۹ء میں شائع کی گئی۔

احمد محمد قاسم کی تحقیق سے پہلی بار مطبعہ السعادہ قاہرہ سے ۱۹۷۶ھ میں شائع کی گئی۔

اس کتاب میں اصول نحو کے مباحث سب سے بہتر ہیں' مباحث کی جامعیت اور حسن ترتیب کے متعلق علامہ سیوطی کا بیان ہے :-

لم تسمح قريحة بمثاله ' ولم ينسج على منواله' فى علم لم أسبق إلى ترتيبه ولم اتقدم إلى تهذيبه'وهو اصول النحو الذى

---

(۱) سیوطیؒ ہمع الھوامع ص :۱ ص :۱۱(مقدمۃ المحقق)

(۲) ایضاً بغیۃ الوعاۃ تحقیق محمد ابو الفضل ابراہیم ج :۱ص :۲۸۲

هو بالنسبة إلى النحو كاصول الفقه بالنسبة إلى الفقه' وإن وقع في متفرقات كلام بعض المؤلفين وتشتت في اثناء كتب المصنفين' فجمعته وترتيبه صنع مخترع

اس کی مثال پیش کرنے میں کسی شخصیت نے فیاضی نہیں کی اور نہ کوئی اس طرز وروش پر کتاب کا تانا بانا بنا سکا اس ترتیب پر علم نحو میں کوئی آگے نہیں بڑھا اور نہ اس علم کی تہذیب کی طرف کسی نے پیش قدمی کی اور وہ علم اصول نحو ہے جسے نحو سے وہ نسبت حاصل ہے جو اصول فقہ کو فقہ سے ہے اگرچہ بعض مؤلفین (جیسے انباری وابن جنی) کے کلام میں متفرق جگہ پائی جاتی ہیں اور مصنفین کی کتابوں میں ادھر اُدھر پھیلی ہوتی ہیں' میں نے انہیں یکجا کیا انہیں نئی ترتیب کے ساتھ پیش کیا ہے' محمود قتال نے الإصباح فی شرح الاقتراح کے نام سے اس کی شرح لکھی ہے یہ شرح دار القلم نے ۱۴۰۹ھ ۱۹۸۹ء میں شائع کی تھی

معانی وبیان وبلاغت

عقود الجمان فی علم المعانی والبیان

یہ پہلی بار مطبعۃ بولاق قاہرہ سے ۱۲۹۳ھ میں شائع کی گئی تھی۔

یہ الفیہ جو ہزار اشعار پر مشتمل ہے اس کی شرح ہے جو شرح عقود الجمان کے نام سے مشہور ہے۔

یہ شرح پہلی مرتبہ مطبعہ الشرق قاہرہ سے ۱۳۰۲ھ / ۱۸۸۴ء پھر ۱۳۰۵ھ / ۱۸۸۶ء میں طبع کی گئی تھی اس کے حاشیہ پر حلیته اللب المصون علی الجوهر المكنون از احمد منہودی بھی طبع کی گئی تھی بعد ازاں مطبعۃ مصطفی البابی الحلبی قاہرہ سے ۱۳۵۸ھ / ۱۹۳۹ء میں شائع کی گئی تھی۔

اس شرح کی خوبی یہ ہے کہ اس میں تقریباً ہر مسئلہ میں قرآن وحدیث سے مثال پیش کی گئی ہے اس اعتبار سے یہ شرح بہت مفید ونادر فوائد کی جامع ہے۔

علوم لغت

المزهر فی علوم اللغة وأنواعها

یہ چار بار طبع کی گئی ہے پہلی بار نصر الہورینی کی تصحیح سے مطبعۃ الامیریہ بولاق قاہرہ سے ۱۲۸۲ھ میں طبع کی گئی تھی دوسری بار مطبعۃ السعادہ مصر سے ۱۳۱۵ھ میں محمد سعید الرافعی صاحب المطبعۃ الازہریہ نے مطبعۃ السعادہ قاہرہ ۱۳۲۵ھ میں دو حصوں میں یکجا شائع کی تھی اس کے بعد صبیح واولادہ نے قاہرہ سے شائع کی۔

پانچویں مرتبہ محمد احمد جاد المولیٰ، علی محمد البجاوی اور ابو الفضل ابراہیم کی تحقیق سے پہلی بار ۱۹۴۳ء میں عیسیٰ البابی الحلبی نے دو ضخیم جلدوں میں شائع کی دوسری جلد کے آخر میں اعلام واسماء کتب کا اشاریہ بھی دیا گیا ہے اپنی صوری ومعنوی دونوں حیثیت سے یہ ایڈیشن سابقہ اشاعتوں سے بہت ممتاز ہے۔ ۱۳۷۸ھ ۱۹۵۸ء تک یہ ایڈیشن فوٹو سے چار بار شائع کی گئی، پھر ناشر نے کتاب پر سال اشاعت دینا چھوڑ دیا۔

علامہ سیوطیؒ نے اس کتاب کو پچاس انواع پر مرتب کیا ہے آٹھ انواع میں لغت بحیثیت اسناد، تیرہ انواع میں لغت بحیثیت الفاظ تیرہ انواع میں لغت بحیثیت معنی سے بحث کی ہے، پانچ انواع میں لطائف لغت کا بیان ہے ایک نوع میں حفظ لغت وضبط مفردات کا تذکرہ کیا ہے آٹھ انواع میں لغت وراویانِ لغت کا ذکر ہے، ایک نوع شعر وشعراء کی معرفت سے متعلق ہے اور آخری اغلاط عرب سے تعلق رکھتی ہے۔

یہ فن علامہ سیوطیؒ کے بحث ونظر کا خاص موضوع تھا ان وجوہ سے

المزہر نہایت مفید مطالب پر مشتمل ہے' موصوف نے اپنی دوسری تالیفات کی طرح اس کتاب میں فن کی سینکڑوں اہم کتابوں سے اخذ و اقتباس کر کے متعلقہ مباحث کو نہایت اختصار و خوش اسلوبی سے کتاب میں جمع کیا ہے ان کی اپنی تحقیقات گو کم ہیں مگر کتاب مجموعی حیثیت سے ایسی پر از معلومات ہے کہ عربی زبان کے وسیع ترین ذخیرہ میں اس کتاب کا جواب نہیں' موصوف نے اس کی ترتیب و تہذیب میں جتنی سعی و کاوش کی ہے اس کا اندازہ کتاب کے مطالعہ سے کیا جاسکتا ہے یہ امر ان کی وسعت و دقت نظر اور فنون لغت و ادب میں مجتہدانہ بصیرت کا شاہد عدل ہے چنانچہ موصوف آغاز کتاب میں رقم طراز ہیں :-

"لغت و انواع لغت کا علم نہایت اعلیٰ و عمدہ علم ہے' اس کتاب کی نہایت اچھوتی ترتیب ہے ابواب بندی میں جدّت ہے' یہ علومِ لغت و انواع لغت' شروطِ اداء و سماعِ لغت کے بیان میں ہے میں نے اس کے بیانِ انواع و اقسام میں علومِ حدیث کی نقل کی ہے اور عجائب و غرائب کو بہت اچھی اور انوکھی ترتیب سے پیش کیا ہے' متقدمین نے ان امور سے بہت کم اعتناء کیا ہے' یہ مجموعہ ایسا ہے جس کی طرف کسی نے پہل نہیں کی' اس راہ پر مجھ سے پہلے کوئی گامزن نہیں ہوا' میں نے اس کا نام المزہر فی علوم اللغۃ (علوم لغت شگوفے در شگوفے) رکھا ہے(۱)

المزہر لغت و انواع لغت پر نہایت بصیرت افروز جامع تبصرہ اور معلومات کا مفید ترین ذخیرہ ہے اس کے مطالعہ سے کتبِ لغت کی ترتیب اور ائمہ لغت کے مراتب

.....

(۱) السیوطیؒ' المزہر' القاہرہ' دار احیاء الکتب العربیۃ۔ ج ۱ ص ۱

وطبقات سے آگاہی ہوتی ہے یہ لغت واقسام لغت میں ہر نوع کی جملہ معلومات سے پُر ہے' ڈیڑھ سو سے زیادہ کتابوں کے عمیق مطالعہ کے بعد علامہ موصوف نے المزہر لکھی ہے۔

(۲) خلیل بن احمد بصری کی کتاب العین سے عہد مصنف تک لغت کی مشہور کتابوں کا تعارف و تبصرہ ہے۔

(۳) لغت وعلوم لغت کی جملہ معلومات کا مختصر دائرۃ المعارف ہے۔

(۴) اس کتاب کے بیشتر بنیادی ماخذ زیور طبع سے آراستہ ہوگئے ہیں تاہم بہت سے مأخذ آج بھی ممالک اسلامیہ کے مشہور کتب خانوں میں مفقود ہیں چنانچہ بعض مراجع تک محققین کی رسائی نہیں ہو سکی' ان مواقع کو انہوں نے بلا تحقیق چھوڑ دیا ہے(۱)

(۵) لغت ونحو کے سینکڑوں ذیلی موضوع کتاب میں زیر بحث آئے ہیں جس کا اندازہ موضوعی فہرست سے کیا جاسکتا ہے جو محققین نے ہر جلد کے آخر میں لگائی ہے(۲)

---

(۱) المزہر ج ۱ ص ۱ (مقدمة المحققين)

(۲) محققین المزہر نے ایک سو چونسٹھ کتابوں کا جو اشاریہ جلد ثانی کے آخر میں دیا ہے وہ بھی مکمل معلوم نہیں ہوتا اس میں علامہ سیوطیؒ کی کتاب المکنیٰ فی الکنی کا نام فہرست میں نہیں ہے حالانکہ موصوف نے اس کا ذکر ج ۱ ص ۵۰۶ میں کیا ہے' اس سے ظاہر ہے کہ بعض کتابوں کا نام اندراج سے رہ گیا ہے۔

المهذب فيما وقع فی القرآن من المعرب

یہ پہلی بار عبداللہ الجبوری کی تحقیق سے رسالہ "المورد" ج : ۱ شمارہ اول ودوم (۱۹۷۱) ص ۷۵-۱۲۶' پھر ڈاکٹر تھامی الراجی الھاشمی کی تحقیق سے احیاء التراث الاسلامی المشترک بین المکتبۃ العربیۃ والامارات المتحدۃ العربیۃ ۱۹۷۰ء میں شائع کی گئی۔

اس کا ذکر علامہ سیوطیؒ نے الاتقان فی علوم القرآن ج : ۱ ص ۱۰۵ میں کیا ہے' لکھتے ہیں :-

وقد أفردت فی هذا النوع کتابا سمیته المهذب فیما وقع فی القرآن من المعرب وها أنا ألخص فوائده

میں نے اس نوع میں کتاب تالیف کی ہے جس کا نام المھذب فیما وقع فی القرآن من المعرب' میں یہاں اس کے مختصر فوائد بیان کرتا ہوں

الدر النثیر فی تلخیص نهایة ابن الاثیر

پہلی بار ۱۳۱۱ھ ۱۸۹۳ء میں عبدالعزیز بن اسماعیل الطہطاوی کی تصحیح کے ساتھ قاہرہ سے شائع کی گئی تھی' پھر ۱۳۲۳ھ میں راغب اصفہانی کی المفردات کے حاشیہ پر المطبعۃ المیمنیہ مصر سے شائع کی گئی۔

الدر النثیر پر علامہ سیوطیؒ نے ذیل بھی لکھا ہے۔

نظام اللسد فی اسماء الأسد

علامہ جلال الدین سیوطیؒ نے یہ رسالہ شیر اور اس کے بچوں کے ناموں پر لکھا ہے' موصوف کا بیان ہے :-

ابو سہل ہروی نے اپنی تالیف میں شیر کے چھ سو نام ذکر کئے اور صغدی نے

اعیان العصر میں تصریح کی ہے کہ اس نے ایک مجموعہ میں شیر کے پانچ سو اور شیر کے بچے کے تین سو نام لکھے' آٹھ سو ہو گئے۔ میں نے لغت کی کتابوں میں جستجو کی تو پانچ سو نام ملے مزید جستجو کی تو ابن خالویہ کی التر نبیل المدون میں ڈیڑھ سو اور ہاتھ آگے' میں نے اس موضوع پر ایک مستقل کتاب لکھی اس کا نام نظام الاسدر کھا(۱)

المتوكلي فيما ورد في القرآن باللغة الحبشية والفارسية' والنبطية' والتركية' والعبرانية والرومية والبربرية

یہ رسالہ پہلی بار ۱۳۰۶ھ ۱۸۸۸ء میں مطبعہ عثمان عبدالرزاق میں طبع کرا کر مصر سے شائع کیا گیا تھا۔

علامہ سیوطیؒ نے اس رسالہ میں حبشی' فارسی' ترکی' نبطی' عبرانی' رومی اور بربری زبان کے جو الفاظ آئے ہیں ان کو پیش کیا ہے اور مصر کے بادشاہ کے نام معنون کیا ہے۔

.....

(۱) حاجی خلیفہ ج ۲ ص ۱۹۶۰

(ز) سیر

سیر اور تاریخ و تذکرہ علامہ سیوطی کا دلچسپ موضوع رہا ہے اس فن میں انہیں کامل دستگاہ حاصل تھی تاریخ الصحابہ' طبقات الحفاظ' طبقات الأصولیین 'تاریخ اسیوط' المکنی فی الکنی' تحفة المذاکر' المنتقی من تاریخ ابن عساکر' تحفة الظرفاء باسماء الخلفاء'ان کی تالیفات سے ہیں'بغیته الوعاة فی طبقات اللغویین و النحاة' تاریخ الخلفاء اور حسن المحاضره فی اخبار مصر و القاهرة'کو زیادہ شہرت و قبولیت حاصل ہے۔

الخصائص الکبریٰ (اور) کفایته الطالب اللبیب فی خصائص الحبیب یہ پہلی بار مطبعۃ مجلس دائرۃ المعارف النظامیۃ' حیدر آباد دکن سے ۱۹۱۹ء / ۱۳۲۰ھ میں دو ضخیم جلدوں میں شائع کی گئی تھی۔

۱۳۸۶ھ / ۱۹۶۷ء میں محمد علی صبحی المدنی نے دار الکتب الحدیثہ' قاہرہ سے محمد خلیل ہراس کی تحقیق سے تین جلدوں میں شائع کی ہے ہراس نے حواشی میں سیوطیؒ کی پیش کردہ احادیث و روایات پر تنقید کی ہے لیکن مقدمہ میں اس پر روشنی نہیں ڈالی۔

موصوف نے اس میں بیس برس محنت کے بعد ایک ہزار سے زیادہ خصائص و معجزات نبوی ﷺ کو کتب احادیث و سیر سے جمع کیا ہے یہ اس موضوع پر سب سے زیادہ جامع کتاب ہے موصوف نے رسالت مآب ﷺ کی سیرت میں سب سے زیادہ فائدہ اسی کتاب سے اٹھایا ہے۔

کہا جاتا ہے کہ موصوف کے کسی معاصر نے اس کتاب کی نسبت اپنی طرف کی جس کی وجہ سے موصوف نے ایک مقالہ الفارق بین المصنف والسارق لکھا تھا۔

انموذج اللبیب فی خصائص الحبیب

یہ ۱۴۱۶ھ ۱۹۹۶ء میں عباس احمد جعفر کی تحقیق سے دار المدینۃ المورہ نے مدینہ سے شائع کی ہے یہ الخصائص الکبری، کفایۃ الطالب اللبیب فی خصائص الحبیب کا خلاصہ و تلخیص ہے۔

علامہ سیوطیؒ نے اس کے پہلے باب میں ان خصوصیات وامتیازات کا ذکر کیا ہے جو رسول اللہ ﷺ کو تمام نبیوں میں حاصل ہیں اور کسی اور نبی اور رسول کو حاصل نہیں۔ دوسرے باب میں ان خصوصیات کو بیان کیا ہے جو آپ کو اپنی امت میں حاصل ہیں۔

محمد احمد الاھدل نے اس کی شرح فتح القریب شرح انموذج اللبیب کے نام سے کی ہے اس کا دوسرا ایڈیشن ۱۴۰۵ھ میں مطبعۃ النھضۃ الحدیثہ مکہ مکرمہ سے شائع کیا گیا ہے۔

(ح) تاریخ

تاریخ الخلفاء امراء المؤمنین القائمین بامر اللہ

یہ پہلی بار کلکتہ میں ولیم لیس اور مولوی عبدالحق کی تصحیح سے ۱۸۵۶ء، ۱۲۷۳ھ میں زیور طبع سے آراستہ کی گئی دوسری بار ۱۲۸۷ھ / ۱۸۷۰ء میں لاہور سے اور تیسری مرتبہ ۱۳۰۵ھ / ۱۸۸۸ء مطبعۃ المیمنیہ مصر نے اس کے حاشیہ پر آثار الاول فی ترتیب الاول۔ مولانا حسن بن عبداللہ کے ساتھ شائع کی۔

اس کے بعد ۱۳۰۶ھ / ۱۸۸۸ء میں مطبع مجتبائی دہلی سے اور ۱۳۳۲ھ / ۱۹۱۳ء میں قاہرہ سے شائع کی گئی تھی۔ پھر ۱۳۵۱ھ میں المطبعۃ المنیریہ قاہرہ سے شائع کی گئی

المکتبہ التجاریۃ الکبریٰ مصر نے بھی محمد محی الدین عبدالحمید کی تحقیق سے شائع کی تھی جس کا تیسرا ایڈیشن ۱۳۸۳ھ / ۱۹۶۴ء میں نکلا تھا، عبدالحمید کا ایڈیشن سابقہ اشاعتوں میں سب سے بہتر ایڈیشن ہے اس کا فوٹو نور محمد اصح المطابع کارخانہ تجارت کتب کراچی نے پہلی بار ۱۳۷۸ھ / ۱۹۵۹ء میں شائع کیا تھا۔

علامہ سیوطیؒ نے اس کتاب میں عہد صدیقی سے اپنے دور تک مسلمان حکمرانوں کے حالات جن کی امامت و خلافت پر امت کا اتفاق ہے اور اہم واقعات، نیز نامور ارباب کمال اور اہل علم کا تذکرہ کیا ہے اس لئے اس کتاب میں فاطمی خلفاء کا تذکرہ نہیں ہے۔(۱)

---

(۱) السیوطیؒ، تاریخ الخلفاء تحقیق محمد محی الدین عبدالحمید ص ۴

جلال الدین سیوطی نے خاتمہ کتاب میں تصریح کی ہے کہ ۷۰۰ھ تک تاریخی واقعات ذہبی کی تاریخ الاسلام کا اور ۷۳۲ھ تک ابن کثیرؒ کی البدایہ والنہایہ کا خلاصہ ہیں پھر اس کے ذیول سے تاریخی واقعات مختصراً نقل کئے گئے ہیں اور ۸۵۰ھ تک ابن حجر کی کتاب انباء الغمر سے لئے ہیں' اہل علم وارباب کمال کے حالات تاریخ بغداد الخطیب اور تاریخ دمشق ابن عساکر' کتاب الاوراق صولی' کتاب الطیورات' حلیہ ابی نعیم' مجالس دینوری کامل مبرد اور امالی ثعلب وغیرہ سے منقول ہیں(۱) محقق کتاب نے سال تالیف پر روشنی نہیں ڈالی لیکن علامہ موصوف نے کتاب التحدث بنعمۃ اللہ میں تصریح کی ہے کہ ۸۸۲ھ میں ابن الجزو مصراتی دیار مغرب سے آئے تو میری کتاب تاریخ الخلفاء بھی خرید کر لے گئے(۲)

اس سے معلوم ہوتا ہے کہ تاریخ الخلفاء ۸۸۲ھ سے پہلے کی تالیف ہے لیکن کتاب میں ۹۰۳ھ کی وفیات بھی موجود ہیں ممکن ہے تالیف کتاب کے بعد یہ مصنف کا اضافہ ہو(۳)

تاریخ الخلفاء اسلامی تاریخ کی بنیادی کتابوں کا نہایت جامع و مفید خلاصہ ہے اس لئے اس دور میں بہت مقبول ہوئی اور نصاب درس کی زینت بنی۔

H.SGARRET نے اس کا انگریزی میں ترجمہ کیا ہے جو Histry of the calipths کے نام سے ۱۸۸۱ء میں کلکتہ سے شائع کیا گیا تھا پھر ۱۹۷۷ء میں اس ترجمہ کو karim sons نے کراچی سے شائع کیا یہ پوری کتاب کا ترجمہ نہیں ہے اردو میں اس کا ترجمہ بیان الاسراء کے نام سے شائع کیا گیا۔

.....

(۱) ایضاً ص ۷۔۵۱۶ (۲) السیوطی کتاب التحدث بنعمۃ اللہ ج ۱ ص ۱۵۵

(۳) تاریخ الخلفاء ص ۵۱۶ و ۵۲۳

حسن المحاضرہ فی اخبار مصر والقاہرہ

یہ مصر (قاہرہ) سے چھ مرتبہ طبع کی گئی ہے پہلی بار ۱۸۶۵ء میں حجری طباعت سے دو جلدوں میں مطبعۃ الوطن سے ۱۲۹۹ھ میں، مطبعۃ الموضوعات سے ۱۳۲۱ھ میں، مطبعۃ السعادۃ سے ۱۳۲۴ھ میں مطبعۃ الشرفیہ قاہرہ سے ۱۳۲۷ھ میں شائع کی گئی اس کے ایک حصہ کا ترجمہ لاطینی میں ۱۸۳۸ء میں شائع ہوا تھا۔

صاحب دار احیاء الکتب لعربیہ عیسیٰ البابی الحلبی نے اسے پہلی بار محمد ابو الفضل ابراہیم کی تحقیق سے ۱۳۸۷ھ / ۱۹۶۷ء میں شائع کیا، واضح رہے کہ ۹۷۷ھ کا لکھا ہوا نسخہ موصوف کے پیش نظر رہا ہے۔

دوسری جلد کے آخر میں اسماء والاکن اور کتابوں کے ناموں کا اشاریہ اور موضوعات کی فہرست بھی دی گئی ہے یہ ایڈیشن اپنی بعض خصوصیات کے اعتبار سے سابقہ تمام ایڈیشنوں سے زیادہ ممتاز و بہتر ہے۔

علامہ موصوف نے آغاز کتاب میں لکھا ہے کہ یہ کتاب نفیس معلومات کی جامع اور تنہائی میں بہترین ساتھی ہے میں نے اس کتاب کی تالیف کے سلسلہ میں مختلف کتابوں کا مطالعہ کیا، پھر اٹھائیس بنیادی ماخذوں کی نشاندہی کے بعد لکھا ہے کہ ان کے علاوہ اور بھی کتابوں سے اس تالیف میں فائدہ اٹھایا گیا ہے۔(۱)

اس میں مصر کی قدیم تاریخ سے قدرے بحث کی گئی ہے اور دور اسلامی سے مصنفؒ کے زمانہ تک مصر و قاہرہ کی تاریخ و ثقافت کو عہد بعہد بیان کیا گیا ہے یہ اپنے موضوع پر نہایت معلومات آفریں، مفید و جامع کتاب ہے گو اس کے بیشتر ماخذ اس

(۱) حسن المحاضرہ ص ۵۱۶

دور میں زیور طبع سے آراستہ ہو گئے ہیں لیکن بعض ماخذ' اسلامی ممالک کے خطی ذخائر میں آج بھی مفقود ہیں اس لئے اس کی علمی حیثیت وافادیت اپنی جگہ مسلم ہے۔

محقق محمد ابو الفضل ابراہیم نے اس اہم تالیف کے سن تالیف پر روشنی نہیں ڈالی لیکن کتاب کے مطالعہ سے بظاہر ایسا معلوم ہوتا ہے کہ یہ کتاب ۹۰۳ھ کی تالیف ہے چنانچہ علامہ سیوطیؒ شیخ شمس الدین محمد بن ابی بکر بن عمر انصاری سعدی مخاری قادری کے تذکرہ میں رقم طراز ہیں۔

وهو الآن شاعر الدنيا على الاطلاق لا يشاركه في طبقته احد' مات في جمادى الاولىٰ ۹۰۳ھ(۱)

وہ اس زمانے میں علی الاطلاق اسلامی دنیا کا شاعر ہے اس کے طبقہ میں کوئی اس کا ہمسر نہیں وہ جمادی الاولیٰ ۹۰۳ھ میں مرا ہے۔

اس سے یہ حقیقت بھی واضح ہو جاتی ہے کہ علامہ سیوطی نے پچپن سال کی عمر میں دو سو پینسٹھ کتابیں مرتب کی تھیں' لیکن علامہ جلال الدین سیوطیؒ نے حسن المحاضرہ کا ذکر کتاب التحدث بنعمۃ اللہ میں کیا ہے جو ۸۹۰ھ کی تالیف ہے اس سے ظاہر ہے کہ یہ کتاب اس سے پہلے لکھی گئی تھی' اس لئے کہا جا سکتا ہے کہ موصوف وقتاً فوقتاً کتاب میں اضافے کرتے رہے تھے یہ اضافہ بھی اسی قبیل سے ہے۔

---

(۱) السیوطیؒ حسن المحاضرہ تحقیق محمد ابو الفضل ابراہیم' القاہرہ دار احیاء الکتب العربیۃ ۱۳۸۷ھ ج: ۱ ص: ۵۷۵

(ز) تذکرہ

۱- طبقات المفسرین

یہ پہلی بار لائیڈن سے ۱۸۳۹ء میں شائع کی گئی تھی پھر ۱۹۶۰ء میں تہران سے اور ۱۹۷۶ء میں مکتبہ قاہرہ سے شائع کی گئی۔

علامہ سیوطیؒ آغاز کتاب میں رقمطراز ہیں:

طبقات المفسرین اذ لم أجد من اعتنیٰ بإفرادهم کما اعتنیٰ بالقراء والمحدثین والفقهاء والنحاة وغیرهم

طبقات المفسرین (ایسا موضوع ہے) کہ میں نے کسی عالم کو نہیں پایا جس نے مفسرین کے طبقات سے اعتناء کیا ہو۔ جس طرح قراء، محدثین، فقہاء اور اربابِ نحو وغیرہ کے طبقات سے اعتناء کیا ہے۔

علامہ موصوف نے طبقات المفسرین میں ایک سو چھتیس (۱۳۶) مفسرین کا تذکرہ کیا ہے۔

موصوف کے مذکورہ بالا بیان سے معلوم ہوا کہ اس موضوع پر سب سے پہلے کتاب لکھنے کا شرف انہی کو حاصل ہے

۲- نظم العقیان فی أعیان الأعیان

یہ کتاب پہلی بار فلپ ہٹی کے مقدمہ کے ساتھ ۱۹۲۷ء میں نیویارک سے شائع کی گئی تھی۔

علامہ سیوطیؒ نے اس میں نویں صدین ہجری کے دوسو (۲۰۰) ہمعصروں ارباب کمال علماء، شعراء ادباء، فقہاء، قضاۃ، رؤساء، امراء، ہیئت داں اور شاہانِ وقت کا

مختصر تذکرہ کیا ہے ہر ایک کے نام' لقب' کنیت' تاریخ ولادت' استاذ' تصنیفات اور وفات وغیرہ پر روشنی ڈالی ہے۔

حافظ شمس الدین سخاوی کی تاریخ وفات ۹۰۲ھ نقل کی ہے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ کتاب علامہ سخاویؒ کی وفات کے بعد لکھی گئی ہے۔

۳۔طبقات الحفاظ

پہلی بار مستشرق /FWustenfeld کی مساعی سے گوٹا گن سے فرانسیسی ترجمہ کے ساتھ تین جلدوں میں شائع کی گئی تھی پھر مصر و بیروت سے شائع کی گئی۔

مؤرخ اسلام شمس الدین ذہبی المتوفی ۷۴۸ھ نے تذکرۃ الحفاظ میں عہد رسالت سے اپنے عہد تک ۱۱۷۶ حفاظ حدیث کا تذکرہ چودہ طبقات میں کیا۔ علامہ سیوطیؒ نے اس کی تلخیص اور اپنے عہد تک اس پر کم و بیش نوے حفاظ کا اضافہ واستدراک ۲۴ طبقات میں مکمل کیا۔ طبقات الحفاظ کا اختتام حافظ الدنیا علامہ ابن حجر عسقلانیؒ المتوفی ۸۵۲ھ کے تذکرہ پر کیا۔

۴۔ذیل طبقات الحفاظ للذہبی

یہ ذیل' حافظ ابو المحاسن حسینی دمشقی المتوفی ۷۶۵ھ اور حافظ تقی الدین محمد بن فہد المتوفی ۸۷۱ھ کے ذیول کے ساتھ پہلی بار مطبعۃ الترقی دمشق سے ۱۳۴۷ھ میں شائع ہوا تھا۔

مذکورۂ بالا ذیول میں سے حافظ ابو المحاسن کے ذیل سولہ حفاظ حدیث کا اور تقی الدین بن فہد کے ذیل میں ۲۳ تئیس حفاظ کا اضافہ کیا ۲۲ طبقہ میں پانچ۔

۱۔الشہاب الہکاری ۲۔ ابن حبیب ۳۔سراج القزوینی ۴۔امین الوانی

۵۔ابن المرابط۔

۲۴ طبقہ میں عمر بن مسلم' ۲۵ طبقہ میں ابن الجزری اور شہاب بوصیری کا اضافہ کیا ہے۔

تذکرہ

۱- بغية الوعاة في طبقات اللغويين والنحاة.

یہ کتاب قاہرہ سے تین مرتبہ شائع کی گئی ہے' پہلی بار مطبعۃ السعادۃ مصر سے ۱۳۲۶ھ / ۱۹۰۸ء میں طبع کی گئی تھی دوسری بار اس کا فوٹو دار المعرفہ بیروت سے شائع کیا گیا جس پر سن طباعت نہیں دیا گیا تیسری مرتبہ عیسیٰ البابی الحلبی نے محمد ابو الفضل ابراہیم کی تحقیق سے ۱۳۸۴ھ / ۱۹۶۴ء میں اسے دو جلدوں میں شائع کیا دوسری جلد کے آخر میں تفصیلی اشاریہ بھی دیا گیا ہے ۹۷۹ھ کا لکھا ہوا نسخہ محقق کے پیش نظر رہا ہے ان وجوہ سے یہ اشاعت سابقہ اشاعت سے بہت بہتر ہے۔

علامہ جلال الدین سیوطیؒ کو ابتداء عمر سے نحو و ادب اور ادباء و ائمہ نحو سے بہت شغف رہا موصوف نے اس موضوع پر تین سو سے زیادہ کتابوں کا مطالعہ کیا جن میں بعض کتابیں پچاس (۵۰) اور پچہتر (۷۵) جلدوں میں تھیں جن بنیادی ماخذوں کی آغاز کتاب میں نشاندہی کی گئی ان کی مجموعی تعداد چون (۵۴) ہے جن میں چودہ (۱۴) کتابیں بلاد اسلامی کی تاریخ سے تعلق رکھتی ہیں' نو کتابیں اندلس سے' چھ مصر سے متعلق ہیں' یہ سفر نامے ہیں گیارہ محدثین کے معاجم و تذکرے ہیں تین ابالی' تین ادبی مجموعے اور تاریخ کی کتابیں جنہیں پڑھ کر موصوف نے اس کتاب کا مواد جمع کیا وہ سات مجلدات میں آیا تھا' اس کا نام الطبقات الکبریٰ رکھا تھا۔

۸۶۹ھ میں جب مکہ میں حافظ نجم الدین ابن فہد نے اس کو دیکھا تو مشورہ دیا کہ ایک جلد میں اس کا خلاصہ تیار کریں' یہ بات دل کو لگی چنانچہ اس کا خلاصہ ایک جلد میں تیار کیا اور اس کا نام "الطبقات الوسطیٰ" رکھا پھر اس کی تلخیص کی وہ "بغیۃ الوعاۃ" کے

نام سے مشہور ہے کتاب کے اختتام پر مندرجہ ذیل ابواب و فصول کا اضافہ کیا۔ ان کا مطالعہ اہل علم، اساتذہ اور طلبہ کے لئے بہت مفید ہے۔

(۱) باب الكنى والألقاب والنسب والإضافات

(۲) باب المؤتلف والمختلف

(۳) فصل فيمن آخر اسمه' و.يه"

(٤) فصل فى الأباء والأبناء والأحفاد والأخوة والأقارب

(٥) باب فى أحاديث منتقاة من الطبقات الكبرىٰ

اسے رمضان ۸۷۱ھ میں مرتب کیا تھا ایسی اہم و مفید اور علمی جواہر پاروں سے آراستہ کتاب موصوف نے بائیس برس کی عمر میں لکھی تھی(۱)

اس مسودہ کی مدد سے کتاب الاشباہ والنظائر فی النحو لکھی تھی(۲)

اس کتاب میں اسماء واعلام حروف تہجی کے اعتبار سے مذکور ہیں لیکن برکت کی خاطر ابتداء محمد اور پھر احمد کے نام سے کی گئی ہے۔

یہ کتاب ۲۲۰۹ مشہور ادباء اور ائمہ نحو و لغت کے حالات پر مشتمل اور نہایت مفید معلومات سے آراستہ ہے اس کے بعض بنیادی مأخذ طبع ہو چکے ہیں لیکن بعض مأخذ اسلامی ممالک کے کتب خانوں میں آج دستیاب نہیں(۱)

.....

(۱) السیوطیؒ بغیۃ الوعاۃ، تحقیق محمد ابو الفضل ابراہیم، ج ۱ ص ۵۔۶

(۲) ایضاً ج ۲ ص ۴۲۹

باب ششم

مؤلفات سیوطی کے فہرست نگاروں پر ایک نظر

علامہ جلال الدین سیوطیؒ کی مطبوعہ کتابوں کے مطالعہ سے بظاہر ایسا معلوم ہوتا ہے کہ موصوف اپنی تالیفات کے آغاز و اختتام میں سال تالیف نقل کرنے کا التزام نہیں کرتے یا وہ التزام کرتے ہوں، لیکن جن قلمی نسخوں سے کتابیں شائع کی گئی ہیں ان پر سن تالیف موجود نہ ہو چنانچہ بعض مطبوعہ ۱۲۸۴ھ /۱۳۳۹ھ پر سن تالیف موجود ہے، بعض پر نہیں ہے اس لئے عموماً ان کی مطبوعہ تصانیف میں سنوار ترتیب کا پتہ نہیں چلتا موصوف اپنی تالیفات میں دوران بحث کہیں کہیں اپنی دوسری تالیفات کی طرف رہنمائی کرتے ہیں جس سے معلوم ہوتا ہے کہ فلاں موضوع پر فلاں کتاب پہلے لکھی تھی اور محولہ کتابیں اس تالیف سے پہلے کی تالیفات ہیں، لیکن پھر بھی ان کتابوں کے سنین کی تعیین مشکل ہے، ان وجوہ سے ان کی تالیفات کو سنین کی ترتیب سے پیش کرنا آسان نہیں، ہمارے علم میں نہیں کہ کسی فہرست نگار نے موصوف کی تالیفات کی فہرست سنوار ترتیب سے تیار کی ہو۔

ہندوستان کے نامور عالم مولانا عبدالاول جونپوریؒ نے علامہ سیوطیؒ کی تالیفات کی ایک فہرست "شکر المعطی،، کے نام سے مرتب کی تھی وہ شائع ہو چکی ہے لیکن جستجو کے باوجود ہمیں وہ پاکستان میں دستیاب نہیں ہوئی، اس لئے نہیں کہا جاسکتا کہ وہ فہرست فنون پر مرتب ہے یا حروف تہجی پر اس کی ترتیب پر قائم ہے۔

علامہ جلال الدین سیوطی کی تصانیف کی ترتیب سہ گانہ اقسام میں پائی جاتی ہے پہلی ترتیب جو ندرت ترتیب، ندرت معلومات، اہمیت، افادیت و جامعیت کے

اعتبار سے کی گئی ہے یہ وہ انوکھی ترتیب ہے جو علامہ سیوطیؒ نے کتاب التحدث بنعمۃ اللہ میں خود پیش کی ہے یہ اہم کام صحیح معنی میں ایک مصنف ہی کر سکتا ہے۔

تصنیف را مصنف نیکو کند بیان

علامہ جلال الدین سیوطیؒ کثیر التصانیف عالم و مصنف تھے، ان کی تالیفات اسلامی دنیا کے کم و بیش ہر کتب خانے میں پائی جاتی ہیں، بعض کتابیں ندرت معلومات، اہمیت و افادیت، جامعیت و اختصار کی وجہ سے بہت مقبول ہیں کثرت سے چھپتی رہتی ہیں، مختلف زبانوں میں ان کے ترجمے شائع ہو چکے ہیں، متاخرین علماء ان کی شرح لکھتے رہے ہیں، عصر حاضر میں محققین انہیں نہایت محنت اور قیمتی نادر تحقیقات سے شائع کر رہے ہیں جو ہر طبقہ میں ان کی قبولیت کی نہایت روشن دلیل ہے علامہ سیوطی کی مطبوعہ و مخطوطہ کتابیں کم و بیش ہر چھوٹے بڑے کتب خانے میں پائی جاتی ہیں، ادبی و اسلامی گوناگوں موضوعات پر شائقین کو ان کی تصانیف کی گزشتہ دور کی بنسبت موجودہ دور میں زیادہ احتیاج ہے اس لئے وہ جن ماخذوں سے مواد نقل کرتے ہیں بیشتر ماخذ بسہولت یکجا دستیاب نہیں اور بعض ماخذ اسلامی دنیا میں آج بھی مفقود ہیں۔

ان وجوہ سے ان کی تصانیف و تالیفات کی فہرستیں تیار کی جاتی رہیں ہم یہاں ان کی تالیفات کی تین فہرستیں پیش کرتے ہیں۔

(۱) وہ فہرست جو علامہ سیوطیؒ نے ندرت معلومات، اہمیت و افادیت و جامعیت کے پیش نظر تیار کی تھی۔ وہ ہفت اقسام میں منحصر ہے۔

(۲) تیسری وہ فہرست ہے جو حروف ہجا کی ترتیب پر ڈاکٹر تھامی نے مرتب کرائی ہے تاکہ اس سے معلومات میں اضافہ اور فائدہ اٹھانے میں سہولت ہو۔

ہم نے بھی حروف ہجا پر ایک فہرست تیار کی ہے اس میں مطبوعات کی نشاندہی کی تاکہ ناظرین کو معلوم ہو سکے کہ علامہ سیوطی کی فلاں فلاں کتابیں زیور طبع سے آراستہ ہوئی ہیں۔

(۳) نیز جن کتابوں کے ترجمے شائع ہو گئے ہیں ان کی طرف بھی بعض جگہ اشارہ کیا گیا ہے۔

(۴) کتب خانوں میں مخطوطات کی فہرستوں میں موصوف کی تالیفات کے سن تالیف کو تلاش کیا جو مل سکے ان کا سن تالیف بتایا گیا۔

(۵) اور جس تالیف کا اہم و قدیم نسخہ کسی کتب خانہ میں محفوظ ہے اس کی بھی نشاندہی کی گئی۔

(۶) علامہ موصوف کی بعض تالیفات کا علم ہمیں مخطوطات کی فہرستوں سے ہوا، ان کتابوں کے نام ہم نے اس فہرست میں بڑھائے ہیں۔

(۷) ان فہرستوں کے دیکھنے سے اس امر کا اندازہ کیا جا سکتا ہے کہ علامہ موصوف نے کن موضوع پر کام کیا اور کن موضوع پر کام کرنے اور کرانے کی ضرورت ہے۔

لیکن حقیقت یہ ہے کہ عربی کمپوزنگ کی سہولتیں یہاں آسانی سے میسر نہیں کمپوز کرنے والے عربی سے واقف نہیں ہیں جو عربی جانتے ہیں وہ توجہ نہیں کرتے جو توجہ کرتے ہیں وہ بہت گران کام کرتے ہیں جو متوسط طبقہ برداشت نہیں کر سکتا پھر تصحیح دردسر بن جاتی ہے اس لئے سردست اس فہرست کو ملتوی کرنا مناسب سمجھا گیا اور اس کی جگہ ڈاکٹر تھامی راجی ہاشمی کی فہرست پر اکتفاء کیا گیا۔

علامہ سیوطیؒ کی تالیفات کی تیسری فہرست ڈاکٹر تھامی راجی ہاشمی نے

"المغرب فیما وقع فی القرآن من المغرب،، کے مقدمہ میں پیش کی جو لجنته الشرکة للتراث الاسلامی نے حکومة المملکة العربیة السعودیه و حکومة الامارات العربیة المتحده کے اشتراک سے نہایت آب و تاب سے شائع کی ہے اس میں ڈاکٹر موصوف نے علامہ سیوطیؒ کی تصانیف کے قلمی نسخے عالم کے کتب خانے میں جہاں محفوظ ہیں، نشاندہی کی ہے تحقیقی کام کرنے والوں کے لئے یہ بہت مفید ہے یہ فہرست چار سو آٹھ کتابوں پر مشتمل ہے اس سے اندازہ کیا جاسکتا ہے کہ علامہ سیوطیؒ کی تالیفات نے عالم کے کتب خانوں کا کیسا احاطہ کیا ہوا ہے وہ علمی کتب خانہ میں موجود اور محفوظ ہیں ہم اس فہرست کو ڈاکٹر تھامی کے شکریہ کے ساتھ ہدیۂ ناظرین کر رہے ہیں۔

تالیفات سیوطیؒ کے ہفت گانہ اقسام

قسم اول : ان کتابوں کی ہے جو اپنے موضوع پر یکتا و منفرد ہیں

قسم دوم : ان تالیفات کی ہے کہ ان جیسی کتاب کوئی علامہ وقت ہی لکھ سکتا ہے

قسم سوم : ان تالیفات پر مشتمل ہے جن کا حجم مختصر ہے

قسم چہارم : ان تالیفات کی جامع ہے جو ایک کراسہ میں آگئی ہیں

قسم پنجم : میں ان تالیفات کا ذکر ہے جو فتویٰ کے طور پر معرض وجود میں آئی تھیں۔

قسم ششم : ان مؤلفات کی جامع ہے جو ان اہل علم کی روش پر لکھی گئی ہیں جنہیں صرف روایت سے اعتناء رہا ہے

قسم ہفتم : میں ان تالیفات کا تذکرہ ہے جنہیں شروع کیا تھوڑا بہت لکھا پھر اتمام کا ارادہ نہ ہوا اور وہ یوں ناقص رہ گئیں

تالیفات سیوطی کے ہفت گانہ اقسام

علامہ سیوطی نے اپنی تالیفات کی سات قسمیں کی ہیں،

قسم اول : پہلی قسم ان کتابوں کی ہے جو اپنے موضوع پر یکتا و منفرد ہیں اور ان میں موصوف کو یکتائی کا دعویٰ ہے علامہ سیوطیؒ نے اپنے دعوے کی وضاحت اس طرح کی ہے کہ میرے علم کے مطابق علمی دنیا میں اس جیسی کتاب نہیں لکھی گئی معاذ اللہ یہ بات نہیں کہ متقدمین اس جیسی کتاب لکھنے سے عاجز تھے، بلکہ حقیقت یہ ہے کہ اس جیسی کتاب لکھنے کی طرف انہوں نے توجہ نہیں کی، لیکن معاصرین میں ایسی کتاب لکھنے کی طاقت نہیں، اس لئے کہ اس کام کے لئے وسعت نظر، کثرت معلومات، جہد مسلسل درکار ہے، معاصرین ان صفات سے عاری ہیں میری حسب ذیل اٹھارہ کتابیں مذکورۂ بالا صفات سے آراستہ ہیں۔

(۱) الإتقان في علوم القرآن

(۲) اسرار التنزيل

(۳) الاشباه والنظائر فی العربية یہ المصاعد العليه فی القواعد العربية کے نام سے بھی موسوم ہے۔

(٤) الاقتراح فی اصول النحو و جدله

(٥) الإكليل فی استنباط التنزيل

(٦) ترجمان القرآن

(۷) تناسق الدرر فی تناسب الآيات والسور

(۸) الجامع فی الفرائض، یہ مکمل نہیں ہوئی

(۹) جمع الجوامع فی النحو

(۱۰) السلسلة في النحو

(۱۱) الدّرّ المنثور

(۱۲) شرح شواهد المغنی

(۱۳) صون المنطق والكلام عن فن المنطق والكلام

(۱٤) طبقات النحاة الكبرىٰ

(۱۵) الفتح القريب على مغنى اللبيب

(۱٦) النكت على الألفية والكافية والشافية والشذور والنزهة (نجا)

(۱۷) النكت البديعات على الموضوعات

(۱۸) همع الهوامع شرح جمع الجوامع (۱)

.....

(۱) السيوطي كتاب التحدث بنعمته الله تحقيق البزابث مارى سارتين، القاهره، المطبعة العربية الحديثه ۱۹۷۲ء ص ۱۰۵ ج ۲ و ۱۰٦

قسم دوم

دوسری قسم ان تالیفات کی ہے کہ ان جیسی کتاب کوئی علامہ وقت لکھ سکتا ہے، ان میں بعض وہ کتابیں ہیں جو پوری ہو گئیں، یا اس کا معتدبہ حصہ لکھا گیا، وہ ایک جلد میں ہے یا اس سے زیادہ و کم ہے اس قسم کی تالیفات کی تعداد پچاس ہے۔

(۱) الأشباه والنظائر فی الفقه (یہ ایک مجلد میں ہے)

(۲) الألفية فی المعانی والبیان (اس کا نام العقود الجمان ہے)

(۳) الألفية فی النحو والتصريف والخط (اس کا نام الفریدہ ہے)

(٤) البدور السافرة عن امور الآخرة

(٥) تاريخ الخلفاء، (یہ ایک مجلد میں ہے)

(٦) التخصيص فی شرح شواهد التلخيص

(۷) تدريب الراوی فی شرح تقريب النواوی (یہ ایک مجلد میں ہے)

(۸) التذكرة (یہ پانچ جلدوں میں ہے)

(۹) التعليقة الكبرىٰ على الروضة، اس کا نام الازهارا الغضة فی حواشی الروضة ہے کتاب الاذان تک ایک مجلد تیار ہوئی، میری آرزو ہے کہ کاش یہ کتاب پوری ہو جاتی تو مجھے بقیہ مصنفات کے ناقص رہ جانے کا قلق نہ ہوتا، اللہ سے نذر مانی ہے کہ اگر یہ میری منت کے مطابق ہوئی تو پھر اس کے ہوتے ہوئے کسی کتاب کی حاجت نہ رہے گی۔

(۱۰) تكمله تفسير الشيخ جلال الدين المحلی، یہ اول بقرہ سے آخر سورہ اسراء تک ہے

(۱۱) تلخيص الخادم، الخادم للزركشی کا مختصر ہے اور کتاب الزکاۃ سے آخر

کتاب الحج تک لکھی گئی ہے۔

(۱۲) التوشیخ علی الجامع الصحیح ، یہ ایک مجلّد میں ہے

(۱۳) جامع المسانید، مسند معلل ہے اس کا ایک مجلّد لکھا گیا ہے

(۱٤) حاشیه تفسیر البیضاوی، یہ سورۂ انعام تک ایک جلد میں ہے

(۱۵) حسن المحاضره فی اخبار مصر و القاهره، یہ ایک مجلد میں ہے۔

(۱٦) الخلاصة فی نظم الروضه مع زیادات کثیره، اس میں کوئی حرف زائد(۱) نہیں ہے یہ اول طہارت سے صلاۃ تک تقریباً ایک ہزار اشعار میں ہے اور خروج سے سرقہ تک دو ہزار سے زائد شعر ہیں۔

(۱۷) درر البحار فی احادیث القصار ، یہ حروف معجم پر مرتب اور ایک جلد میں ہے

(۱۸) دقائق التنبیة

(۱۹) دقائق مختصر الروضة

(۲۰) الدیباج علی صحیح مسلم بن الحجاج.

(۲۱) رفع الخصاصة فی شرح الخلاصة، یہ مذکورۂ بالا منظومہ کی دو جلدوں میں شرح ہے۔

(۲۲) الریاض الأنیقة فی شرح الأسماء النبویة.

(۲۳) شرح ألفیه ابن مالك، یہ شرح متن کے ساتھ مخلوط ہے۔

(۲٤) شرح ألفیة العراقی ، یہ شرح ایک جزء لطیف میں ہے۔

(۲۵) شرح التنبیه، یہ شرح متن کتاب کے ساتھ پیوستہ و مخلوط ہے اس کا ایک

---

(۱) السیوطیؒ، کتاب التحدث بنعمة اللہ، ص ۱۰۹

حصہ کتاب الاذان تک لکھا گیا ہے۔

(۲۶) شرح الشاطبیہ ایضاً

(۲۷) شرح الصدور بشرح حال الموتیٰ فی القبور

(۲۸) شرح عقود الجمان ، اس کا نام حل العقود ہے۔

(۲۹) شرح الفریدہ، اس کا نام المطالع المفیدہ ہے، یہ پوری نہ ہو سکی

(۳۰) شرح الکوکب الساطع فی نظم جمع الجوامع لابن السبکی، یہ ایک مجلد میں ہے

(۳۱) طبقات الحفاظ

(۳۲) طبقات النحاۃ الصغریٰ، اس کا نام بغیتہ الوعاۃ ہے، یہ ایک مجلد میں ہے

(۳۳) طبقات المفسرین، اس کا ایک حصہ لکھا گیا ہے۔

(۳۴) عین الاصابہ فی معرفۃ الصحابۃ، یہ حافظ ابن حجرؒ کی کتاب "الاصابہ" کی تلخیص ہے۔

(۳۵) الفوز العظیم فی لقاء الکریم، یہ شرح الصدور کا مختصر و خلاصہ ہے۔

(۳۶) قطر الدرر علی نظم الدرر، یہ میرے الفیہ اصول الحدیث کی شرح ہے اس کے مختلف حصے لکھے گئے ہیں، یہ ایک مجلد میں ہے

(۳۷) القول الحسن فی الذب عن السنن، یہ موضوعات ابن الجوزی پر تعقبات ہیں۔

(۳۸) کشف المغطا فی شرح المؤطا، اس کا بھی ایک معتدبہ حصہ لکھا گیا ہے یہ ایک مجلد میں ہے۔

(۳۹) الکوکب الساطع فی نظم جمع الجوامع لابن السبکی، یہ ڈیڑھ ہزار

اشعار پر مشتمل ہے۔

(٤٠) اللآلی المصنوعة فی الأخبار الموضوعة، یہ موضوعات ابن الجوزی کی تلخیص، زیادات و تعقبات (اضافات و اعتراضات) ایک مجلد میں ہے

(٤١) لب اللباب فی تحریر الأنساب

(٤٢) لباب النقول فی أسباب النزول

(٤٣) لمّ الأطراف و ضم الأتراف ۔ یہ اطرافِ مزی کا مختصر ہے، الفاظ حدیث کو حروف معجم پر مرتب کیا گیا ہے یہ میں نے الکشاف فی معرفة الأطراف للحسینی سے تلخیص کی ہے، ایک مجلدّ میں ہے۔

(٤٤) مختصر التنبیه، اس کا نام الوافی ہے

(٤٥) مختصر الروضة مع زیادات کثیرة، اس کا نام الغنیة ہے، یہ اثناء صداق تک لکھا گیا ہے۔

(٤٦) مختصر حسن المحاضرة فی أخبار مصر و القاهره، یہ ایک مجلدّ میں ہے

(٤٧) المرقاة العلیة فی شرح الأسماء النبویة

(٤٨) منهاج السنة و مفتاح الجنة، اس کا ایک معتدبہ حصہ میں نے تیار کیا ہے۔

(٤٩) المعجزات و الخصائص النبویة، یہ ضخیم کتاب ہے

(٥٠) الینبوع فیمازاد علی الروضة من الفروع، یہ ایک مجلد میں ہے اور مسودہ ہے(۱)

---

(۱) السیوطیؒ، کتاب التحدث بنعمة الله، ص ۱۰۹

قسم سوم

تیسری قسم ان تالیفات پر مشتمل ہے جن کا حجم مختصر ہے، یہ کتابیں دو کراسوں سے دس کراسوں میں پھیلی ہوئی ہیں، ان کی تعداد ستر (۷۰) ہے۔

(۱) آداب الملوك

(۲) الآية الكبرىٰ في قصة الأسراء

(۳) الأزهار المتناثرة في الأخبار المتواترة

(٤) إسعاف المبطأ برجال المؤطاء

(٥) الإفصاح بفوائد النكاح

(٦) الألفية في مصطلح الحديث، اس کا نام نظم الدرر في علم الأثر ہے

(۷) البديعية، اس کا نام نظم البديع في مدح الشفيع ہے یہ ایک کراسہ میں ہے

(۸) تأييد الحقيقة العلية و تشييد الطريقة الشاذلية

(۹) تاريخ أسيوط، اس کا نام المضبوط في تاريخ اسيوط ہے

